بسم الله الرحمن الرحیم

هست نام کتاب حصن حصین — نام راوی است در کتاب ببین
خ بخاریست م مسلم دان — د داود ت ترمذی تو خوان
س نسائی است ق قزوینی — ه هندسه عه زچار کس بینی
ع باشد کنایه از شش کس — حب زحبان کنایه باشد و بس
مس زمستدرک بن الحاکم — زابن عوانه عو بدانی هم
ر زابن خزیمه مه میدان — ازموطا است طا نه آن
دا زقطنی است قط زشیبه ص — سند حنبل از آن مخلص د
دا زصحیح البزار ریاد است — الی یعلا زموصلی ص است
می نشانی زدارمی دانی — طز معجم کبیر طبرانی
طس زاوسط وصغیر بدان — وا لدعا زله است طب نشان
زابن مردویه لفظ مر باشد — بیهقی باشد کنایه قی یابد
سنی آمد نشان سنن کبیر — عمل یوم ولیله می بپذیر
خبر موقوف رایدانی مو — این کنایات را زمن بشنو

بیان طرق قراءة

هذا الکتاب

اعلم ان لختم هذا الکتاب الشریف یعنی الحصن الحصین فی قضاء الحوائج والمهمات والنجاح المطالب والمرادات تاثیر غریب وطریق قراءته

بانواع شتى منها ان يشرع من يوم الخميس او ليلته ويتم فى ليلة الاحد
او يومه وذلك لدفع الاعداء وغيره ومنها ان يشرع فى ليلة الثلثاء
ويختم فى ليلة الاحد فى ستة ايام وذلك لدفع الاعداء اسرع التاثير ومنها
ان يشرع فى يوم الاحد او الاربعاء ويختم فى ثمنية ايام ومنها ان يشرع
فى يوم الاثنين لسعة الرزق وشفاء المريض وفى ملك الطرق تقسيم ثلثة اقسام
الثلث الاول عند قوله واذا قام الى الصلوة والثلث الثانى عند قوله اذا راى
باكورة ثمر والثلث الثالث عند قوله وفضل الصلوة على النبى صلى الله عليه وسلم
ورايت من خط بعض الاكابر ان يشرع ليلة الخميس او يومها بعد الوضوء والصلوة
لله تعالى فرضا او سنة ركعتين او ركعات والصلوة على رسول الله صلى الله
عليه وسلم ويعين الحاجة او الحاجات ويتم ليلة الآتى والثانى والثالث
ويتيقن الاجابة فيقرا مرة او سبع مرات او اربعين مرة وندا اقم فى
الاجابة ولقد رايت بخط بعض اهل الصلاح ممن كان يواظب على ختم هذا الكتاب
انه قد علمنى على طريقة ختم هذا الكتاب بعض اساتذتى وقال هى المروية
عن المصنف هو ان يختم فى اربعة ايام بان يقرا فى اليوم الاول الى قوله وكيفية
الصلوة على النبى ﷺ وفى الثانى الى قوله واذا راى باكورة ثمر وفى الثالث
الى قوله الادعية التى هى غير مخصوصة بوقت وفى الرابع الى آخر الكتاب
ويقرر العلامات بالحركات التى لها فى اسامى الكتب والافضل ان يكتبها على
ظهر الكتاب ان يقرا فى ليلة الجمعة من الابتداء الى قوله الاستغفار وفى يوم الجمعة
الى اذا راى باكورة ثمر وفى يوم الاحد منه الى الآخر ثم يشرع من ليلة الاحد
فى بدله ويختم من يوم الاثنين ثم يشرع من ليلة الثلثاء ويختم فى يوم الاربعاء


ظفرنامه

فہرست مظہر جمیل

۶	منزل پنجشنبہ	۸۷	وظیفہ فقط شام کا
۱۲	مقدمہ	〃	وظیفہ فقط صبح کا
۱۴	فضیلت دعا کے	۹۰	بیان سورج نکلنے کا
۱۹	فضیلت ذکر کے	۹۱	وظیفہ دن کا
۳۶	آداب دعا کے	۹۳	دعائیں شب کی اذان کے وقت کے
۴۳	آداب ذکر کے	〃	وظیفہ رات کا
۴۷	اوقات قبولیت دعا کے	۹۴	وظیفہ رات دن کی پڑھنی کا
۵۰	فائدہ حالتوں قبولیت دعا کا	۹۵	دعائیں گھر میں جانے کے
۵۳	مکان قبولیت کے	۹۶	بیان شام ہونے کا
۵۵	بیان جن لوگوں کی دعا قبول ہوتی ہے	۹۷	سونے کے دعائیں
۵۷	اسم اعظم	۱۰۷	بیان خواب دیکھنے کا
۷۰	الحمد للہ کہنا قبولیت دعا پر	۱۰۹	بیان ڈرنے کا اور نیند اوچٹ جانے کا
〃	منزل جمعہ	۱۱۰	بیان نیند اوچٹنی کا
〃	بیان صبح شام کی وظیفہ کا	〃	بیان جاگنے کا
۸۶	بیان ادای قرض کا	۱۱۲	بیان انگہہ کہلنے کا رات کو
		۱۱۳	بیان پاخانہ جانے اور نکلنے کا

۱۱۵	بیان وضو کا	۱۶۳	وظیفہ سلام کی بعد کا
۱۱۷	بیان تہجد کا	۱۷۲	وظیفہ صبح کی نماز کا
۱۲۳	بیان وتر کا	۱۷۳	وظیفہ صبح اور مغرب کی بعد کا
۱۲۷	بیان فجر کی سنتون کا	۱۷۴	وظیفہ چاشت کی بعد کا
۱۲۸	بیان گھر سی نکلنی کا	〃	بیان دعوت کا
۱۳۰	بیان مسجد مین آنی کا اور نکلنی کا	۱۷۵	بیان افطار روزی کا
۱۳۳	بیان مسجد مین کچھ ڈھونڈھنی کا	۱۷۶	بیان کہانا شروع کرنی کا
۱۳۴	**منزل شنبہ**	۱۸۳	بیان کپڑی پہرنی کا
〃	بیان اذان کا	۱۸۵	**منزل یکشنبہ**
۱۳۷	بیان غمزدہ کا	〃	بیان استخاری کا
۱۳۹	بیان نماز کی شروع کرنی کا	۱۸۷	استخارہ نکاح کا
۱۴۴	بیان رکوع کا	۱۸۹	خطبہ نکاح کا
۱۴۷	بیان سجدے کا	۱۹۱	بیان مبارکبادی دینی نکاح کی اور نکاح حضرت فاطمہؓ کا
۱۴۹	بیان سجدۂ قرآن کا	۱۹۳	بیان بی بی کی پاس جانی کا اور غلام اور جانور خریدنی کا
۱۵۱	بیان التحیات کا	〃	بیان جماع کا
۱۵۵	طریق درود بھیجنی کا		
۱۶۰	دعائین التحیات کی		

۱۹۴	بیان منزل ہونی کا
۱۹۵	تعویذ طفلان
〃	بیان تعلیم لڑکی کا جب بولنی لگی
۱۹۶	بیان مسافر کی رخصت کرنی کا
۱۹۷	بیان امیر کرنی کا لشکر پر
۱۹۹	بیان سوار ہونے کا
۲۰۲	بیان چڑھنی کا بلندی پر اور اوترنی کا اوس سے
۲۰۳	بیان جانور کی گرانی کا
〃	بیان کشتی مین بیٹھنی کا
〃	بیان جانور کی بہاگ جانی کا
۲۰۴	بیان مدد چاہنی کا
〃	بیان بلند جگہہ پر چڑھنی کا
〃	بیان شہر کی دیکھنی کا
۲۰۵	بیان منزل مین اوترنی کا اور شام کرنی مسافر کا
۲۰۷	بیان حج کا
۲۱۷	بیان قربانی اور عقیقہ اور کعبہ کی داخل ہونی کا
۲۲۰	بیان آب زمزم کا
۲۲۲	بیان سفر جہاد کا
۲۲۵	بیان تعلیم نومسلم کا
〃	بیان سفر نسی پھرنی کا
۲۲۶	بیان دفع غم کا
۲۲۶	**منزل دوشنبہ**
۲۳۱	بیان کسی سی ڈر رکھنی کا
۲۳۴	بیان شیطان وغیرہ سی ڈرنیکا
۲۳۵	بیان دفع کرنی چھلاوی کا
〃	بیان ڈرنے کا
〃	بیان امر لاعلاج درپیش آنی کا
〃	بیان امر ناخوش کا
〃	بیان امر دشوار پیش آنیکا
〃	نماز حاجت کے
۲۲۷	بیان عمل حافظہ کا

۲۴۱	بیان توبہ اور نماز توبہ کا	۲۵۶	بیان ہنسنی والیکی دیکھنی کا اور محبت کا اور خبر پوچھنا وغیر ذلک
۲۴۲	بیان قحط سالی کا		
۲۴۶	بیان ابر اور مینہہ کی دیکھنی کا	۲۵۸	دعائین اداء قرض کے
〃	بیان گرجنے کا	۲۵۹	بیان کسی کام سی تہنک جانی کا
〃	بیان ہوا چلنی کا	۲۶۰	بیان وسوسہ کا
۲۴۷	بیان اندہیری آندہی کا	۲۶۱	بیان غصہ کا
۲۴۸	بیان مرغون کی آواز کا	۲۶۲	بیان بدزبانی کا
〃	بیان گدہی اور کتی کی آواز سنی کا	〃	بیان مجلس مین آنی کا
۲۴۹	بیان چاند دیکھنی کا	〃	کفارہ مجلس کا
۲۵۰	بیان لیلۃ القدر کا	۲۶۳	بیان بازار کی دعاؤن کا
〃	بیان آئینہ دیکھنی کا	۲۶۴	بیان نئی پہل دیکھنی کا
〃	بیان سلام علیک کا	〃	بیان دیکھنی مبتلا کا
۲۵۳	بیان چھینکنی کا	۲۶۵	بیان کھیہ جانی رہنی کا اور غلام لونڈی بہاگنی کا
۲۵۵	بیان کان بولنی کا		
〃	بیان خوشخبری سننی کا	۲۶۶	بیان بدفالی کا
〃	بیان اچھی چیز دیکھنی کا	〃	بیان نظر لگنی کا
〃	بیان مال بڑہنی کا	۲۶۷	بیان آسیب کا

۲۶۹	حرز ابو دجانہ	״	بیان تعزیت کا
۲۷۰	بیان دیوانہ کا	۲۸۸	بیان جنازہ اوٹھانی کا اور نماز جنازی کا
۲۷۱	بیان بچھو کی کاٹی کا عمل	۲۹۱	بیان دفن کا اور زیارت قبور کا
۲۷۲	دعا جلی ہوئی کے	۲۹۴	**منزل سہ شنبہ**
״	عمل آگ کی بجھانے کا	״	بیان اوس فکر کا کہ مخصوص کسی وقت کے نہیں
״	دعا پیشاب بند ہونی کے	۳۰۹	صلوٰۃ التسبیح
״	دعا زخم کے	۳۱۸	بیان استغفار کا
۲۷۳	بیان پانو سونے کا	۳۲۳	بیان الفاظ استغفار کا
״	دعا درد کے	۳۲۶	**منزل چہار شنبہ**
۲۷۴	عمل آنکھہ دکھنی کا	״	فضیلت قرآن شریف کی اور سورتون اور آیتون کے
״	دعا تپ کے	۳۲۹	بیان سورتون اور آیتونکی فضیلت کا
״	ضرر پہونچنی سی آزو موت کی نکر ہی	۳۴۱	دعائین کہ مخصوص کسی وقت کے نہین
۲۷۵	بیان بیمار پرسی کا اور دعائین بیماری مین پڑنی کی	۳۶۹	فضیلت درود شریف کے
۲۷۹	بیان شہادت مانگنی کا	۳۸۰	خاتمہ آخر کتاب کا
״	بیان مرنی کا اور میت کی پس ماندونکا		
۲۸۲	بیان بیٹی کی مرنی کا		

تمت

وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ

نسخهٔ نظم نفیس خلیل

۱۲۵۸

شرح حصن حصین

در مطبع مصطفی محمد خان طبع نمود



بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیشمار ہی اوس پاک پروردگار کی لئی کہ ہمکو توفیق دی اپنی ذکر کی اور راہ بتائی اپنی فکر کی یا الٰہی درود وسلام بیحد نازل کر خاتم النبیین شفیع المذنبین رسول امین پر اور اونکی اصحاب ابرار اور آل اطہار پر اور سب پر اور اس عاجز کو دنیا مین اتباع اونکا نصیب کر اور حشر مین اونکی خادمون مین منسوب کر آمین آمین یا الٰہ العالمین بعد ازین ضعیف العباد محمد قطب الدین غفر اللہ لہ ولوالدیہ بہائی مسلمانون کی خدمت مین التماس کرتا ہی کہ کتاب مستطاب حصن حصین کہ مشتمل ہی حدیثون اور دعاؤن فرمائی ہوئی سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کو لائق اسکی ہی کہ اکر اوسکو تعویذ جان کا کرین بجا ہی اوآب زر سی لکہین تو سزا ہی کیونکہ جو برکت اور کثرت ثواب کی اون دعاؤن و غیرہ مین ہوگی کہ زبان مبارک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی سی جلوہ آرا ہوئی ہین ممکن نہین کہ غیر مین ہو پس ہر مومن کو چاہئی کہ اوسکو وسیلہ نجات دارین کا کری کہ اللہ تعالی فرماتا ہی لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ یعنی البتہ ہی تمہاری لئی بیچ افعال رسول خدا کی

پیروی اوسکی واسطی اوسکی کہ امید رکھتا ہی اللہ تعالی کی اور دن آخرت کی اس لئی اس عاجز نی واسطی نفع
بھائی مسلمانون کی اور وسیلہ کرنی مغفرت اپنی کی ترجمہ اوسکا ہندی مین موافق شرحون کے
لکھا اور فائدی اوسکی مشکوۃ اور شرح ملا علی قاری اور شرح شیخ فخر الدین رحمہما اللہ کیسی کہ اولاد
حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمہ اللہ کیسی ہین لکھی یعنی بعد ترجمہ دعا وغیرہ کی فضیلت اور حل
مطلب اوسکی لکھی اور دعائین بھی کہ خوب تھین اوسمین درج کین اور علامت فائدہ کے حرف
ف کا لکھا اور بعد تمام ہونی کی اکثر جای کذا ذکر کرنا م اوس کتاب کا یا کتاب والی کا
لکھا کہ جس سے وہ نقل کیا اور اخیر کتاب مین ایک خاتمہ لکھا کہ مشتمل ہی حدیثون خوش مضمون
اور بکار آمدنی کو کہ مشکوۃ وغیرہ مین سی چنکر اسی طرح ترجمہ اور فائدی اوسکی بھی لکھی اور وجہ اون
حدیثون کی لکھنی کے یہہ ہی کہ پرہیزگاری اور آراستگی نفس کے ہر کسی کو لازم ہی تا عبادت اچھی طرح
مقبول ہو چنانچہ امام غزالی رحمہ اللہ نی منہاج العابدین مین لکھا ہی کہ اصل عبادت مین تین چیزین ہین
ایک توفیق اور مدد اللہ تعالی کی اور وہ پرہیزگارون کو ہوتی ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نی
اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی مدد اور حفاظت اللہ تعالی کی ساتھہ پرہیزگارون کے ہی اور دوسری اصلاح عمل کی
اور وہ بھی پرہیزگارون کی لئی ہی جیسی کہ فرمایا اللہ تعالی نی یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا
سَدِیْدًا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ یعنی ای ایمان والو ڈرو اللہ سی اور پرہیزگاری کرو اور
کہو بات استوار سنوار دیگا خدا تمہاری لئی عمل تمہاری اور بخشیگا تمہاری لئی گناہ تمہاری اور
تیسری قبول عمل اور وہ بھی پرہیزگارون کی لئی ہی چنانچہ فرمایا ہی اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ یعنی
قبول نہین کرتا ہی خدا تعالی عمل کو مگر پرہیزگارون سی پس مدار عبادت کا ان تین چیزون پر ہوا اول
توفیق چاہئی تا عمل کری بعد اوسکی سنوارنا چاہئی تا عمل بی نقصان ہووی بعد ازان قبول چاہئی تا فائدہ عبادت کا
حاصل ہو اور انہین تین چیزون کی لئی ہی تضرع اور سوال سب عابد و کار رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ لِطَاعَتِکَ وَتَمِّمْ تَقْصِیْرَنَا وَتَقَبَّلْ

اعمالنا یعنی ای رب ہماری توفیق دی ہمکو اپنی طاعت کی اور تمام کر تقصیر ہماری اور قبول کر عمل
ہماری اور یہہ تینون باتین تقوی ہی میسر ہوتی ہین تمام ہوا کلام امام غزالی کا اور یہی مضمون سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤن سی بہی سمجہا جاتا ہی اور مصنف نے بہی اسپر اشارہ کیا ہی آداب
دعا مین پس اسی لئی اخیر مین ایسی حدیثین لاکر کی گئین کہ بیدار کرین خواب غفلت سی اور اونکی باتین
آدمی پرہیزگار ہو جاوی پس چاہئی یون کہ جسکو اللہ تعالی توفیق اس کتاب کی دعاؤن کی پڑہنی کے
دی وہ بعد اتمام وظیفہ کی جسقدر ہوسکی مطالعہ اوسکا بہی اپنی پر لازم کری اور اہل علم خیال
اسکا نکرین کہ ہندی عبارت کو دیکہہ کر کیا کرینگی بلکہ بعد دیکہنی کے حب عجائب وغرائب اسکی معلوم
ہونگی کہ ہر کسی کا مطلب اور حاجت برآری ہر امر کی اسمین موجود ہی آپ اپنی ہزار کام چہوڑ کر مشغول
اپنی کو اسمین غنیمت اور بہبودی سمجہین گے کسواسطی کہ کوئی کام دین ودنیا کا ایسا نہین کہ اسمین
عقدہ کشائی اوسکی نہو اور زیادہ خوبی یہہ ہی کہ جب بہت سی کتابین دیکہینگے تب اتنی مطالب
معلوم کرینگی اسمین بی محنت موجود ہین اور حکیم خیر اللہ شاہ نی کہ احبار عاجز کی ہی ہین تاریخ اس
شرح کی اتمام کی **ظفر جلیل** کہی اور یہی نام اسکا رکھا گیا یعنی اسپر عمل کرنی سی آدمی مطلب یاب
وفتحیاب دارین کا ہوتا ہی اور بعد طیار ہونیکی اول سی آخر تک پیچ حذمت مخدومی مکرمی استادی
مولوی محمد اسحق صاحب زاد اللہ شرفا کی عرض کے اور ازراہ کرم عمیم کی باوجود بی استعدادی
میرکی پسند فرمائی پس بعد اسکی بہی اگر کوئی صاحب غلطی ملاحظہ فرماوین شرمون سی تحقیق کر کر بنا دین
کہ بندہ بہرحال تقصیر وار ہی ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطانا ربنا ولا تحمل علینا اصرا کما حملتہ
علی الذین من قبلنا ربنا ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ واعف عنا واغفر لنا وارحمنا انت مولنا
فانصرنا علی القوم الکافرین ۞ آمین رب العالمین اور جسکو اللہ تعالی توفیق دی اسکے
رواج دینی مین قصور نکری کہ حدیث شریف مین آیا ہی الدال علی الخیر کفاعلہ ۞ یعنی جو اچہی بات کا

رسته بتاتا ہی اوسکو بہی ثواب مثل ثواب کرنی والی اوسکی کی ہوتا ہی یا اللہ تو اس عاجز کو اور میری والدین
کو اور سب مسلمانون کو اس سی بہرہ مند کر اور اپنی رحمت خاص سی بخش دی اور ہماری کنا ہون پر
خیال نفرما اور اس کتاب کو قبول فرما اور خالص اپنی خوشنودی کی لئی گردان اور وہ کام کروا
ہمسی کہ جسمین تو راضی ہووی آمین یا معبود العالمین اور سند کتاب حصن حصین کی یہ ہی کہ بڑی
بہ کتاب فقیر محمد قطب الدین بن محمد محی الدین بن عبد المجید معروف بہ شاہ حاجی احراری الدہلو
غفر اللہ لہم نی حضرت مخدومی مکرمی معظمی مولوی محمد اسحٰق رحمۃ اللہ سی اور اونکو سند ہی حضرت
شیخ عبد العزیز رحمہ اللہ سی اور اونکو حضرت شیخ ولی اللہ محدث دہلوی سی اور اونکو شیخ ابو طاہر
مدنی سی اور اونکو شیخ ابراہیم کردی سی اور اونکو شیخ احمد قشاشی سی اور اونکو شیخ احمد بن عبد القدوس
سنباطی سی اور اونکو شیخ شمس الدین احمد بن محمد رملی سی اور اونکو شیخ زین الدین زکریا انصاری سی
اور اونکو حافظ وقت تقی الدین محمد بن محمد بن محمد بن فہد الہاشمی المکی سی اور اونکو مؤلف
کتاب ابو الخیر محمد بن محمد بن محمد بن الجزری الشافعی سی اور احوال اس کتاب کی مؤلف کا
مولانا عبد العزیز محدث رحمہ اللہ فی بستان المحدثین مین یہہ لکہا ہی کہ نام انکا قاضی القضاۃ
شمس الدین محمد بن محمد بن محمد بن علی بن یوسف بن عمر ہی اور کنیت انکی ابو الخیر اصل مین دمشقی
ہین پہر شیرازی اور مشہور ساتہہ ابن الجزری کی باپ انکا سوداگر تہا ایک مدت دراز
اونکی تان فرزند نہ ہوا جب حج کو گئی آب زمزم پیا اور دعاء اولاد کی لئی کی حق تعالی نی
اونکو یہہ فرزند بزرگوار عطا فرمایا پچیسوین رمضان المبارک کی ہفتی کی رات مین بعد نماز
تراویح کی سنہ ۷۵۱ سات سو اکیاون ہجری مقدسہ مین دمشق مین پیدا ہوئی اور وہین نشو و نما
پایا اور فقہ اور حدیث خوب حاصل کی اور علم قرأت کو کامل کیا کہ اوسمین مہارت کلی پیدا
کی اور مصر مین مدرسہ بنایا اوسکا نام دار القرآن رکہا بعد اوسکی شہرون روم مین داخل ہوئی

اور اوس ملک وسیع مین علم قرأت اور حدیث کو پہیلایا اور لوگون کو نفع عظیم الشی پہونچایا خصوصاً
ریاست علم قرأت کی ملکون اسلامیہ مین انکو مسلم ہوئی اور تہی خوش شکل اور خوش لباس اور
زبان آور اور فصیح وبلیغ ملک روم مین انکو امام اعظم لقب دیا تہا اور بارہا ساتہہ طواف
کعبی کے مشرف ہوی اور آخر شیراز مین استقامت پکڑی اور اوقات اونکی معمور رہتی
ساتہہ ان تین شغلون کی قرأت قرآن کی یا سننا احدیثون کا یا عبادت اور اونکی اوقات
مین ایک برکت محسوس تہی باوجودیکہ لوگ واسطی طلب ان دو علم شریف کی اونپر ہجوم رکہتی تہی
اور پہیہ اور آوراد و عبادات بہی کرتی تہی اور پہر اوس قدر تصنیف کرتی کہ ایک کاتب جید زود نویس
لکہہ سکی اور سفر اور حضر مین بیدار اور قائم اللیل رہتی اور ہر کز روزہ پیر اور جمعرات کا اونسی فوت
نہوتا اور تین روزی ہر مہینی کی بہی رکہتی اور کتابین اونکی سب نافع مین النشر فی القرأۃ العشر کہ
بہت شہرت رکہتی ہی اور بہت کتابین کہ بعضون فی اونتالیس گنی مین تصنیف کین سنہ ۸۳۳
آٹہہ سو تین تیس مین وفات پائی الحمد للہ اولاً وآخراً وظاہراً وباطناً کہ دیباچہ اسکا تمام ہوا اور

متن اور شرح اوسکی شروع ہوتی ہی منہ الاستعانۃ وعلیہ التکلان

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہون مین ساتہہ نام اللہ بخشش کرنی والی مہربان کے

لا الہ الا اللہ عدۃ للقائہ کلمہ توحید کا سامان ہی واسطی دیدار خدا کی ف یہہ اشارہ
ہی حدیث قدسی کی مضمون پر لا الہ الا اللہ حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی یعنی
اللہ تعالی فرماتا ہی کلمہ توحید قلعہ میرا ہی جو کوئی داخل ہوا قلعہ میری مین امن مین ہوا عذاب میرسی اللھم

صل علی سید الخلق محمد والہ واصحابہ وسلم قال الفقیر العبد الضعیف المسکین

المنقطع الی اللہ الراجی من کرمہ ان ینجیہ من القوم الظالمین محمد بن محمد بن محمد بن
الجزری الشافعی لطف اللہ تعالیٰ بہ فی شدتہ یا اللہ رحمت خاص بہیج اوپر سردار خلق
کی کہ نام پاک اونکا محمد ہی اور اوپر اولاد اونکی کی اور اصحاب اونکی کی اور سلام بہیج کہتا ہی محتاج
بندہ ضعیف مسکین چوڑنی والا لوگون کو رجوع کرنی والا طرف اللہ کی امیدوار کرم اوسکی کی
یہہ کہ خلاصی دی اوسکو قوم ظالمون سی محمد بیٹا محمد بیٹا محمد بیٹا جزری کا کہ شافعی ہی مہربانی کری اللہ
بلند بسبب اس کتاب کی بیچ سختی اوسیکی ف مصنف نی اپنی کو فقیر کہا بسبب اس آیۃ کی
وَاللّٰہُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ یعنی اللہ تو انکر ہی اور تم محتاج اور مسکین کہا بموجب اس حدیث کی اَللّٰھُمَّ
اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَاَمِتْنِیْ مِسْکِیْنًا وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ یعنی یا اللہ زندہ رکھ
مجکو مسکین اور مار مجکو مسکین اور حشر کر میرا مسکینون مین اور لفظ ضعیف کا اشارہ ہی اس آیت پر خُلِقَ
الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا یعنی پیدا کیا گیا آدمی ضعیف اور دعا مین اشارہ کیا اپنی حال پر کہ ایک ظالم نی گہیر
رکھا تہا اور جزری نسبت جزیرہ ابن عمر رض کی طرف ہی جسمین مصنف رہتا تہا اَمَّا بَعْدُ حَمْدًا لِلّٰہِ
الَّذِیْ جَعَلَ الدُّعَآءَ لِرَدِّ الْقَضَآءِ وَالصَّلٰوۃَ وَالسَّلَامَ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنْبِیَآءِ وَعَلٰی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہِ الْاَتْقِیَآءِ الْاَصْفِیَآءِ فَاِنَّ ھٰذَا الْحِصْنَ الْحَصِیْنَ مِنْ کَلَامِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَسِلَاحَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ خَزَانَۃِ النَّبِیِّ الْاَمِیْنِ وَالْھَیْکَلَ الْعَظِیْمَ مِنْ قَوْلِ الرَّسُوْلِ
الْکَرِیْمِ وَالْحِرْزَ الْمَکْنُوْنَ مِنْ لَفْظِ الْمَعْصُوْمِ الْمَاْمُوْنِ بَذَلْتُ فِیْہِ النَّصِیْحَۃَ یہ ای یہ حصن
حریف خدا کی جسنی گردانا دعا کو واسطی بہیرنی تقدیر کی اور پہنچی پہنچانی رحمت خاص اور سلام کے
اوپر محمد کی کہ سردار نبیون کی ہین اور اوپر اولاد اور اصحاب اونکی کی کہ پرہیزگار برگزیدہ ہین
تحقیق یہہ قلعہ محکم کلام سردار رسولونکی سی ہی اور یہہ ہتیار ہر منونکا خزانہ نبی امانت دار کیسی ہی اور یہہ
بڑا قول رسول بزرگ کیسی ہی اور یہہ تعویذ محفوظ کلام بچائی گئی گناہون بذریعہ کئی گئی کیسی ہی خرچ کی

یعنی اسمین نصیحت * ف * تقدیرین دوہین ایک معلق دوسری مُبرم یعنی قطعی تقدیر معلق دعا دوا سی بدلی جاتی ہی اور تقدیر مبرم کسی چیز سی نہین بدلی جاتی یہان معلق ہی مراد ہی اور کلام مذکر یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام سی ہی کہ امن مین تجھے گناہون سی اور نصیحت خرچ کی یعنی اس کتاب کے تصنیف کرنی مین خیرخواہی مسلمانونکی کی ہی کہ سبکو فائدہ دیگی وَاَخْرَجْتُهُ مِنَ الْاَحَادِیْثِ الصَّحِیْحَةِ اَبْرَزْتُهٗ عَدَّاءً عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَجَرَّدْتُهٗ جُنَّةً تَقِیْ مِنْ شَرِّ النَّاسِ وَالْجِنَّةِ * اور نکالا یعنی اسکو حدیثون صحیح سی ظاہر کیا یعنی اسکو درحالی کہ سامان ہی نزدیک ہر سختی کی اور خالص کیا یعنی اسکو درحالی کہ سپر ہی کہ بچاتی ہی برائی آدمیون اور جنون کی سی ف یعنی اس کتاب کی حدیثون کو بچنی کی لئی بلاؤن سی اور حدیثون مین سی کہ اومین دعائین نہین ہین چھانٹ لیا یعنی تَحَصَّنْتُ بِهٖ فِیْمَا دَهَمَ مِنَ الْمُصِیْبَةِ وَاعْتَصَمْتُ مِنْ كُلِّ ظَالِمٍ بِمَا حَوَى مِنَ السِّهَامِ الْمُصِیْبَةِ * روکا وکیا یعنی ساتھہ اسکی بچ اوس چیز کی کہ پیش آئی مصیبت سی اور بچاؤ کیا یعنی ہر ظالم سی سبب اوس چیز کی کہ جمع کیا اس کتاب نی تیرون پہنچنی والون سی * ف * یعنی نشانہ پر مراد تیرون سی دعائین اس کتاب کی ہین کہ جیسا تیر کام کرتا ہی نشانی پر ویسی ہی یہہ دعائین کام کرتی ہین اس لئی کہ رسول مقبول کی فرمانی مین ہرگز احتمال خطا کا نہین پس اونکا فرمانا کیون نہ تاثیر کری * وَقُلْتُ شِعْرًا اَلَا قُوْلُوْا لِشَخْصٍ قَدْ تَقَوّٰى * عَلٰى ضَعْفِیْ وَلَمْ یَخْشَ رَقِیْبَهٗ * خَبَاْتُ لَهٗ سِهَامًا فِی اللَّیَالِیْ * وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ مُصِیْبَةً * اور کہا یعنی شعر خبردار ہو کہو تم اوس شخص کو کہ تحقیق قوت ظاہر کی اوپر ناتوانی میری کی اور نہ ڈرا نگہبان اپنی سی چھپا رکھی یعنی واسطی اوسکی تیرا تون مین اور امید رکھتا ہون مین یہہ کہ ہووین تیر اوسکو پہونچنی والی * ف * رقیب اوس نگہبان کو کہتی ہین جس سی کوئی چیز پوشیدہ نہو یہہ صفت پروردگار ہی مین پائی جاتی ہی بفحوای قول اللہ تعالے کی وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ * یعنی اللہ تعالے کو

غافل نجان ظالمون کی عملون سی لیکن تاخیر دیتا ہی اونکو اوسکی لئی کہ پہر اونکی آنکہین کہ وہ قیامت
ہی اور مراد تیر و نصی دعائین پہیلی ملت کی ہین کہ بہت قبول ہوتی ہین یعنی دعائین رانون کی کہ بمنزلہ
تیرون کی ہین اوسکی دفع کی لئی کہین یعنی اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ اَنْ یَّنْفَعَ بِہٖ وَاَنْ یُّفَرِّجَ عَنْ کُلِّ
مُسْلِمٍ بِسَبَبِہٖ عَلٰی اَنَّہٗ مَعَ اقْتِصَارِہٖ وَاخْتِصَارِہٖ لَمْ یَدَعْ حَدِیْثًا صَحِیْحًا فِیْ بَابِہٖ اِلَّا
اَسْتَحْضَرَہٗ وَاَتٰی بِہٖ مانگتا ہون مین اللہ بڑی سی مہد کہ نفع دی بسبب اس کتاب کی یعنی سب
مسلمانون کو ہر حالت مین اور یہہ کہ دور کری غم ہر مسلمان ہی بسبب اسکی مانگتا ہون بنا بر اسکی کہ تحقیق
اسنی باوجود کوتاہی اور چہوٹی ہونی اپنی کی نہین چہوڑی کوئی حدیث صحیح بیچ باب اپنی کی یعنی وعاء
وغیرہ کی مگر کہ جمع کیا اوسکو اور لائی اوسکو ف یہ اقتصار کہتی ہین لفظ اور معنی کی تہوڑی ہی
ہونی کو اور اختصار کہتی ہین اوسکو کہ لفظ تہوڑی ہون اور معنی بہت وَلَمَّا اَکْمَلْتُ تَرْتِیْبَہٗ وَتَہْذِیْبَہٗ
طَلَبَنِیْ عَدُوٌّ لَا یُمْکِنُ اَنْ یَّدْفَعَہٗ اِلَّا اللّٰہُ تَعَالٰی فَہَرَبْتُ مِنْہُ مُخْتَفِیًا وَتَحَصَّنْتُ
بِہٰذَا الْحِصْنِ الْحَصِیْنِ فَرَاَیْتُ سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا جَالِسٌ
عَلٰی یَسَارِہٖ وَکَاَنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَا تُرِیْدُ فَقُلْتُ لَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
اُدْعُ اللّٰہَ لِیْ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ فَرَفَعَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَدَیْہِ الْکَرِیْمَتَیْنِ وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَیْہِمَا
فَدَعَا ثُمَّ مَسَحَ بِہِمَا وَجْہَہُ الْکَرِیْمَ یہ اور جب پوری کی یعنی ترتیب اور اصلاح اسکی طلب کیا
مجکو دشمن نی کہ نہین ممکن تہا یہہ کہ دفع کری اوسکو کوئی مگر اللہ بر ترلیس بہاگا مین اوس سی چہپکر
اور محافظت کی یعنی ساتہہ اس قلعہ محکم کی یعنی ساتہہ پڑہنی اور ہمیشہ وظیفہ کرنی اسکی کی پس دیکہا
یعنی سردار رسولون کی کو خواب مین رحمت خاص بہیجی اللہ اونپر اور سلام اوس حال مین کہ مین بیٹہا ہون
بائین طرف اونکی اور گویا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہین کیا چاہتا ہی تو پس عرض کیے
یعنی اونسی ای رسول خدا کے دعا کرو اللہ تعالی سی میری لئی اور سب مسلمانون کی لئی پس اوٹہائی پیغمبر

صلی اللہ علیہ وسلم نی دونو ہاتہہ بزرک اپنی جیسی اوب دعا کا ہی اور مین دیکہتا ہون طرف دونو
ہاتہون کی پس دعا کی بہر بہیری دونو ہاتہہ موںہہ مزرک اپنی پر ف بلیتہا نامین طرف اس لئی
تہا کہ جانب دلکی ہی اور اشارہ ہی یسر یعنی آسانی پر اور اُدْعُ اللّٰہَ لِیْ وَلِلْمُسْلِمِیْنَ سی معلوم ہوتا ہے
کہ وہ شخص دشمن دین کا تہا یا ظلم کرنی والا سب پر وکَانَ ذٰلِکَ لَیْلَۃَ الْخَمِیْسِ فَہَرَبَ الْعَدُوُّ
لَیْلَۃَ الْاَحَدِ وَفَرَّجَ اللّٰہُ عَنِّیْ وَعَنِ الْمُسْلِمِیْنَ بِبَرَکَۃِ مَا فِیْ ہٰذِہِ الْکُتُبِ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَمَزْتُ لِلْکُتُبِ الَّتِیْ خَرَّجْتُ مِنْہَا ہٰذِہِ الْاَحَادِیْثَ بِحُرُوْفٍ
تَدُلُّ عَلٰی ذٰلِکَ سَلَکْتُ فِیْہَا اَخْصَرَ الْمَسَالِکِ ۔ اور تہا یہہ جواب جمعرات کی رات مین
پس بہاگا دشمن اتوار کی رات مین اور دور کیا غم اللہ تعالی نی مجہسی اور سب مسلمانون سی بسبب برکت
اوس چیز کی کہ اس کتاب مین ہی روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی اور تحقیق اشارہ کیا مینی
واسطی اون کتابون کی کہ روایت کین مینی اونسی یہہ حدیثین سات حرفون کی کہ دلالت کرین اون کتابون
پر چلامین بیچ ان رمز کتابون کی بہت چہوٹین راہین فَجَعَلْتُ عَلَامَۃَ صَحِیْحِ الْبُخَارِیِّ خ وَمُسْلِمٍ
م وَسُنَنِ اَبِیْ دَاوٗدَ د وَالتِّرْمِذِیِّ ت وَالنَّسَائِیِّ س وَابْنِ مَاجَۃَ الْقَزْوِیْنِیِّ
ق وَہٰذِہِ الْاَرْبَعَۃُ عَۃ وَہٰذِہِ السِّتَّۃُ ع وَصَحِیْحِ ابْنِ حِبَّانَ حب وَصَحِیْحِ
الْمُسْتَدْرَکِ لِلْحَاکِمِ مس وَاَبِیْ عَوَانَۃَ عو وَابْنِ خُزَیْمَۃَ مہ وَالْمُوَطَّاِ ط
وَسُنَنِ الدَّارَقُطْنِیِّ قط وَمُصَنَّفِ ابْنِ اَبِیْ شَیْبَۃَ مص وَمُسْنَدِ الْاِمَامِ
اَحْمَدَ اَوِ الْبَزَّارِ مر وَاَبِیْ یَعْلَی الْمَوْصِلِیِّ ص وَالدَّارِمِیِّ می وَمُعْجَمِ الطَّبَرَانِیِّ
الْکَبِیْرِ طر وَالْاَوْسَطِ طس وَالصَّغِیْرِ صط وَالدُّعَاءِ لَہٗ طب وَلِابْنِ
مَرْدُوْیَۃَ مر وَلِلْبَیْہَقِیِّ ہی وَالسُّنَنِ الْکَبِیْرِ لَہٗ یہقی وَعَمَلِ الْیَوْمِ وَاللَّیْلَۃِ
لِابْنِ السُّنِّیِّ سی پس کی مینی نشانی صحیح بخاری کے خ اور مسلم کی م اور سنن ابی داؤد کے

د اور ترمذی کی ت اور نسائی کی س اور ابن ماجہ قزوینی کی ق اور ان چاروں کی یعنی ابو داؤد ترمذی نسائی ابن ماجہ کی عہ اور ان چھوں کی یعنی بخاری مسلم ترمذی ابو داؤد نسائی ابن ماجہ کی کہ جنکو صحاح ستہ کہتے ہین ع اور نسائی صحیح ابن حبان کی حب اور صحیح مستدرک حاکم کی مس اور صحیح ابی عوانہ کی عو اور ابن خزیمہ کی مہ اور موطا کی طا اور سنن دار قطنی کی قط اور مصنف ابن ابی شیبہ کی مص اور نسائی مسند امام احمد کی اَ اور بزار کی ر اور ابو یعلی موصلی کی ص اور مسند دارمی کی می اور معجم کبیر طبرانی کی ط اور معجم اوسط طبرانی کی طس اور معجم صغیر طبرانی کی صط اور نسائی کتاب دعاء طبرانی کی طب اور کتاب دعاء ابن مردویہ کی مر اور کتاب دعاء بیہقی کی قی اور نسائی سنن کبیر بیہقی کی سنی اور نسائی کتاب عمل الیوم واللیلۃ ابن سنی کی سی وَاَقَلُّ مُرَمَّزٍ مَنْ لَهُ اللَّفْظُ * اور پہلی لایا ہین اشارہ اوسکا کہ واسطے اوسکی لفظ ہی ف جہان اختلاف ہوتا ہی لفظونمین تو رمز اوسکی پہلی لاتا ہی جسکی لفظ حدیث کی روایت کی ہین اگرچہ رتبہ مین کم ہو جیسی ایک حدیث بخاری مین بہی آئی ہی اور ترمذی مین بہی اور لفظون مین فرق ہی اور اسنی ترمذی کی لفظ روایت کی مِن تو ت پہلی لاویگا اور اگر لفظونمین اتفاق ہی تو ترتیب مذکور سی لاویگا کذا قال الملا علی القاری وَاِنْ مَكَانَ الْحَدِيْثُ مَوْقُوْفًا جَعَلْتُ قَبْلَ رَمْزِهٖ * مَوْ * لِيُعْلَمَ اَنَّهٗ مَوْقُوْفٌ لِمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْكُتُبِ وَذٰلِكَ قَلِيْلٌ حَيْثُ عَدِمَ الْمُتَّصِلَ اَوِ اخْتُلِفَ فِيْهِ عَلٰى اَنِّيْ لَمْ اَجْعَلْ هٰذِهِ الرُّمُوْزَ اِلَّا لِعَالِمٍ يُرَبِّيْ بِنَفْسِهٖ عَنِ التَّقْلِيْدِ اَوْ لِمُتَعَلِّمٍ يَتَعَرَّفُ صَحِيْحَ الْكُتُبِ وَالْمَسَانِيْدِ اور اگر ہو حدیث موقوف لکہا ہی پہلی اشارہ اوسکی کی لفظ مَوْ کا تو کر جانا چاہیے کہ تحقیق یہہ حدیث موقوف ہی اون کتابون مین جنکا اشارہ کیا ہی بعد لفظ مَوْ کی یعنی اگرچہ اور روین مین مرفوع ہو لیکن انمین موقوف ہی اور یہہ یعنی حدیث موقوف کا لانا کم ہی جہان کہین کہ نہ پاوے کوئی متصل یا جہان اختلاف کیا گیا ہے

اوسمین باوجود اسکی تحقیق نہین کئی معنی یہہ اشارہ ہی گرواسطی اوس عالم کی کہ بلند رکہتا ہی نفس اپنی کو
تقلید سی یعنی بی پروائی تقلید سی یا واسطی طالب علم کی کہ پہچانتا ہی صحیح کتابون کو اور مسند ونکو

ف مراد موقوف سی یہہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تلک نہ پہونچی ہو بلکہ صحابی وغیرہ تلک پہونچی ہو
کہ فلانی صحابی وغیرہ نی یون کہا اور مراد متصل سی یہان حدیث مرفوع ہی یعنی جہان کہین حدیث
مرفوع نہین پائی گئی یا پائی گئی ہی مگر اوسمین اختلاف کیا گیا ہی مرفوع غیر مرفوع کی ہونی مین تو اوس
حدیث کی پہلی علامت کی لئی رمز مو کی لکہی ہی اور مسندون کتابون کو کہتی ہین کہ جنمین سندین
صحابیون کی ہون بغیر ترتیب بابون کی خلاف بخاری وغیرہ کی کذا قال العلی ح وَاِلَّا فَهِيَ الْحَقِيقَةُ
لِاحْتِيَاجِ اِلَيْهَا الْعُمُومِ مِنَ النَّاسِ فَلْيُعْلَمْ اَنِّي اَرْجُوْ اَنْ يَّكُوْنَ جَمِيْعُ مَا فِيْهِ صَحِيْحًا
فَزَالَ اَلْاِلْتِبَاسُ ۔ وگرنہ پس حقیقت مین نہین احتیاج ہی طرف اشارون کی واسطی عام لوگون کی
پس جانا چاہئی کہ تحقیق مین امید رکہتا ہون یہہ کہ ہووی سب اوس چیز کا کہ اس مختصر مین ہی صحیح یعنی
ثابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی پس دور ہوا شبہ یعنی عام لوگون کی لئی کہ اسمین حدیث موضوع
نہین ہی وَقَدْ جَمَعَ بِحَمْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى هٰذَا الْمُخْتَصَرَ اللَّطِيْفَ مَا لَمْ تَجْمَعْهُ مُجَلَّدَاتٌ مِنَ
التَّآلِيْفِ وَاِذَا انْتَهٰى نَرْجُوْ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اَنْ يَّجْعَلَ فِيْ اٰخِرِهٖ فَصْلًا يَفْتَحُ مَا اُقْفِلَ مِنْ
لَفْظٍ مَا فِيْهِ قَدْ اُشْكِلَ ۔ اور بتحقیق جمع کیا ہی شکر خدا تعالی کا اس مختصر لطیف نی اون حدیثون کو کہ
نہین جمع کیا اوسکو بڑی کتابون نی تصنیف ہوئی مین سی اور جب تمام ہووی یہہ کتاب امید رکہتی
ہون ہم خدا تعالی سی یہہ کہ کرین ہم بیچ آخر اسکی کی ایک فصل کہ کہولدی اوس چیز کو کہ بند کیا گیا لفظ
اوس چیز کی کہ اسمین مشکل ہو ف یعنی جو لفظ حدیث کی مشکل ہین اوسکی معنی کہولدی چنانچہ
مصنف نی بحث وعدد کی نہیۃ لکہا کہ نام اوسکا مفتاح الحصن الحصین رکہا وَهٰذِهٖ مُقَدِّمَةٌ
تَشْتَمِلُ عَلٰى اَحَادِيْثَ فِيْ فَضْلِ الدُّعَاءِ وَالذِّكْرِ ثُمَّ اٰدَابُ الدُّعَاءِ وَالذِّكْرِ وَاَوْقَاتُ الَّتِيْ

وَاٰخِرِ الْهَا وَاَمَاكِنِهَا ثُمَّ اسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى الْاَعْظَمِ وَاَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى ثُمَّ مَا يُقَالُ فِي الْاَصْبَاحِ
اِلَى الْمَسَاءِ وَفِي طُوْلِ الْحَيٰوةِ اِلَى الْمَمَاتِ مِنْ جَمِيْعِ مَا يَحْتَاجُ اِلَيْهِ وَصَحَّ النَّصُّ عَنْهُ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الذِّكْرِ الَّذِيْ وَرَدَ فَضْلُهُ وَلَمْ يَخْتَصَّ بِوَقْتٍ مِنَ الْاَوْقَاتِ
ثُمَّ الْاِسْتِغْفَارِ الَّذِيْ يَمْحُو الْخَطِيْئَاتِ ثُمَّ فَضْلِ الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَسُوَرٍ مِنْهُ وَاٰيَاتٍ
ثُمَّ الدُّعَاءِ الَّذِيْ صَحَّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ ۔ اور یہہ رسالہ مقدمہ ہی کہ شامل
ہی اوپر حدیثون کی پنج فضیلت دعا کی اور ذکر کی پہر بیان آداب دعا کا ہی اور آداب ذکر کا اور وقتون
قبولیت کا اور حالتون قبولیت کا اور مکانون قبولیت کا پہر بیان اسم اعظم کا اور اسماء حسنی کا پہر
بیان اون دعاؤن کا کہ پڑہی جاوین صبح سی شام تلک اور پنج در ازندگانی کی مرنی تلک یعنی اول عمر
سی آخر عمر تلک تمام اون چیزون کی کہ احتیاج لائی جاتی ہی طرف اوسکی اور حال یہہ کہ صحیح ہوئی ہی نقل صریح
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی پہر بیان اوس ذکر کا کہ آئی ہی بزرگی اوسکی اور نہین خاص ہی ساتہہ کسی وقت کے
وقتون سی پہر بیان استغفار کا ہی جو مٹاتا ہی گناہون کو پہر بیان فضیلت قرآن بزرگ کا اور سورتون
اوسکی کا اور آیتون کا پہر بیان اون دعاؤن کا کہ صحیح ہوئی ہین پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سی اسی طرح ف
ای غیر مخصوص ساتہہ وقت کی لفظ کذلک کا فقط متعلق ہی ساتہہ دعا کی مگر اس توجیہ پر ملا علی قاری نے
شبہہ کیا ہی اور کہا کہ یہہ ون کی ساتہہ لگتا ہی یعنی ہر ایک استغفار اور قرأت اور دعا مذکورات
کی لئی نہین ہی وقت مخصوص اوقات سی بلکہ لائق یہہ ہی کہ مواظبت کری ان پر طالب جمیع حالات اور
مقامات مین اس لئی کہ ہمیشہ کرنا ذکر کا ثابت ہوتا ہی اس آیت سی یٰاَیُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا
كَثِيْرًا یعنی ای ایمان والون یاد کرو اللہ کو یاد کرنا بہت اور نہ مقید ہونا قرأت کا کسی وقت مین معلوم
ہوتا ہی اس آیت سی اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ ۔ یعنی پڑہ وہ چیز کہ وحی کی گئی طرف تیری کتاب سی
اور ایسی ہی نہ مقید ہونا استغفار کا اس حدیث شریف سی طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِيْ صَحِيْفَتِهِ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا

یعنی خوشوقتی ہی اوسکو کہ پاوی اعمال نامہ اپنی مین استغفار بہت لہ خمتہ بفضل الصلوٰۃ
علی سید الخلق و رسول الحق الذی ھدی اللہ تعالیٰ بہ من الضلالۃ و بصر
من العمی فاوضح المحجۃ و لم یدع لاحد حجۃ صلی اللہ علیہ وسلم کلما ذکرہ الذاکرون
و کلما غفل عن ذکرہ الغافلون * پہر تمام کیا مینے اسکو ساتھہ فضیلت درود کی اوپر سردار
خلق کی اور رسول حق کی وہ جو راہ دکہائی اللہ تعالیٰ نی بسبب اونکی کمراہی سی اور بینا کیا اندہی پن سے
پس روشن کی راہ سیدہی اور نہ چہوڑی کسی کی لئی حجت رحمت خاص بہیجی اللہ اونپر اور سلام جب
کہ یاد کرین اونکو یاد کرنی والی اور جب کہ غافل ہووین ذکر اونکی سی غافل ف مراد ہر وقت ہی
اس لئی کہ کوئی وقت غفلت یا ذکر سی خالی نہین بعضی محدثین نی اس درود شریف کو افضل درودونکا
لکہا ہی کذا ذکر الفخر ح **فضل الدعاء** یہہ حدیثین بیچ فضیلت دعا کی ہین ف
معنی دعا کی ہین طلب کرنا ادنی کا اعلیٰ سی کسی چیز کو بطور عاجزی اور مسکینی کی اور دعا کرنی کی
بڑی فضیلت و ثواب ہی اور اللہ تعالیٰ نی کلام اللہ مین کتنی جگہہ دعا کرنی پر رغبت دلائی ہی
اور بہت سی حدیثون مین بزرگی دعا کی آئی ہی اور حدیثون صحیح اور قول علماء معتبر کیسی مستحب ہونا
دعا کا معلوم ہوتا ہی کذا ذکر العلی ح قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الدعاء
ھو العبادۃ ثم تلا و قال ربکم ادعونی الآیۃ * **مص** عنہ حب مس ا *
فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی دعا ہی بندگی ہی پہر پڑہی یہہ آیۃ اور کہا پروردگار تمہارا نی
دعا کرو مجہی ساری آیۃ پڑہی نقل کیے یہہ حدیث ابن ابی شیبہ اور چارون نی یعنی ابوداؤد و ترمذی
نسائی ابن ماجہ نی اور ابن حبان حاکم احمد نی ف اس عبارت سی معلوم ہوتا ہی کہ دعا کی سوائی
کوئی چیز عبادت نہین یہہ حصر مبالغۃً فرمایا معنی یہہ ہین کہ دعا بڑا رکن عبادت کا ہی جیسی کہ اور جاے
فرمایا الحج عرفۃ یعنی بڑا رکن حج کا وقوف عرفہ کا ہی اور ساری آیۃ یون ہی وقال ربکم ادعونی

اَسْتَجِبْ لَكُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ * یعنی اور فرمایا رب تمہارے نے دعا کرو مجھی تا قبول کروں مین دعا تمہاری تحقیق جو لوگ کہ تکبر کرتی ہین عبادت میری سے یعنی دعا میری سی قریب ہی کہ داخل ہونگی دوزخ مین ذلیل ہوکر پس معلوم ہوا آیۃ سی کہ دعا ماعث اجر اور ثواب کی ہوئی پس جو چیز ایسی ہوئی عبادت ہی کذا ذکر الفخر ح مَنْ فُتِحَ لَهُ فِي الدُّعَاءِ مِنْكُمْ فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْاِجَابَةِ * مص * جو کوئی کہ کہولا جاوی واسطی اوسکی دروازہ دعا کے تم مین سی کہولی جاتی ہین اوسکی لئی دروازی قبولیت کی نقل کی ہے ابن ابی شیبہ نی ق یعنی توفیق دعا کی علامت قبولیت کی ہی کذا ذکر الفخر ح فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ * مس ت کہولی جاتی ہین اوسکی لئی دروازی بہشت کی نقل کی ہے حاکم نی ق اس روایت مین بدلی ابواب الاجابۃ کی ابواب الجنۃ آیا ہی اور ذکر کرنی روایتون مختلف مین اشارہ لطیف اسپر ہی کہ دعا ہر حال خالی فائدہ سی نہین یا سبب قبولیت کی ہوتی ہی مراد برآتی ہی یا اگر بمصلحت وقت حصول مقصود مین توقف ہوتا ہی تو جزا اوسکی ہاتھ سی نہین جاتی بلکہ سبب کہلنی دروازون جنت کی ہوتی ہی کہ آخرت مین ذخیرہ رہتی ہی اور آخرت بہتر ہی دنیا سی فَاِنَّ الْاٰخِرَةَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى * اسی لئی آیا ہی کہ بعضی آدمی کہ جنکی دعا تاخیر کرتی ہی دنیا مین جب دیکھین گے اوس نعمت کو کہ ذخیرہ کی گئی ہی کہین گی کاشکی کوئی دعا ہماری دنیا مین نہ قبول ہوتی تو آخرت مین پورہ ذخیرہ ثواب کا پاتی کذا ذکر العلی ح فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يُّسْاَلَ الْعَافِيَةَ * ت کہولی جاتی ہین اوسکی لئی دروازی رحمت کی اور نہین مانگی جاتی اللہ تعالی سی کوئی چیز کہ بہت پیاری ہو نزدیک اوسکی اس سی کہ مانگی جاوی عافیت فضل کی بہتر ہی سی بے ف مراد عافیت سی یہہ ہی کہ سلامتی ہو سب آفتون اور بیماریون اور بلاؤن ظاہری اور باطنی سی دین و دنیا مین کذا ذکر الفخر ح لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ ت ق حب مس نہین پہیرتی تقدیر معلق مگر

کوئی چیز مگر دعا، اور نہیں زیادتی کرتی عمر میں کوئی چیز مگر نیکی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نے
ف مراد تقدیر سے یہاں بُری چیز ہی کہ جسکی اوترنی کو آدمی بُرا جانتا ہی پس جب توفیق دیا گیا دعا کرنے
اللہ تعالیٰ دُور کر دیتا ہی اوسکو یا آسان کر دیتا ہی پس بمنزلہ دور ہونی کی ہوتی ہی اور لفظ بِرّ کا ظاہر تر
یہہ ہی کہ معنی اوسکی طاعت ہین کہ سب عبادت کو شامل ہی جیسی کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ
اٰمَنَ آخر تک یعنے ولیکن نیکی والا وہ ہی کہ ایمان لاوی پس معنی حدیث کی وُہ ہین ایک یہہ کہ جب بِرّ کیا عمر کے
ضائع نہوئی پس گویا کہ زیادہ ہوئی اور دوسری یہہ کہ زیادتی عمر مین حقیقۃً ہوتی ہی فرمایا اللہ تعالیٰ
نے یَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ یعنی محو کرتا ہی اور ثابت کرتا ہی اللہ رزق اور اجل سی جو کچھ چاہتا ہے
اور صورت کمی زیادتی کی کشاف مین یہہ لکھی ہی کہ لوح محفوظ مین لکھا جاتا ہی کہ فلانا شخص اگر حج کریگا
عمر اوسکی چالیس برسکی ہوگی اور اگر جہاد بھی کریگا ساٹھ برسکی پس اگر دونو کئی عمر ساٹھ برسکی ہوئی
یہہ زیادتی عمر کی ہوئی اور اگر ایک کیا چالیس برسکی ہوئی یہہ کمی ہوئی کذا ذکر العلی رح لَا يَرُدُّ شَيْءٌ
الْقَدَرَ مِنَ الدُّعَاءِ وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ وَاِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ فَيَتَلَقَّاهُ
الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ * مس رطس * نہین فائدہ کرتا ڈر تقدیر سے یعنی ڈرنا
اوترنی بلا کو کہ مقدر ہی دفع نہین کرتا اور دعا، نفع کرتی ہی اوس بلا سی کہ اوتری یعنی وقوع ہوتی ہی یا صبر آجاتا ہی
اور اوس بلا سی کہ نہین اوتری یعنی ارادہ اوترنی کا رکھتی ہی اوسکو بھی دعا رد کرتی ہی یا آسان کر دیتی ہی
اور تحقیق بلاء البتہ ارادہ اوترنی کا کرتی ہی ملتی ہی اوس سی دعا پس لڑتی ہین دونون دن قیامت تک نقل کی یہہ حاکم
اور طبرانی نے اوسطمین ف لڑتی ہین یعنی کشتی کرتی ہین یعنی دعا بلا کو نہین اوترنی دیتی پس دعا سبب
رد بلا کی ہوتی ہی اور بچاتی ہی جیسی سپر تیر کو روکتی ہی لڑائی مین کذا ذکر العلی رح لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمَ
عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ * ت ق جب مس * نہین کوئی چیز بزرگ قدر نزدیک اللہ تعالیٰ کی
دعا سی یعنی عبادتون قولی مین پس نماز روزہ افضل رہا اسپر نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم

نی مَنْ لَمْ یَسْأَلِ اللّٰہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ ۔ ت مس جو کوئی نہ مانگی اللہ تعالی سی یعنی ساتہہ زبان حال کی یا قال کی ازراہ بی پروائی کے تو غصہ ہوتا ہی اللہ اوسپر نقل کی یہہ ترمذی حاکم نی ف غصہ اس لئی ہوتا ہی کہ دعا محبوب چیز ہی اللہ تعالی کی پس جسنی دعا نکی تکبر سی متکبرون مین گنا گیا کذا ذکر العلی رح مَنْ لَمْ یَدْعُ اللّٰہَ غَضِبَ عَلَیْہِ ۔ مص جو کوئی نہ دعا کری اللہ تعالی سی غصہ ہوتا ہی وہ اوسپر نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی لَا تَعْجِزُوْا فِی الدُّعَاءِ فَاِنَّہٗ لَنْ یَھْلِکَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ ۔ حب مس نہ تہکو یعنی کاہلی اور قصور نکرو دعا مین اسلئی کہ تحقیق ہرگز نہین ہلاک ہوتا ساتہہ دعا کی کوئی نقل کی یہہ ابن حبان حاکم نی مَنْ سَرَّہٗ اَنْ یَسْتَجِیْبَ اللّٰہُ لَہٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْکُرَبِ فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ ف جسکو خوش لگے یہہ کہ قبول کری اللہ تعالی دعا اوسکی نزدیک سختیون اور غمون کی پس چاہئی کہ بہت کری دعا فراخی کی حالت مین نقل کی یہہ ترمذی نی ف اسلئی کہ مومن کی شان سی یہہ ہی کہ اللہ تعالی سی التجا کری پہلی اضطرار کی بخلاف کفار فجار کی کہ جب اونکو سختی اور غم پہونچتی ہی دعا کرتی ہین اور فراخی مین اسراف کرتی ہین اور دعا چہوڑ دیتی ہین جیسی کہ اللہ تعالی نی فرمایا وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَی الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِہٖ وَاِذَا مَسَّہُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِیْضٍ یعنی جب انعام کرتی ہین ہم آدمی پر مونہہ پہیر لیتا ہی اور دور کر لیتا ہی گردن اپنی اور جب پہونچتی ہی اوسکو برائی پس صاحب دعا چوڑیکا ہوتا ہی یعنی بہت دعا کرتا ہی کذا ذکر العلی رح اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَعِمَادُ الدِّیْنِ وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ مس دعا ہتہیار مومن کا ہی یعنی دور کرتا ہی اوس سے بلا آپسی اور غیر سی اور ستون دین کا ہی اور روشنی آسمانون کی اور زمین کی یعنی اوس سی تاریکیان ظاہر و باطن آسمان و زمین والون کی جاتی ہین نقل کی یہہ حاکم نی ف نماز کو بہی اور جا ہی ستون دین کا فرمایا پس منافات نہین ہی اس لئی کہ ایک

جہت کی کمی مستون ہوتی ہین اور نماز بہی توشامل ہی دعاکو کذا ذکر العلی رح مرّ صلّی اللہ
علیہ وسلّم بقوم مبتلین فقال اما کان ھؤلاء یسئلون اللہ العافیۃ پر
گذری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم پر کہ گرفتار تہی کسی بلامین پس فرمایا کیا نہین تہی یہہ یعنی حالت
چین مین کہ مانگتی خدا سی عافیت دائم نقل کی یہہ بزازی ف اسمین اشارہ ہی اسپر کہ جسی لازم
کیا دعاء کو نرمی مین محفوظ رہا بلاسی اور جسنی ترک کی اور غافل ہوا تضرع رب العالمین کیسی ہوئی ہے
بلاسزا اوسکی کذا ذکر العلی ما من مسلم ینصب وجھہ للہ تعالی فی مسئلۃ
الا اعطاھا ایاہ اما ان یعجلھا لہ واما ان یدخرھا لہ اپنہین کوئی مسلمان
کہ قائم کری موہنہ اپنا واسطی خدا تعالی کے دعامین مگر کہ دیتا ہی اوسکو اسکا سوال اوسکا یا یہہ کہ
جلدی دیتا ہی سوال اوسکو یعنی دنیا مین اور یا یہہ کہ ذخیرہ کرتا ہی اوسکو اوسکی لئی نقل کی یہہ احمد نے
ف یعنی آخرت مین بہت سا ثواب اوسکا دیگا یا بخشیگا کچہہ گناہ اوسکی غرض کہ اللہ تعالی
ضائع نہین کرتا اجر نیک کار کا پس تاخیر کی صورت مین طالب کو دعا کا چہوڑنا نچاہئی اس لئے
کہ کلام اللہ مین آیا ہی عسی ان تکرہوا شیئا وھو خیر لکم وعسی ان تحبوا شیئا وھو شر لکم واللہ
یعلم وانتم لا تعلمون یعنی بعضی چیز تم مکروہ رکہتی ہو اور واقع مین وہ تمہاری لئے بہتر ہوتی ہی
اور بعضی چیز دوست رکہتی ہو اور وہ بری ہوتی ہی تمہاری لئی اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتی
پس آدمی بہلائی برائی اپنی نہین جانتا سوا اللہ کی پس لازم ہی بندی کو کہ قائم ہووی حق بندگی مین اور سونپے
اوسکو امر ربوبیت کا یہہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ دعاء بندی کے قبول ہوتی ہی چنانچہ حاکم نی روایت
کی ہی کہ بلاویگا اللہ تعالی ایک مومن کو قیامت مین اور سامنی کہڑا کر کہ پوچہیگا ای بندی میری حکم کیا تہا
میںی تجکو کہ دعا کری تو مجہسی اور مینی وعدہ کیا تہا کہ قبول کرونگا پس آیا تو نی دعا کی تہی کہیگا ہان اے
رب میری پس فرماویگا اللہ تعالی کہ تحقیق نہین کی تو نی کوئی عاجز کہ قبول کی مینی تیری لئی آیا فلانی دن

نہین دعا کی تہی تو تی کہ دور کردون غم تیرا کہ اور ترا تبا تبر پس دور کردیا مینی نجسی پس عرض کریگا سچ ہی رب میری
پس فرماویگا وہ تو جلدی قبول کی مین نی دعا تیری دنیا مین اسی طرح فلانی فلانی روز سہو دعا کی تہی تو نی غم کی
اور ترنی پر کہ دور کردن اوسکو پس نہ دیکہا تو نی دور ہونا اوس غم کا عرض کریگا ہان ای رب میری پس
فرماویگا ذخیرہ رکہین مین نی تیری لئی جنت مین بدلی اوسکی ایسی ایسی چیزین اسی طرح اور حاجت کو
پونچہ کر فرماویگا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی پس مومن نی نہین کوئی دعا کی ہوگی مگر کہ اللہ تعالی ایان کریگا
تعجیل اوسکی یا ذخیرہ اوسکا پس کہی کا مومن اوسوقت کا شکی کوئی دعا میری دنیا مین تعجیل نکرتی بہہ اختصار ہی حدیث
بڑی کا ذکر کی بہہ ملا علی رح نی اور شیخ فخر الدین رح نی لکہا ہی کہ دعا بندی مسلمان کی البتہ مقبول ہی دنیا مین پروردگار
پروردگار کی لیکن بنا بر مصلحت کی کہی دیتا ہی دنیا مین اور کہی ذخیرہ کرتا ہی آخرت کی لئی حاصل بہہ کہ دعا بندگی ہی
کہ وقت اوتر نی بلا کی یا نزدیک خوف اوتر نی کی بندہ صاحبہ اوسکی حکم کیا گیا ہی جیسی کہ ساتہہ نماز روزہ کی حکم کیا
گیا ہی جب وقت آوی نظم از دعا نبود مراد عاشقان * جز سخن گفتن بآن شیرین دہان * ای اخی دست
از دعا کردن مدار * باقبول و بار د اُویت چہ کار * کر اجابت کردشان ہو المراد * ورنہ نا دیدار نقد آید شاد
در کند ردلذت آن بیشتر * ہر تقرب سخن بار دگر * اَلَّذِیْنَ یہہ بیان فضیلت ذکر کا ہی ف
فضیلت ذکر کی ثابت ہی آیتون قرآن مجید کیسی مثل قول اللہ تعالی کی فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ یعنی پس یاد کرو مجکو
یاد کرونگا مین تمکو اور سفیان بن عُیَیْنَہ نی کہا ہی کہ خبر مجہی پونچی ہی کہ حق سبحانہ تعالی نی فرمایا بندون اپنی کو
ایک چیز دی ہی مین نی کہ اگر جبرئیل اور میکائیل کو دیتا مین تو تحقیق نعمت بزرگ اتکو دیتا مین وہ یہہ ہی
فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ اور احیاء العلوم مین ثابت بسانی سی نقل کیا ہی کہ کہا مین جانتا ہون جسوقت کہ پروردگار
تعالی مجکو یاد کرتا ہی یارون نی تعجب کیا اور پونچہا کیونکر جانتا ہی تو کہا مین یاد کرتا ہون اوسکو تو وہ بہی
مجہی یاد کرتا ہی اور شیخ علی متقی رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ذکر یہہ ہی کہ خلاصی پاوی غفلت و نسیان سی ساتہہ
دوام حضور قلب کی ساتہہ عن کی اور لیوی نام خدا تعالی کا ساتہہ زبان و دل کی اور افضل یہہ ہی کہ ذکر

دل اور زبان سی ہو اور اگر ایک سی ہو تو پس ساتھہ دل کی افضل ہی ایسا ہی کہا نووی نی شرح مسلم مین اور برابر ہے
ذکر ذکر جلالت کا یعنی اسم ذات کا یا صفت کا صفات الٰہی سی یا ایک حکم کا احکام اوسکی سی یا فعل کا افعال
اوسکی ہی پس متکلم ذاکر ہی اور فقیہ ذاکر ہی اور مدرس اور مفتی اور واعظ ذاکر ہین اور متفکر عظمت
اور جلال اوسکی مین ذاکر ہی کذا قال الفخر ح یَقُوْلُ اللّٰہُ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا
مَعَہٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ
ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِنْہُ الْحَدِیْثَ ۔ خ مت س ق فرماتا ہی اللہ تعالے
مین نزدیک گمان بندی اپنی کی ہون کہ ساتھہ میری رکھتا ہی اور مین ساتھہ اوسکی ہون یعنی ساتھہ توفیق
ورحمت ومدد کی جب یاد کرتا ہی مجکو پس اگر یاد کرے مجکو ذات اپنی مین یعنی چپکی سی یاد کرتا ہون مین اوسکو
ذات اپنی مین اور اگر یاد کرے مجکو جماعت مین یاد کرتا ہون مین اوسکو اوس جماعت مین کہ بہتر ہی
اوس سی فرمایا آخر حدیث تلک نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی ف نزدیک
گمان بندی اپنی کی ہون یعنی معاملہ کرتا ہون بندی سی موافق گمان اوسکی کی اور کرتا ہون اوس سے
جو توقع رکھتا ہی مجسی مراد ہی رغبت دلانی اسپر کہ امید اللہ تعالی کی خوف پر غالب رکھی اور گمان
اچھا رکھی کہ بخشیگا مجکو جیسی کہ ایک روایت مین آیا ہی کہ اللہ تعالی ایک شخص کو دوزخ مین لیجانیکا
حکم فرماویگا جب وہ کنارے دوزخ پر کھڑا رہیگا عرض کریگا ای رب میری میرا گمان تیری ساتھہ اچھا تھا
فرماویگا اللہ تعالی پھیر لاؤ اسکو اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ اور حقیقت امید کی یہہ ہی کہ عمل کرے اور
پھر امید وار بخشش کا رہے اور بغیر عمل کی امید رکھنی لوہا سرد کوٹنا ہی یعنی بیفائدہ اور مراد چپکی سی
ذکر قلبی ہی یا آہستہ پڑھنا زبان سی یاد کرتا ہون مین ذات اپنی مین یعنی بغیر اطلاع حال اوسکی کی
کسی مخلوق اپنی پر یا چپکی سی دونگا ثواب اوسکو آپہی کسی اور پر نہین سونپنی کا یہہ حدیث دلیل ہے
اسپر کہ ذکر قلبی افضل ہی پھر زبانی چپکی کا اس لئی کہ وارد ہوا ہی کہ وہ ذکر خفی کہ نہین سنتی مین اوسکو

حفظہ یعنی فرشتی اعمال لکھنی والی ستر درجہ افضل ہی اور وارد ہوا ہی کہ خیر الذکر الخفی جماعت بہتر
یعنی ملائکہ مقربین اور ارواح انبیا کی پس دلیل ہوئی یہہ حدیث مذہب معتزلہ کی کہ ملائکہ افضل ہین بنسبت
انبیا اور بشری اور آخر حدیث کا یہہ ہی کہ اگر کوئی نزدیکی ڈہونڈہی اور آوی طرف میری ایک بالشت
نزدیکی ڈہونڈہون مین اور آون طرف اوسکی ایک گز اور اگر نزدیکی ڈہونڈہی ساتہہ میری ایک گز
نزدیکی ڈہونڈہون طرف اوسکی مقدار پہیلانی دونو ہاتہونکی اور اگر آوی میری پاس بیارہ آون
مین طرف اوسکی تیز رو حاصل یہہ کہ بندہ اگر تہوڑی سی بہی رجوع اور ہر کرتا ہی وہان سی توجہہ اور
التفات اور رحمت اس سی زیادہ ہوتی ہی کذا ذکرہ العلی والفخر ح الا اخبرکم بخیر اعمالکم
وازکاہا عند ملیککم وارفعہا فی درجاتکم وخیر لکم من انفاق الذہب و
الورق وخیر لکم من ان تلقوا عدوکم فتضربوا اعناقہم ویضربوا اعناقکم قالوا
بلی قال ذکر اللہ ۔ ت ق مس اپ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کیا نہ خبر دون مین
تمکو ساتہہ بہترین عملون تمہارے کے اور بہت پاکیزہ اونکی نزدیک پادشاہ تمہارے کے اور ساتہہ
بہت بلند اعمالکی درجون تمہارے مین یعنی جنت مین اور ساتہہ بہتر کی تمہارے لئی خرچ کرنی سونی اور
چاندی کیسی اور ساتہہ بہتر کی تمہارے لئی اس سی کہ ملو تم دشمنون اپنی سی یعنی کافرونسی جہاد مین
پس مارو تم گردنین اونکی یعنی مارڈالو تم بعضی اونکی کو اور مارین وہ گردنین تمہاری یعنی سبکی بالصفون
کی کہا اصحاب نی ہان خبر دیجئی فرمایا رسول خدا نی وہ ذکر اللہ کا ہی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ
حاکم احمد نی ف اچہا ہونا ذکر کا اور بلند ہونا اوسکا اس سبب سی ہی کہ تمام عبادات مالیہ اور بدنیہ
ساتہہ قسم خرچ کرنی سونی اور چاندی سی اور لڑنی کی کفار سی وسیلی ہین طرف تقرب خدا تعالی کی اور
ذکر مقصود اعلی ہی کہ فرمایا اللہ تعالی نی انا جلیس من ذکرنی یعنی مین ہم نشین اوسکا ہون جبی وہ
کرتا ہی مجکو پس ذکر خلاصہ عبادات وطاعات کا ہوا اور افضل انواع ذکر کا قرآن شریف ہی چنانچہ

فضیلت اخیر کتابین آوینگی اور پڑہنا پڑتا علوم دین کا افضل ہی بڑی فکر سی جیسی کہ اکثر حدیثون سی معلوم ہوتا ہی اس لئی کہ یہہ ذکر با معنی ہی اور سبب عمل کا ہی کذا قال العلی رح اور مشہور یہہ ہی کہ عبادت متعدی کہ نفع اوسکا غیر کو پہونچی افضل عبادت لازم سی ہی کہ نفع اوسکا خاص کرنی والے کی ذات پر ہو ولیکن یہہ حکم مخصوص ساتہہ غیر ذکر کی ہی اور ذکر اوس سی مستثنی ہی ولذکر اللہ اکبر کذا قال الفخر رح ما صدقۃ افضل من ذکر اللہ * طس نہین کوئی صدقہ بہتر ذکر خدا کیسی نقل کے یہہ طبرانی نی اوسط مین ف صدقہ اوس مال کو کہتی ہین جسکی دینی مین امید واری ثواب کی ہو اللہ تعالی سی اس حدیث مین تسلی ہی فقراء صابرین کو کذا قال العلی رح ان للہ ملائکۃ یطوفون فی الطرق یلتمسون اہل الذکر فاذا وجدوا قوما یذکرون اللہ عز وجل تنادوا ہلموا الی حاجتکم قال فیحفونہم بأجنحتہم الی السماء الدنیا الحدیث خ مر * تحقیق اللہ کی لئی فرشتی ہین یعنی سوای حفظہ کی کہ مقصود اونکی خلقی ذکر کی ہین پہرتی ہین راہون مین ڈہونڈتی ہین ذکر کرنی والونکو یعنی جو کہ اونسی ملین اور دعا کرین اونکی لئی پس جب پاتی ہین بعضے اونکی ایک جماعت کو کہ یاد کرتی ہین اللہ عزوجل کو پکارتی ہین آپسمین آو تم طرف حاجت اپنی کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پس گہیر لیتی ہین اونکو ساتہہ پروں اپنی کی آسمان دنیا تلک فرمایا آخر حدیث تلک نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نی ف باقی حدیث یہہ ہی کہ جب فرشتی جناب باریتعالی مین جاتی ہین تو پوچہتا ہی اونسی پروردگار عالم کا حال یہہ کہ وہ بہت جانتا ہی اونسی کیا کہتی ہین بندی تیری ملائکہ جواب مین عرض کرتی ہین کہ ساتہہ پاکی اور بڑائی کی یاد کرتی ہین تجکو اور تعریف کرتی ہین تیری اور ساتہہ بزرگی کی یاد کرتی ہین تجکو پس فرماتا ہی اللہ تعالی کیا دیکہا ہی اونہون نی مجکو عرض کرتی ہین فرشتی قسم ہی اللہ کی نہین دیکہا اونہون نی تجکو پس فرماتا ہی رب العزت کیا حال ہوا اگر دیکہین مجکو کہتی ہین فرشتی اگر دیکہین وہ تجکو ہووین وہ بہت کرنی والی عبادت تیری اور بہت

بیان کرین بزرگی تیری اور بہت کرین تسبیح تیری پس فرماتا ہی اللہ پس کیا مانگتی ہین مجسی عرض کرتی
ہین فرشتی مانگتی ہین مجسی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی کیا دیکھی ہی اونہون نی بہشت عرض کرتی ہین
قسم ہی اللہ کی ای رب ہمارے نہین دیکھی اونہون نی بہشت فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیسا حال ہو
اگر دیکھین وہ بہشت عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہون بہت اوسپر حرص کرنی والے
اور بہت طلب کرین اوسکو اور بہت اوسمین کرین رغبت پھر فرماتا ہی اللہ کس چیز سی پناہ مانگتی ہین
عرض کرتی ہین فرشتی پناہ مانگتی ہین دوزخ سی فرماتا ہی اللہ پس کیا دیکھا ہی اونہون نی اوسکو کہتی
ہین فرشتی قسم ہی اللہ کی ای رب نہین دیکھا اونہون نی اوسکو فرماتا ہی اللہ تعالی پس کیسا حال ہو
اگر دیکھین اوسکو عرض کرتی ہین فرشتی اگر دیکھین اوسکو ہون بہت اوس سی بھاگنی والی اور بہت
اوس سی ڈرنی والی فرماتا ہی اللہ تعالی پس گواہ کرتا ہون مین تمکو تحقیق میں بخشدیا مین اونکو پس
عرض کرتا ہی ایک فرشتہ فرشتون مین سی کہ فلانا شخص آیا تھا ہی ذکر کرنی والون مین سے نہین ہی ذکر
کرنی والا سوا اوسکی نہین کہ آیا تھا کسی کام کی لئی فرماتا ہی اللہ تعالی اوہ بیٹھنی والی مین کہ نہین بدبخت
ہوتا ہمنشین اونکا کذا فی المشکوۃ مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَالَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّہٗ مَثَلُ
الْحَیِّ وَالْمَیِّتِ ۔ خ مَثَلُ اوس شخص کی کہ یاد کرتا ہی پروردگار اپنی کو یعنی ہمیشہ یا کبھی کبھی
اور اوس شخص کے کہ نہین یاد کرتا پروردگار اپنی کو یعنی مطلق یا کبھی کبھی مانند زندہ اور مردہ کی ہی نقل
کی یہہ بخاری مسلم نی ف حاصل یہہ ہی کہ ذکر حیات قلب ذاکر کی ہی اور غفلت موت اوسکے
اور جیسے کہ زندہ اپنی زندگی سی بہرہ مند ہوتا ہی ایسا ہی ذکر کرنی والا اپنی عمل سی بہرہ مند ہوتا ہے
اور نہ یاد کرنی والا کہ اوسکو اپنی عمل سی بہرہ نہین مانند مردہ کی ہی کہ اوسکو زندگی سی کچھ بہرہ نہین
ہوتا بیت زندگانی نتوان گفت حیاتی کہ مراست ۔ زندہ آن ست کہ با دوست وصالی دارد
کذا ذکر العلی والفخر ح لَا یَقْعُدُ قَوْمٌ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا حَفَّتْھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَ

غشیتہم الرحمۃ و نزلت علیہم السکینۃ و ذکرھم اللہ فیمن عندہ ۔ مرقاۃ
نہین بیٹھتی ہی ایک قوم کہ یاد کرتی ہین اللہ تعالی کو مگر کہ گھیر لیتی ہین اونکو فرشتی یعنی وہ جو ذکر والون کو ڈھونڈتی پھرتی ہین اور ڈھانپلیتی ہی اونکو رحمت اور اوترتی ہی اونپر تسکین خاطر کی اور یاد کرتا ہی اونکو اللہ بیچ اون لوگون کی کہ نزدیک اوسکی ہین نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ ف سکینۃ خاطر جمعی دلکی ہی کہ اوسکی سبب سی خواہش لذتون دنیا کی اور لذت ماسوا اللہ کی دلسی نکل جاتی ہی اور حضور ساتھہ اللہ کی ہمہ پہونچتا ہی اور مراد اون لوگون سی کہ نزدیک اوسکی ہین فرشتی مقرب ہین کہ جنہون نی کہا تہا حضرت آدم علیہ السلام کی پیدا کرنی کی وقت ای اللہ ایسی کو پیدا کرتا ہی کہ زمین مین فساد اور خون ریزی کریگا اونسی بطور فخر کی فرماتا ہی اس لئی کہ باوجود موانع کی کہ نفس ہے اور شیطان اور علائق نہین غافل رہتی اوسکی ذکر سی کذا ذکر العلی ربح یا رسول اللہ ان شرائع الاسلام قد کثرت علی فبنبئنی بشیء انشبث بہ قال لا یزال لسانک رطبا من ذکر اللہ ۔ ت ق حب مس مص ایک شخص نی عرض کیا ای رسول لہذا کی تحقیق احکام اسلام کی تحقیق بہت غالب ہوئی ہین مجہپر پس خبر دو مجکو ساتہہ ایسی چیز کی کہ بہرہ سا کرون مین ساتہہ اوسکی فرمایا ہمیشہ رہی زبان تیری تر ذکر اللہ کی سی نقل کی یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ ف شرائع اسلام کی یعنی علامتین اسلام کی قسم نوافل سی کہ دلالت کرتی ہین صدق اسلام مسلم کی پر غالب ہوئی ہین یعنی متعدد ہوئی ہین اور اوس حد کو پہونچی ہین کہ عاجز ہون سکے کرنی سی اور متحیر ہون بعضی کی کرنی مین کہ کونسی افضل ہی کہ اختیار کرون اور تری زبان کی کنایہ ہی سہولت اور آسانی اور روانی زبان سی جیسی کہ خشکی زبان کی عبارت ہی کنی اوسکی سی اور زبان سی یا زبان قلبی مراد ہی کیونکہ یہہ زبان ہمیشہ تر نہین رہ سکتی یا اسی زبان کو فرمایا مبالغۃً یا بحسب طاقت کی ہو یا جمع دونون مین کہ دل و زبان سی ہو پس یہہ نور علی النور ہی کذا ذکر العلی ربح

اٰخِرُ کَلَامٍ فَارَقْتُ عَلَیْہِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْ قُلْتُ اَیُّ الْاَعْمَالِ
اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ قَالَ اَنْ تَمُوْتَ وَلِسَانُکَ رَطْبٌ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ۔ حب ر ط کہا
معاذنی آخری کلام کہ جدائی کی مینی اوسپر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سی یعنی وقت رخصت کی مین کہا تہا
کہ عرض کیا مینی کونسا عمل بہت پیارا ہی نزدیک اللہ کی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ مری تو
اوس حالت مین کہ زبان تیری تر ہو ذکر اللہ کی سی نقل کی ہی ابن حبان بزار طبرانی نی ف تر ہو یعنی
بسہولت تیری زبان پر ذکر جاری ہو اسمین اشارہ ہی اسپر کہ خلاصہ اعمال کا ذکر اللہ تعالی کا ہی اور مدار
اوسکا حسن خاتمہ پر ہی جیسی کہ وارد ہوا ہی کہ نہین کوئی بندہ کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہتا ہو پہر مری اسی پر کہ
داخل ہوگا بہشت مین اور اشارہ ہی اسپر کہ لازم کرنا ذکر کا حالت حیات مین سبب ہوتا ہی حاصل
ہونی ذکر کا وقت مرنی کی جیسی کہ روایت کیا گیا ہی کَمَا تَعِیْشُوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَکَمَا تَمُوْتُوْنَ تُحْشَرُوْنَ
یعنی جسطرح جیتی رہوگی اوسیطرح مروگی اور جس طرح مروگی اوسیطرح اوٹہائی جاؤگی کذا ذکر العلامی ح
قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَوْصِنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِتَقْوَی اللّٰہِ مَا اسْتَطَعْتَ وَاذْکُرِ اللّٰہَ عِنْدَ کُلِّ
حَجَرٍ وَشَجَرٍ وَمَا عَمِلْتَ مِنْ سُوْءٍ فَاَحْدِثْ لِلّٰہِ فِیْہِ تَوْبَۃً اَلسِّرُّ بِالسِّرِّ وَالْعَلَانِیَۃُ
بِالْعَلَانِیَۃِ ۔ ط کہا معاذ بن جبل نی عرض کیا مینی ای رسول خدا کچہہ نصیحت کرو مجکو فرمایا لازم کرو
اپنی تقوای اللہ کا جب تلک طاقت رکہی تو اور یاد کرو اللہ کو نزدیک ہر پتہر اور درخت کی اور جو کچہہ
کی ہو تو نی برائی یعنی گناہ یا غفلت پس پیدا کر خالص واسطی اللہ کی اوسمین یعنی بیچ حق اوس برائی کے
یا برائی کی لئی توبہ توبہ پوشیدہ بیچ گناہ پوشیدہ کی اور توبہ ظاہر بیچ گناہ ظاہر کی نقل کی یہہ طبرانی نے
ف یہہ عرض ہی وقت رخصت کی معاذ نی طرف یمن کی کی کر ظاہر یہہ معلوم ہوتا ہی کہ یہہ عرض اول
حدیث سابق سی کی ہو اور تقوی یعنی پرہیزگاری حرام چیزون سی اور احتراز متابعت ہوا ہی اور ارتکاب فواحش
سی ہی اور حقیقت مین تقوی محافظت کرنا حدود الٰہی کا اور وفا کرنا عہدون اوسکی کا ہی اور یہہ کئی قسم پر ہی

تقوی عوام کا یہہ ہی کہ فرمان برداری احکام الٰہی کی کری اور بچی منع چیزون سی اور تقوی خواص کا
موافقت بندی کی ہی ساتہہ پروردکار کی اوس چیز مین کہ مقدر ہی اوسکی حق مین حضرت ابن عمر کی
روایت ہی کہ متقی وہ ہی جو اپنی لئی کسی سی سوای ایزد سبحانہ کی امید نیکی کی نرکہی اور یاد کرنا نزدیک
ہر درخت و پتہر کی اشارہ ہی طرف مقام مشاہدی کی کہ ہر چیز دلیل ہی اوپر وحدانیت اللہ تعالے
کی یعنی جو چیز دیکہی جاتی کہ اوسکی قدرت کاملہ سی پیدا ہوئی ہی اور اسکا بانی والا ایک ہی کوئی
شریک اوسکا نہین اور اخیر حدیث سی یہہ معلوم ہوا کہ جیسا گناہ کیا ہی ویسی ہی توبہ کری اگر گناہ
پوشیدہ کیا تہا توبہ بہی پوشیدہ کری اور اگر ظاہر کیا ہی توبہ بہی ظاہر کری مستحب یونہی ہی اور یہہ بہی
معلوم ہوا کہ بجز دصادر ہونی گناہ کی توبہ کرنی واجب ہی یا مستحب چنانچہ نووی سی منقول ہی کہ بعد گناہ
کی بغیر ڈیل کی توبہ کرنی واجب ہی اگرچہ گناہ صغیرہ ہو پس اس صورت مین اگر تاخیر کریگا توبہ مین
ایک گناہ اور اوسکی ترک کا لازم آویگا کذا ذکر العلی والفخر یح مَا عَمِلَ آدَمِیٌّ عَمَلًا اَنْجٰی
لَہٗ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ ۞ ط ا مص نہ عمل کیا کسی آدمی نی کوئی عمل کہ بہت
نجات دینی والا ہوا وسکو عذاب اللہ کی سی ذکر اللہ کیسی نقل کی یہہ طبرانی احمد ابن ابی شیبہ نی
ف یعنی ذکر کی برابر کوئی عمل اللہ کی عذاب سی قیامت کو چھٹکارا نہین کروانی کا یہہ سب سی
افضل ہی قَالُوْا وَلَا الْجِہَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ قَالَ وَلَا الْجِہَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اِلَّا
اَنْ یُّضْرَبَ بِسَیْفِہٖ حَتّٰی یَنْقَطِعَ قَالَہٗ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ۞ ط مص طس صط
عرض کیا صحابون نی اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین فرمایا اور نہ جہاد اللہ کی راہ مین مکر یہہ کہ مارے ساتہہ
تلوار اپنی کی یہان تلک کہ ٹوٹ جاوی تلوار فرمایا اسکو یعنی وَلَا الْجِہَادُ کو حَتّٰی یَنْقَطِعَ تک تین بار
نقل کی یہہ طبرانی ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی نی اوسط اور صغیر مین ف اور نہ جہاد یعنی جو جہاد
خالی ہو ذکر سی اور جس جہاد مین ذکر بہی ہو نری ذکر سی افضل ہوگا حاصل یہہ کہ نرا ذکر افضل ہی

اور نہ ہی عبادت سی یعنی جو خالی ہو ذکر سی لیکن جب ذکر ملیگا ساتھ ایک عمل کی پس شک نہین کہ وہ
افضل ہوگا نہ ہی ذکر سی کذا ذکر العلی رح اور بیہقی نی عبداللہ بن عمر سی روایت کی ہی وَلَا اَنْ
یَّضْرِبَ بِسَیْفِہٖ حَتّٰی یَنْقَطِعَ اس سی معلوم ہوا کہ اگر جہاد اس مرتبہ کو پہونچی تو بھی ذکر افضل
نہین پس ان دونون حدیثون مین مخالفت ہوئی پس حنفی نی کہا ضرور پڑی ترجیح ایک حدیث
کی دوسری پر یا کہین کہ کسی راوی کو وہم ہوا اور قہستانی نی توجیہ سہل نقل کی ہی وہ یہہ ہی کہ
اِلَّا اَنْ یَّضْرِبَ بِسَیْفِہٖ بدل ہی جہاد سی اور کلمہ اِلَّا کا زائد ہی پس اس صورت مین یہہ حدیث مخالف نہین
ہونی کی ساتھ حدیث ابن عمر کی کہ بیہقی نی روایت کی ہی اور ساتھ حدیث اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ
آخر تک کی اور ساتھ تمام حدیثون کی کہ دلالت رکھتی ہین اوپر فضیلت ذکر کی جہاد خاص پر کذا ذکر
الفخر لَوْ اَنَّ رَجُلًا فِیْ حِجْرِہٖ دَرَاہِمَ یَقْسِمُہَا وَاٰخَرُ یَذْکُرُ اللّٰہَ کَانَ الَّذِیْ
لِلّٰہِ اَفْضَلَ ط اگر تحقیق ایک آدمی ہو کہ گود اوسکی مین درہمین ہون کہ بانٹتا ہو اونکو یعنی اور ذکر
نہ کرتا ہو اور دوسرا ہو کہ ذکر کرتا ہو اللہ کا یعنی اور درہمین نہ بانٹتا ہو تو ہوگا ذکر کرنی والا خالص
واسطی اللہ کی افضل نقل کی یہہ حدیث طبرانی نی ف اس لئی کہ جو اللہ تعالی کو یاد کرتا ہی اللہ تعالی
اوسکو یاد کرتا ہی اور اللہ کا یاد کرنا اپنی بندیکو افضل ہی ہر چیز سی کذا ذکر العلی رح اِذَا مَرَرْتُمْ بِرِیَاضِ
الْجَنَّۃِ فَارْتَعُوْا قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا رِیَاضُ الْجَنَّۃِ قَالَ حِلَقُ الذِّکْرِ ت
جب کذرو تم باغون جنت مین پس میوہ کہاؤ کہا صحابیون نی ای رسول اللہ کی اور کیا ہین باغ
جنت کے
فرمایا حلقی ذکر کی نقل کی یہہ ترمذی نی ف یعنی یہہ ہین کہ جب کذرو تم ایک جماعت پر کہ یاد کرتی
ہون اللہ تعالی کو ایک مکان مین پس تم بھی اونکی ساتھ یاد کرو یا سوا ذکر اونکی متابعۃً اس لئی
کہ وہ باغ جنت مین ہین اب بھی اور آئندہ کو بھی فرمایا اللہ تعالی نی وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ جَنَّتَانِ
بعضون نی جنتان کی یہہ بھی معنی کہی ہین کہ ایک جنت دنیا مین یعنی حلقی ذکر کی اور دوسری عقبی مین اور

میوہ کہا ویعنی کرو اوسمین وہ چیز کہ سبب ہو وی حاصل ہو نی باغون جنت کا قسم تسبیح اور تحمید
اور تہلیل سی اور بعضی شارحین حدیث نی لکہا ہی کہ حلقی ذکر کی مسجدین مراد ہین اوہنون نے
حمل کیا ہی اس حدیث پر کہ مضمون اوسکا یہہ ہی فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گذرو تم
باغون جنت پر چرو تم ابو ہریرہ نی کہا کیا ہین وہ فرمایا مسجدین ابو ہریرہ نی کہا چرنا اونکا کیا
ہی فرمایا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مرقات علی قاری نی لکہا ہی کہ اظہر یہہ ہی کہ
یہان مطلق حلقی مراد ہین اور حلقی مسجد کی افضل ہوتی ہین اور نووی نی کہا ہی کہ اس حدیث مین
اشارہ ہی اسپر کہ جیسا ذکر مستحب ہی حلقی مین بیٹہنا ذکر کی لئی بہی مستحب ہی کذا ذکرہ العلی والفخر
رح یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ سَیَعْلَمُ اَھْلُ الْجَمْعِ الْیَوْمَ مَنْ اَھْلُ الْکَرَمِ قِیْلَ مَنْ اَھْلُ
الْکَرَمِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ اَھْلُ مَجَالِسِ الذِّکْرِ مِنَ الْمَسَاجِدِ ۞ حب طص ۞
فرماتا ہی اللہ غالب اور بزرگ قریب ہی کہ جانین گی صاحب جمع کی یعنی قیامت والی اوس دن کہ
کون ہین صاحب بزرگی کی یعنی لائق اکرام کی کجن پر اللہ تعالے انعام وبخشش کریگا عرض کی صحابہ نی کون
ہین صاحب بزرگی کی اے رسول اللہ کی فرمایا صاحب مجلسون ذکر کی مسجدون سی نقل کی یہہ ابن حبان
طبرانی ابو یعلی نی ف مِنَ الْمَسَاجِدِ بیان ہی مجالس کا اور بعضی نسخون مین فی ہی بجای مِنْ کی یعنی وہ
مجالس والی ذکر کی کہ واقع ہی مسجدین یعنی دنیا اور بازار دنیا کو ترک کرکر مشغول ہوئی ہین ساتہہ ذکر
خدا کی مسجدون مین اس حدیث مین اشارہ ہی کہ ذکر اللہ کا مسجدون مین افضل ہی غیر مسجدون سے
کذا ذکرہ العلی رح مَا مِنْ اٰدَمِیٍّ اِلَّا لِقَلْبِہٖ بَیْتَانِ فِیْ اَحَدِھِمَا الْمَلَکُ وَفِی الْاٰخَرِ الشَّیْطَانُ
فَاِذَا ذَکَرَ اللّٰہَ خَنَسَ وَاِذَا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ وَضَعَ الشَّیْطَانُ مِنْقَارَہٗ فِیْ قَلْبِہٖ وَ
وَسْوَسَ لَہٗ ۞ مص ۞ نہین کوئی آدمی مگر کہ واسطے دل اوسکی دو مکان ہین ایک مین اونمین
سی فرشتہ ہی یعنی الہام کرتا ہی اچہی باتین اور ذکر خدا کا اور دوسری مین شیطان ہی یعنی بری سوسی

اور غفلت ڈالتا ہی پس جب یاد کرتا ہی اللہ کو یعنی بسبب الہام فرشتی کی بھی ہٹ جاتا ہی شیطان
اور جب نہین یاد کرتا اللہ کو یعنی بسبب اعراض کی الہام فرشتی کیسی رہتا ہی شیطان موہنہ اپنا
اوسکی دلمین اور وسوسی ڈالتا ہی اوسکی لئی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی ف وسوسی ڈالتا ہی
کہ باعث ہوتی ہین غفلت کے پس جب تلک کہ ذکر نہین کرتا یہی حال ہوتا ہی شیطان کا آدمی کی ساتھہ
کذا ذکر العلی رح مَنْ صَلَّى الْفَجْرَ فِي جَمَاعَةٍ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ
صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ كَانَتْ لَهٗ كَاَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ تَامَّةٍ تَامَّةٍ * ت
اِنْقَلَبَ بِاَجْرِ حَجَّةٍ وَعُمْرَةٍ * ط جو کوئی نماز پڑہی فجر کی جماعت مین پہر بیٹہا ہوا یاد کرتا رہی
اللہ کو یہان تلک کہ نکلی آفتاب یعنی بقدر نیزہ کی بلند ہو کہ کراہت نماز کی نہی پہر پڑہی نماز دو رکعت
ہوتا ہی ثواب اوسکی لئی مانند ثواب حج کی یعنی بسبب قائم کرنی فرض کی جماعت سی اور مانند ثواب عمری
پوری پوری کی یعنی بسبب ادا کرنی اس سنت کی نقل کی یہہ ترمذی نی اور طبرانی کی روایت
مین بدلی كَانَتْ لَهٗ کی یہہ آیا ہی پہرتا ہی ساتھہ ثواب حج اور عمرہ کی ف بیٹہا ہوا یاد کرتا رہی یعنی
ہمیشہ رہا اوپر حالت ذکر کی برابر ہی کہڑا ہو یا بیٹہا ہو یا لیٹا ہو لیکن بیٹہی رہنا افضل ہی مگر کہ کوئی اور عبادت
پیش آجاوی جیسی کہ طواف کی لئی کہڑا ہوا یا نماز جنازی کے لئی یا حاضر ہونی مجلس درس کی لئی
اوس صورت مین فضیلت بیٹہی رہنی کی جاتی رہتی ہی اور اس نماز کو نماز اشراق کہتی ہین اور اس حدیث
مین اشارہ ہی اسپر کہ لازم نہین ہی کہ جہان نماز پڑہی وہین بیٹہا رہی بلکہ جائز ہی کہ جگہہ بدل کر صف
مین سی جہان چاہی ذکر کی لئی بیٹہی اس لئی کہ مقصود اصلی مشغول رکہنا وقت کا ذکر مین ہی اگرچہ پھر
ہو یا دوکان مین مگر جسجای نماز پڑہی ہی اور مسجد مین بیٹہنا افضل ہی کذا ذکر العلی رح ذَاكِرُ اللّٰهِ فِي
الْغَافِلِيْنَ بِمَنْزِلَةِ الصَّابِرِ فِي الْفَارِّيْنَ * ر طس † یاد کرنی والا اللہ کا بیچ غفلت کرنے
والون کی یعنی اللہ کی یاد سی مشغول ہون بیچ شرلین بازارون مین بیچ مرتبہ صبر کرنی والی کی ہی یعنی غازی

مجاہد کی ہی بیچ بہاکنی والون کی یعنی لڑائی کفار کیسی نفل کی یہہ بزار نی اور طبرانی نی اوسط مین ف
اگرچہ یہاکنا جائز ہو تو بھی صبر کرنی کا بڑا درجہ ہی اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِیْنَ کذا ذکر العلی ح مَا مِنْ قَوْمٍ جَلَسُوْا
مَجْلِسًا وَتَفَرَّقُوْا مِنْهُ وَلَمْ یَذْکُرُوا اللّٰهَ فِیْهِ اِلَّا کَانَّمَا تَفَرَّقُوْا عَنْ جِیْفَةِ حِمَارٍ وَکَانَ عَلَیْهِمْ
حَسْرَةً یَوْمَ الْقِیَامَةِ * مس رت حب اس ت نہین کوئی قوم کہ بیٹھین ایک مجلس
مین اور جدا ہو دین اوس سے اور نہ یاد کرین اللہ کو اوسمین مگر کویا کہ جدا ہوئی مردار کدہی کیسی اور ہو کے
یہہ مجلس اونپر حسرت قیامت کی دن نفل کی یہہ حاکم ابو داؤد ترمذی ابن حبان احمد نسائی نے ف
اس حدیث مین نفرت دلانی ہی غفلت سی اور رغبت دلانی ہی ذکر پر پس ذکر کرنی والی مشابہ ہونگی کہانی والے
حلال کے اور تخصیص کدہی کی اسلئے ہی کہ براجیوانات مین ہی خلاصہ یہہ ہی کہ مجلس غفلت کی مانند کدہی
مُردی کی ہی اور جدا ہونا اوس سی مانند جدا ہونی کی ہی مردار سی کذا ذکر العلی ح وَمَا مَشٰی اَحَدٌ
مَمْشًی لَمْ یَذْکُرِ اللّٰهَ فِیْهِ اِلَّا کَانَ عَلَیْهِ تِرَةً وَمَا اٰوٰی اَحَدٌ اِلٰی فِرَاشِهٖ لَمْ یَذْکُرِ اللّٰهَ
فِیْهِ اِلَّا کَانَ عَلَیْهِ تِرَةً * س احب اور نہین چلتا کوئی کسی راہ مین کہ نہ یاد کرتا ہو اللہ کو
اوسمین مگر ہوگا نہ ذکر کرنا اوسپر موجب حسرت کا اور نہین جگہ پکڑتا کوئی بستر اپنی پر کہ نہ یاد کرے اللہ کو اوسمین مگر
کہ ہوگا نہ ذکر کرنا اوس پر موجب حسرت کا نفل کی یہہ نسائی احمد ابن حبان نی ف اسی لئی فرماتی ہی حضرت صدیقہ اکبر
کاشکی گونگا ہوتا مین غیر ذکر خدا کی سی کذا ذکر العلی ح اِنَّ الْجَبَلَ یُنَادِی الْجَبَلَ بِاسْمِهٖ اَیْ
فُلَانُ هَلْ مَرَّ بِکَ اَحَدٌ ذَکَرَ اللّٰهَ فَاِذَا قَالَ نَعَمْ اِسْتَبْشَرَ الْجَبَلُ * ط تحقیق ایک پہاڑ پکارتا ہی پہاڑ دوسری کو
ساتہہ نام اوسکی کی یعنی جس نام سی مشہور ہی جیسی جبل احد وغیرہ ای فلانی یعنی نام لیتا ہی اوسکا کیا گذرا ہی تجہ پر کوئی کہ یاد
کرتا ہو اللہ کو پس جب کہتا ہی پہاڑ دوسرا ہان گذرا ہی خوش ہوتا ہی پہاڑ پوچہنی والا فرمایا آخر حدیث ملک نقل کی یہہ طبرانی
نی ف حضرت انس سی روایت ہی کہ اسی طرح ہر صبح شام ایک ٹکڑا زمین کا دوسری ٹکڑی زمین سی پوچہتا ہی
کہ آیا تجہ پر کسی نی نماز پڑہی ہی یا ذکر کیا ہی جب وہ ٹکڑا کہتا ہی ہان بزرگ جاتا ہی وہ ٹکڑا اوسکو اپنی پر

اور جو بندہ ایک ٹکڑہ زمین پر نماز پڑھتا ہی یا ذکر کرتا ہی وہ ٹکڑا اوسکی لئی گواہی دیگا روبروی پروردگار اوسکی کی اور روتا ہی اوسپر جبدن مرتا ہی کذا ذکر العلی رح اِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَرْعَوْنَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ وَالْاَظِلَّةَ لِذِكْرِ اللّٰهِ * مسند تحقیق اچھی بندی اسکی وہ ہین جو محافظت کرتی ہین سورج اور چاند اور ستارون اور سایون کی یعنی سائی درختون اور دیوارون وغیرہ کی واسطی یاد اللہ تعالی کی نقل کی یہہ حاکم نی ف یعنی ستارون کی چلنی اور نکلنی اور ڈوبنی کا انتظار کرتی ہین حاصل یہہی کہ اچھی بندی وہ ہین کہ اکثر ذکر اور نماز اور وظائف مین مشغول رہتی ہین اور ان چیزون پر پہچاننی وقتونکی لئی نگاہ رکھتی ہین کذا ذکر الفخر رح لَيْسَ يَتَحَسَّرُ اَهْلُ الْجَنَّةِ اِلَّا عَلٰى سَاعَةٍ مَرَّتْ بِهِمْ وَلَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى فِيْهَا * ط ی نہین حسرت کرنی کی جنت والی مگر اوس ساعت پر کہ گذری اون پر اور نہ یاد کیا اونہون نی اللہ تعالی کو اوسمین نقل کی یہہ طبرانی ابن سنی نی ف یہہ حسرت قیامت کی دن ہوگی پہلی داخل ہونی کی جنت مین اسلئی کہ بعد داخل ہونیکی حسرت کہان ہوگی سوا چین فراغت کی نہ یاد کیا اللہ کو اگرچہ چہکارہا اوسمین پس کیا حال ہی اونکا جو مشغول رہتی ہین اوس ساعت مین لایعنی اور گناہ کی باتون مین مقصود یہہ ہے کہ دنیا ہی ساعۃ کر اسمین طاعت تا نحاصل ہووی ندامت روز قیامت کذا ذکر العلی رح اَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ حَتّٰى يَقُوْلُوْا مَجْنُوْنٌ * حب اصی بہت کرو یاد اللہ کی یہان تلک کہ کہین لوگ تو دیوانہ ہی نقل کی یہہ ابن حبان احمد ابو یعلی ابن سنی نی ف یعنی کہین بعضی جاہل اور غافل اوسکی حقمین کہ دیوانہ ہی اسی لئی کہا ہی امام غزالی رح نی اگر ہوتی اصحاب ہماری زمانی مین تو لوگ کہتی کہ وہ دیوانی ہین اور وہ کہتی لوگون کو کہ یہہ نہین ایمان لائی قیامت پر سلائق ہی کہ لوگونکی کہنی پر خیال نکری اور ذکر بہت کرتا رہی اور حقیقت مین یہہ بڑی بزرگی ہی اسکو کہ خطاب انبیا علیہم الصلوٰۃ کا کہ افضل البشر ہین ملاکہ احمق بعضی انبیا کو بھی دیوانہ کہتی ہین کذا ذکر العلی رح كَانَ يُصْرَعُ اَنْ يُّرٰى عَلَى الثَّكْبِيْرِ وَالتَّقْدِيْسِ

والتهليل وان يعقدن بالانامل قال فانهن مسئولات مستنطقات ۔ وت
تہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ حکم کرتی ہی یہہ کہ کہبانی کیجاوی تکبیر اور سبحان الملک القدوس
اور لا الہ الا اللہ اور یہہ کہ گنی جاوی ہر ایک تسبیح وغیرہ ساتہہ اونگلیون کی فرمایا اسلئی کہ تحقیق
وہ پوچہی جاوینگی یعنی اعمال اونگلیون والون سی طلب کو یا ئی کی کیجا ئین کی یعنی اللہ کو یا ئی پیدا کریگا
تا کو اہی دین عمل صاحب اپنی کی پر نقل کی یہہ ابو داؤد ترمذی نی ف نکہبانی کیجاوین یعنی
پڑہی جاوین ساتہہ گنتی کی جیسیکہ آئی ہی حدیثون مین مثل سوا اور تینتیس وغیرہا کی بعد از نماز وغیرہ کے
یہہ حدیث دلالت کرتی ہی اسپر کہ مستحب ہی شمار کرنا تسبیحات وغیرہا کا ساتہہ اونگلیون کے
کذا ذکر العلی والفرخ علیکن بالتسبیح والتقدیس والتهليل ولا تغفلن فتنسین
الرحمة ۔ مصنف لازم کرو اپنی پر ای عورتون تسبیح اور سبحان الملک القدوس اور لا الہ الا اللہ
اور نہ غافل ہو ذکر سی پس بہلائی جاؤگی رحمت سی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی ف نہین ہی مراد غفلت
دلانی فقط ان الفاظ پر بلکہ مراد ہر طرح کا ذکر ہی اور دور ہونا غفلت کا ہر وقت اور معنی یہہ ہین کہ اگر
چہوڑوگی ذکر کو باز رہوگی رحمت سی اور محروم رہوگی ثواب سی فرمایا اللہ تعالی نی فاذکروني اذکرکم
یاد کرو مجکو یاد کرونگا مین تمکو کذلک اتتک ایاتنا فنسیتها وکذلک الیوم تنسی یعنی اسیطرح
آئین تیری پاس آیتین ہماری پس بہولا تو اونکو اور اسیطرح آج کی دن بہولایا جاویگا تو ای رحمة تنسی
بہولنی ذکر کی کذا ذکر العلی ح رأیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح بیمینه ۔ س
کہا ابن عمر نی دیکہا مینی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ گنتی ہی تسبیح کو ساتہہ دائین ہاتہہ اسنی کی نقل کی یہہ
نسائی نے لان اقعد مع قوم یذکرون اللہ من صلوة الغداة حتی تطلع الشمس احب
الی من ان اعتق اربعة من ولد اسمعیل ولان اقعد مع قوم یذکرون اللہ تعالی
من صلوة العصر الی ان تغرب الشمس احب الی من ان اعتق اربعة ۔ وغیرہا انتہی

صلی اللہ علیہ وسلم نی البتہ بیشہا میرا ساتھہ قوم کی کہ یاد کرتی ہین اللہ کو بعد نماز فجر کیسی آفتاب کی نکلی تلک مجبوب
نزدیک میری اس سی کہ آزاد کرو منین چار شخص اولاد اسمعیل کیسی اور البتہ بیشہا میرا ساتھہ ایک قوم کی
کہ یاد کرتی ہین اللہ تعالی کو نماز عصر کیسی آفتاب کی غروب ہونی تلک محبوب ترہی نزدیک میری اس سی
کہ آزاد کرون مین چار شخصون کو روایت کی یہہ ابو داؤد نی ف اولاد حضرت اسمعیل سی اسلئی فرمایا کہ
افضل عرب کی ہین اور حسب و نسب مین حضرت سی شرکت رکہتی ہین اور تخصیص ان دو نو وقتون کی اسلئی ہے
کہ فرشتی لکہنی والی اعمالکی جمع ہوتی ہین اور وقت آرام اور خرید و فروخت کا ہوتا ہی کذا ذکر العلامی سبق

المفردون قالوا وما المفردون یا رسول اللہ + مر + قال الذاکرون اللہ کثیرا
والذاکرات مر قال المستہترون فی ذکر اللہ یضع الذکر عنہم اثقالہم فیاتون یوم
القیامۃ خفافا ت آگی بڑہ کئی مفردون یعنی تنہا چلنی والی اور سکبار کہا صحابہ نی کون ہین مفردون
اسی سوال اللہ کی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نی یعنی سوال کی روایت کرنی مین دو نو متفق ہین اور جواب مین مختلف
فرمایا وہ مرد کہ یاد کرین خدا کو بہت اور وہ عورتین کہ یاد کرین خدا کو بہت نقل کیا یہہ جواب مسلم نی حضرت
سی اور ترمذی نی یہہ نقل کیا کہ فرمایا مفردون وہ ہین کہ شیفتہ اور فریفتہ ہون اللہ کی یاد مین کہ دور کرتا
ذکر اونسی بوجہ اونکی یعنی گناہ پس آوینگی قیامت کی دن ہلکی پہلکی ف مالمفردون سوال ہی حضرت سی
کہ کیا صفت ہی مفردون کی فرمایا کہ تنہائی حقیقی اعتبار کی لائق تنہائی نفس کے ہی اللہ کی ذکر کی لئی جب
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پہاڑ جمدان پر کہ ایک منزل مدینہ سی ہی پہونچی تو صحابہ بشتاق وطن کی ہوئی
بعضی چہڑی ہوکر اور رونسی پہلی وطن کو روانہ ہوئی پیچہی رہنی والون کو حضرت نی فرمایا کہ گھر قریب پہونچا
جلد چلو کہ بعضی چہڑی ہوکر آگی پہنچ گئی صحابہ نی صفت مفردون کی یعنی چہڑون کی پوچہی فرمایا حاصل اونکا
یہہ ہی کہ معنی ان مفردون کی ظاہر ہین اس سی کیا سوال کرتی ہو بلکہ پوچہو سبقت کرنی والی نیکیون کی کو
کہ وہ وہ ہین کہ خالص اور تنہا کیا نفس اپنی کو اللہ کی ذکر کی لئی کذا ذکر السید رح اور مراد کثرت سی

مواظبت اور ہمیشگی ذکر پر ہی بغیر غفلت کی اور جو غفلت ہو بھی جاوی تو جلدی دور کر کر مشغول ہووی اور ابن عباس نی کہا کہ کثرت ذکر کی حاصل ہوتی ہی ساتھہ ذکر کرنی کی نمازون کی بعد اور صبح شام سوتی بیٹھتی وغیرہا کی جسطرح منقول ہی حدیث شریف مین کذا ذکر العلی ح اِنَّ اللّٰہَ اَمَرَ یَحْیٰی ابْنَ زَکَرِیَّا بِخَمْسِ کَلِمَاتٍ اَنْ یَعْمَلَ بِھَا وَ یَاْمُرَ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اَنْ یَعْمَلُوْا بِھَا وَ ذَکَرَ الْحَدِیْثَ اِلٰی اَنْ قَالَ وَ اٰمُرُکُمْ اَنْ تَذْکُرُوا اللّٰہَ فَاِنَّ مَثَلَ ذٰلِکَ کَمَثَلِ رَجُلٍ خَرَجَ الْعَدُوُّ فِیْ اَثَرِہٖ سِرَاعًا حَتّٰی اِذَا اَتٰی عَلٰی حِصْنٍ حَصِیْنٍ فَاَحْرَزَ نَفْسَہٗ مِنْھُمْ کَذٰلِکَ الْعَبْدُ لَا یُحْرِزُ نَفْسَہٗ مِنَ الشَّیْطَانِ اِلَّا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَعَالٰی * ت جب مس تحقیق اللہ تعالی نی حکم کیا یحیی بیٹی زکریا کیکو ساتھہ پانچ باتون کی یعنی توحید اور نماز اور روزہ اور صدقہ اور ذکر کی یہہ کہ عمل کری ساتھہ اونکی اور حکم کری بنی اسرائیل کو یہہ کہ عمل کرین ساتھہ اونکی اور ذکر فرمایا حضرت نی حدیث کو یعنی حدیث دراز ہی ساری بیان فرمائی یہان تلک کہ کہا یحیی نی اور حکم کرتا ہون مین تمکو یہہ کہ یاد کرو اللہ کو پس تحقیق مثال یاد کرنی والی کی مانند مثال ایک شخص کے ہی کہ نکلا دشمن پیچھی اوسکی دوڑتا ہوا یعنی تا اوسکو پکڑ لی یہان تلک کہ جب آیا وہ قلعہ محکم پر پس بچایا جان اپنی کو اون دشمنون سی اسیطرح بندہ نہین بچاتا ہی نفس اپنی کو شیطان سی مگر ساتھہ ذکر اللہ تعالی کے نقل کی یہہ ترمذی ابن حبان حاکم نی ف کہا میرک شاہ نی کہ باقی حدیث حضرت یحیی علیہ السلام کے بعد قول اَنْ یَعْمَلُوْا بِھَا کی یہہ ہی وَاِنَّہٗ کَانَ یُطْفِیْ بِھَا آخر تلک اختصار کی لئی فقط معنی بیان ہوتی ہین اور تحقیق یحیی نبی کہ تاخیر کرتی نبی ساتھہ اون پانچ باتون کے پس کہا اونسی حضرت عیسی نی کہ تحقیق اللہ تعالی نی حکم کیا تجکو ساتھہ پانچ باتون کی تا کہ عمل کری تو اوپر اور حکم کری بنی اسرائیل کو یہہ کہ عمل کرین اوسپر پس یا یہہ کہ حکم کری تو اونکو اور یا یہہ کہ حکم کرون مین اونکو پس کہا یحیی نی کہ ڈرتا ہون مین اگر سبقت کری تو مجھہ ساتھہ باتون کی تو خسف کیا جاؤن مین یا یہہ کہ عذاب کیا جاؤن مین پس جمع

کیا یحیی نی لوگون کو بیت المقدس مین پس بہر گیا وہ اور بہتیی لوگ بلندی پر پس کہا حضرت یحیی نی تحقیق
اللہ تعالی نی حکم کیا ہی مجکو ساتہہ پانچ باتون کی کہ عمل کرون مین اونپر اول پانچ باتون کی یہہ ہی
کہ عبادت کرو تم اللہ تعالی کو اور نہ شریک کرو ساتہہ اوسکی کسی چیز کو پس تحقیق مثال اوس شخص کی کہ
شریک کرتا ہی ساتہہ اللہ کی مانند مثال ایک آدمی کی ہی کہ خرید کیا اوسنی ایک غلام خالص مال اپنی سے
ساتہہ سونی کی یا چاندی کے پس کہا اوس آدمی نی کہ یہہ گھر میرا ہی اور یہہ کام میرا ہی پس کام کر اور ادا کر
کمائی طرف میری پس ہوا غلام کہ عمل کرتا ہی اور ادا کرتا ہی طرف غیر مالک اپنی کی پس کونسا تم مین کا
خوش ہوتا ہی یہہ کہ ہو وی غلام اوسکا ایسا اور دوسری بات یہہ ہی کہ تحقیق اللہ تعالی نی حکم کیا تمکو
ساتہہ نماز کی پس جب پڑہو تم نماز پس نہ التفات کرو اور طرف پس تحقیق اللہ تعالی قائم کرتا ہی موہنہہ
اپنا واسطی موہنہہ بندی اپنی کی نماز اوسکی مین جب تلک کہ نہ التفات کرے اور تیسری یہہ کہ حکم کیا تمکو
ساتہہ روزی کی پس تحقیق مثال روزہ دار کی مانند مثال ایک آدمی کی ہی جماعت مین کہ ساتہہ اوسکے
ایک تہیلی ہو کہ اوسمین مشک ہو پس سب خوش ہوتی ہین یا خوش کرتی ہی اونکو خوشبو اوسکی اور تحقیق خوشبو
روزی کی بہت خوشبودار ہی نزدیک اللہ کی خوشبو مشک کی سی اور چوتہی یہہ کہ حکم کیا اللہ نی تمکو
ساتہہ صدقی کی پس تحقیق یہہ مانند مثال ایک آدمی کی ہی کہ قید کیا اوسکو دشمنون نی پس باندہی ہاتہہ
اوسکی طرف گردن اوسکی اور آگی کیا اوسکو تو کہ مارین گردن اوسکی پس کہا مین بدلا دیتا ہون تمکو ساتہہ
قلیل اور کثیر کی یعنی سارا مال پس بدلا دیا نفس اپنی کا اور پانچوین یہہ کہ حکم کیا اللہ تعالی نی تمکو یہہ کہ یاد
کرو تم اللہ کو فرمایا آخر تک یعنی جیسی متن مین مذکور ہی فرمایا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نی اور مین حکم
کرتا ہون تمکو ساتہہ پانچ باتون کی کہ اللہ تعالی نی حکم کیا ہی مجکو ساتہہ اونکی یعنی ساتہہ سنی اور اطاعت
کرنی حاکم کی اور ساتہہ جہاد اور ہجرت کی اور جماعت کی پس تحقیق جو شخص جدا ہوا جماعت سی بقدر
ایک بالشت کی پس تحقیق نکال ڈالی رسی اسلام کی گردن اپنی سی مگر یہہ کہ پہر آوی اور جو شخص پکارے

پکارنا جاہلیت کا پس تحقیق وہ شخص جماعت دوزخ کی سی ہی پس عرض کیا ایک شخص نی اے رسول خدا کی اور اگرچہ نماز پڑہی اور روزہ رکہی فرمایا اور اگرچہ نماز پڑہی اور روزہ رکہی پس پکارو تم ساتہہ پکارنے اللہ کی نام رکہا اللہ تعالی نی تمہارا مسلمان مؤمن اے بندون اللہ کی یہہ ترمذی مین ہی اور روایت کیا نسائی نے کچہہ اسی کذا ذکر اللعلی ح اور یہہ جو فرمایا جو کوئی پکاری پکارنا جاہلیت کا یعنی کفار مین رسم تہی کہ جب کوئی لڑائی مین عاجز ہوتا پکارتا یا آل فلان یعنی پکارتا اپنی قوم کو تو دوڑتی اوسکی مدد کو خواہ یہہ ظالم ہوتا خواہ مظلوم پس اس سی منع فرمایا کہ ظلم پر نہ پکارو اور اور کسیکو مدد اوسکی بہی نکرنی چاہئی بلکہ اسلام اور حق کی طرف بلاؤ کذا ذکر السید لیذکر ان اللہ قوما فی الدنیا علی الفرش الممہدۃ یدخلہم الجنات العلی * ص قسم ہی اللہ کی البتہ یاد کرتی ہی اللہ کو ایک قوم دنیا مین اوپر بچہونون بچہی ہوئی کی داخل کریگا اونکو اللہ بہشتون بلند مین نقل کی یہہ ابو یعلی نی ف کہا مصنف نی یہہ حدیث دلیل ہی اسپر کہ بادشاہ اور امیر اور اہل دنیا مین والون کو نہین منع کرتی حشمت اور رفاہیت اونکی ذکر اللہ تعالی کیسی اور وہ بہی ثواب دیئی جاوین گی ذکر کا داخل کریگا اللہ تعالی جنات علی مین کذا ذکر العلی ان الذین لا تزال السنتہم رطبۃ من ذکر اللہ یدخلون الجنۃ وہم یضحکون * مو مص تحقیق وہ لوگ کہ ہمیشہ ہین زبانین اونکی تر یاد اللہ کی داخل ہونگی بہشت مین اوس حال مین کہ وہ خوش ہونگی نقل کی یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ نی *

آداب الدعاء

یہہ ہین آداب دعا کی ف آداب جمع ادب کی ہی ادب اوسکو کہتی ہین کہ کرنا اوسکا اچہا ہو قول مین اور فعل مین منہا ما یبلغ ان یکون رکنا وان یکون شرطا وان یکون غیر ذلک من مامورات ومنہیات وغیرہا * بعضی ادبون سے وہ ہین کہ پہنچتی ہین رکن کی درجہ کو اور بعضی شرطہین اور بعضی ہین سوا ان دونو قسمونکی حکمون سے یعنی مستحبات اور چیزون منع کی گئی سی یعنی مکروہات اور سوا اسکی یعنی اوس چیز سی کہ کرنا اوسکا بہتر ہو

ترک اوسکی سی ف رکن اوسکو کہتی ہین کہ ایک چیز اوسپر موقوف ہو اور وہ اوسکی اندر داخل ہو
اور شرط کہتی ہین باہر کی چیز کو جیسی کہ قیام قرأت وغیرہا رکن نماز کی ہین اور طہارت وغیرہا شرط ہین
وَهِيَ تَجَنُّبُ الْحَرَامِ فِي الْمَاكِلِ وَالْمَشْرَبِ وَالْمَلْبَسِ وَالْمَكْسَبِ * مرقد اور وہ
آداب دعا کی بچنا حرام سی ہی کہانی مین اوپینی مین اور پہننی مین اور کسب کرنی مین نقل کیے یہہ مسلم ترمذی
ف یہہ آداب شرط دعا کی ہین اور لفظ حدیث کی نہین مذکور ہوی ہین بلکہ مطلب اور حاصل
حدیث کا ہی اور حدیث مین آیا ہی کہ پرہیز کرو حرام سی پس جس پیٹ مین کہ لقمہ حرام کا ہوگا قبول نہین
ہوتی دعا اوسکی چالیس دن تلک کذا ذکر الفخر وَالْإِخْلَاصُ لِلّٰهِ تَعَالٰى * مس اور خالص کر
کر دعا کرنی واسطی اللہ تعالی کی نقل کی یہہ حاکم نی ف یعنی اور کسی کو دعا مین اللہ کا شریک نکری
اور یا نکری یہہ کن دعا کا ہی فرمایا اللہ تعالی نی فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ
یعنی جب سوار ہوتی ہین کشتی مین دعا کرتی ہین اللہ سی درحالیکہ خالص کرنی والی ہوتی ہین اللہ کی لیی
دین کو یعنی دعا کو کذا ذکر العلی رحمہ اللہ وَتَقْدِيمُ عَمَلٍ صَالِحٍ وَذِكْرُهُ عِنْدَ الشِّدَّةِ *
مرقد اور پہلی کرنا عمل اچہی کا یعنی دعا کی پہلی کچہہ نیک کام کری مثل نماز صدقہ وغیرہا کی اور یاد
کرنا عمل اچہی کا نزدیک سختی کی یعنی کچہہ اپنی نیکی یاد کر کر دعا کری جیسی کہ قصہ غار والون کا مشہور ہی اور
اس کتاب کی خاتمہ مین ہے مذکور ہی نقل کی یہہ مسلم ترمذی ابو داؤد نی وَالتَّنَظُّفُ وَالتَّطَهُّرُ *
عہ حب مس اور ستہرائی یعنی میل کچیل سی اور پاکی یعنی نجاست سی نقل کی یہہ چارون نی
اور ابن حبان حاکم نی وَالْوُضُوءُ ع وَاسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ ع وَالصَّلٰوةُ * عہ
حب مس اور آداب دعا سی ہی وضو کرنا یہہ صحاح ستہ مین ہی اور موہنہ کرنا قبلہ کی طرف یہہ
صحاح ستہ مین ہی اور نماز پڑہنی نقل کی یہہ چارون نی اور ابن حبان حاکم نی ف مراد یہہ ہی کہ دعا
کہ مانگتا ہی بعد نماز کی واقع ہو کہ نماز پہلی پڑہنی قبیلہ تقدیم عمل صالح کیسی ہی وَالْجُثُوُّ عَلَى الرُّكَبِ

عؤ اور بیٹھنا دو زانو نفل کے یہہ ابو عوانہ نی وَالثَّنَاءُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَوَّلًا وَّاٰخِرًا ع اور تعریف کرنی اوپر خدا تعالی کی اول اور آخر دعا کی نفل کی یہہ صحاح ستہ مین وَالصَّلٰوةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذٰلِكَ دت س حب مس اور درود بھیجنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اسیطرح یعنی اول آخر دعا کی نفل کی یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نی وَبَسْطُ الْيَدَيْنِ * ت مس اور کھولنا دونو ہاتھون کا یعنی ہاتھہ بند نہ رکھی نفل کی یہہ ترمذی حاکم نی ف منیۃ المصلی مین لکھا ہی کہ اکر ہاتھہ کھلی نہین رکھہ سکتا تو اس قدر کری کہ ایک ہاتھہ دوسری پر نہ رکھی كَذَا ذِكْرُ الْفَخْرِ وَرَفْعُهُمَا * ع وَاَنْ يَّكُوْنَ رَفْعُهُمَا حَذْوَ الْمَنْكِبَيْنِ * د ا مس * اور اوٹھانا دونو ہاتھون کا طرف آسمان کی نفل کی یہہ صحاح ستہ مین اور یہہ کہ ہووی اوٹھانا دونون ہاتھون کا برابر مونڈھون کی نفل کی یہہ ابو داؤد احمد حاکم نی ف اوٹھانا ہاتھون کا برابر سینہ کی بھی حضرت سی ثابت ہوا ہی اور مستحب ہی کہ مبالغہ کری ہاتھہ اوٹھانی مین جو امر مشکل پیش آوی كَذَا ذِكْرُ الْفَخْرِ اور مطلق اوٹھانا ہاتھون کا مستحب نہین ہی اس لیئی کہ نہین مستحب سی مگر جو اس چیز کی کہ وارد ہوئی ہی ساتھہ اوسکی سنت پیغمبر کی پس نہین اوٹھانا ہی مثل حالت طواف مین كَذَا ذِكْرُ الْعَلِّيِّ وَكَشْفُهُمَا * مو * اور کھولنا دونو ہاتھون کا یعنی آستین وغیرہ سی یہہ موقوف ہی ف موقوف خطابی پر ہی کہ شراح حدیث سی ہی اور لانا لفظ مو کا اس جگہہ کہ نہ موقوف صحابی پر نہ تابعی پر اور نہ اسکی ساتھہ کوئی رمز ہی خالی تسامح یعنی تساہل سی نہین ہی كَذَا ذِكْرُ الْفَخْرِ * وَالتَّاَدُّبُ * مد ت س * اور آداب پکڑنا نفل کے یہہ مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نی ف یعنی اچھی اخلاق پیدا کری مثل سچ بولنی کی اور امانت اور سخاوت کی اور سوا انکی کی ظاہر اور باطن قولاً اور فعلاً با ادب کری اگرچہ بتکلف ہو كَذَا ذِكْرُ الْفَخْرِ وَالْخُشُوْعُ * مو مص * اور فروتنی کرنی دلسی نفل کی یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ نی ف مراد خشوع سی سکون باطن کا ہی

کہ وہ لازم کرنا ہی سکون ظاہر کو کذا ذکرہ العلی وَالتَّمَسُّکُ مَعَ الْخُضُوْعِ ف * اور ظاہر کرنا مسکنی
اور ذلت کا ساتھہ فروتنی تمام اعضا کی نقل کیے یہہ ترمذی نی وَاَنْ لَا یَرْفَعَ بَصَرَہٗ اِلَی السَّمَآءِ
مس * اور یہہ کہ نہ اوٹھاوی دعا کرنی والا آنکھہ اپنی آسمان کی طرف نقل کی یہہ مسلم نسائی نے
ف کہا مصنف نی کہ نماز کی حالت مین مراد ہی اور ملا علی قاری نے لکھا ہی کہ مطلق نہ اوٹھاوی نماز مین
ہو یا خارج نماز کی وَاَنْ یَسْاَلَ اللّٰہَ تَعَالٰی بِاَسْمَآءِہِ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِہِ الْعُلٰی *
حب مس * اور یہہ کہ دعا کرے اللہ تعالی سی ساتھہ وسیلہ نامون اوسکی کی کہ اچھی ہین اور صفتون
اوسکی کہ بڑی ہین نقل کی یہہ ابن حبان حاکم نی ف وصفاتہ عطف تفسیری ہی اسلیئی کہ اسماء
حسنی شامل ہین صفات کو یا پہلی سی مراد اسماء علمی ہین اور دوسری سی وصفی کذا قال العلی
وَاَنْ یَّتَجَنَّبَ السَّجْعَ وَتَکَلُّفَہٗ خ * اور یہہ کہ پرہیز کرے قافیہ بندی سی اور تکلف کرنی سجع
کی سی نقل کی یہہ بخاری نی ف یہہ بھی عطف تفسیری سجع کا ہی حاصل یہہ ہی کہ تکلف کرکر
قافیہ بندی منع ہی کہ حضور قلب سی باز رکھتا ہی اور اکراز خود بمقتضای طبیعت شگفتہ کی قافیہ سجع طاہر
ہو مضائقہ نہین خوب ہی جیسی دعاء سرور عالم مین ہی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَقَلْبٍ لَّا
یَخْشَعُ وَدُعَآءٍ لَّا یُسْمَعُ وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ کذا ذکرہ العلی وَاَنْ لَّا یَتَکَلَّفَ التَّغَنِّیَ بِالْاَلْحَانِ
مو * اور یہہ کہ نہ تکلف کرے گانیکا ساتھہ خوش آوازی کے یعنی بطور موسیقی کی نقل کی یہہ موقوفا
یہہ بھی خالی تسامح سی نہین کذا ذکرہ القہستانی وَاَنْ یَّتَوَسَّلَ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی بِاَنْبِیَآءِہٖ خ
مس * اور یہہ کہ وسیلہ پکڑے طرف اللہ تعالی کی ساتھہ نبیون اوسکی کی نقل کی یہہ بخاری بزار حاکم
نی ف حدیث عمر کی سی کہ استسقا مین ہی وسیلہ ثابت کیا ہی یعنی اَللّٰھُمَّ اِنَّا کُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا صَلَّی
اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَسْقِیْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِعَمِّ نَبِیِّنَا فَاسْقِنَا فَیُسْقَوْنَ اور حدیث عثمان بن حنیف کی
کہ اذہی کے حال مین ہی وسیلہ معلوم ہوتا ہی اور ایسی ہی دعا حضرت آدم علیہ السلام کیسی یَا رَبِّ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ

اَنَّ تَغْفِرَنِی کہا مولف نی کہ وسیلہ کرنا مستحبات سی ہی کذا ذکر الفخر والعلی وَ الصَّالِحِیْنَ مِنْ عِبَادِہٖ * خ * اور وسیلہ پکڑی ساتھہ نیکونکی یعنی سوا رانبیا کی صدیقون کا اور علماء کا اور شہدا کا نقل کیے یہہ بخاری نی ف صالح وہ ہی کہ قائم ہو ساتھہ ادا کرنی کمال حق اللہ تعالی کے جیسی قائم ہوتا ہی ساتھہ ادا کرنی حق بندونکی کذا ذکر العلی وَ خَفْضَ الصَّوْتِ * ع * اور پست کرنا آواز کا نقل کی یہہ صحاح ستہ مین ف یہہ کمال ادب ہی کہ مولی کی آگی آہستہ کلام کری وہ جانتا ہی جسکی پکار کے بات کو آیہ اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَۃً اس مضمون پر دلالت کرتی ہی یعنی دعا کرو اپنی رب سی کڑگڑا کر اور چپکی اور بعضی سلف سی منقول ہی کہ چپکی دعا کرنی ستر درجہ فضیلت رکھتی ہی پکار کر دعا کرنی پر کذا ذکر العلی والفخر وَ الْاِعْتِرَافَ بِالذَّنْبِ * ع * اور اقرار کرنا ساتھہ گناہ کی نقل کی یہہ صحاح ستہ مین وَ اخْتِیَارَ الْاَدْعِیَۃِ الصَّحِیْحَۃِ الْمَأْثُوْرَۃِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَتْرُکْ حَاجَۃً اِلٰی غَیْرِہٖ * دس * اور اختیار کرنا دعاؤن صحیح کا کہ روایت کی گئین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی اس لیے کہ تحقیق اونہون نی نہین چہوڑی ہی کوئی حاجت یعنی بیچ باب دعا کے اور غیر دعا کی طرف غیر اپنی کی نقل کی یہہ ابو داؤد نسای نی ف اولی یہہ ہی کہ وہ دعائین پڑہی جو بسرور عالم سی ثابت ہوی ہین ہر حال مین کہتی ہین بلا علی قاری کہ جمع کی ہین یعنی وہ دعائین کہ منقول ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی اور مقید کسی وقت اور حالت مین نہین نام رکہا یعنی اونکا رب الاعظم و رو والافخم نہین شک ہی کہ وہ بہتر ہی اون دعاؤن سی کہ بعضی مشائخ کبار نی جمع کی ہین مثل حزب البحر کی اور اسمار اربعینہ کی اور اوراد کبرویہ کی اور زینیہ کی جہ جای دعاء سیفی اور اقداح اور امثال اونکی کی کہ نہین پہچانی جاتی ہی اصل اونکی وَ تَخَیُّرَ الْجَوَامِعِ مِنَ الدُّعَاءِ * د * اور اختیار کرنا جمع کرنی والیون کا دعا سی نقل کی یہہ ابو داؤد نی ف یعنی وہ دعائین اختیار کری کہ جامع ہون یعنی لفظ تہوڑی ہون اور معنی بہت شامل ہون مطالب دین و دنیا کو مثل رَبَّنَا اٰتِنَا آخر آیہ تک کی وَ اٰتِنَا

وَاَنْ يَدْعُوَ لِوَالِدَيْهِ وَلِاِخْوَانِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ * م * اور یہہ کہ شروع کری ساتھہ نفس اپنی کی اور یہہ کہ دعا کری واسطی ماں باپ اپنی کی اور بھائیون اپنی مومنین کی نقل کی یہہ مسلم نی ف شروع کرنی ساتھہ نفس اپنی کے یعنی اول دعا اپنی لئی کری پھر جبکی لئی چاہی کری مثل اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ کی وَاَنْ لَا يَخُصَّ بِالدُّعَاءِ اِنْ كَانَ اِمَامًا دت ق اور یہہ کہ نہ خاص کری نفس اپنے کو ساتھہ دعا کی اگر ہووے امام نقل کی یہہ ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ نی ف یہہ ادب منہیات سی ہی معنی تہہ ہین کہ اگر امام لوگون دعا مین ہو مثل قنوت وغیرہا کی کہ امام دعا کری اور مقتدی آمین کہتی رہین جیسی کہ مذہب شافعی ہی پس اس صورت مین اگر اپنی نفس کو دعا مین خاص کری تو خیانت ہی لیکن جب سجدین یا تشہد مین اور غیر اکی مین امام اپنی نفس کے لئی دعا کری تو خیانت نہین ہی چنانچہ ثابت ہوئی ہی سرور عالم سی کذا فی المنیہ اور اگر امام نی اپنی لئی یہی دعا کی اور پیچھی مقتدیون کو بھی شریک کر لیا تو خاص کرنا اپنی نفس کا نہوگا لیکن اگر نری اپنی لئی ہی دعا کرنا ہی اثنا دعا مین تخصیص ہوئی یہہ منع ہی کذا قال اوستادی وَاَنْ يَسْئَلَ بِعَزْمٍ ع * اور یہہ کہ سوال کری ساتھہ قصد کی یہہ صحاح ستہ مین ہی ف یعنی دعا کری مثلاً اِغْفِرْ لِيْ وَاَعْطِنِيْ یعنی بخش مجکو اور دی مجکو اور نہ کہی اگر چاہی تو دی اور چاہی تو نہ دی کذا قال العلیؒ وَاَنْ يَدْعُوَ بِرَغْبَةٍ * حب عو * اور یہہ کہ دعا کری ساتھہ رغبت کی یعنی ساتھہ نہایت خواہش کی نہ بی پروائی سی نقل کی یہہ ابن حبان ابو عوانہ نی وَاَنْ يُخْرِجَهُ مِنْ قَلْبٍ لَاهٍ وَاجْتِهَادٍ وَاَنْ يُحْضِرَ قَلْبَهُ وَيُحْسِنَ رَجَاءَهُ * مس * اور یہہ کہ نکالی دعا دل اپنی سی ساتھہ کوشش اور کوشش کی اور یہہ کہ حاضر کری دل اپنی کو اور اچھی رکہی امید اپنی نقل کی یہہ حاکم نی ف لفظ حدیث کی یہہ ہین اُدْعُوا اللّٰهَ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ یعنی دعا کرو اللہ سی یقین کر کر ساتھہ قبولیت کی اسلئی کہ اللہ تعالی نہین قبول کرتا دعا کو دل غافل کہیلنی والیسی اور قبولیت دعا مین بظر اپنی گناہون پر نکری بلکہ بنظر اوپر کرم اور رحمت پروردگار اپنی کی کری

شیطان نی زندگی اپنی قیامت تلک مانگی قبول فرمائی تمکو کیونکر محروم کریگا کذا قال العلمی وَاَنْ یُّکَرِّرَ الدُّعَاءَ
خ م اور یہہ کہ مکرر کری دعا کو یعنی ایک مجلس مین یا کئی مجلسون مین نقل کیے یہہ بخاری مسلم نے
وَاَقَلُّہُ الثَّلٰثُ د ی اور اوسکی تکرار کا تین بار کہنا ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد اور نسائی نے
ف ابن مسعود سی روایت ہی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم دوست رکھتی تھی کہ اقل دعا کا تین بار
اور اوسط پانچ بار اور اکمل سات بار کذا فی فتح المبین وَاَنْ یَّلِحَّ فِیْہِ س مس عو اور یہہ
کہ مبالغہ کری دعا مین نقل کیے یہہ نسائی حاکم ابو عوانہ نی ف یعنی مداومت کری اوسپر اور اکید و بار
اکتفا نہ کری کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُلِحِّیْنَ فِی الدُّعَاءِ یعنی تحقیق اللہ
تعالی دوست رکھتا ہی مبالغہ کرنی والون کو دعا مین کذا ذکر الفخر وَاَنْ لَّا یَدْعُوَ بِاِثْمٍ وَّلَا
قَطِیْعَۃِ رَحِمٍ مرت اور یہہ کہ نہ دعا کری ساتھہ گناہ کی اور نہ کاٹنی ناتی کی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نے
ف ساتھہ گناہ کی یعنی ساتھہ ایسی چیز کی کہ اوسکی سبب سی گناہ مین پڑی جیسی کہ دعا کری
یا اللہ خوبسی روپیی دی کہ ناچ رنگ مین خرچ کرون اور مانند اسکی ایسی دعا کری کہ کمال بی ادبی اور
ساتھہ کاٹنی ناتی کی کہ فلانی ناتی دار سی مجسی جدائی ہوجاوی اور مین نہ سلوک کرون اوس سی اسکو تحکیم
بعد تعمیم کہتی ہین اسلئی کہ قطع رحم گناہ مین داخل تہا پھر جدا بیان کیا زیادتی اہتمام کی لئی کذا ذکر العلمی
وَاَنْ لَّا یَدْعُوَ بِاَمْرٍ قَدْ فُرِغَ مِنْہُ ن اور یہہ کہ نہ دعا کری ساتھہ اوس کام کی کہ تحقیق فراغت
کی گئی اوس سی نقل کی یہہ نسائی نی ف یعنی مثلاً نبی قد والا دعا نکری کہ ٹہنگنا ہوجاون اور
سواء اسکی بہت چیزین ہین کذا ذکر العلمی وَاَنْ لَّا یَعْتَدِیَ فِی الدُّعَاءِ بِاَنْ یَّدْعُوَ بِمُسْتَحِیْلٍ اَوْ
مَا فِیْ مَعْنَاہُ خ م اور یہہ کہ نہ بجاوے کری حد سی دعا مین ساتھہ اسطرح کی کہ دعا کری ساتھہ محال کے
یعنی ماننڈ طلب بہوتکی یا ساتھہ اوس چیز کی کہ بیچ معنی محال کے ہو نقل کیے یہہ بخاری نے ف بیچ معنی
محال کی ہو یعنی مثلاً نہ دعا کری آسمان کی اوتریانی کی اور زمین کے چڑہ جانی کی اور حیات ابدی مانگنی

اور جوانی پیرانی کی دعا کرنی بھی قبیل محال اور مانی معنا کیسی ہے اسلئے کہ تغیر ہونا ہر امر مقدر کا محال ہے
کذا ذکر العلی وان لا یحجرا * خ دس ق * اور یہہ کہ نہ تنگ کرے رحمت خدا کو نقل کی یہہ بخاری
ابوداؤد و نسائی ابن ماجہ نی ف یعنی یوں نہ کہے ای اللہ مجکو بخش میری سوا کسیکو نہ بخش اس کہنے سے اللہ
کی رحمت میں تنگی کرنی ہوتی ہے کذا ذکر العلی وان یسأل حاجاتہ کلہا * ف حب * اور
یہہ کہ مانگی خدا سے سب حاجتیں اپنی نقل کی یہہ ترمذی ابن حبان نے ق حدیث شریف میں آیا ہے کہ مانگی ایک تم میں
سے پروردگار اپنی سے تمام حاجتیں اپنی یہاں تلک کہ مانگے اوس سے تسمہ جوتی اپنی کا جو ٹوٹ جاوے اور
نمک ہانڈی کا جو احتیاج ہووے اوسکی کذا ذکر الفخر وتأمین الداعی والمستمع * خ مد
س * اور آمین کہنی دعا کرنی والی کی اور سننی والی کی یعنی بیچی فراغ کی نقل کی یہہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی
ف حدیث روایت کی گئی ہے کہ نہیں جمع ہوتی ایک گروہ کہ بعضی دعا کریں اور بعضی آمین کہیں مگر قبول
کرتا ہے اللہ تعالی دعا اوکی کذا ذکر الفخر ومسح وجہہ بیدیہ بعد فراغہ * ت حب
ق مس * اور ملنا مونہہ اپنی کا ساتھہ دونوں ہاتھوں اپنی کی یعنی نہ ساتھہ ایک ہاتھہ کی مانند متکبروں
کی پیچھے فراغت پانی دعا کی نقل کی یہہ ابوداؤد ترمذی ابن حبان ابن ماجہ حاکم نی ف ہاتھہ پھیرتے
ہیں اسلئے کہ برکت قبولیت کی کہ ہاتھہ پر پہونچی ہے مونہہ پر پہونچی ہے کہ اشرف اعضا ہے کذا ذکر الفخر وان
لم یستعجل بان یستبطئ الاجابۃ ان یقول دعوت فلم یستجب لی * خ مد دس
ق اور یہہ کہ نہ جلدی کرے ساتھہ اس طرح کی کہ دیر جانی قبولیت کو یا نہ کہی کہ دعا کی میں پس نہ قبول کی گئی
میری لی نقل کی یہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی ابن ماجہ نی ف فرق دونوں میں یہہ ہے کہ اول کہنا
مقام امید میں ہے اور دوسرا مقام ناامیدی میں کذا ذکر العلی * آداب الذکر *
یہہ میں آداب ذکر کی کہ لازم اور مستحب ہے رعایت اونکی وقت ذکر کی قال العلماء ینبغی ان
یکون الموضع الذی یذکر اللہ فیہ نظیفا خالیا * کہا ہے عالموں حدیث کی نے لائق ہے یہہ

کرہو دی جبکہ حسین یاد کرنا سی اللہ تعالی کو پاکیزہ۔ خالی **ف** پاکیزہ سو کو دی کرکٹ میل کچیل سی پس نجاست
سی بطریق اولی پاکی چاہئی کہ اسمین تعظیم باریتعالی کی ہی اسی لئی مستحسن ہی کہ ذکر مکانون بزرگین
کری مانند مساجد وغیرہ کی بلکہ چاہئی کہ مجلس ذکر کو ساتھہ خوشبوئونکی معطر رکہی کہ محل حضور ملائکہ کا
سی اور خالی ہو ایسی چیزون سی کہ وسوسی ڈالین پس تنبیہ ہی اسپر کہ دل کہ گہر رب کا ہی طاہر ہو نجاست
محبت دنیا کی سی اور خالی ہو رہنی غیرون کیسی یعنی خطرہ ماسوا اللہ کا دلمین نہ آوی کذا ذکر العلی والفخر
وَاَنْ یَّکُوْنَ الذَّاکِرُ عَلَی اَکْمَلِ الصِّفَاتِ الْمُتَقَدِّمَۃِ۔ اور یہہ کہ ہو دی ذکر کرنی والا اوپر کامل ترصفتون
پہلی کی **ف** یعنی جو صفتین آداب دعا مین مذکور ہوئین مثل سچی کے حرام سی اور طہارت اور اخلاص
اور باوضو ہونا اور دوزانو بیٹہنا وغیرہا کہ مناسب ذکر کی ہی اور کامل تر اسکے لئی کہا کہ مرتبہ ذکر کا افضل ہے
وَلَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ یعنی ذکر اللہ کا بہت بڑا ہی کذا ذکر العلی وَاَنْ یَّکُوْنَ فِیْہِ تَنْظِیْفًا۔ اور یہہ کہ ہو دی مونہہ
اوسکا پاک **ف** نجاست حقیقی سی اور نجاست حکمی سی مانند جہوٹ اور غیبت اور تمام بری باتون سے
کذا ذکر العلی وَاِنْ کَانَ فِیْہِ تَغْیِیْرٌ اَزَالَہٗ بِالسِّوَاکِ۔ اور اگر ہو دی مونہہ مین تغیر بسبب چپ رہنی کی یا
کہانی سونیکی دور کری اوسکو ساتہہ مسواک کی **ف** اور اگر تغیر دلمین ہو دور کری اوسکو ساتہہ توبہ
کی کذا ذکر العلی وَاِنْ کَانَ جَالِسًا فِیْ مَوْضِعٍ اِسْتَقْبَلَ الْقِبْلَۃَ۔ اور اگر ہو بیٹہا کسی جگہ متوجہ ہو دی قبلہ کی
طرف **ف** اسمین اشارہ ہی کہ چلتی کو قبلہ کی طرف مونہہ کرنا شرط نہین اور چاہئی کہ ذکر کو موقوف
بیٹہنی پر نہ رکہی اور اوسکی یاد سی غافل نرہی خواہ کہڑا ہو یا بیٹہا ہو اور اگر کہڑا ہو یا کروٹ سی لیٹا ہو یا چت
لیٹا ہو تو بہی روبقبلہ ہو دی کہ وارد ہوا ہی خیر المجالس ما استقبل بہ القبلۃ یعنی بہتر مجلس روبقبلہ ہی
کذا ذکر العلی مُتَخَشِّعًا مُتَذَلِّلًا بِسَکِیْنَۃٍ وَوَقَارٍ۔ فروتنی کرنی والا ہو یعنی ذلسی ذلیل جاننی والا ہو
یعنی فروتنی ظاہر مین کری اگرچہ دونو باتین بتکلف حاصل ہون ساتہہ آہستگی اور خاطر جمعی کے **ف**
انکہ بند کرنی اس باب مین بڑا دخل رکہتی ہی کیونکہ اوس سے حواس ظاہر کی رک جاتی ہین اور وہ بلغ ہوتا ہے

کہلتی حواس باطن کا **بیت** چشم بند و لب بہ بند و گوش بند * کر نہ بینی نور حق بر ما بخند * کذا ذکر الفخر و حضور قلب اور ساتھہ حضور دلکی **ف** ذکر حضور دلسی افضل انواع ذکر کا ہی کہ مقصود ذکر سی حضور قلب ہی ہی ساتھہ رب کی اگرچہ ذاکر غافل کو بہی ثواب ہوتا ہی ساتھہ تفاوت مرتبہ کی **یَتَدَبَّرُ مَا یَذْکُرُ وَیَتَعَقَّلُ** مَعْنَاہُ فکر کری اور تامل کری اوس چیز مین کہ ذکر کرتا ہی یعنی الفاظ ذکر مین اور سمجہی معنی اوسکی **فَاِنْ جَہِلَ شَیْئًا بَیَّنَ** مَعْنَاہُ پس اگر نہ جانی کچہہ یعنی جو متعلق لغت اور اعراب کی ہی تو تحقیق کری معنی اوسکے **ف** اسمین تنبیہ ہی اسپر کہ ذکر قلیل ساتھہ حضور کی بہتر ہی ذکر کثیر سی ساتھہ جہل اور سستی کی کذا ذکر اللہ **وَلَا یَحْرِصُ عَلَی تَحْصِیْلِ الْکَثْرَۃِ بِالْعَجَلَۃِ** * اور نہ حرص کری اوپر حاصل کرنی بہت ذکر کی بسبب جلدی **ف** کہ یہہ باعث ہوتا ہی ادای ذکر کو ساتھہ غفلت کی اور یہہ خلاف مطلوب کی ہی اس لئی کہ مرغوب حضور ہی ساتھہ محبوب کی کذا ذکر العلی **فَلِذٰلِکَ اسْتَحَبُّوْا اَنْ یَّمُدَّ صَوْتَہٗ بِقَوْلِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ** پس واسطے اسکی یعنی واسطے تدبر اور سمجہنی اور نہ حرص کرنی کی دوست رکہا ہی علمانون نے یہہ کہ دراز کری آواز اپنی ساتھہ قول لا الہ الا اللہ کی **ف** دراز کرنی آواز یعنی جہان مد جائز ہی مانند الف لا کی لیکن نہ زیادہ کری اوپر مقدار پانچ الف کی اور نہین جائز ہی وقف اوپر لفظ آلہ کی کہ وہم دلاتا ہی کفر کا پہر جانا چاہئی کہ دراز گی ذکر سی چلانا نہین سمجہا جاتا ہی کہ چلانا منع ہی اور تصریح کی ہی بعضی علمانے ہمارے نے کہ آواز بلند کرنی حرام ہی مسجدین اگرچہ ساتھہ ذکر کی ہو کذا ذکر العینی **وَکُلُّ ذِکْرٍ مَشْرُوْعٍ وَاجِبًا کَانَ اَوْ مُسْتَحَبًّا لَا یُعْتَدُّ بِشَیْءٍ مِنْہُ حَتّٰی یَتَلَفَّظَ بِہٖ وَیُسْمِعَ نَفْسَہٗ** اور جو ذکر کہ حکم کیا گیا ہی ساتھہ اوسکی شرع مین فرض ہو یا مستحب ہو نہین اعتبار کیا جاتا کچہہ اوس سی یہان تلک کہ بولی ساتھہ اوسکی اور سناوی نفس اپنی کو **ف** یہہ تمام حکم مبنی اوس ذکر کی ہین کہ شارع نی حکم کیا ہی کہ پڑہا جاوی زبان سے جیسی قرأت نماز کی اور التحیات وغیرہا پس یہہ معنی نہین ہین کہ جو یاد کری اللہ کو دلمین بغیر بولنی زبان کے نہین ہوتا ہی شرع مین معتبر اسلئی کہ ہمیشگی ذکر کی نہین متصور ہوتی بغیر دلکی بلکہ ذکر دل کا

افضل قسم ہی کہ وارد ہوا ہی خَیْرُ الذِّکْرِ الْخَفِیُّ وَخَیْرُ الرِّزْقِ مَا یَکْفِیْ یعنی بہتر ذکر ذکر خفی ہی اور بہتر رزق وہ ہی
جو بقدر کفایت کی ہو کذا ذکر العلی وَاَفْضَلُ الذِّکْرِ الْقُرْاٰنُ اِلَّا فِیْمَا شُرِعَ بِغَیْرِہٖ اور بہترین ذکر کا
قرآن پڑھنا ہی مگر جس اوس جگہہ کی کہ مشروع ہی ذکر سا تہہ غیر قرآن کی ف وہان قرآن پڑھنا
بہتر نہین مانند رکوع اور سجود کی کہ مشروع مین یہان تسبیحات ہین اسجگہہ قرآن پڑھنا مکروہ ہی کذا ذکر العلی
وَلَیْسَ فَضْلُ الذِّکْرِ مُنْحَصِرًا فِی التَّھْلِیْلِ وَالتَّسْبِیْحِ وَالتَّکْبِیْرِ بَلْ کُلُّ مُطِیْعٍ لِلّٰہِ تَعَالٰی فِیْ عَمَلٍ
فَھُوَ ذَاکِرٌ اور نہین ہی فضیلت ذکر کی منحصر کہنی لا الہ الا اللہ کی اور سبحان اللہ کی اور اللہ اکبر کی بلکہ جو تابعدار
واسطی اللہ تعالی کی ہی کسی کام مین پس وہ ذکر کرنی والا ہی یعنی حکما ف یہی مضمون سعد بن جبیر رحمہ اللہ نی شعر مین لکہا ہی
بیت ذکر کفتن ہمہ آن نیست کہ کوئی اللہ ذکر آن ست کہ ترا وا دکنی وقت گناہ ہ کذا ذکر الفخر قالوا وَاِذَا
وَاظَبَ الْعَبْدُ عَلَی الْاَذْکَارِ الْمَاْثُوْرَۃِ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَبَاحًا وَمَسَاءً وَفِی الْاَحْوَالِ
وَالْاَوْقَاتِ الْمُخْتَلِفَۃِ لَیْلًا وَنَھَارًا کَانَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ اللّٰہَ تَعَالٰی کَثِیْرًا وَالذَّاکِرَاتِ کہا ہی
عالمون نی اور جب ہمیشگی کرنی ہی بندہ اوپر ذکرون کے کہ روایت کی گئی ہی صلی اللہ علیہ وسلم سی صبح کو اور شام کو
اور سب حالتون کی اور وقتون مختلف کی رات کو اور دن کو تو ہوتا ہی بہت ذکر کرنی والی مردون سی خدا تعالی کو
اور عورتون بہت ذکر کرنی والیون سی ف یعنی جس مرد عورت نی ذکرون نقل کئی گئی پر ہمیشگی کی اوسکا
ذکر کرنی اللہ کثیرا والذاکرات سی کہ فضیلت اوسکی پہلی کہدی اور اللہ تعالی نی اوسکی حق مین فرمایا اعد اللہ
لہم مغفرۃ واجرا عظیما یعنی طیار کی اللہ نی اوسکی لیے بخشش اور اجر بڑا کذا ذکر العلی وَیَنْبَغِیْ لِمَنْ کَانَ لَہٗ
وِرْدٌ فِیْ وَقْتٍ مِنْ لَیْلٍ اَوْ نَھَارٍ اَوْ عَقِیْبَ صَلٰوۃٍ اَوْ غَیْرِ ذٰلِکَ فَفَاتَہٗ اَنْ یَّقْضِیَہٗ کَمَا
وَجَاءَ فِیْ بِہٖ اِذَا اَمْکَنَہٗ اور لایق ہی واسطی اوس شخص کے کہ ہو اوسکی لیے وظیفہ پس ایک وقت کی رات سے
یا دن سی یا پیچہی نماز کی یا سوا اسکی یعنی جمعہ مین یا مہینی مین یا سال مین پس فوت کری اوسکو یعنی بعذر یا بلا عذر
تو لایق ہی کہ قضا کری اوسکا اور بجا لاوی اوسکو جب کہ ممکن ہو اوسکو ف یعنی قادر ہو اوسپر جیسا فرمایا

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جسکا وظیفہ شب کا فوت ہو تو درمیان نماز فجر کی اور ظہر کی ادا کرلی تو لکھا جاتا ہی گویا کہ رات ہی کو پڑہا تہا کذا ذکر العلی ق وَلَا یُمْہِلُہٗ لِیَعْتَادَ الْمَلٰئِکَۃُ مُحَافَظَتَہٗ عَلَیْہِ وَلَا یَتَسَاہَلُ فِی قَضَائِہٖ * اور نہ چہوڑی اوسکو بالکل تو کہ عادت پکڑی رہی ملائکہ کی یعنی مداومت اور محافظت کی ورد پر اور نہ سستی کری بیچ قضا اوسکی اَوْقَاتُ الْاِجَابَۃِ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ تَ سَ قَ مَسْ یہہ بیان ہی وقتون قبولیت دعا کا یعنی ان وقتون مین دعا بہت قبول ہوتی ہی اونہین سی ایک لیلۃ القدر ہی یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ حاکم نی ف طبرانی نے ایک قوم سی نقل کی ہی کہ اوس رات مین درخت سجدہ کرتی ہین اور اوس شب مین بیدار رہنی کا بڑا ثواب آیا ہی اور مختار یہہ ہی کہ معتبر جاگتی رہنا اکثر رات کا ہی یعنی آدہی رات سی زیادہ اور اگر ساری رات جاگی اور موجب ملال اور خلل کا اداء فرائض اور سنتون موکدہ مین نہو تو افضل ہی ورنہ والا جسقدر کہ توفیق قیام کی پاوی مقصود حاصل ہی کذا ذکر الفخر یَوْمُ عَرَفَۃَ * ت اور دن عرفہ کا یعنی نوین تاریخ ذیحجہ کی نقل کیے یہہ ترمذی نی وَشَہْرُ رَمَضَانَ * س * اور مہینہ رمضان کا نقل کی یہہ بزار نی وَلَیْلَۃُ الْجُمُعَۃِ ت مس * اور رات جمعہ کی نقل کی یہہ ترمذی حاکم نی وَیَوْمُ الْجُمُعَۃِ * دس ق حب مس * اور دن جمعہ کا نقل کی یہہ ابو داؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی وَنِصْفُ اللَّیْلِ * ط * اور آدہی رات نقل کی یہہ طبرانی نی الثَّانِیْ * ا ص * آدہی رات اخیر نقل کی یہہ احمد ابو یعلی نی ف پس بحسب روایت اول کی شک آدہی رات وقت قبولیت کا ہی اور بحسب دوسری روایت کی تمام نصف اخیر کذا ذکر الفخر وَثُلُثُ اللَّیْلِ الْاَوَّلُ * ا ص * اور تہائی رات پہلی نقل کی یہہ احمد ابو یعلی نی وَثُلُثُ اللَّیْلِ الْاٰخِرُ * ا * اور تہائی رات اخیر نقل کیے یہہ احمد نی ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ہر شب جب اخیر تہائی رات ہوتی ہی تو اللہ تعالی نزول فرماتا ہی آسمان دنیا پر یعنی ساتہہ رحمت اور فضل کی تجلی

فرماتا ہی اور فرماتا ہی کہ کون ہی کہ سوال کرے مجھ سے تو دون مین اوسکو اور کون ہی کہ بخشش چاہی بخشون مین
اسیطرح صبح تلک فرماتا ہی کذا ذکر الفجر وجوفہ * دت س مس طر * اور درمیان
تہائی رات آخر کا یعنی شروع چوتھی حصہ کا نقل کی یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی حاکم طبرانی بزار نی و
وقت السحر ع * اور وقت سحر کا نقل کے یہہ صحاح ستہ مین ف بعضون نی کہا کہ سحر کہتی ہین
اوسوقت کو کہ صبح کی پہلی ہی اور بعضون نی چوتھی حصہ آخر کو کہا ہی بعضی مشائخ نی فرمایا ہی کہ نمونہ نعمتون
بہشت کا کہ اللہ تعالی نی دنیا مین رکہا ہی وہ وقت ہی یعنی عجب لذت اہل اللہ پاتی ہین ملت
ہر گہڑی سعادت کہ خدا داد بحافظ * از بہر دعای شب و ورد سحری بود یہ کذا ذکر الفجر وساعۃ الجمعۃ
ارجی ذالک وقیلہا ما بین ان یجلس الامام فی الخطبۃ الی ان تقضی الصلوۃ
مد * اور ساعت جمعہ کی بہت امید والی ان وقتون کی ہی یعنی سب وقتون مین سی ساعت جمعہ مین
امید قوی ہی قبولیت کی اور وقت ساعت جمعہ کا ہی ما بین بیٹہنی امام کی سی منبر پر خطبہ کی لیئے تمام ہونی نماز تلک
نقل کیا یہہ مسلم ابو داؤد نی ف ظاہر تر یہہ ہی کہ مراد بیٹہنی امام کیسی بیٹہنا امام کا ہی اول شروع
خطبہ کی اور وہی وقت حرمت کلام کا ہی غیر امام کو کذا قال العلی اور طیبی نی بیٹہنی ہی بیٹہنا درمیان دونون
خطبونکی مراد رکہا ہی اور ایک روایت مین ساعت جمعہ کی یہہ ہی وقیل من حین تقام الصلوۃ الی
السلام منہا ف ق * اور جسوقت سی کہ قائم کی جاوی نماز سلام تلک نماز سی نقل کی یہہ نسائی
ابن ماجہ نی وانا قائم یصلی * خ مس ق * اور حال یہہ کہ دعا کرنی والا کہڑا ہوا نماز
پڑہتا ہو نقل کی یہہ بخاری مسلم نسائی ابن ماجہ نی ف ترجمہ ساری حدیث کا یون ہی کہ فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ تحقیق جمعہ مین ایک ساعت ہی کہ نہین موافقت کرتا اوسکی مسلمان حال یہہ کہ
کہڑا ہو نماز پڑہتا ہوا اللہ سی خیر مانگتا ہو اللہ اوسکو اور اشارہ فرمایا دست مبارک سی کہ قلیل
فرماتی ہی ساعت کذا قال العلی وقیل بعد العصر الی غروب الشمس * موت * اور کہا

بعضون نی پیچھی عصر کی غروب آفتاب تلک نقل کیے یہہ موقوفاً ترمذی نی وقیل آخر ساعۃ من یوم الجمعۃ دس موطا دت س مس * اور کہا بعضون نی آخر ساعت دن جمعہ کی نقل کی یہہ ابوداؤد نسای نی مرفوعاً اور موقوفاً موطا مالک ابوداؤد ترمذی نسای حاکم نی وقیل بعد طلوع الفجر قبل طلوع الشمس وقیل بعد طلوع الشمس * اور کہا بعضون نی بعد طلوع صبح صادق کی پہلی نکلنی آفتاب دن جمعہ کی اور کہا بعضون نی پیچھی نکلنی آفتاب کی وذہب ابو ذر رض الغفاری رض الی انہا بعد نزع الشمس بیسیر الی الغروب اور گئی ہین ابوذر غفاری صحابی رض طرف اسکی کہ تحقیق وہ ساعت پیچھی وقت نکلنی آفتاب کی ہی تھوڑا سا ایک ہاتھہ تلک قلت والذی اعتقدہ انہا وقت قراءۃ الامام الفاتحۃ فی صلوۃ الجمعۃ الی ان یقضی امین جمعا بین الاحادیث التی صحت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کما بینتہ فی غیر ہذا الموضع * کہا مصنف نی اور کہتا ہون مین وہ جو اعتقاد کرتا ہون مین یہہ ہی کہ تحقیق وہ ساعت ہی وقت پڑہنی امام کی الحمد کو نماز جمعہ مین تا وقت کہنی امام کی آمین کو جمع کرنی کر درمیان حدیثون کی وہ جو صحیح ہوئی ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سی جیسی کہ بیان کیا مینی اوسکو غیر اس جگہہ کی ف کہا فخر الدین رح نی کہ مصنف نی منتہیہ مین تین حدیثین روایت کی ہین اور اونسی یہہ وقت ثابت کیا ہی اور کہا کہ مینی اور غیر میری نی جو کہ واقف ہوا ہی قول میری پر تجربہ کیا ہے کہ دعا اسوقت مین قبول ہوتی ہی پہر مصنف وسطی ترجیح قول اول کی امام نووی سی تایید لایا اور کہا وقال النووی رحمہ اللہ والصحیح بل الصواب الذی لا یجوز غیرہ ما ثبت فی صحیح مسلم من حدیث ابی موسی الاشعری * اور کہا ہی نووی رحمہ اللہ نی شرح مسلم مین اور صحیح بلکہ بہتر اور مناسب ترکہ درست نہین ہی سوا اوسکی کو وہ چیز ہی کہ ثابت ہوئی صحیح مسلم مین حدیث ابی موسی اشعری سی ف کہ روایت کیا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

کہ تحقیق وہ ساعت ہی درمیان مین بیٹھنے امام کی خطبے کے لئی منبر پر اخیر نماز عصر اور صحیح
مقابلی مین ضعیف کی ہی اور صواب مقابلہ مین خطا کی کذا ذکر العلی اور اعمال روز جمعہ کے
بیہ ہین کہ جماع کری بی بی اپنی سی اور لبین لواوی اور ناخون کترواوی اور نہاوی لعد خو
لگاوی اور تیل ڈالی اور کنگھی کری ڈاڑھی مین اور جو کچھ میسر ہو پہنے دیوی اور بعد زوال
کی نہ حاضر ہووی مجلس مین قوم اپنی کی اور مشغول ذکر اور دعا مین رہی غروب تلک کہ سب
صحیح قول کی ساعت قبولیت دعا کی بیچ غروب کی ہی اور بعد نماز جمعہ کی ملاقات کری بیہ
مسلمانونسی اور عیادت کری بیمارون کی اور جنازہ پر حاضر ہووی اور زیارت قبور کی کری
اور مجلس نکاح مین حاضر ہو اور طلب علم اور طلب رزق کی کری ساتھہ کسب حلال کی
اور کہی سات بار شب جمعہ اور روز جمعہ مین اللھم انت ربی لا الہ الا انت خلقتنی وانا عبدک
وابن امتک وفی قبضتک وناصیتی بیدک ماضی فی علی حکمک عدل فی قضاؤک
بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک او انزلتہ فی کتابک او علمتہ احدا من خلقک او
استاثرت بہ فی علم الغیب عندک ان تجعل القرآن ربیع قلبی وجلاء حزنی وذھاب
ھمی وغمی آور جو کوئی عادت کرتا ہی اوپر ترک جمعہ کی بغیر ضرورت کی لکھا جاتا ہی منافق اوس کتاب مین
کہ نہ محو کی جاتی ہی اور نہ بدلی جاتی ہی یعنی لوح محفوظ مین اور مھر کر دیتا ہی اللہ تعالی اوپر دل
اوسکی اور نہین قبول کی جاتی ہی طاعت اور عبادت اوسکی اسیطرح ثابت ہوا اعادہ
معلم سی کذا فی وظائف النبی **احوال الاجابۃ** بیہ بیان ہی حالتون قبولیت
دعا کا **ف** حال وصف ہی دعا کرنی والی کا اور وقت ظرف ہی واسطے دعا کرنی والے
کی پس ظاہر ہوا اس سی فرق درمیان اوقات الاجابۃ اور احوال الاجابۃ
کی کذا ذکر العلی **عند النداء بالصلوۃ** مس نزدیک اذان کی واسطے نماز کے
نقل کی بیہ ابو داؤد وحاکم نی **ف** فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی دو چیزین

بین کہ روحین کی جانین زرکاہ عزت و کبریا سی ایک لون دو چیزون مین سی دعا ہی نزدیک
اذان کی کذا ذکر الفخر و بَیْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ * ت س حب *
اور درمیان اذان اور تکبیر کی نقل کی یہہ ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان نی ف
کہا میر کی شاہ رح نی کہ زیادہ کیا ترمذی نی کہ عرض کیے صحابہ نی پس کیا کہین ہم یا رسول اللہ
یعنی اذان اور تکبیر کی درمیان مین فرمایا سَلُوا اللّٰہَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ یعنی مانگو اللہ تعالی سے
عافیت دنیا اور آخرت مین اور عام ہی کہ دعا متصل اذان کی کری یا فاصلہ سی پکہ بہتر یہی ہی کہ
متصل کری کذا ذکر العلی والفخر ح وَبَعْدَ الْحَیْعَلَتَیْنِ لِمَنْ نَزَلَ بِهٖ کَرْبٌ اَوْ شِدَّةٌ
مس * اور بیچ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کی واسطی اوس شخص کے کہ اوتری اوسپر
غم یا سختی نقل کی یہہ حاکم نی ف کرب کہتی ہین فکر اور غم سخت کو اور شدت کہتی ہین عذاب
اور محنت کو اور احتمال رکہتا ہی کہ اوشک راوی کا ہووی یعنی حضرت نی لفظ کرب کا فرمایا
یا شدت کا کذا ذکر العلی وَعِنْدَ الصَّفِّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ * حب ط موطا *
اور نزدیک صف جنگ کی اللہ کی راہ مین یعنی جہاد مین نقل کی یہہ ابن حبان طبرانی نی
مرفوعاً اور موقوفاً موطا مین وَعِنْدَ الْتِحَامِ الْحَرْبِ بَعْضِهِمْ بَعْضًا * د *
اور نزدیک ملنی لڑائی والون کی بعضی اوکی بعضون کو نقل کی یہہ ابو داؤد نی ف یعنی جب مسلمان
کافرون پر حملہ کرکر ملجاوین اور زخم پر زخم لگنی لگین وَدُبُرَ الصَّلٰوةِ الْمَکْتُوْبَاتِ *
ت س * اور بیچی نمازون فرض کی نقل کی یہہ ترمذی نسائی نی ف کیونکہ وہ
افضل وقت ہی اوسمین بہت امید قبولیت کی ہی اور یہہ وقت متصل فرض کی ہی بعد
سلام کی اور اکر بعد سنتون معمولی کی اور ذکر ماثور کی مراد کہین امید ہی کہ یہی حکم ہو کذا ذکر
الفخر والعلی وَفِی السُّجُوْدِ * م د ن * اور بیچ سجدہ کی نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی نی

ف فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ حالت بجوئی بندہ پروردگار اپنی سی بہت نزدیک کوئی
پس اس وقت میں بہت دعا کرو کذا ذکر الغزر عجیب تلاوۃ القرآن * ت * اور بھی برہنی قرآن کے
نقل کیے یہ ترمذی نے ولا سیما الختم * ط موصص * اور خصوصاً پچھلی ختم قرآن کی یعنی اس وقت میں
بہت امید قبولیت کی ہے نقل کی یہ طبرانی نے مرفوعاً اور موقوفاً ابن ابی شیبہ نے خصوصاً من القاری
ت ط * خصوصاً پڑھنے والی سی یعنی دعا اوسکی بہت قبولیت رکھتی ہے سننے والی سی نقل کیے یہ ترمذی
طبرانی نے وعند شرب ماء زمزم * مس * اور نزدیک پینے پانی زمزم کی نقل کی یہ حاکم نے
والحضور عند المیت * مر عه * اور نزدیک حاضر ہونے کی پاس موتی کی یعنی قریب المرگ کے
یا مردے کی نقل کیے یہ مسلم نے اور چار ون نے ف اس لیے کہ ملائکہ آمین کہتے ہیں اور یہ ترجمہ اوسکا ہے
کہ لفظ حضور کو زیر پڑھیں اور جب پیش پڑھیں کی معنی یہ ہونگے کہ جملہ احوال اجابت سے حالۃ حضور کی
ہے اور قوی روایت پیش کی ہے اور اسیطرح اعراب اور معنی لفظ صیاح اور اجتماع کے ہیں کذا ذکر العلی
وصیاح الدیکۃ * خ مر ت س * اور نزدیک آواز مرغون کی نقل کی یہ بخاری مسلم
ترمذی نسائی نے ف فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب سنو آواز مرغ کی پس مانگو اللہ تعالیٰ سے
زیادتی کرم اوسکی کہ وہ مرغ دیکھتا ہے فرشتہ کو کذا ذکر العلی والاجتماع المسلمین * ع * اور
نزدیک جمع ہونی مسلمانوں کی نقل کی یہ صحاح ستہ نے ف جس حکمہ اجتماع زیادہ ہو مثل جمعہ
اور عیدین اور عرفہ کی امید قبولیت کی زیادہ ہے کذا ذکر العلی وفی مجالس الذکر * خ مر ق *
اور مجلسون ذکر میں نقل کیے یہ بخاری مسلم ترمذی نے ف اسمیں داخل ہیں مجلسیں علم کی اور تلاوت کے
کذا ذکر العلی وعند قول الامام ولا الضالین * مد س ق * اور نزدیک کہنے
امام کی ولا الضالین یعنی اسوقت بھی فرشتے آمین کہتے ہیں نقل کی یہ مسلم ابو داود نسائی ابن ماجہ نے
وعند تغمیض المیت * مد س ق * اور نزدیک آنکھ بند کرنے میت کی یعنی بعد

جان نکلنی کی نقل کی بیہقی ابوداؤد نسائی ابن ماجہ وعند اقامۃ الصلوٰۃ ط ہر اور نزدیک تکبیر نماز کے
نقل کی بیہقی طبرانی ابن مردویہ فی وعند نزول الغیث د ط ہر اور نزدیک برسنے مینہ کی نقل کی بیہقی
ابوداؤد وطبرانی ابن مردویہ فی سرد ۃ الشافعی فی الام مرسلا وقال قد حفظت عن غیر واحد
طلب الاجابۃ عندہ بہ روایت کیا اسکو شافعی نے بیچ کتاب ام کی بطریق ارسال کے اور کہا کہ تحقیق یاد رکھتا ہوں
میں بہت علماء متقدمین سے یا نا قبولیت کا نزدیک اوترنے مینہ کی قلت وعند رویۃ الکعبۃ ط کہا مصنف نے
کہتا ہوں میں اور نزدیک دیکھنے کعبہ کے نقل کی بیہقی طبرانی فی ف جو دعا چاہیے سو کرے اور بعضوں نے کہا ہے
بیہقی ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار کہ دعا جامع ہے کذا ذکر العلائی وبین الجلالین
فی الانعام حفظنا ذلک مجربا عن غیر واحد من اہل العلم ونص علیہ الحافظ
عبد الرزاق الرسعنی فی تفسیرہ عن الشیخ العماد المقدسی اور درمیان دونام بزرگ
اللہ تعالیٰ کی سورہ انعام میں یاد رکھتی ہیں ہم اسکو مجرب بہت عالموں سے اور صریح بیان کیا اسپر
یعنی اسپر کرو دعا جلالین میں قبول ہوتی ہے حافظ عبد الرزاق رسعنی نے تفسیر اپنی میں شیخ عماد
مقدسی سے ف نام اللہ تعالیٰ کا سورہ انعام میں دو بار ایک جا ہی مذکور ہوا ہے اس آیت میں
میری مین روشنی نقل کی ہے یہہ بخاری مسلم ابوداؤد نسای ابن ماجہ نی اور ایک روایت مین یہہ بھی زیادہ آیا ہی اور کر
زبان میری مین روشنی اور کر جان میری مین روشنی اور بڑی کر واسطی میری روشنی نقل کی یہہ مسلم نی اور نسای حاکم نی بریدہ
اسمین روایت کیا ہی اور کر مجکو روشنی ف کر دل میری مین روشنی کہ اچھی طرح احکام اللہ تعالی کی دریافت
کری اور اخلاق بری جگہہ نہ پکڑین اور مراد طلب کرنی نور اعضای سی یہہ ہی کہ روشن ہون ساتھہ نور معرفت اور
طاعت کی اور خالی ہون تاریکی جہالت اور گناہون اور غفلت کیسی اور کر واسطی میری روشنی یعنی روشنی بڑی
کر گھیر لی سب اعضا کو پس گویا یہہ اجمال ہی بعد تفصیل کی اور کر مجکو روشنی یعنی نورانیت اپنی ایسی نصیب کر کہ ظاہر
و باطن و جسم و روح اور سب طرفون میری کو گھیر لی بلکہ خود مجکو نور کر دی حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی
نی کتاب عوارف مین لکھا ہی کہ نہ دیکھا مینی کسیکو کہ مواظبت کرتا ہو اس دعا پر مگر کہ نزدیک اوسکی ایک برکت اور نور
ہوتی ہی کذا ذکر العلی والفخر اللّٰھم اجعل فی قلبی نورًا وفی لسانی نورًا واجعل فی سمعی نورًا واجعل فی بصری
نورًا واجعل من خلفی نورًا ومن امامی نورًا واجعل من فوقی نورًا ومن تحتی نورًا اللّٰھم اعطنی نورًا
مدنس دیدیا اللہ کر دل میری مین روشنی اور زبان میری مین روشنی اور کر سماعت میری مین روشنی اور کر
بینائی میری مین روشنی اور کر پیچھی میری روشنی اور آگی میری روشنی اور کر اوپر میری روشنی اور نیچی میری روشنی یا اللہ
دیتی مجکو روشنی نقل کی یہہ مسلم ابوداؤد نسای نی وعند دخول المسجد اعوذ باللہ العظیم وبوجہہ
الکریم وسلطانہ القدیم من الشیطان الرجیم ۞ د ۞ اور نزدیک داخل ہونی مسجد کی یعنی وقت ارادہ
داخل ہونی کی پڑہی پناہ پکڑتا ہون مین ساتھہ اللہ بڑی کے اور ساتھہ ذات بزرگ اوسکے اور پادشاہت
قدیم اوسکی شیطان راندی ہوئی سے نقل کیے یہہ ابوداؤد نی ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ جب
کوئی مسجد مین داخل ہونی کی وقت یہہ دعا پڑہتا ہی تو شیطان کہتا ہی کہ یہہ محفوظ رہا مجسی تمام دن کذا
فی المشکوٰۃ اور آداب داخل ہونی مسجد کی یہہ ہین کہ دایان پانو پہلی رکہی اور بایان پیچھی اور نکلتی ہوئی بایان
پانو پہلی نکالی اور دایان پیچھی منقول ہی کہ ایک دفعہ حاتم نی پہلی بایان پانو مسجد مین رکھا پس متغیر ہوا انگ اوس

اور نکلی گھبرا کر اور دایان پانو رکھا پس لوگون نی سبب اسکا پوچھا فرمایا کہ چھوڑا تھا مینی ایک ادب اوبون سے
وڑامین کہ سلب کری اللہ تعالی نعمت ولایت اور فضل کے مجسی اور مشہور ہی کہ سفیان ثوری رح نی بایان پانو
پہلی مسجد مین رکھا تھا اونکی استاد نی تنبیہا ثور کھایعنی سبل ہی کہ ادب مسجد کا نہین جانتا جیسی سفیان ثوری مشہور
ہوئی پس حال اولیاء اللہ کا اتباع شرع شریف مین یہہ تھا کہ مستحب کی ترک کسی ڈرتی تھی اور ملامت کرتی تھی تہیہ
کہ نام فقیری کا رکھہ کر بالکل شریعت کو ترک کرتی تھی اور ادب مسجد کا یہہ ہی کہ کلام دنیا کا بلا ضرورت نکری اشباہ النظائر
مین لکھا ہی کہ کلام مباح کرنا مسجد مین ایسا عملون کو کھوتا ہی جیسی آگ لکڑیون کو جلاتی ہی بلکہ چاہئی کہ چپکا متوجہ اللہ کے
طرف رہی کذا ذکرالعلی اور سنت سی ہی یہہ کہ اچھی ہیئت بنا دی نماز کی لئی اور زینت کری اور چلنی مین پاس پاس قدم
رکھی و فارسی دوڑی نہین اور نیچی نظر رکھی اور پست کری آواز کو اور متوجہ رہی راہ پر اور کھیلی نہین اور کلام برا نکرے
اور نظر بد کسی پر نہ ڈالی اور تشبیک مکری یعنی انگلیان انگلیون مین نہ ڈالی غرض کہ حتی المقدور پرہیز کری اون چیزون سے
کہ پرہیز کرتا ہی اوس سی مصلی کیونکہ جیسی ارادہ نماز کا کیا ہی گویا کہ نماز ہی مین ہی جب داخل ہونی لگی مسجد مین دایان
پانو رکھہ کر دعا مذکور پڑہی اور اوسمین مشغول رہے ذکر الٰہی مین اور نماز مین اور پڑہنی قرآن اور علوم دینی مین اور امر بالمعروف
اور نہی عن المنکر مین کذا فی وظائف النبی وَاِذَا دَخَلَهٗ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞ دس ق
حب مس ی ۞ اور جب داخل ہوئی مسجد مین پس چاہئی کہ سلام بھیجی اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نقل کی
یہہ ابو داؤد و نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ۞
مد دس ق حب مس ی ۞ اور چاہئی کہ کھی یا اللہ کھول میری لئی دروازی رحمت اپنی کے نقل کی یہہ مسلم
ابو داؤد و نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی اور ایک روایت مین دعا یون آئی ہی اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ
رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ ۞ ق عو ۞ یا اللہ کھول ہماری لئی دروازی رحمت اپنی کے
یعنی توفیق نماز کی ہو یا نماز مین حقائق نماز کی کہلین اور آسان کر ہماری لئی دروازی رزق اپنی کی یعنی اقسام
رزق کی بی مشقت اور بی طلب کے حاصل ہون نقل کی یہہ ابن ماجہ ابو عوانہ نی اَوْ يَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ وَالسَّلَامُ

فی سبیل اللہ وعلی سنۃ رسول اللہ ق ت مص مہ ؛ یا کہی یعنی بجای سلام کی نبی صلعم
پر سا تہہ نام خدا کی داخل ہوتا ہون مین اور سلام ہووی اوپر رسول خدا کی اور داخل ہوتا ہون اوپر
سنت رسول خدا کی نقل کے یہہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نی اور حلہ وعلی سنت رسول اللہ
فقط ابن ابی شیبہ کی روایت مین ہی اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد ؛ مہ ؛ یا اللہ رحمت
خاص بھیج اوپر حضرت محمد کی اور اوپر نا بعدارون حضرت محمد کی نقل کے یہہ ابن خزیمہ نی ف یہہ درود بدلے
پہلی سلام کی پڑہی یا وہ بھی پڑہی اور یہہ بھی کذا ذکر الفخر اور ایک روایت مین ہی کہ بعد درود کی یہہ دعا
پڑہی اللھم اغفر لی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتک ؛ ق ت مص مہ ؛ یا اللہ بخش
میری لئی گناہ میری اور کہول میری لئی دروازی رحمت اپنی کے یعنی طاعت اپنی کے کہ سبب ہی رحمت کی
نقل کی یہہ ابن ماجہ ترمذی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ نی وبعد دخولہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین
مو مس ؛ اور کہی پچھی داخل ہونی مسجد کی سلامتی ہووی میر یعنی جو حاضر ہین اور اوپر اچھی بندون خدا کی
یعنی خواہ حاضر ہون یا غائب نقل کے یہہ موطا حاکم نی فاذا خرج منہ فلیسلم علی النبی صلی اللہ
علیہ وسلم ولیقل اللھم اعصمنی من الشیطان ؛ س ق حب مس ی ؛ الرجیم
ق ؛ پس جب نکلی مسجد سی پس چاہئی کہ سلام بھیجی اوپر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور کہی یا اللہ بچا مجکو
شیطان سی نقل کی یہہ نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن سنی نی اور ابن ماجہ نی اس دعا کی ساتہہ
لفظ الرجیم کا ہی زیادہ کیا ہی اللھم انی اسئلک من فضلک ؛ مہ دس ؛ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجہی کت تیری فضل کی یہہ مسلم ابوداؤد نسائی نی ف احتمال ہی کہ مراد فضل سی رزق حلال ہو کہ بعد
نکلنی کی اوسکی طلب کو جاتا ہی یا مراد وہی آمد مسجد مین ہجکذا ذکر الفخر اور بسم اللہ والسلام علی رسول اللہ
مص ت ق مہ ؛ یا کہی کہ نکلتا ہون مین ساتہہ نام اللہ کی اور سلام ہووی رسول خدا اوپر نقل کی
یہہ ابن ابی شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن خزیمہ نی اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد ؛ مہ ؛ یا اللہ رحمت خاص

بیہج حضرت محمد پر اور آپ کے آل و اصحاب پر نقل کی یہہ ابن خزیمہ نی اللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِکَ ہ مص ق مہ ہ یا اللہ بخشدے میری لئی گناہ میری اور کھول میری لئی دروازی برکت اپنی کی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ ترمذی ابن ماجہ ابن خزیمہ نی وَلَا یَجْلِسُ حَتّٰی یُصَلِّیَ رَکْعَتَیْنِ ہ خ م ہ اور نہ بیٹھے یہان تلک کہ پڑہی دو رکعت نقل کی یہہ بخاری مسلم نی ف اس نماز کو تحیت المسجد کہتی ہین اور اسی حدیث سے امام شافعی رح نی واجب ہونا اس نماز کا ثابت کیا ہی اور ہماری نزدیک مستحب ہی اور علماء رحمہم اللہ نی لکہا ہی کہ اگر مسجد مین آکر قضا نماز پڑہی یا سنتین یا اور نماز تو بہی اسکا ثواب حاصل ہوگا اور اگر وقت کراہیت نماز نفل کا ہو تو قضا نماز پڑہی اگر اسکے ذمہ ہو اور نہین تو پڑہی سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اور اولی ہی کہ جب مسجد مین آوی نیت اعتکاف کی کرلی کہ اعتکاف کیا مینی جب تلک مسجد مین ہون اور کبہی من طواف اوسکا قائم مقام تحیت المسجد کی ہوجاتا ہی کذا ذکر الفخر والعلی وَاِنْ سَمِعَ مَنْ یَنْشُدُ ضَالَّةً فِی الْمَسْجِدِ فَلْیَقُلْ لَا رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَیْكَ فَاِنَّ الْمَسَاجِدَ لَمْ تُبْنَ لِهٰذَا ہ م د ق ہ اور اگر سنی کوئی آواز اوسکی کہ ڈہونڈتا ہی گم ہوئی چیز کو مسجد مین پس چاہئی کہ کہی نہ پہیری اوسکو اللہ تجہہ اسلئی کہ تحقیق مسجدین نہین بنائی گئین یہین اسلئی نقل کی یہہ مسلم ابوداؤد ابن ماجہ نی ف ظاہر یہہ ہی کہ دعا کی ساتہہ اس خبر جملہ کو بہی ملالی اور زبان سی دعا کری نہ تو بہی اوسکی تنبیہ کی لئی کہ پہر مسجد مین ایسی حرکت نکری اور اگر دلسی بہی اسلئی کری کہ یہہ شخص اپنی کام کی سزا کو پہونچی کچہہ بعید نہو واللہ اعلم اور داخل ہی اسمین وہ چیز کہ مسجد اوسکی لئی نہین بنائی گئی ہی مانند بیچنی مول لینی کی اور کلام دنیا کی اور سینی اور لکہائی کی لکہنی کے اور لڑکی پڑہانی کے باجرت اور ایسی ہی جو چیز نماز پڑہنی والی کا دہیان بٹاوی یہان تلک کہ کہا ہی بعضی علما ہمارے نی کہ آواز بلند کرنی اگرچہ ساتہہ ذکر کی ہو حرام ہی مسجد مین اور اسی سبب سی بعضی اگلی عالم منع کرتی تہی اور حرام کہتی تہی تصدق کرنا اوس سائل پر کہ مسجد مین پکار کر گڑگڑا کر مانگی کذا ذکر العلی والفخر وَاِنْ رَاٰی مَنْ یَبِیْعُ اَوْ یَبْتَاعُ فِی الْمَسْجِدِ فَلْیَقُلْ لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ ہ ت س مس حب ہ اور اگر دیکہی اوس شخص کو کہ بیچتا ہے

یا خرید تا بی مسجد مین پس چاہئی کہ کہی نہ فائدہ دی اللہ سود اگر ی تیری مین نقل کی ہیہ ترمذی نہائی حاکم ابن حبان سے
وَالْاَذَانُ تِسْعَ عَشْرَةَ كَلِمَةً مَعْرُوفٌ * عہ ۱۱ مہ * اور اذان اُنیس کلمہ مشہور ہی نقل کی ہیہ چار رکنی
اور احمد اور ابن خزیمہ نی ف یہی مذہب امام شافعی اور مالک کا ہی کہ شہادتین دو دو بار آہستہ کہتی ہین
اور پہر دو دو بار پکار کر اسکو ترجیع کہتی ہین اور امام اعظم صاحب کی مذہب مین پندرہ کلمی ہین اور حدیثون مشہور
تو ہی سے ثابت کئی ہین اور اذان سنت موکدہ ہی پانچون نمازون اور جمعہ کی لئی کذا ذکر الفخر وَيُزَادُ فِي اَذَانِ
الصُّبْحِ اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ مَرَّتَيْنِ * دقط مہ * اور زیادہ کیا جاوی اذان صبح مین کہ نماز بہتر ہی
نیند سی دو بار نقل کیے ہیہ ابو داؤد دار قطنی ابن خزیمہ نی وَاِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ فَلْيَقُلْ كَمَا يَقُوْلُ * ع
ہی * اور جب سنی کوئی موذن کو یعنی اذان اوسکی پس چاہئی کہ کہی جیسیکہ کہتا ہی وہ نقل کی ہیہ صحاح ستہ مین
اور ابن سنی نی ف یعنی جو کلمی کہ موذن کہی بعینہ سُنّی والا ہی بعد اوسکی کہی جواب دینا موذن کا ہر سُنّی
پر واجب ہی اگرچہ جُنبی ہو اور اگر کئی موذن اذان کہین ضرور جواب دینا اول ہی کا ہی اور جو سُنّی والا مسجد مین ہر
جواب واجب نہین کذا فی فتاوی قاضی خان اور بیچ جواب دینی پڑہنی والی قرآن کی دو قول ہین مختار یہ ہی کہ
نہ جواب دی کذا ذکر الفخر اور اگر زبان سی جواب دیگا اور مسجد مین بلا عذر نہ حاضر ہوگا جواب نہین ادا ہوئیگا
پس چاہئی کہ زبان سی جواب دی اور پانو سی حاضر ہو جب جواب پورا ادا ہوگا کذا فی وظائف النبی وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ * خ مہ دس * اور کہی جواب مین بیچی حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ اور حَيَّ
عَلَى الْفَلَاحِ کی لاحول ولا قوۃ الا باللہ نقل کی ہیہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی ف مشہور جمہور علماء مین ہی
کہ بعد حَيَّعَلَتَيْن کی لاحول پڑہی مگر پہلی حدیث سی معلوم ہوتا ہی کہ یہان ہی مثل کہنی موذن کی کہی پس احتمال کہتا ہی
کہ کہی اوسطرح جواب دی کہی اسطرح اور کتاب برجندی مین اس جگہ کہ ماشاء اللہ کان ومالم یشأ لم یکن نقل کیا ہی کہ یہ اصل صحیح حدیثون سی پائی
نہین جاتی ہی مگر فتاوی عالمگیری مین غرائب سی نقل کیا ہی ہو الصحیح واللہ اعلم کذا قال الفخر اور جب کہی موذن اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ
کہی جواب مین صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَبِالْحَقِّ نَطَقْتَ صَدَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنَ الْمُصَلِّيْنَ اور تکبیر مین قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ کہتی تو

کہی اَفَاہَا اللّٰہُ سَوَاءً اَنَاہَا کَذَافِی وَظَائِفِ النَّبِیِّ اِذَا قَالَ ذٰلِکَ مِنْ قَلْبِہٖ دَخَلَ الْجَنَّۃَ * مَرْدَسْ * جب کہی سکو
یعنی جواب اذان کو تہ دل اپنی سی یعنی سانہہ اعتقاد اور اخلاص کے داخل ہوگا بہشت مین نقل کی ہیہ مسلم ابوداؤد نسائی نے
مَنْ قَالَ حِیْنَ یَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ
وَرَسُوْلُہٗ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا غُفِرَ لَہٗ ذَنْبُہٗ * مرعدی *
جو کوئی کہی جب سنی موذن کو یعنی اوائل اذان مین شروع کی وقت یا بعد فراغت کی کہ گواہی دیتا ہون مین ہیہ کہ
نہین
کوئی معبود مگر اللہ اکیلا نہین شریک کوئی اوسکا اور تحقیق محمد بندہ اوسکی ہین اور رسول اوسکی راضی ہوا مین
ساتہہ اللہ کی ازروی رب ہونی کی اور ساتہہ محمدؐ کی ازروی رسول ہونی کی اور ساتہہ اسلام کی ازروی دین
ہونی کی بخشی جاتی ہین اوسکی لیی گناہ اوسکی نقل کی ہیہ مسلم نی اور چارون نی اور ابن سنی نے مَنْ قَالَ
مِثْلَ مَقَالِہٖ یَعْنِی الْمُؤَذِّنَ وَشَہِدَ مِثْلَ شَہَادَتِہٖ فَلَہُ الْجَنَّۃُ * ص * جو کوئی کہی مانند کہنی اوسکے
مراد کہتی ہتی صلی اللہ علیہ وسلم ساتہہ ضمیر مقالہ کی موذن اور گواہی دی یعنی وحدانیت اور رسالت پر وقت جواب
دینی شہادتین کی مانند گواہی دینی موذن کی پس اوسکی لیی بہشت ہی نقل کی ہیہ ابویعلی نی وَکَانَ اِذَا سَمِعَ
الْمُؤَذِّنَ یَتَشَہَّدُ قَالَ وَاَنَا وَاَنَا * دحب مس * اور ہتی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب سنتی ہتی
موذن کو کہ شہادتین کہتا ہی فرماتی ہتی اور مین ہی گواہی دیتا ہون اور مین ہی گواہی دیتا ہون نقل کی ہیہ ابوداؤد
ابن حبان حاکم نی ف تکرار اَنَا کی واسطی جواب شہادتین کی ہی یعنی جب موذن اَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
اور اَشْہَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہتا ہتا حضرت اوسکی بعد جواب مین اَنَا اَنَا فرماتی ہتی کذا ذکر العلی ثُمَّ لِیُصَلِّ
عَلَیَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لِیَسْئَلِ اللّٰہَ لَہُ الْوَسِیْلَۃَ * مردت سئ * پہر درود
بہیجی یعنی بعد فراغت پانی کی جواب اذان سی حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پہر مانگی خدا سی واسطی پیغمبر صلی اللہ علیہ
وسلم کی مقام وسیلہ نقل کی ہیہ مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی ابن سنی نی ف مراد وسیلہ سی اس حدیث
مین قرب درگاہ الٰہی کا ہی اور بلندی درجی کی نزدیک اللہ تعالیٰ کی اور بعضی کہتی ہین مراد وسیلہ سی مقام شفاعت ہے

دن قیامت کی اور بعضون نی کہا ہی کہ وہ مکان ہی مکانون جنت سی جیسی کہ حدیث شریف مین آیا ہی کہ پہر مانگو میرے لیے
اللہ سی وسیلہ کہ وہ ایک مکان ہی جنت مین کہ نہین لائق ہی مگر واسطی ایک بندی کے بندون اللہ کے سی اور مین امید
رکہتا ہون کہ وہ مین ہونگا پس جسنی میری لئی وسیلہ مانگا واجب ہوئی اوسکی لئی شفاعت میری کذا ذکر الفخر
والعلی اور وسیلہ یون مانگی یقول اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ والصلوۃ القائمۃ
آت محمدن الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ مقاما محمودن الذی وعدتہ ۔ خ عہ حب سنے
انک لا تخلف المیعاد ۔ سنے ۔ یہی سنی والا یا اللہ پروردگار اس پکار پوری کی اور نماز حاضر کی دی محمد کو
وسیلہ اور فضیلت اور اوٹہا اوسکو مقام محمود مین وہ جو وعدہ کیا ہی تونی اوس سی نقل کی بیہقی نی اور چارون نے
اور ابن حبان اور بیہقی نی اور بیہقی نی بہہ جملہ بہی زیادہ نقل کیا ہی کہ تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدی مین ف
مراد دعوت تامہ سی بلانا طرف توحید کی ہی یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ یا کلمات اذانکی مراد ہین اوس سی
کہ نماز کی طرف بلاتی ہین اور فضیلت یعنی قدر و مرتبہ بلند سب خلائق پر اور ظاہر یہہ ہی کہ فضیلت عطف تفسیری
وسیلہ کا ہی یعنی فضیلت بہی وسیلہ کو کہتی ہین یا مرتبہ دوسرا ہی سوای وسیلہ کی مقام محمود یعنی وہ مقام
کہ تعریف کیا جاوی اوس مقام والا سبکی زبان پر اور رشک لیجاوین تمام خلق اور وہ مقام قرب
اور شفاعت کا ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اوس مقام مین کہڑی ہوکر شفاعت کرینگی اور
اولین و آخرین حیران اور سرگردان ہونگی اور کوئی انبیا اور رسولون مین سی وہشت اوس مقام کیسی دم نہین
مار سکیگا مشہور تر قول بیان مقام محمود کا یہہ ہی اور بہت سی قول علماء نی لکہی ہین اور وہ جو وعدہ
کیا ہی تونی یعنی آیت عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا مین اگر کوئی کہی کہ جب اللہ تعالی نی وعدہ فرمایا
اور کی دعا کی کیا احتیاج جواب یہہ کہ امت بہی ثواب پاوی یا تواضعا اور کسر نفسی سی حضرت نی فرمایا کہ باوجود
اس وعدے کی بہی احتیاج بی نیازی رکہتا ہون کذا ذکر العلی والفخر اور فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی
کہ جسنی بعد سننی اذان کی یہہ دعا پڑہی لائق اور واجب ہوئی اوسکو شفاعت میری دن قیامت کی کذا

فی البخاری ما من مسلم یسمع النداء فیکبر ویکبر ویقول اشهد ان لا الٰہ الا اللہ واشهد علانیۃ
ان محمدا رسول اللہ ثم یقول اللھم اعط محمدا ان الوسیلۃ والفضیلۃ وابعثہ فی الا
درجتہ فی المصطفین محبتہ وفی المقربین ذکرہ الا وجبت لہ الشفاعۃ یوم القیامۃ *
ط * نہیں کوئی مسلمان کہ سنے اذان پھر اللہ اکبر کہی موذن اور اللہ اکبر کہی سننے والا اور کہی سننے والا بعینہ
جواب موذن کا دی جب کہ شہادتین سنے اسطرح اشہد ان لا الہ الا اللہ اور اشہد ان محمدا رسول اللہ
پھر کہی یعنی بعد فراغت اذان کی اور تمام کرنی جواب کی یا اللہ دی حضرت محمد کو وسیلہ اور فضیلت اور کرانکو
بیچ بلند ترین مرتبہ والوں کے مرتبہ اونکا یعنی ثابت رکھ درجہ اونکا اعلیٰ علیین درجہ رسولون میں اور کر بیچ دل
برگزیدون کی محبت اونکی اور کر بیچ زبان مقربون کی یعنی انبیا اور ملائکہ کی ذکر اونکا مگر واجب ہوئی
اوسکی لئی شفاعت دن قیامت کی یعنی نہ کریگا کوئی مسلمان جو کہ مذکور ہوا مگر کہ واجب ہوگی اوسکی لئی شفاعت
حضرتؐ کی نقل کی یہ طبرانی نے من قال حین ینادی المنادی اللھم رب ھذہ الدعوۃ القائمۃ والصلوٰۃ
النافعۃ صل علی محمد وارض عنی رضا لا تسخط بعدہ استجاب اللہ دعوتہ *
ط * جو کوئی کہی جسوقت کہ اذان دی موذن یعنی وقت شروع اذان کی پڑہی یا بعد فراغت کی یا اللہ پروردگار
اس پکار ہمیشہ رہنی والی کی اور اسی پروردگار اس نماز فائدہ دینی والی کی یعنی پڑہنی والا اوسکا عذاب سے
نجات پاتا ہی رحمت خاص بیچ اوپر محمد کے اور راضی ہو مجھسے یعنی ساتھہ تھوڑی عمل کی راضی ہونا کہ نہ غضب
ہو وی تو بیچی اوسکی قبول کرتا ہی خدا دعا اوسکی یعنی جو کوئی وقت اذان کی ان کلمات کو پڑہ کر دعا کریگا
دعا اوسکی مقبول ہوگی خواہ یہہ دعا ہو یا اور ہو نقل کی یہہ احمد اور طبرانی نی اوسط میں اور ابن سنی نے
من نزل بہ کرب او شدۃ فلیتحین المنادی فاذا کبر کبر واذا تشھد تشھد واذا قال
حی علی الصلوٰۃ قال حی علی الصلوٰۃ واذا قال حی علی الفلاح قال حی علی الفلاح ثم یقول
اللھم رب ھذہ الدعوۃ الصادقۃ المستجاب لھا دعوۃ الحق وکلمۃ التقوی احینا علیھا

وَاَتِنَا عَلَيْهَا وَانْشَأْ عَلَيْهَا وَجَعَلْنَا مِنْ خِيَارِ اَهْلِهَا اَحْيَاءً وَاَمْوَاتًا ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ مس
ہی پوجس پر اور ہی غم یا سختی پس چاہیے کہ تلاش کرے وقت مؤذن کا یعنی منتظر وقت اذان کہنے کے پس جب اللہ اکبر کہی
مؤذن اللہ اکبر کہی سننے والا اور جب شہادتین کہی مؤذن شہادتین کہی سننے والا اور جب کہی مؤذن حَیَّ
علی الصلوٰۃ کہی سننے والا حَیَّ علی الصلوٰۃ اور جب کہی مؤذن حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کہی سننے والا حَیَّ علی الفلاح پر کہی قَدْ
یعنی بعد جواب دینے ساری اذان کی پڑھے یہہ دعا یا اللہ پروردگار اس دعا سچی مقبول کی کہ دعا حق ہے اور کلمہ
تقویٰ کا ہی زندہ رکھہ ہمکو اسپر یعنی مستقیم رکھہ اسکی اعتقاد پر اور عمل پر بمقتضای اسکے زندگی میں اور مار ہمکو
اسپر اور اوٹھا ہمکو اسپر اور کر ہمکو بہترین اہل دعا میں سے یعنی کر ہمکو جملہ مومنین کامل سے حالت زندگی میں اور
حالت موت میں پھر مانگے خدا تعالیٰ سے حاجت اپنی کہ جسمیں مبتلا ہے نقل کے یہہ حاکم ابن سنی نی ف
کلمہ تقویٰ کا ہی یعنی کلمہ تقویٰ والوں کا ہی جو تقویٰ کرتی ہیں شرک سے یا اضافت کلمی کی تقویٰ کی طرف اسلئے ہے
کہ اسکے سبب سے آدمی اگر بچتا ہی اور مراد دونو جملونسے کلمہ شہادت کا ہی کذا ذکر البعلی وَالدُّعَاءُ
بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ لَا يُرَدُّ دت س حب ص ہ فَادْعُوْا ص ہ فَاسْئَلُوا اللّٰهَ
الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ف ہ اور دعا درمیان اذان اور تکبیر کی رد نہیں کی جاتی نقل کی ہے
ابو داؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابو یعلی نی اور ایک روایت میں ابو یعلی نی بعد اسکی یہہ بھی نقل کیا کہ پس دعا
کرو پس مانگو اللہ تعالیٰ سے عافیت دنیا اور آخرت میں نقل کی ہے ترمذی نی یعنی بجای فادعوا کی ف ظاہر
اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ دعا قبول ہوتی ہی درمیان اذان اور تکبیر کے خواہ متصل اذان کی ہو یا فرق سے مگر
متصل اولیٰ ہی موافق ہونے ساتھہ حدیث الدُّعَاءُ مُسْتَجَابٌ عِنْدَ النِّدَاءِ کی یعنی دعا قبول ہوتی ہی نزدیک
اذان کے واللہ اعلم کذا ذکر العلی وَالْاِقَامَةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ
الصَّلٰوةُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ د ق صہ ت ہ اور تکبیر یہہ ہی اللہ بہت بڑا ہی

اللہ بہت بڑا ہی گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ ہی ہین آؤ تم
نماز پر آؤ تم مراد ملتی ہے تحقیق قائم ہوئی نماز تحقیق قائم ہوئی نماز اللہ بہت بڑا ہی اللہ بہت بڑا ہی نہین کوئی معبود
مگر اللہ نقل کی یہہ احمد ابو داؤد وابن ماجہ ابن خزیمہ ترمذی نی ف یہہ موافق مذہب شافعی کی ہی اور مذہب امام اعظم
رحمہ اللہ کے مین تکبیر کی بھی کلمہ دو دو ہین جیسیکہ حدیث مابعد سی ثابت ہوتی ہی اور امام طحاوی نے کہا ہی کہ متواتر آثار
سی ثابت ہی کہ بلال تکبیر دو دو بار کہتی ہی مرتی دم تلک اور یہہ حدیث اگر صحیح بھی منسوخ ہی ساتھہ حدیث آیندہ کی کذا ذکر
العلی اذ ھی کالاذان الا فی الترجیع وزیادۃ قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ ۱۲ عہ
مہ ۱۲ یا تکبیر مانند اذان کی ہی مگر بیچ ترجیع کی اور زیادتی قد قامت الصلوٰۃ قد قامت الصلوٰۃ کی نقل کی یہہ احمد
چار دن نے اور ابن خزیمہ نی ف مگر بیچ ترجیع کی یعنی تکبیر مین ترجیع نہین یعنی شہادتین مکرر نہین کی جاتی
ہین تکبیر مین مثل اذان کی پس اس صورت مین اذا کی انیس کلمی ہوئی جیسیکہ مذہب شافعی ہین ہی اور تکبیر کی سترہ کلمے
جیسیکہ مذہب حنفی مین ہی کذا ذکر العلی واذا قام الی الصلوٰۃ المکتوبۃ حب ت ۱۲ قال مہ
عہ حب ۱۲ بعد التکبیر ۱۲ مد ۱۲ وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض
حنیفا وما انا من المشرکین ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک
لہ وبذلک امرت وانا من المسلمین اللھم انت الملک لا الہ الا انت انت ربی و
انا عبدک ظلمت نفسی واعترفت بذنبی فاغفر لی ذنوبی جمیعا انہ لا یغفر الذنوب
الا انت واھدنی لاحسن الاخلاق لا یھدی لاحسنھا الا انت واصرف عنی سیئھا
لا یصرف عنی سیئھا الا انت لبیک وسعدیک والخیر کلہ فی یدیک والشر
لیس الیک انا بک والیک تبارکت وتعالیت استغفرک واتوب الیک ۱۲ مد عہ حب
ط ۱۲ اور جب کھڑا ہووی کوئی طرف نماز فرض کی نقل کی یہہ ابن حبان ترمذی نے کہی نقل کی یہہ مسلم اور چار دن نی
اور ابن حبان نے پیچھی تکبیر تحریمہ کی نقل کی یہہ مسلم ترمذی نی یعنی سر احدیث کا بعضون نی قال کہا اور بعضون نی بعد التکبیر زیادہ

کیا بعد اوسکی یہہ ہی متوجہ کیا مینی موہنہ اپنا طرف اوس ذات کی کہ پیدا کیا آسمانون اور زمین کو در حالی کہ توحید
کرنی والا ہون اور نہین مین مشرکون سی تحقیق نماز میری اور عبادتین میری اور زندہ رہنا میرا اور مرنا میرا اور سونپے
خدا پروردگار عالمون کے ہی یعنی جس چیز پر کہ حالت زندگی مین ہون اور جسپر کہ مرون گا یعنی طاعت اور ایمان
سب خالص خدا کی لئی ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتہہ اسیکے یعنی ساتہہ توحید اور اخلاص کے
حکم کیا گیا ہون مین اور مین سلمانون سی ہون یا اللہ تو بادشاہ ہی نہین کوئی معبود مگر تو تو پروردگار میرا ہے
اور مین بندہ تیرا ہون ستم کیا مینی جان اپنی پر یعنی بسبب قصور کرنیکی بندگی اور اطاعت مین اور اقرار
کیا مینی ساتہہ گناہون اپنی کی یعنی بسبب امید مغفرتکی کہ فرمایا ہی تونی کہ جو کوئی معترف گناہون کا ہو کر میری درگاہ
مین آتا ہی بسبب صدق اوسکی کی بخشتا ہون مین پس بخش میری لئی گناہ میری سب یعنی صغیرہ ہون یا کبیرہ
خطا ہون یا عمداً تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو اور راہ دیکہا مجکو طرف اچہی خلقون کی نہین راہ دیکہا تا طرف اچہی
خلقون کی کوئی مگر تو اور دور کر مجسی بری اخلاق نہین دور کرتا مجسی بری اخلاق مگر تو حاضر ہون مین خدمت تیری مین لبیک بالای حکم تیری
مین اور تمام بہلائیان بیچ ہاتہہ تیرے کی ہین یعنی تیری قبضۂ قدرت مین ہین اور برائی نہین نسبت کیجاتی طرف تیری
مین بسبب تیری موجود ہون اور طرف تیری رجوع کرتا ہون مین بابرکت ہی تو اور بلند ہی تو بخشش چاہتا ہون
مین تجسی اور توبہ کرتا ہون مین طرف تیری نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نی اور ابن حبان طبرانی نی
واسطی رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ جھگڑا ساتہہ خلق کی ترک کری اور راضی رہی
اونکو رنج و راحت مین اور سہیل تستری رحمہ اللہ نی لکہا ہی کہ ادنی مرتبہ حسن خلق کا یہہ ہی کہ خلق سے
جفا کہینچی اور بد لا نہ لی اور رحمت اور شفقت کری ظالم پر اور بخشش چاہی اوسکی لئی اور برائی نہین نسبت کیجاتی
طرف تیری یعنی اگرچہ خالق شر کا بہی اللہ ہی مگر یہ اسکا ادب کی نہین کہا جاتا خالق الشر جیسیکہ خالق
الکلاب یعنی پیدا کرنی والا کتون کا نہین کہا جاتا یا یہہ معنی ہین کہ شر تیری درگاہ مین مقبول نہین اور اوس
سی تقرب نہین حاصل کر سکتی بلکہ اچہی بات تو قبول کرتا ہی جیسیکہ فرمایا ہی اِلَیْہِ یَصْعَدُ الْکَلِمُ الطَّیِّبُ یعنی طرف

اوسکی چڑہتی ہین باتین ابھی اور تکبیر کی بعد جو دعا پڑہتی ہین اوسکو دعاء استفتاح کہتی ہین وہ کتنی وجہ صحیح سی روایت کی گئی ہی کہ ہر وقت مین حضرت مختلف پڑہتی تہی یعنی کبہی کوئی کبہی کوئی نہیہ کہ سبکو ہمیشہ پڑہتی تہی اور اگر کوئی جمع ہی کرہی جایز ہوگی اور یہہ جو اختیار کیا ہی بعض مشائخ نی کہ پڑہتی ہین وجہت وجہی کو پہلی شروع کرنی نیت کی پس وہ خلاف روایت اور درایت کی ہی اور لازم آتی ہی اسمین تاخیر تکبیر کے اقامت سے

نزدیک قائم ہونی جماعت کی کذا ذکر العلی والفخر اللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ع خ مد س ق

یا اللہ دوری ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کی جیسی کہ دوری ڈالی تو نی درمیان مشرق اور مغرب کی یا اللہ دہو گناہ میری ساتہہ پانی اور برف اور اولی کے نقل کے یہہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی

ابن ماجہ نی ف دونو جاہی مراد مبالغہ ہی مٹ جانی گناہون مین اسلئی کہ مشرق مغرب مین بڑا فرق ہی

اسی طرح گناہ دور ہون اور جو کپڑا تین چیزون سی کئی بار دہویا جاتا ہی نہایت صاف ہوتا ہی اسیطرح مجلوبہ پاک کر اور طرح طرح کی بخششین نازل کر یہہ بطریق تمثیل کے فرمایا ہی حقیقت اسکے مراد نہین کذا ذکر العلی

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ ع د س ق

مس ط موہر پاک ہی تو یا اللہ اور پاکی بیان کرتا ہون ساتہہ تعریف تیری کے اور پاک ہی نام تیرا اور بلند ہی بزرگی تیری اور نہین کوئی معبود سوا تیری نقل کیے یہہ ابوداؤد ترمذی ابن ماجہ حاکم طبرانی نی

اور موقوفاً مسلم نی ف مذہب امام اعظم اور محمد رحمہما اللہ کا اور ظاہر مذہب امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا

یہہ ہی کہ بعد تکبیر تحریمہ کی سبحانک اللہم آخر تک پڑہی اور وجہت وجہی آخر تک نہ پڑہی اور نزدیک ابو یوسف کے

یہہ ہی کہ دونو پڑہی اور مختار طحاوی یہ کا بہی یہی ہی مگر سبحانک پہلی پڑہنا اولی ہی اور ہر ایک سنہ حدیث سی ثابت ہی

ہین طعن نہ کری اور شرح مین اس مقام کو دیکہی کذا ذکر اللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا ع مرت س اللہ بہت بڑی اور تعریف ہی خدا کی لئی بہت

اور ساتھ پاکی کیا ذکر تا ہون مین اسد کو صبح اور شام مین نقل کی ہیہ سلم ترمذی نسائی فی الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا * قہ دمن * فیہ دمن * سب تعریف اللہ کی لئی ہے تعریف بہت پاک یعنی آمیزش ریا سی بابرکت نقل کی ہیہ سلم ابو داؤد نسائی فی اور ایک روایت مین ابو داؤد نسائی نے لفظ فیہ کا بھی زیادہ کیا بھی معنی وہی مین اسلئی کہ وہان فیہ مقدر ہی اور یہان مذکور ہی اللھم باعد بینی وبین خطیئتی کما باعدت بین المشرق والمغرب ونقنی من خطیئتی کما ینقی الثوب الابیض من الدنس ط * یا اللہ دوری ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کے جیسی کہ دوری ڈالی تو نی درمیان مشرق اور مغرب کی اور پاک کر مجکو گناہون میری سے جیسی کہ پاک کیا تو نی کپڑی کو میل سی نقل کیے ہیہ طبرانی فی دعاء الطہور ع د * اللہ اکبر کبیرا ثلثا الحمد للہ کثیرا ثلثا سبحان اللہ بکرۃ واصیلا ثلثا اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم من نفخہ ونفثہ وھمزہ * دق حب مس مص سنی * اور پڑھے نماز نفل مین نقل کی ہیہ ابو داؤد فی یعنی مخصوص ہوتا اس دعا کا نفل مین فقط روایت ابو داؤد مین آیا ہی اللہ بہت بڑا ہی بڑا بین بار پڑہی سب تعریف اللہ کو ہی بہت پڑہی تین بار پاکی بیان کرتا ہون اللہ کی صبح اور شام تین تین بار پڑہی پناہ مانگتا ہون مین ساتھ اللہ کی شیطان رانڈی ہوئی سی تکبر اوسکی اور سحر اوسکی سی اور وسوسے اوسکی سی نقل کی ہیہ ابو داؤد وابن ماجہ ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ بیہقی نے ف اکثر استعمال تطوع کا غیر سنون رواتب یعنی غیر مقرری مین آتا ہی اور لفظ الرجیم کا فقط ابن ماجہ اور بیہقی فی نقل کیا ہی مراد پڑہنی چاہئی اور مراد نفخ بھی کبر شیطان کا ہی یعنی تکبر اور خود پسندی کہ شیطان آدمی کو اس ورطہ مین ڈالتا ہی کہ اپنی کو اورون سی بڑا جانتا ہی اور اورون کو حقیر گنتا ہی اور مراد نفث سی سحر ہی کہ شیطان آدمی پر سحر کر کر اپنا تابعدار کر لیتا ہی یا باعث ہوتا ہی سحر پر کہ لوگون سی سحر کرواتا ہی کذا ذکر العلی والفخر سبحان ذی الملکوت والجبروت والکبریاء والعظمۃ * طس * پاکی ہی صاحب بادشاہت کا اور صاحب غلبہ کا اور بزرگواری کا اور بزرگی نقل کی ہیہ طبرانی فی اوسط مین ع * جبروت مبالغہ ہی جبر مین یعنی قہر کی اور کبریا بزرگی قوت کی اور عظمت بزرگی

صفت کی کذا ذکرہ العلی وَاِذَا قَالَ الْاِمَامُ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ فَلْیَقُلِ الْمَاْمُوْمُ آمِیْنَ یُجِیْبُهُ اللّٰهُ

مد دس ق ؛ اور جب کہی امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پس چاہیئے کہ کہی مقتدی آمین قبول کریگا اللہ تعالیٰ دعا اوسکی

نقل کی یہہ مسلم ابوداؤد نسائی ابن ماجہ وَاِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّهٗ مَنْ وَافَقَ تَاْمِیْنُهٗ تَاْمِیْنَ

الْمَلٰٓئِکَةِ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ؛ خ مد ؛ اور جب آمین کہی امام پس چاہیئے کہ آمین کہی مقتدی پس جسکی موافق

ہووے آمین کہنی اوسکی آمین کہنی فرشتون کی بخشتا ہی اللہ واسطے اوسکی جو پہلی گذری گناہ اوسکی نقل کی یہہ بخاری مسلم ابی

ف یعنی جب امام آمین کہتا ہی فرشتے ہی آمین کہتی ہین پس اوسوقت مقتدیون کو بہی موافقت اونکی کرنی چاہیئے

کہ سبب ہی بخشش کی کذا ذکرہ العلی وَلَمَّا قَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ آمِیْنَ مَدَّ بِهَا صَوْتَهٗ **مد ادت**

مص رفع بها صوته د ؛ اور جب کہتی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم آمین دراز کرتی ہی ساتہہ اوسکی آواز اپنی نقل کی یہہ احمد

ابوداؤد وترمذی ابن ابی شیبہ بی بلند کرتی ہی ساتہہ آمین کی آواز اپنی نقل کی یہہ ابوداؤد وبی **ف** مذہب امام اعظم رح کا

یہہ ہی کہ آمین چپکی کہی مقتدی ہووے یا امام نماز سری ہووے یا جہری اور سند اونکی یہہ ہی کہ حضرت عمر اور حضرت عبداللہ بن مسعود

رضی اللہ عنہما فرماتی تہی کہ چار چیزین ہین کہ اخفا کری ساتہہ اونکی امام بسم اللہ اور اعوذ اور آمین اور تشہد اور ایک

روایت مین آیا ہی کہ حضرت عمر اور حضرت علی جہر نہین کرتی ہی ساتہہ بسم اللہ کے اور اعوذ کی اور آمین کی اور احمد اور ابو یعلی

اور طبرانی اور دارقطنی اور حاکم فی علقمہ سی اور نہونی وائل سی روایت کی ہی کہ مینی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ساتہہ نماز پڑہی

جب ولا الضالین کہا آمین چپکی کہی اور ایک دلیل اونکی یہہ ہی کہ آمین دعا ہی کہ معنی اسکے یہہ ہین یا اللہ قبول کر اور دعا

چپکی ہی اولی ہی جیسکہ فرمایا اللہ تعالیٰ فی اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً یعنی پکارو رب اپنی کو بعاجزی اور پوشیدہ اور مبسوط

مین شیخ الاسلام فی لکہا ہی کہ مذہب ہمارا مذہب علی اور عمر اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم کا ہی اور ابن مسعود فی فرمایا

کہ صحابہ فی آمین پکار کر کہنی موقوف کی ہی اسلئے کہ جانتی ہتی جہر آمین مین منسوخ ہوا اور صحیحین جہر کی بہی بہت اور صحیح مین

اور مذہب امام شافعی اور احمد کا بہی یہی ہی پس ہو سکتا ہی کہ جہر اول تعلیم صحابہ کی لئی ہوا ہو جیسی کہ اور دعا اونمین

تہا پس جب سیکہہ لئی صحابہ اخفا کیا پس اسطرح جہر اور اخفا دونو ثابت ہوئی واللہ اعلم کذا ذکرہ الفرد وکان اِذَا قَالَ آمِیْنَ

يَسْمَعُ مَنْ يَلِيهِ مِنَ الصَّفِّ الْأَوَّلِ * د ق * فَيُزَجِّ بِهَا الْمَسْجِدَ * ق * اور کہتی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
جب آمین کہتی ہی سنتا ہا وہ شخص کہ قریب اوسکی ہوتا ہا صف پہلی مین سے نقل کی یہہ ابو داؤد و ابن ماجہ نی پس گونجتی
ہی ساتھہ اوسکی مسجد نقل کی یہہ ابن ماجہ نی وَقَالَ اٰمِيْنَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * ط * اور کہتی ہی حضرت یعنی کہی
آمین تین بار نقل کی یہہ طبرانی نی وَحِيْنَ قَالَ وَلَا الضَّالِّيْنَ قَالَ رَبِّ اغْفِرْلِيْ اٰمِيْنَ * ط اور جب کہتی
ہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم ولا الضالین فرماتی ہی یعنی کہی ای رب میری بخش مجکو قبول کر دعا میری نقل کی یہہ
طبرانی نی وَاِذَا رَكَعَ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ * مُعْهُ حَبْ مس رَا * ثَلٰثًا * ر * وَذٰلِكَ
اَدْنَاهُ * د * اور جب رکوع کری کہی پاکی پروردگار میرا بڑا نقل کیے یہہ مسلم اور چاروں نی اور ابن حبان حاکم نی
اور ایک روایت مین بزاری نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا اَدْنٰی درجہ اسکا ہی نقل کی یہہ ابو داؤد نی
ف مراد ادنی سے ادنی درجہ کمال سنت کا ہی نہ ادنی درجہ جواز کا اسلئے کہ اصل جواز کا ایکبار ہی اور تین بار کہنا
داخل کمال کے ہی لیکن ادنی کمال کا اور افضل پانچ بار ہی یا سات بار اور اعلی درجہ کمال کے دہ ہین بعضون نی
دس تلک کہا ہی اور بعضون نی قریب بقدر قیام کی اور ملا علی قاری نی مظہر سے نقل کیا ہی کہ نہایت کمال کی سات
ہی اور یہہ سب حالتین تنہائی مین ہین اور امام رعایت حال مقتدیون کی کری سفیان ثوری نی کہا ہی کہ امام
تسبیحات رکوع سجود کی پانچ بار کہی کیونکہ اوذکر الفجر اور ایک روایت مین رکوع کی یہہ تسبیح آئی ہی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ
رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ * خ مر دس ق * پاکی ہی تجکو یا اللہ رب ہمارے اور ساتھہ
کرتا ہون ساتھہ تعریف تیری یا اللہ بخش مجکو نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ابن ماجہ نی سُبْحَانَ اللّٰهِ
وَبِحَمْدِهٖ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * اَط * یہہ پڑہی سبحان اللہ وبحمدہ تین بار نقل کیے یہہ احمد طبرانی نی اَللّٰهُمَّ لَكَ
رَكَعْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ وَعَصَبِيْ * مر دس
یا اللہ تیری ہی لئی رکوع کیا مینی اور ساتھہ تیرے ایمان لایا مین اور تیری ہی لئی اسلام لایا مین اور تابعدار
اور فروتنی کی واسطے تیری سماعت میری نی اور بینائی میری نی اور گودن میری نی اور ہڈی میری نی اور پٹھے میرے نی نقل کی یہہ مسلم

ابو داؤد و نسائی نے ف یہہ کنایہ ہی کمال خضوع و خشوع سی کہ تمام اعضا طرف اوسکی فروتنی کرتی ہین سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحِ * مرد س * تو ہی پاک نہایت پاک پروردگار فرشتون اور جبرئیل کا نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی نے رَكَعَ لَكَ سَوَادِي وَخَيَالِي وَآمَنَ بِكَ فُؤَادِي أَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ هٰذِهِ يَدَايَ وَمَا جَنَيْتُ عَلَى نَفْسِي * سر پر رکوع کیا میری نی اور باطن میری نی اور ایمان لایا ساتھہ تیری دل میرا اقرار کرتا ہون مین ساتھہ نعمت تیری کے کہ مجھہ پر ہی یہہ ہین ہاتھہ میری اور جو کچھہ کہ گناہ کیا مینی اوپر جان اپنی کی نقل کی یہہ بزاری ف یعنی گناہ میری پاس سب موجود ہین اور مین اقرار کرتا ہون اوسکا مقصود ظاہر کرنا عجز کا ہی اور اقرار کرنا اپنی تقصیر کی طاعات مین اور نہ بجا لانی اوامر و نواہی سی کذا ذکرہ العلی سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ * درس * پاک ہی صاحب غلبہ اور صاحب پادشاہت اور صاحب بڑائی اور بزرگی کا نقل کی یہہ ابو داؤد نسائی نے وَإِذَا قَامَ مِنَ الرُّكُوعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ * مرعہ ط * اور جب کھڑا ہوتا رکوع سی کہی قبول کیا اللہ نی واسطی اوسکی کہ تعریف کی اوسکی نقل کی یہہ مسلم اور چارون نی اور طبرانی اور ابن سنی نی اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ * خ مرت س د * رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ خ مر * رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ * خ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ * خ درس * یا اللہ پروردگار ہماری تیری ہی لئے تعریف ہی نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابو داؤد نی ای رب ہماری اور تیری ہی لئی تعریف ہی نقل کی یہہ بخاری مسلم نی ای رب ہمارا تیری ہی لئی تعریف ہی نقل کی یہہ بخاری نی ای پروردگار ہمارا اور تیری ہی لئی تعریف ہی بہت پاکیزہ یعنی خالی ریا اور شرک سی بابرکت یعنی ساتھہ زیادتی خلوص اور حضور کی نقل کی یہہ بخاری ابو داؤد نسائی نی ف نقل کیا شیخ فخر الدین نی کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جب امام سمع اللہ لمن حمدہ کہی کہو اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ کہ جس کسی کا قول موافق ہوا قول ملائکہ کی ساتھہ بخشی جاتی ہین گناہ اوسکی پہلی کی اور امام اعظم کی مذہب مین امام سمع اللہ لمن حمدہ کہی اور مقتدی ربنا اور اگر اکیلا نماز پڑھتا دونو کہی اور صاحبین کے نزدیک امام بھی دونو کہی چنانچہ امام طحاوی نی بھی اختیار کیا ہی لیکن ربنا چپکی سی کہے

وَمَا بَعْدَهُ وَمَزِيدٌ اور وظائف النبی میں لکھا ہی کہ امام دولابی نے یہ بھی سنا ہی اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ
السَّمٰوٰتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ
اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِيْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْوَسَخِ مدت ق
یا اللہ تیری ہی لئی سب تعریف ہی سماؤن بہر اور زمین بہر اور بعد بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو کسی چیز سے
پہلی آسمان و زمین کے یا اللہ پاک کر مجکو ساتھہ برف اور اولی اور پانی ٹہنڈی کے یا اللہ پاک کر مجکو گناہون
سی اور مجکو کون سی جیسکہ پاک کیا جاتا ہی کپڑا سفید میل سی نقل کی بہ مسلم ابو داؤد ترمذی ابن ماجہ نی ف
کہ چاہی تو کسی چیز سی بہی آسمان و زمین کے یعنی مانند عرش کی اور اوپر اوسکی اور تحت الثری کے درمیان کی
اور مراد کثرت حمد کی ہی یعنی اگر حمد کا جسم فرض کیا جاوی تو اس قدر ہووی کہ یہہ چیزین بہر جاوین کذا
ذکر اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ
مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ
لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ مد دس یا اللہ پروردگار ہماری تیری ہی لئی سب تعریف
ہی آسمانون اور زمین بہر اور بعد بہرنی اوس چیز کی کہ درمیان اونکی ہی اور بعد بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو
کسی چیز سی بعد اسکی اے صاحب تعریف اور بزرگی کی لائق تر ہی اوس چیز سی کہ کہی بندہ اور ہم سب بندے
تیری بندگی مین نہین کوئی روکنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ روکی تو
اور نہین فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیرسی دولتمندی نقل کیے بہ مسلم ابو داؤد نسائی ف اَللّٰهُمَّ
رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمٰوٰتِ وَمِلْءُ الْاَرْضِ وَمِلْءُ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءُ مَا شِئْتَ بَعْدُ اَهْلَ
الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ط یا اللہ پروردگار ہمارے
حضرت عبد سرادہانی کی رکوع سی سر اوٹہانی کی تو کہتی تہی یا اللہ پروردگار ہماری تیری ہی لئی تعریف ہی آسمان
و زمین بہر اور بعد بہرنی اوس چیز کی کہ درمیان اونکی ہی اور بعد بہرنی اوس چیز کی کہ چاہی تو بعد اسکی اے

لائق تعریف کی اور ای صاحب بڑائی اور بزرگی کی نہین کوئی دیکنی والا اوس چیزکو کہ وہی تونی اور نہین نفع دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی اوسکی نفل کیے یہہ طبرانی نی وَاِذَا سَجَدَ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی * مَرْعَہ مَرْحَبْ مَسْ * ثَلٰثًا * رَبِّ وَذَلِكَ اَدْنَاہُ * دَ * اور جب سجدہ کری کہی پاکی ہی پروردگار بلند میرا نقل کیے یہہ مسلم نی اور چارون نی اور بزار ابن حبان حاکم نی اور ایک روایت مین بزار نی تین بار پڑہنا اسکا نقل کیا ہی اور تین بار کہنا ادنی درجہ اوسکا ہی نقل کی یہہ ابوداؤد نی اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ * مَرْعَہ * اور کبھی سجدہ مین فرماتی آنحضرت یا اللہ پناہ مانگتا ہون ساتھہ خوشنودی تیری کی غضب تیری سی اور ساتھہ عافیت تیری کی یعنی نجات تیری کی عذاب تیری ہی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ تیری عذاب تیری سی نہین گن سکتا مین تعریف تجہہ تو ویسا ہی ہی جیسکہ تعریف کے تونی اوپر نفس اپنی کی نقل کیے یہہ مسلم نی اور چارون نی اَللّٰھُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَلَكَ اَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَہٗ وَصَوَّرَہٗ فَاَحْسَنَ صُوَرَہٗ وَشَقَّ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ تَبَارَكَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ * مَرْدَسْ * یا اللہ تیری ہی لئی سجدہ کیا مینی اور ساتھہ تیری ایمان لایا مین اور ترا اسلی تیری اسلام لایا مین یعنی اطاعت کی ظاہر مین سجدہ کیا موہہ میری نی یعنی ذات میری نی اوس ذات کو کہ پیدا کیا اوس کو اور صورت بنائی اوسکی پس اچہی بنائین صورتین اوسکی اور کہولی کان اوسکے اور آنکہین اوسکی بہت برکت والا ہی خدا بہترین پیدا کرنی والونکا نقل کیے یہہ مسلم ابوداؤد نسائی نی ف فاحسن صورہ فقط ابوداؤد نسائی نے روایت کیا ہی یعنی خاص کیا اوسکو سب مخلوقات مین سی ساتھہ نصب کرنی قد کی اور دینی خوب صورتی کی اور معتدل کرنی مزاج کی وغیر ذلک بہترین پیدا کرنی والون کا پیدا کرنی والا اللہ ہی ہی مگر مجازًا باعتبار ظاہر کی فرمایا گویا خالقین بمعنی صانعین کی ہی کذا ذکر العلی الفخر خَشَعَ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَدَمِیْ وَلَحْمِیْ وَعَظْمِیْ وَعَصَبِیْ وَمَا اسْتَقَلَّتْ بِہٖ قَدَمِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

مس حب * عاجزی کی کان میری نی اور آنکھون بری نے اور لہو بری نی اور گوشت بری نی اور ہڈی بری نی
اور پٹھی بری نی اور وہ چیز نی کہ اوٹھایا اوسکو بوجھ بری نی یعنی تمام اعضا نی واسطی خدا پروردگار عالمون کے
نقل کی یہہ نسائی ابن حبان نی ف لام اللہ کا خشع سی لگتا ہی یعنی ان سب چیزون نی فروتنی کی واسطی اللہ تعالی
سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح * مد دس تو پاکی ہی نہایت پاک پروردگار فرشتون اور
جبریل کا نقل کیا یہہ مسلم ابوداؤد نسائی نے سبحانک اللہم ربنا وبحمدک * خ مد دس ق *
پاکی ہی تو ای اللہ پروردگار ہماری اور پاکی بیان کرتا ہون مین ساتھہ تعریف تیری نقل کیا یہہ بخاری مسلم ابوداؤد
نسائی ابن ماجہ نی اللہم اغفر لی ذنبی کلہ دقہ وجلہ واولہ واخرہ وعلانیتہ وسرہ
مد * یا اللہ بخش واسطی میری گناہ میری سب چھوٹی اور بڑی اور اگلی اور پچھلی یعنی جو کر چکا ہون اور جو
مقدر ہین آیندہ کو اور ظاہر اور پوشیدہ نقل کیا یہہ مسلم ابوداؤد نی ف جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ
وسلم پاک ہی گناہون سی کہ بخشی گئی ہی اگلی پچھلی گناہ لیکن یہہ دعا کرتی ہی فقط واسطی ظاہر کرنی بندگی
کی اور احتیاج کی طرف اللہ تعالی کی باوجود اس رتبی کی اور واسطی ادای شکر نعمت مغفرت کی
یا واسطی تعلیم امت کی کذا ذکرا الفخر اللہم سجدلک سوادی وخیالی وبک امن فؤادی
ابوء بنعمتک علی وھذا ما جنیت علی نفسی یا عظیم یا عظیم اغفر لی فانہ لا یغفر الذنوب
العظیمۃ الا الرب العظیم * مس * یا اللہ سجدہ کیا واسطی تیری ظاہر میری نی اور باطن میری نی اور
ساتھہ تیری ایمان لایا دل میرا اقرار کرتا ہون مین ساتھہ نعمت تیری کی مجھ پری اور یہہ ہی جو کچھہ گناہ کیا مینے
اوپر نفس اپنی کے یعنی گناہ میری پاس موجود ہین اور مین معترف ہون اونکا ای بزرگ ای بزرگ بخش
مجکو اسکی تحقیق نہین بخشتا بڑی گناہون کو کوئی مگر پروردگار بزرگ نقل کیا یہہ حاکم نی سبحان ذی
الملک والملکوت سبحان ذی العزۃ والجبروت سبحان الحی الذی لا یموت اعوذ بعفوک
من عقابک واعوذ برضاک من سخطک واعوذ بک منک جل وجہک * مس پاکی ہی

صاحب سلطنت ظاہر کا اور باطن کا پاک ہی صاحب غلبہ اور قدرت کا پاک ہی وہ زندہ کہ نہ مری پناہ مانگتا ہون
مین ساتھہ عفو تیری کی عذاب تیری سی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ خوشنودی تیری کے غضب تیری سے
اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب تیری سی بزرگ ہی ذات تیری نفل کی یہہ حاکم فی سنن اٰتِ اَعْطِ نَفْسِیْ تَقْوٰهَا
زَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا ۱۲ ای رب میری دی نفس میری کو تقوی اوسکا
پاک کر اوسکو یعنی بُری باتون ظاہر اور باطن کیسی تو بہترین اون شخصون کا ہی کہ پاک کرتی ہین نفس کو یعنی گناہون سے
تو ہی کارساز اوسکا اور مالک اوسکا نفل کی یہہ احمد فی ف تقوی یعنی نیک کاری اور پرہیزگاری حرام
چیزون سی اور احتراز زیادتی حرص و ہوا سی اور محقق لکہتی ہین کہ تزکیہ نفس کا سبب ہوتا ہی تصفیہ دل کا جبکہ نفس
آمیزش ہوا اور ریا سی پاک ہوتا ہی فی الحال دل آلودگی ماسوای حق سی صاف ہو جاتا ہی بیت تا نفس بر از منائے
نشود دل آئینۂ نور الٰہی نشود یہہ مالک سی یہہ اشارہ ہی کہ پاک اور با ادب رکہہ اوسکو جیسی کہ با ادب رکہتا ہے
مولی بندی اپنی کو کذا ذکر العلی والفخر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ ۱۲ مص ۱۲ یا اللہ
بخش واسطی میری وہ گناہ کہ پوشیدہ کی مینی اور جو ظاہر کی مینی نفل کی یہہ ابن ابی شیبہ فی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ
نُوْرًا وَاجْعَلْ فِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ اَمَامِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْ خَلْفِيْ نُوْرًا
وَاجْعَلْ مِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا ۱۲ مص ۱۲ یا اللہ کر دل میری مین روشنی اور کر سماعت میری مین
روشنی اور کر بینائی میری مین روشنی اور کر آگی میری روشنی اور کر پیچہی میری روشنی اور کر نیچی میری روشنی اور
بڑہی کر میری لئی روشنی نفل کی یہہ ابن ابی شیبہ فی آداب رکوع سجود کی یہہ ہین کہ اچہی طرح رکوع سجود مین اور رکوع کے
بعد اور درمیان دونون سجدون کی ٹہیری جلدی نکری کہ جلدی مین وعید شدید آئی ہی اور امام کی پہلی رکوع سجود
نکری کہ سر اوسکا گدہی کا ہو کا قیامت کو کذا فی وظائف النبی اور باقی آداب فقہ مین دیکہنی چاہئین وَفِيْ
سُجُوْدِ الْقُرْاٰنِ سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ بِحَوْلِهٖ وَقُوَّتِهٖ
سورت مس سَرَارًا ۱۲ یہہ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۱۲ مس ۱۲ اور بیچ قرآن کے

سجدہ نہیں پہنچا دعا کہ سجدہ کیا مونہہ میری نی واسطی اوس ذات کی کہ پیدا کیا اوسکو اور صورت دی اوسکو اور
کہولی کان اوسکی اور آنکہیں اوسکے ساتہہ قدرت اپنے کے اور قوت اپنی کے نقل کیے یہہ نسائی ابو داؤد ترمذی
حاکم نی اور ایک روایت مین ابو داؤد نی کئی بار پڑہنا اسکا نقل کیا اور ایک روایت مین حاکم نی یہہ جملہ زیادہ
کیا پس بہت برکت والا ہی اللہ نیکتر ین پیدا کرنی والون کا اَللّٰھُمَّ اکْتُبْ لِیْ بِھَا عِنْدَکَ اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّیْ
بِھَا وِزْرًا وَّاجْعَلْھَا لِیْ عِنْدَکَ ذُخْرًا وَّتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ عَبْدِکَ دَاوٗدَ ت ق
حب مس ۵ یا اللہ لکہہ میری لئی نزدیک اپنی بسبب سجدہ کی ثواب اور دور کر مجہی بسبب اوسکی بوجہہ گناہ کے
اور کر اوسکو میری لئی نزدیک اپنی ذخیرہ اور قبول کر اوسکو مجہی جیسی کی قبول کیا تو نی اوسکو بندی اپنی داؤد
سی نقل کیے یہہ ترمذی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ ایک شخص نی جناب رسالت
مآب علیہ الف الف صلوٰۃ کی پاس حاضر ہو کر عرض کیا کہ آجکی رات خواب مین دیکہا مینی کہ گویا ایک درخت کی
نماز پڑہتا ہون مین اور جب سجدہ کیا مینی اوس درخت نی بہی سجدہ کیا اور یہ دعا پڑہی پس جناب سرور عالم نی
آیت سجدہ کی قصداً پڑہی اور سجدہ کر کر یہی دعا پڑہی کذا فی المشکوٰۃ وشرح الفخر مَا وَضَعَ رَجُلٌ جَبْھَتَہٗ
لِلّٰہِ سَاجِدًا اِلَّا رَفَعَ رَأْسَہٗ وَقَدْ غُفِرَ لَہٗ ۵ مو مص ۵
کسی آدمی نی پیشانی اپنی واسطی اللہ کی حال یہہ کہ سجدہ کرنی والا ہی پس کہا ای رب میری بخش مجکو تین بار
مگر کہ اوٹہایا سر اپنا اوسحال مین کہ تحقیق بخشی گئی واسطی اوسکی گناہ اوسکی نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ
ف یعنی جو کوئی سجدی مین اس دعا کو تین بار پڑہی پہلی سر اوٹہانی کی گناہ اوسکی بخشی جاتی ہین اور علما کو سجدۂ
تلاوت مین اختلاف ہی امام اعظم اور صاحبین رحمہم اللہ کی نزدیک واجب ہی چودہ جگہہ ہین سنی والون پر اور پڑہنی والون پر
اور اور ونکی نزدیک سنت ہی اور اگر تسبیحات نماز کی سجدی کی پڑہی تو کافی ہین مگر دعائین کہ حضرت سی اس سجدہ مین ثابت
ہوئی ہین پڑہی افضل ہین اور چودہ جگہہ سجدہ کی یہہ ہین آخر سورۂ اعراف مین اور سورۂ رعد مین اور نحل مین اور بنی
اسرائیل مین اور مریم مین اور پہلا سجدہ حج کا اور فرقان اور نمل اور الم تنزیل السجدۃ اور ص اور حم سجدہ

اور نجم اور اذا السماء انشقت اور اقرأ باسم سبک کا اسیطرح مصحف حضرت عثمان رضی کے ہین لکھی ہین اور امام شافعی
اور امام احمد کی نزدیک بہی چودہ ہین مگر فرق یہہ ہی کہ اونکی نزدیک بجای سجدۂ ص کی دوسرا سجدہ
سورۂ حج کا ہی ص مین اونکی نزدیک موکّد نہین ہے اور امام مالک کی ہان گیارہ ہین سورۂ نجم اور اذا
السماء انشقت اور اقرأ مین اونکی نزدیک نہین کذا ذکرہ الفخر و اذا جلس بین السجدتین قال اللھم
اغفرلی وارحمنی وعافنی واھدنی وارزقنی ۞ رت ق مس سنے ۞ واجبرنی ۞
ت مسنے ۞ وارفعنی ۞ مس ق سنے ۞ اور جب بیٹہی درمیان دونو سجدو مین
پڑہی یا اللہ بخش مجکو اور رحم کر مجپر اور چین دی مجکو اور راہ دکہا مجکو اور رزق دی مجکو نقل کی یہہ ابوداؤد
ترمذی ابن ماجہ حاکم بیہقی نے اور غنی کر مجکو نقل کی یہہ ترمذی بیہقی نے اور مرتبہ میرا بلند کر نقل کی یہہ
یہہ حاکم ابن ماجہ بیہقی نے یعنی ان کتاب والون نی یہہ الفاظ پہلی دعا مین زیادہ نقل کی ہین و
فی الفجر ۞ مر مس مومص ۞ اور دعای قنوت پڑہی فجر کی نماز مین نقل کی یہہ بزار حاکم نی اور
موقوفاً ابن ابی شیبہ نی ف دعای قنوت صبح کی نماز مین پڑہنی سنت موکدہ ہی مذہب شافعی مین اور
امام اعظم کی نزدیک بدعت ہی یہہ اپنی سند بہت سے حدیثین لائی ہین اور ان حدیثون کو محمول اسپر کیا
ہی کہ رعل اور ذکوان نی کہ قاریون کو شہید کیا تہا اونپر حضرت نی ایک مہینی تلک بد دعا کی قنوت مین
پہر منع کئی گئی اور چہوڑدی چنانچہ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ بہی نہین پڑہتے
تہی کذا ذکرہ الفخر و فی سائر الصلوات ان نزل نازلۃ اذا قال سمع اللہ لمن حمدہ فی الرکعۃ
الاخیرۃ وقنت من خلفہ ۞ ا د ۞ اور قنوت پڑہی تمام نمازون مین اگر اوتری کوئی حادثہ
قومی یعنی دعا کری اوسکی دفع کی لئی جب کہ کہی امام سمع اللہ لمن حمدہ بیچ رکعت آخری کی اور آمین کہین وہ لوگ
کہ پیچہی اوسکے ہین یعنی مقتدی نقل کی یہہ احمد ابوداؤد نی و اذا جلس للتشہد التحیات للہ والصلوات
والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ

الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ع سنی ہدایہ
بیٹھی واسطے التحیات کی پڑھی سب عبادتین زبان کی اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مال کی ثابت ہین واسطے خدا کے
سلام ہووی تیرا ہی نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر یعنی جو حاضر ہین مسلمان اور اوپر بندون
نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون ہین یہہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون ہین یہہ کہ تحقیق محمد
بندی اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین اور بیہقی نی ف مذہب حنفی ہین یہہ
تشہد پڑھتی ہین کہ روایت کی گئی ہی ابن مسعود سی اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یعنی خواہ حاضر ہون یا غائب
اور بندہ صالح وہ ہی کہ حق بندگی کا ویسا ادا کرے جیسی حکم کیا گیا ہی ساتھہ اوسکی اور استقامت کرے کسی طرح
خلل اور فساد ظاہر اور باطن اوسکے مین راہ نپاوی اور حضرت غوث الثقلین رضی لکھا ہی کہ صلاح ایک
حالت ہی کہ زوال اور فنا ارادہ اپنی کا سوا اور قائم ہو مراد حق پر کذا ذکر الفخر اَلتَّحِیَّاتُ الْمُبٰرَكٰتُ
الصَّلَوٰتُ الطَّیِّبَاتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا
وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ مرعہ
حنبلی عبادتین زبان کی بابرکت اور عبادتین بدن کے اور عبادتین مالی واسطے خدا کی ہین سلام ہووے
تیرا ہی نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون ہین یہہ کہ
نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون ہین یہہ کہ تحقیق محمد رسول اللہ کی ہین نقل کیے یہہ مسلم اور چارون نے
اور ابن حبان نے ف مختار اکثر شافعیہ کی یہی تشہد ہی اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوٰتُ لِلّٰهِ اَلسَّلَامُ
عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ مدس
ق عبادتین زبانی اور عبادتین مالی اور عبادتین بدنی واسطے خدا کی ہین سلام ہووی تیرا ہی نبی اور رحمت اللہ کی
اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون ہین یہہ کہ نہین کوئی معبود

کہ اللہ ایک ہی وہ نہیں کوئی شریک اوسکا اور تحقیق محمد بندہ اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کی ہیہ مسلم ابو داؤد نسائی
ابن ماجہ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ وَالصَّلَوَاتُ وَالْمُلْکُ لِلّٰہِ ۔ دعا دین زبانی ذکر عبادتین
مالی اور عبادتین بدنی اور بادشاہت واسطے خدا کی ہی نقل کی ہیہ ابو داؤد فی بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَلتَّحِیَّاتُ
لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ
عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

س ق مس ۔ شروع کرتا ہون مین ساتھہ نام اللہ کی اور ساتھہ توفیق اللہ کی عبادتین زبانی
واسطے خدا کی ہین اور عبادتین بدنی اور عبادتین مالی بھی سلام ہو وہی تمپر اے نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی
سلام ہی ہمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی گواہی دیتا ہون مین ہیہ کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ اور گواہی دیتا ہون
مین ہیہ کہ محمد بندہ اوسکی ہین اور رسول اوسکی نقل کی ہیہ نسائی ابن ماجہ حاکم **ف** یج اذکار نووی کے بھی نسائی
اور بخاری نے کہا ہی کہ زیادتی بسم اللہ کی اول تشہد مین صحیح نہین ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کسی محدث نے بھی
تشہد اختیار بھی نہین کیا ہی کذا ذکر الفخر اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ اَلزَّاکِیَاتُ لِلّٰہِ اَلطَّیِّبَاتُ اَلصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ
اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ
اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۔ **مو مس** طا عبادتین زبانی
خدا کی لئی ہین اور عبادتین مالی خدا کی لئی ہین اور عبادتین مالی خدا کی لئی ہین اور عبادتین بدنی خدا کی لئی ہین سلام ہو وی
تمپر اے نبی اور رحمت اللہ کی اور برکتین اوسکی سلام ہی ہمپر اور اوپر نیک بندون خدا کی گواہی دیتا ہون مین ہیہ کہ نہین کوئی معبود
مگر خدا اور گواہی دیتا ہون مین ہیہ کہ تحقیق محمد بندہ خدا کی ہین اور رسول اوسکی نقل کی ہیہ موطا **ف** تشہد
امام مالک نی اختیار کی ہی اور مراد پہلی عبادت مالی سی شاید وہ ہو کہ ایک ہو روپیہ سی اور دوسری سی حلال واللہ اعلم
وَبِاللّٰہِ خَیْرُ الْاَسْمَاءِ اَلتَّحِیَّاتُ الطَّیِّبَاتُ الصَّلَوَاتُ لِلّٰہِ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ

لاریب فیھا السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین

اللھم اغفرلی وارحمنی ۞ طٰسٓ شروع کرتا ہون مین ساتھہ نام خدا کی اور ساتھہ توفیق خدا کی کہ بہترین نامونکا
ہی عبادتین بزبان کیے اور عبادتین مال کیے اور عبادتین بدن کے واسطی خدا کی ہین گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ نہین کوئی معبود
خدا تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہون مین یہہ کہ تحقیق محمد بندی خدا کی ہین اور رسول اوسکی بھیجا
اونکو ساتھہ دین حق کی حال یہہ کہ وہ خوش خبری دینی والی ہین یعنی مومنون کو ساتھہ بہشت کے اور ڈرانی والی
ہین یعنی کافرون کو ساتھہ دوزخ کی اور گواہی دیتا ہون کہ تحقیق قیامت آنی والی ہی نہین شک اوسمین بیشک اللہ
ہووی تمپر ای نبی اور رحمت خدا کی اور برکتین اوسکی سلام ہووی تمپر اور اوپر بندون نیکبخت خدا کی یا اللہ بخش مجکو
اور راہ دکہا مجکو نفل کے بیہقی نے کبیر مین اور اوسط مین ف ازانکہ اس زمانی کی متصوفون کی مزاج
مین اوٹھانی اونکی کیسی التحیات مین انحراف واقع ہوا ہی بلکہ بعضون نی فتوی عدم جواز اور حرمت کا دیا ہی اسلئی
ضرور ہی کہ بہائی مسلمانونکی خیرخواہی کی لئی کتنی ایک روایتین حدیث اور فقہ کی کہ اسکی سنت ہونی مین واقع ہوئی
ہین بیان ہووین تا راہ راست پر مستقیم ہووین شیخ مجدالدین فیروزآبادی قاموس کی مصنف نی کہ سردار
محدثین کی ہین سفر السعادت مین کہ اوسمین عبادتین اور عادتین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کہ حدیثون صحیح
سی ثابت ہوئی ہین مطلع نظر مذاہب فقہا سی کرکر لکہین ہین لکہا ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم التحیات مین بیٹہتی
دایان ہاتہہ داہنی ران پر رکہتی اور بطور گنتی ترہین کی تین اونگلیان بند کرتی اور اونگلی شہادت کو کلمہ
شہادت مین اوٹہاتی اور حرکت دیتی شارح اس کتاب کے یعنی حضرت شیخ عبدالحق رح فرماتی ہین کہ عقد اوسمون
داہنی ہاتہہ کیکا کیفیت مذکورہ پر اور اشارہ ساتہہ اونگلی شہادت کی حدیثون صحیح مین واقع ہوا ہی اور مذاہب الاصول
مین صحاح ستہ سی اس باب مین حدیثین وارد ہوئی ہین اور یہی ہی مذہب ائمہ حدیث کا اور فقہای مجتہدین کا
اور بہت سی صحابیون اور تابعیون کا اور حق یہہ ہی کہ مذہب امام اعظم صاحب اور صاحبین کا یہی ہی اور مصنفین
علماء حنفیہ نی تصریح کی ہی ساتہہ اسکی مگر متاخرین مین ایک ذرہ خلاف واقع ہوا ہی تمام ہوا کلام شیخ کا

اور امام محمد نی موطا اور کتاب مبتغی مین صریح بیان کیا ہی اشارہ مسبحہ کا اور حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی ثابت
کی ہی کہ کرتی تہی حضرت اشارہ بعد اوسکی کہا کہ جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کرتی تہی ہم بہی کرتی ہین اور یہی ہی قول ابو حنیفہ کا
اور قول ہمارا اور اسیطرح صفاتی شارح نقایہ نی اور نہایہ مین مبسوط سی شیخ الاسلام نی بہی اسیطرح نقل کیا ہی اور
شیخ ابو المکارم نی شرح مختصر وقایہ مین مضمرات سی نقل کیا ہی کہ یہہ سنت ہی موجب قول امام اعظم اور امام محمد
رحمہما اللہ کی اور علامہ نجم الدین زاہدی نی نقل کیا ہی کہ متفق ہین روایتین تینون امامون ہمارے کی کہ یہہ سنت ہی اور
اسی طرح بہت مدینہ والی اور کوفہ والی اس عقیدہ پر ہین اور معدن شرح کنز مین محیط سی لکہا ہی کہ سنن نماز سی ہی اوٹہانا
سبابہ داہنی ہاتہہ کیکا التحیات مین نزدیک ابو حنیفہ اور محمد اور شافعی رحمہم اللہ کی اور روایت کیا گیا ہی ابو یوسف
اور مالک اور احمد بن حنبل وغیرہم سی اور فتوی اسی پر ہی کذا فی الدرر اور بعضی شروح نقایہ مین مذکور ہی کہ
جمیع اصحاب ہمارے سی روایت کی گئی ہی کہ اوٹہانا سبابہ کا سنت ہی اور تحفہ مین کہا ہی مستحب ہی وہو الاصح اور
بہت سی روایتین آئی ہین اختصار کی لئی اسی پر کفایت کیا اور خانہ اگر کسی سنت ایک حرف بس ہے پس ضرور ہوا
عمل کرنا اسپر اللہ تعالی ہم سبکو اتباع رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی توفیق دی اور فعل رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کو خلاف وقار کی کہنا کمال نادانی ہی اس لئی کہ بحسب اس قول کی رکوع سجود مین بہی خلاف وقار وسکون کا لازم
آتا ہی عین ادب اور سکون محض اتباع سرور عالم مین ہی کمال فضانیت ہی کہ اتنی روایتون پر کہ قریب تواتر کی ہین عمل نکرنا اور
دلیل عقلی کو اسکی مقابلی مین لاکر اپنی سخن پروری کی لئی ایسی سنت کو ترک کرنا کہ جسکی حق مین وارد ہوا ہی کہ اونکی اوٹہانی شیطان پر
دشوار تر ہی لوہی سی یعنی تیز وغیرہ نماز ہی کذا ذکر الفخر وکیفیۃ الصلوۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللھم صل علی محمد وعلی

محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انک حمید مجید ۞ اللھم بارک علی محمد وعلی ال محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی
ال ابراھیم انک حمید مجید ع ۞ اور طریق درود بہیجی کا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہہ ہی یا اللہ رحمت
خاص بہیج حضرت محمد پر اور اوپر تابعدارون حضرت محمد کی جیسکہ رحمت بہیجی تو نی اوپر ابراہیم کی اور اوپر تابعدارون
ابراہیم کی بتحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یا اللہ برکت اوتار اوپر محمد کی اور اوپر تابعدارون محمد کی جیسی کہ

برکت اوتاری تو نی اوپر ابراہیم کی اور اوپر تابعداروں ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یعنی درود بیچ موافق کمال اور بزرگی اپنی کی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین ف صلوۃ اصل مین بمعنی استغفار اور دعا اور رحمت اور درود بھیجنی کی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر ہی اور بعضون نی کہا ہی کہ صلوۃ اللہ تعالی کی طرف سے بمعنی رحمت کی ہی اور بندون کی طرف سی مانگنا رحمت دنیا اور آخرت کا ہی جناب حق سبحانہ سی اور حبیب اوسکے کی صلی اللہ علیہ وسلم اور معنی اللھم صل علی محمد کی یہہ ہین کہ ای اللہ تعظیم کر اونکی دنیا مین بسبب بلند کرنی ذکر اونکی کیے اور ظاہر کرنی دین اونکی کی اور باقی رکہنی شریعت اونکی کی اور آخرت مین بسبب بہت ثواب دینی کی اور شفاعت کرنی امت کی اور قائم کرنی کی مقام محمود مین اور مختار نزدیک جمہور علماء محققین کے یہہ ہی کہ صلوۃ اور سلام خاص شعار انبیا علیہم الصلوۃ والسلام کا ہی غیر کی لئی درست نہین مگر انکی ساتہہ درست ہی جیسیکہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ درست نہین اور اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ درست ہی اور صحاح مین لکہا ہی کہ لغت مین آل سی مراد اہل اور عیال اور تابعدار ہوتی ہین اور ظاہر یہہ ہی کہ مراد حدیث مین تابعدار ہون اور بعضون نی تفسیر کیا ہی اوسکو ساتہہ اہلبیت کی اور اہلبیت آنحضرت کی بنی ہاشم ہین جن پر صدقہ حرام ہی اور فخر رازی نی کہا ہی کہ اولی یہہ ہی کہ اہلبیت آنحضرت کی اولاد اور ازواج ہین صلی اللہ علیہ وسلم اور برکت اوتار یعنی زیادہ کر خیر اور نعمت اپنی برکت کی معنی زیادتی کی ہین اور بعضون نے ہمیشگی اور لزوم کی لکہی ہین اور اس درود کی پہلی لانی مین اشارہ ہی اسپر کہ یہہ صحیح ترین کیفیت صلوۃ کا ہی پس لائق یہہ ہی کہ طالب فحاظت اور مداومت اسپر کر کر حاصل کرنا انوار اور اسرار کا کر کی کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ خ مس یعنی اللہ رحمت خاص بھیج اور پر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ رحمت بھیجی تو نی ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی یا اللہ برکت اوتار اوپر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ برکت اوتاری تو نی ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کیے پنجاہی مسلم نسائی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ * خ س یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے ابراہیم
پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگی یا اللہ برکت اوتار حضرت محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسیکہ برکت اوتاری تو نے ابراہیم پر تحقیق
تو تعریف کیا گیا بزرگی نقل کی بہ بخاری نسائی ق آل ابراہیم میں لفظ آل کا زائد ہی مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں یا آل ابراہیم
سے مراد ذات اونکی اور تابعدار اونکی ہیں جیسی کہ آیت وَنَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ وَاَغْرَقْنَا اٰلَ فِرْعَوْنَ میں ذات فرعون کی اور تابعدار
اوسکی مراد ہیں کذا ذکر الفخر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ
عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ * خ م د س ق ب ت اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ * ہ یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد کی اور اوپر بیبیوں اونکی کے اور اولاد اونکی کے جیسی کہ رحمت
بھیجی تو نے اوپر ابراہیم کی اور برکت اوتار اوپر محمد کی اور اوپر بیبیوں اونکی کی اور اولاد اونکی کی جیسی کہ برکت
اوتاری تو نے ابراہیم پر نقل کی بہ بخاری مسلم ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے اور ایک روایت
مسلم کی میں ایک حمید مجید بھی زیادہ آیا ہی اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ * خ س ق
یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر کہ بندی تیری ہیں اور رسول تیری جیسیکہ رحمت بھیجی تو نے ابراہیم پر اور برکت
اوتار محمد پر اور تابعداروں محمد کی پر جیسی برکت اوتاری تو نے ابراہیم پر نقل کی بہ بخاری نسائی ابن
ماجہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ
وَاٰلِ اِبْرٰهِيْمَ * خ ہ یا اللہ رحمت خاص بھیج حضرت محمد پر جیسی کہ رحمت بھیجی تو نے حضرت ابراہیم پر اور
برکت اوتار محمد پر اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسیکہ برکت اوتاری تو نے ابراہیم اور تابعداروں ابراہیم کی پر
نقل کی بہ بخاری نے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ * م د ت س

یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمدؐ کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ رحمت بھیجی تو نی ابراھیم پر اور برکت
اوتار اوپر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ برکت اوتاری تو نی ابراھیم پر کہ پیغمبر ہیں سچ عالموں کے
تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی بیہقی مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی نی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ * دس * یا اللہ رحمت خاص بھیج محمد پر کہ نبی اُمّی ہیں اور اوپر تابعداروں محمد کی نقل کی بیہقی
ابوداؤد و نسائی نی اور ایک روایت میں بیہقی ہمیں زیادہ آیا ہی کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ
عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ * نس * جیسکہ رحمت بھیجی تو نی ابراھیم
اور برکت اوتار اوپر محمد نبی اُمّی کے جیسکہ برکت اوتاری تو نی ابراھیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی بیہقی
نسائی نے ف اُمّی اوسکو کہتے ہیں جو لکھنا پڑھنا نجانتا ہو یہ لقب خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کہ آپ
ہوا توریت و انجیل ہیں اور تمام کتابوں اللہ تعالیٰ کی ہیں اور یہہ فضیلت ہی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کہ بغیر سیکھی علم اولین و آخرین کی یاد تھی کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ * مس * یا اللہ رحمت خاص بھیج محمد پر اور برکت اوتار
اوپر محمد کی اور اوپر تابعداروں محمد کی جیسی کہ رحمت بھیجی تو نی اور برکت اوتاری تو نی ابراھیم پر تحقیق تو تعریف
کیا گیا بزرگ ہی نقل کی بیہقی ابوداؤد نسائی نی اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰی جَلَسَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ
وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَہٗ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَیْکَ فَقَدْ عَرَفْنَاہُ فَکَیْفَ نُصَلِّیْ عَلَیْکَ
اِذَا نَحْنُ صَلَّیْنَا عَلَیْکَ فِیْ صَلٰوتِنَا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ قَالَ فَصَمَتَ حَتّٰی اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ یَسْئَلْہُ
ثُمَّ قَالَ اِذَا صَلَّیْتُمْ عَلَیَّ فَقُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ * ب مس * آیا ایک آدمی یہاں تک کہ بیٹھا آگی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کی اور ہم یعنی صحابہ نزدیک حضرت کی تھے پس عرض کیا اوسنی ای رسول خدا کی ای پر سلام بھیجنا تیپر پس تحقیق پہچانا ہم نی

اوسکو یعنی کیفیت اور الفاظ اوسکی بسبب تعلیم تمہارے کے التحیات مین پس کیونکر درود بھیجین ہم پر جب ہم درود بھیجین
یعنی ارادہ درود بھیجنے کا کرین بیچ نماز اپنی کے رحمت خدا کی ہووی پر کہا ابو سعید انصاری راوی نی پس چپ ہی
حضرت یعنی بسبب انتظار وحی کی یہان تلک کہ دوست رکھا ہمنی کہ کاشکی نہ آدمی نی پوچھا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
سی پھر فرمایا حضرت نی جب درود بھیجو تم پیچھے یعنی نماز مین یا غیر نماز مین پس کہو یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد نبی
ان پڑھ کی اور اوپر تابعدارون محمد کی جیسیکہ رحمت بھیجی تونی اوپر ابراہیم کی اور اوپر تابعدارون ابراہیم کی
اور برکت اوتار اوپر محمد نبی ان پڑھ کی اور اوپر تابعدارون محمد کی جیسیکہ برکت بھیجی تونی ابراہیم پر اور اوپر تابعدارون
ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی ہے ابن حبان حاکم احمد نی ف کیونکر درود بھیجین ہم پیچھے یعنی
کلام اللہ مین اللہ تعالی نی جو فرمایا ہی یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا یعنی ای ایمان والو درود
بھیجو محمد پر اور سلام بھیجو سلام بھیجنا اسپر عمل کرنا ضرور ہی پس سلام تو معلوم کیا ہمنی کہ التحیات مین آپ نی سکھایا
یعنی السلام علیک ایہا النبی اور درود کیونکر بھیجین ہم سکھائی اوسکو کہ حکم کیی گئی ہین ہم ساتھہ اوسکی یہان تلک
کہ دوست رکھا ہمنی یعنی اسلئے کہ ڈری ہم کہ شاید سوال اس شخص کا حضرت کو ناخوش آیا کہ سکوت کیا کذا ذکر الفخر

مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفٰی اِذَا صَلّٰی عَلَیْنَا اَهْلَ الْبَیْتِ فَلْیَقُلْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞ د یعنی جسکو خوش آوی ہے کہ ماپنی ثواب کو ساتھہ ماپنی پوری کی یعنی جسکو بہت ساثواب
لینا منظور ہو جب کہ درود بھیجی ہمپر اہل بیت نبوت کی ہین پس چاہئی کہ پڑہی ہے درود یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد نبی کے
اور اوپر بیبیون اوسکی کی کہ مائین ہین ایمان والون کی اور اوپر اولاد اوسکی کی اور اوپر اہل بیت اوسکی کی جیسی کہ رحمت
بھیجی تونی اوپر ابراہیم کی تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہی نقل کی ہے ابو داؤد نی ف مائین ہین یعنی جیسی مائین اوسکی
بزرگی اور عزت کرنی لازم ہی اور نکاح اونسی حرام ہی ویسی ہی اونکی توقیر اور عزت کرنی لازم تھی اور نکاح اونسی
کرنا حرام تھا اور اوپر اہل بیت اوسکی کی ہے خاص کے بعد عام کہہ دیا کہ غلام لونڈی تلک اسمین داخل ہو جائین کذا ذکر

مَنْ صَلّٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَقَالَ اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ وَجَبَتْ لَہٗ شَفَاعَتِیْ
شرط طبس * جو کوئی درود بھیجی اوپر محمد کی اور کہی بعد درود کی یا اللہ اونکو اوس مقام مین کہ نزدیک
کیا جاوی نزدیک تیری یعنی مقام محمود مین دن قیامت کی واجب ہووی اوسکی لئی شفاعت میری نقل کی ہے
بزاری اور طبرانی نی کبیر اور اوسط مین ثُمَّ لِیَتَخَیَّرْ مِنَ الدُّعَاءِ اَعْجَبَہٗ اِلَیْہِ فَیَدْعُوْ خ یعنی پھر چاہیی کہ
اختیار کری دعا سی جو کہ پسندیدہ تر ہو طرف اوسکی پس دعا کری نقل کے بہ بخاری نی ف یعنی قعدہ نماز مین بعد
درود کی جو دعا اچھی معلوم ہووی پڑہی مگر مشابہ کلام لوگون کی نہ ہو یعنی ایسی دعا نہو کہ ایک آدمی دوسری سی کہہ سکے
لیا کرتا ہی جیسی کہ کہی اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ اَلَا اَوْخَیْرًا یعنی یا اللہ دی مجکو مال یا روٹی اس سے نماز فاسد ہوتی ہی امام اعظم صاحب
کی مذہب مین اور اولی یہہ ہی کہ وہ دعا پڑہی جو حضرت سی نقل کی گئی ہی کذا ذکر الفخر وَلْیَسْتَعِذْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ
بِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ
مرعہ حب اور چاہیی کہ پناہ مانگی اسطرح یا اللہ بیشک مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب دوزخ کیسے
اور عذاب قبر کی سی اور فتنہ زندگانی کیسی اور برائی فتنہ موت کیسی اور برائی فتنہ کانی دجال کیسی نقل کیے بہ مسلم اور چار دن
نی اور ابن حبان نے ف فتنہ زندگانی کا یہہ ہی راہ حق سی اور نہو نا صبر کا اور راضی برضا نہو نا اور آفتون دنیا کے
گرفتار ہونا اور سب سی بڑا فتنہ خاتمہ بخیر نہو نا ہی اور فتنہ موت کا وسوسہ شیطان کا وقت مرنیکی ہی اور عذاب
قبر اور سوال منکر نکیر کا اور دہشت عذاب کی چیزون سی اور دجال بعضی جزائر شام مین زنجیرون سی بندہا ہوا ہی قریب
قیامت کی نکل کر دعوی خدائی کا کریگا اور بہتون کا ایمان لیگا بڑا ہتھکنڈا مسلمانون مین پڑیگا قصہ اوسکا بڑا ہی
آخر کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام مارینگی بفوذ با للہ منہ کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ
بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَاْثَمِ
وَالْمَغْرَمِ * خ مد س * یا اللہ بیشک مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب قبر کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ
تیری فتنہ کانی دجال کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری فتنہ زندگانی اور موت کیسی یا اللہ بیشک مین پناہ مانگتا ہون

ساتھہ تیری گناہ سی اور قرض سی نقل کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی **ف** قرض سی کہ خلاف رضامندی اللہ تعالی کی مین ہووی جیسی ناچ رنگ اور خلاف شرع کی چیزون کی لئی قرض کرتی ہین یا اوس قرض سی پناہ ہی کہ طاقت اوسکی ادا کی نہ رکہی اور جو قرض ضرورت کی لئی کیا ہی اور ادا کی طاقت رکہتا ہی تو انہین سے نہ اوس سی پناہ مانگنی مراد ہی کذا ذکر الفخر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ ۔ **مدت** سن یہا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ پہلی کئی ہین مینی اور وہ کہ پیچہی کئی ہین مینی اور وہ کہ پوشیدہ کئی مینی اور وہ کہ ظاہر کئی مینی اور جو کچہہ کہ فضول خرچی کی مینی اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننی والا ہی اوسکو مجہسی تو ہی اگی کرنی والا یعنے جسکو چاہی ساتھہ توفیق اور مدد اور قرب درگاہ کی اور تو ہی پیچہی ڈالنی والا یعنی جسکو چاہی لطف اپنی سی نہین کوئی معبود مگر تو نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی نی **ف** پہلی پیچہی کے گناہ یعنی پرائتے یا پیچہلی سی وہ مراد ہین کہ معصوم واقع نہین ہوئی جب واقع ہووین تو بخش کذا ذکر الفخر اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ **خ م ت س ق** یہا اللہ تحقیق مینی ظلم کیا جان اپنی پر ظلم کرنا بہت اور نہین بخشتا گناہون کو کوئی سوا تیری پس بخش مجکو بخشنا خاص نزدیک اپنی سی یعنی محض اپنی رحمت سی بخشدی بغیر مداخلت کسی چیز کی اور رحم کر مجپر بتحقیق تو بخشنی والا مہربان ہی نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی **ف** کہا نووی نی کہ بعضی روایت مسلم کی مین کثیرا بی آیا ہی پس اولی یہہ ہی کہ دعا کرنی والا دونو کو جمع کرلی یعنی ظلما کثیرا کبیرا کہی اور ملا علی قاری نی کہا ہی کہ ظاہر تر یہہ ہی کہ کبھی کبیرا کہی بی سی اور کبھی کثیرا ثی سی کذا ذکر الفخر حضرت ابوبکر نی عرض کی یا رسول اللہ سکہاؤ مجکو ایک دعا کہ پڑہون مین نماز اپنی مین پس حضرت نی یہی دعا اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ آخر تک سکہائی کذا فی المشکوۃ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ يَا اللّٰهُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ **دس مس** یہا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی ای خدای یگانہ بی نیاز وہ جو نہین جنتا اور نہ جنا گیا اور نہین ہی

اوسکی لئی کوئی ہمدرد نہ کہ بخشی تو میری لئی گناہ میری تحقیق تو بخشنی والا مہربان ہی نقل کیے یہہ ابو داؤد نسائی حاکم
فی اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ حِسَابًا یَّسِیْرًا ۔ مس ۔ یا اللہ حساب کر مجھی حساب آسان یعنی قیامت کو نقل کی
یہہ حاکم فی ف حدیث شریف مین آیا ہی کہ حساب آسان یہہ ہی کہ نامۂ اعمال بندی کو دکھاوینگی تا دیکھہ لی اوسنی
پھر درگذری گا اللہ تعالی اور مطالبہ نکریگا کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُبِکَ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ ۔
مر ۔ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب دوزخ کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری عذاب قبر کیسی
اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری فتنہ کانی دجال کیسی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری فتنہ زندگانی اور مرنی کیسی نقل کیے
یہہ مسلم فی وَاَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ بِہٖ عَبْدُکَ
الصَّالِحُوْنَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْہُ عِبَادُکَ الصَّالِحُوْنَ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا
تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۔ مومص ۔ اور چاہئی کہ کہی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجھی تمام بھلائیان جو کچھہ کہ جانتا ہون مین اونسی اور جو کچھہ کہ نہین جانتا ہون مین یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجھی بھلائی اوس چیز کی کہ مانگا تجھی اوسکو بندون تیکیخت تیری نبی یعنی انبیا اولیانی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ
تیری برائی اوس چیز کیسی کہ پناہ پکڑی اوس سی اچھی بندون تیری نبی ای پروردگار ہمارے دی ہمکو دنیا مین بھلائی
اور آخرت مین بھلائی اور بچا ہمکو عذاب آگ کیسی ای رب ہمارے تحقیق ہم ایمان لائی پس بخش واسطی ہمارے گناہ
ہمارے اور بچا ہمکو عذاب آگ کیسی ای رب ہمارے اور دی ہمکو وہ چیز کہ وعدہ کیا ہی تو نی ہمسی اوپر زبان پیغمبرون
اپنی کی اور نہ خوار کر ہمکو دن قیامت کی تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدہ کو نقل کیے یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ فی
یعنی قول ابن مسعود کا ہی ف بھلائی دنیا کی توفیق ہی طاعت اور عبادت کی اور استقامت اوپر
اور صحت اور عافیت اور بھلائی آخرت کی ثواب اور خشنودی اللہ تعالی کی اور تخفیف حساب کی اور دخول جنت کا

اور دیدار ہونا بارتعالی کا اس آیت کی تفسیر میں تین سو قول ہیں علما کی اختصار کی لئی سو کفایت کیا اور بچا عذاب آگ کیسی یعنی نگاہو نئی کہ سبب داخل ہوتی دوزخ کی ہیں یہہ دعا یعنی ربنا پہلی جا بیہی سب مطالب دین و دنیا کو اکثر اوقات دعا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی آیت ہتی اور حضرت انس رضی سے منقول ہی کہ کسی نی اونسی طلب دعا کی کی یہی آیت پڑہے پہر طلب کی یہی آیت پڑہی پہر سوا لہ کیا لوگون نی طلب دعا میں کہا اونہون نی اور کیا چاہتی ہو بہلائی دنیا اور آخرت کی تو مانگ چکا اور خوار نکر یہکو یعنی بموجب آیت کریمہ کی یَوْمَ لَا یُخْزِی اللّٰہُ النَّبِیَّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَہٗ یعنی اوسدن کہ نہ خوار کریگا اللہ تعالی نبی کو اور اون لوگون کو کہ ایمان لائی ساتہہ اوسکی کذا ذکر الفخر سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ

اَنْ یَّقُوْلَ الرَّجُلُ اِذَا جَلَسَ فِیْ صَلٰوتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۔ سردار استغفار کا یہہ ہی کہ کہی آدمی جسوقت کہ بیٹہی نماز اپنی میں یعنی بعد التحیات درود کی یا اللہ تو پروردگار میرا ہی نہیں کوئی معبود سوای تیری پیدا کیا تو مجکو اور میں بندہ تیرا ہون اور میں اوپر عہد تیرکی ہون اور وعدی تیرکی ہون بقدر طاقت اپنی کی پناہ پکڑتا ہون میں ساتہہ تیری برائی کرتوت اپنی کی سی اقرار کرتا ہون میں ساتہہ نعمت تیری کی کہ مجہپر ہی اور اقرار کرتا ہون ساتہہ گناہ اپنی کی پس بخش مجکو تحقیق نہیں بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو نقل کی یہہ بزاری ف ہتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ پہتی ہتی بعدہٗ نماز میں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَۃَ عَلَی الرُّشْدِ وَاَسْئَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَاَسْئَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَاَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا تَعْلَمُ کذا فی المشکوۃ یعنی یا اللہ مانگتا ہون میں تجسی ثابت رہنا امر دین میں اور قصد بہلائی پر اور مانگتا ہون میں تجسی شکر نعمت تیری کا اور خوبی عبادت تیری کی اور مانگتا ہون تجسی دل سالم یعنی پاک عقائد باطلہ اور خواہشون نفسانی سی اور زبان سچے اور مانگتا ہون تجسی بہلائی اوسچیز کی کہ جانتا ہی تو اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری برائی اوس چیز کی سی کہ جانتا ہی تو اور بخشش چاہتا ہون تجسی واسطی اوس چیز کی کہ جانتا ہی تو وَاِذَا سَلَّمَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ
وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ * خ مد دس رط ی * اور جب سلام پھیر
پڑھی نہیں کوئی معبود مگر اللہ کہ ایک ہی وہ نہیں کوئی شریک اوسکا اوسکی لئی پادشاہت ہی اور اوسکی لئی سب
تعریف ہی جلاتا ہی اور مارتا ہی ہیچ ہاتہہ اوسکی بہلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی یا اللہ نہیں ہی کوئی روکنے
اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہیں کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ روکی تو نی اور نہیں فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری
سی دولتمندی نقل کے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی ہزار طبرانی ابن سنی ف ہزار اور طبرانی کی روایت
مین جملہ یحیی ویمیت کا زائد ہی اور ابن سنی کی روایت مین یہہ بھی ہی اور بیدہ الخیر بھی ہی رموز انکی اوپر لکہی جا چکے
اور ایک روایت مین بغیر لا مانع آخر تک کی فقط یونہی آیا ہی اَوْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ
الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * خ س * یا پڑھی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک
لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شئی قدیر تین بار نقل کے یہہ بخاری نسائی نی اَوْ مَرَّةً وَاحِدَةً وَبَعْدَهُ لَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ * مد دس مص * یا ایکبار ہی کلمہ پڑہی
اور بعد اوسکی پڑہی نہیں ہی پہنا گناہون سی اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتہہ مدد اللہ کی نہیں کوئی معبود مگر اللہ
اور نہیں عبادت کرتی ہین ہم مگر اوسیکو اوسیکی لئی انعام ہی یعنی انعام و احسان اوسیکی درگاہ سی ہی اور اوسیکی
لئی ہی فضل یعنی زیادتی احسان کے نعمت دینی مین اوسی کو لائق ہی اور اوسیکی لئی ہی تعریف اچہی کہتی ہین ہم نہیں
کوئی معبود مگر اللہ درحالیکہ خالص کرنی والی ہین ہم واسطی اوسکی دین کو یعنی طاعت اپنی کو شرک و ریا سی اور
اگرچہ برا جانین کافر یعنی اخلاص کے کہنی کو نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی ابن ابی شیبہ نی اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ثَلٰثَ
مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ * مد عہ ط
ی * استغفر اللہ تین بار پڑہی اور پہر کہی یا اللہ تو سالم ہی سب عیبون سی اور تجہہ ہی سلامتی ہی یعنی سب آفتون اور

بلیات ظاہری باطنی کیسی بہت برکت والا ہی تو ای صاحب بزرگی اور بخشش کے نقل کی یہہ مسلم اور حاکم
نی اور طبرانی اور ابن سنی نی ف بعضی روایت مین آیا ہی کہ تین بار پڑہتی تہی آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم استغفر اللہ الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم واتوب الیہ اور یا ذا الجلال مین لفظ یا کا مسلم اور طبرانی
اور ابن سنی کی روایت مین آیا ہی اور ونکی روایت مین نہین اور بعضی شخص جو الیک یرجع السلام وحینا ربنا
بالسلام وادخلنا ربنا دار السلام زیادہ پڑہتی ہین کہیہ اصل صحیح نہین پائی جاتی ہی کذا ذکر العلی والنخر

سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر تیسکون منہن کلہن ثلثا وثلثین مرۃ * خ مس * پڑہی سبحان اللہ
والحمد للہ واللہ اکبر تو کہ ہون ان کلمات سی تمام اونکی تینتیس بار نقل کیے یہہ بخاری مسلم نسای نی ف
یعنی پڑہی ان تینون تسبیحات کو کہ سب تینتیس دفعہ ہووین ظاہر یہہ ہی کہ تینون کو اکہٹا تینتیس بار پڑہی کہ ہر ایک
تینتیس تینتیس بار ہو ونگی جیسی کہ اور تمام روایتون مین علحدہ علحدہ پڑہنا منقول ہی اور یہی افضل ہی اور عمل مالتزام کا
بہی اسی پر ہی ہر ایک کو تینتیس تینتیس بار پڑہی اور احتمال رکہتا ہی کہ معنی یہہ ہون کہ ہر ایک کو گیارہ گیارہ بار
پڑہی کہ سب ملکر تینتیس بار ہووین کذا ذکر الفخر حدیث شریف مین آیا ہی کہ فقرا مہاجرین کی آئی رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کی پاس اور عرض کیا کہ پہونچی مال والی برتبی درجون کو اور نعیم مقیم کو یعنی عیش جنت کو پس فرمایا
حضرت نی کس سبب سی عرض کیا فقرا نی کہ وہ نماز پڑہتی ہین جیسی کہ ہم پڑہتی ہین اور روزی رکہتی ہین جیسی کہ
روزی رکہتی ہین ہم اور خیرات کرتی ہین وہ اور ہمسی نہین ہو سکتی پس فرمایا کہ کیا پس نہ سکہاؤن مین
تمکو کچہ کہ پاؤ تم بسبب اوسکی درجہ اوسکا کہ سبقت کی ہی تمپر یعنی اسلام لانی مین اور سبقت لیجاؤ اوپر
کہ بعد تمہاری ہین اور نہ ہووی کوئی افضل تمسی مگر وہ کہ کری مثل اوس چیز کی کہ کرو تم عرض کیا اونہون نی
یارسول اللہ فرمایا کہ سبحان اللہ اور اللہ اکبر اور الحمد للہ پیچہی ہر نماز فرض کے تینتیس تینتیس بار پڑہو پس پہر آی فقرا
اور عرض کیا کہ ہماری بہائی مالدارون نی بہی سنا جو کچہ پڑہتی تہی ہم پس اونہون نی بہی یون ہی پڑہا پس فرمایا
حضرت نی کہ یہہ فضل اللہ کا ہی دیتا ہی جسکو چاہتا ہی کذا فی المشکوۃ احدی عشرۃ واحد وثلثین عشرۃ

وَلِحَدِیْ عَشَرَۃَ فَذٰلِکَ کُلُّہٗ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ بہ ھ اس روایت میں یوں آیا ہی کہ پڑہی گیارہ بار سبحان اللہ اور گیارہ بار الحمد للہ اور گیارہ بار اللہ اکبر پس یہہ سب تینتیس ہوئی نقل کیے یہہ مسلم نی اَوْ عَشْرًا عَشْرًا ۱۲ خ یا دس بار سبحان اللہ پڑہی دس بار الحمد للہ دس بار اللہ اکبر نقل کیے یہہ بخاری نی مَنْ سَبَّحَ اللّٰہَ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَحَمِدَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَکَبَّرَ اللّٰہَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ ثُمَّ قَالَ تَمَامَ الْمِائَۃِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ غُفِرَتْ خَطَایَاہُ وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ۱۲ مد دس ۱۲ جو کوئی سبحان اللہ پڑہی ہر نماز فرض کے تینتیس بار اور الحمد للہ تینتیس بار پڑہی اور اللہ اکبر تینتیس بار پہر کہی پورا کرنی سینکڑی کی لئی لا الٰہ الا اللہ آخر تلک کہ معنی یہہ ہین نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہی اور اوسیکی لئی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی بخشی جاتی ہین گناہ اوسکی اور اگرچہ ہون مانند جہاگ دریا کی بہت نقل کیے یہہ مسلم ابو داؤد نسائی بے معقبات لا یخیب قائلہن او فاعلہن دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ مَکْتُوْبَۃٍ ثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَسْبِیْحَۃً وَّثَلٰثٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَحْمِیْدَۃً وَّاَرْبَعٌ وَّثَلٰثُوْنَ تَکْبِیْرَۃً ۱۲ مد ت س ۱۲ کتنی کلمی پچہی آنی والی یعنی نماز کی بعد پڑہی جاتی ہین نہین محروم ہوتا ہی پانی والا اچہی کہنی والا اونکا بہ فرمایا کرنی والا اونکا پچہی ہر نماز فرض کے کہ وہ معقبات تینتیس بار سبحان اللہ اور تینتیس بار الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر نقل کیے یہہ مسلم ترمذی نسائی بے مَنْ سَبَّحَ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ مَکْتُوْبَۃٍ مِائَۃً وَکَبَّرَ مِائَۃً وَھَلَّلَ مِائَۃً وَحَمِدَ مِائَۃً غُفِرَ لَہٗ ذُنُوْبُہٗ وَاِنْ کَانَتْ اَکْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ ۱۲ س ۱۲ جو کوئی سبحان اللہ پڑہی پچہی ہر نماز فرض کے سو بار اور اللہ اکبر سو بار اور لا الٰہ الا اللہ پڑہی سو بار اور الحمد للہ سو بار بخشی جاتی ہین اوسکی لئی گناہ اوسکی اور اگرچہ ہوون گناہ بہت جہاگ دریا کی نقل کیے یہہ نسائی نی اَوْ مِنْ کُلِّ خَمْسًا وَعِشْرِیْنَ بہ س حب مص ۱۲ یا ہر ایک چارون تسبیح سی پڑہی پچیس پچیس بار نقل کی یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف یعنی ایک روایت مین

یون آیا ہی کہ پچیس بار سبحان اللہ پڑہی پچیس بار الحمد للہ پچیس بار لا الہ الا اللہ پچیس بار اللہ اکبر کہ سب مل کر سو
ہووین اَوْ مِنْ کُلٍّ مِنَ التَّسْبِیْحِ وَالتَّحْمِیْدِ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ وَالتَّکْبِیْرِ اَرْبَعًا وَّثَلٰثِیْنَ وَ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَشْرَ مَرَّاتٍ * ت ص * یا ہر ایک سبحان اللہ اور الحمد للہ تینتیس تینتیس بار اور
اللہ اکبر جو نتیس بار پڑہی اور لا الہ الا اللہ دس بار نقل کیے ہیہ ترمذی نسائی نے اَوْ کَذٰلِکَ وَالتَّکْبِیْرُ
ثَلٰثًا وَّثَلٰثِیْنَ * س * یا پڑہی اسیطرح اور تکبیر بہی تینتیس بار نقل کیے ہیہ نسائی نے ف یعنی اس
روایت مین تسبیح اور تحمید اور تکبیر تینتیس تینتیس بار اور لا الہ الا اللہ دس بار پڑہنا یا ہی اَوْ مِنْ کُلٍّ مِّنَ
التَّسْبِیْحِ وَالتَّحْمِیْدِ وَالتَّکْبِیْرِ مِائَۃً مِائَۃً مَعَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَوْ کَانَتْ خَطَایَاہُ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ لَحُتَّتْ * ا * یا ہر ایک تسبیح اور
تحمید اور تکبیر سی سو سو بار پڑہی ساتہہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کی اگر
ہووین گناہ پڑہنی والی ان کلمات کی مانند جہاگ دریا کی البتہ مٹاوین ہیہ کلمی اونکو نقل کیے ہیہ احمد نے ف
مع لا الہ الا اللہ یعنی حال ہونی ان کلمات معدودہ کی یعنی ہین سو کی ہمراہ لا الہ الا اللہ آخر تک کے پس کلمہ ایک بار
ہوگا اور تسبیحات تین سو بار باہر سینکڑی کے ساتہہ کلمہ ملاتا جاوی اس صورت مین کلمہ تین بار ہوگا کذا ذکر
الفخر وَاٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ دُبُرَ کُلِّ صَلٰوۃٍ مَکْتُوْبَۃٍ لَمْ یَمْنَعْہُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّۃِ اِلَّا اَنْ یَّمُوْتَ * س
حب ی * کَانَ فِیْ ذِمَّۃِ اللّٰہِ اِلَی الصَّلٰوۃِ الْاُخْرٰی * ط * اور جو کوئی پڑہی آیت الکرسی پیچہی ہر نماز
فرض کے نہین منع کرتی ہی اوسکو داخل ہونی بہشت کیسی کوئی چیز مگر موت نقل کیے ہیہ نسائی ابن حبان
ابن سنی نے اور ایک روایت مین بدلی لم یمنعہ آخر تک کی یون آیا ہی کہ ہووے پیچ امان اور محافظت خدا کی نماز دوسری
تلک نقل کیے ہیہ طبرانی نی ف نہین منع کرتی ہی اوسکو مگر موت یعنی جب وہ شخص مرا اور موت درمیان مین سے
اوٹہگئی فی الحال بہشت مین داخل ہوگا کہ قبر اوسکی باغ ہی باغون جنت سی یا معنی یہہ ہین کہ اگر موت درمیان مین
نہوتی فی الحال داخل ہوتا ازبسکہ موت حائل ہی بعد موت کی داخل ہوگا کذا ذکر الفخر وَ لِیَقْرَاِ الْمُعَوِّذَتَیْنِ

دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ۔ ت د س ن حب مس ہی اُو چاہیئے کہ پڑہی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس
پیچھے ہر نماز کی نقل کے یہہ ترمذی ابوداؤد نسائی ابن حبان حاکم ابن سنی ہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ
مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَاَعُوْذُ بِكَ
مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ۔ خ ت س یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتہہ تیری نامردی سی اور پناہ
مانگتا ہوں ساتہہ تیری اس سی کہ پہیرا جاؤں طرف خوار ترعمر کی اور پناہ مانگتا ہوں ساتہہ تیری فتنہ دنیا کیسے
اور پناہ مانگتا ہوں ساتہہ تیری عذاب قبر کیسی نقل کی یہہ بخاری ترمذی نسائی نی ف نامردی کہ یا
رکہی لڑائی دشمن کیسی خواہ دشمن ظاہر کا ہو یا باطن کا مانند کافر اور نفس اور شیطان کے اور نامردی امر بالمعروف
اور نہی عن المنکر اور توکل کی بہی اسی قبیلی کی ہی اور خواری عمر کی یہہ ہی کہ حواس باقی نہ رہیں اور اعضا مضمحل
ہو جاویں کذا ذکر الفخر رَبِّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ۔ عو مر عه ۔ اے رب
میری بچا مجکو عذاب اپنی سی اوسدن کہ اوٹہاوی تو یا فرمایا جمع کری تو بندون اپنی کو یعنی قیامت کی دن
نقل کے یہہ ابوعوانہ مسلم اور چارون نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ۔ عو
یا اللہ بخش مجکو اور مہربانی کر مجہپر اور دکہا مجکو راہ سیدہی اور مستقیم رکہہ اوسپر اور روزی دی مجکو نقل کی یہہ ابوعوانہ
نی اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اَعِذْنِیْ مِنْ حَرِّ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۔
طس یا اللہ پروردگار جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے بچا مجکو گرمی آگ کیسی اور عذاب قبر کیسی نقل کی
یہہ طبرانی نی اوسط میں اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا
اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۔ دہ ت حب
یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ پہلی کی مینی اور جو پیچہی کی مینی یعنی اگلی پچہلی اور جو پوشیدہ کی مینی اور جو ظاہر
کی مینی اور جو فضول خرچی کی مینی اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننی والا ہی اوسکو مجہسی تو آگی کرنی والا ہی
یعنی موسنون کو رہتی ہین اور تو پیچہی والی والا ہی یعنی کافرون کو رہتی ہین نہین کوئی معبود مگر تو نقل کی یہہ

ابو داؤد مسلم ترمذی ابن حبان نی اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ ۔ ذکر
حب مس ی یا اللہ مدد کر میری اوپر ذکر اپنی کے یعنی ذکر تیرا بہت کیا کروں اور اوپر شکر اپنی کے
اور خوبی عبادت اپنی کے نقل کیے یہ ابو داؤد و نسائی ابن حبان حاکم ابن سنی نی ف حسن عبادت
مراد ہی اس سی کہ احکام ارکان عبادت کی پوری ادا ہوں اور خضوع و خشوع حاصل ہو معاذ نقل کرتی ہیں کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی پکڑا ہاتھ میرا پس فرمایا کہ میں دوست رکھتا ہوں تجکو ای معاذ پس عرض کی میں
کہ میں بھی دوست رکھتا ہوں آپکو ای رسول اللہ کی فرمایا کہ مت چھوڑ اس دعا کی پڑھنی کو پیچھی ہر نماز کی ہر
پڑھی رب اعنی علی ذکرک آخر تک کذا فی المشکوۃ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ
اَنَّکَ الرَّبُّ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّ مُحَمَّدًا
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّ
الْعِبَادَ کُلَّھُمْ اِخْوَۃٌ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اجْعَلْنِیْ مُخْلِصًا لَکَ وَاَھْلِیْ فِیْ کُلِّ
سَاعَۃٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ س دی یا اللہ پروردگار ہماری
اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق تو پروردگار ہی یگانہ نہیں کوئی شریک تیرا یا اللہ
پروردگار ہماری اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم بندی تیری ہیں
اور رسول تیری یا اللہ پروردگار ہماری اور پروردگار ہر چیز کی میں گواہی دینی والا ہوں کہ تحقیق بندی مسلمان
سب بھائی ہیں آپسمیں یعنی شریک ہیں دین میں نسبوں کا اعتبار نہیں جیسا کہ جاہلیت میں تھا یا اللہ پروردگار
ہماری اور پروردگار ہر چیز کی کر مجکو مخلص واسطی اپنی اور اہل میری کو ہر ساعت میں امور دنیا میں اور آخرت
میں ای صاحب بزرگی اور بخشش کی سن یعنی ثنا میری بخوشی اور رضامندی اور قبول کر دعا میری
خدا تعالی بہت بڑا بھی بڑا کفایت ہی مجکو اللہ اور اچھا ہی کارساز یعنی جو کوئی اوسکی کرم پر اعتماد کرے

مہمات اوسکی کو کفایت کری خدا یتعالی بہت بڑا ہی بڑا نقل کیے یہ نسائی ابو داؤد ابن سنی ف
ہر ساعت مین کہ کوئی ساعت تیری طاعت سی خالی نہو برابر ہی کہ یہہ ساعت مشغول ہو ساتھہ امر دنیا کی یا
عقبی کے یہہ حال اخلاص سی اور تیری طاعت سی ہین اور میری اہل خالی نہون کذا ذکرہ الفخر اللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ؕ س ص ص ی یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا
ہون ساتھہ تیری کفر سی اور محتاج گیسی اور عذاب قبر کیسی نقل کیے یہہ نسائی حاکم ابن ابی شیبہ ابن سنی
نی اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ عِصْمَۃَ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ
فِیْھَا مَعَاشِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ نِقْمَتِکَ
وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا رَادَّ لِمَا قَضَیْتَ
وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ ؕ س حب یا اللہ سنوار میری لئی دین میرا وہ کہ کیا ہی تو نی اوسکو
سبب بچاؤ کام میری کا اور سنوار میری لئی دنیا میرے وہ کہ کی ہی تو نی اوسمین معیشت اور زندگانی
میری یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری ساتھہ خوشنودی تیری کے غضب تیری سی اور پناہ
پکڑتا ہون ساتھہ عفو تیری کے عذاب تیری سی اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری یعنی ساتھہ تیری رحمت تیری کی عذاب
تیری سی نہین کوئی منع کرنی والا اوس چیز کو کہ دی تو نی اور نہین کوئی دینی والا اوس چیز کو کہ منع کی تو نی اور نہین
کوئی پھیرنی والا اوس چیز کو کہ حکم کیا تو نی اور نہین فائدہ دیتی ہی دولتمند کو عذاب تیری سی دولتمندی
نقل کی یہہ نسائی ابن حبان فی ف سبب بچاؤ کام میری کا کہ دین نگہبان سب چیزون کا ہی جیسکہ فرمایا ہی حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی حاصل اوسکا یہہ ہی کہ حکم کیا گیا ہون مین کہ کافرون سی لڑون یہان تلک کہ گواہی دین
وحدانیت اللہ تعالی کی اور رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اور قائم کرین نماز اور دین زکوۃ جب یہہ سب
باتین کرینگی اپنا خون اور مال مجسی بچاوینگی مگر ساتھہ حق اسلام کی یعنی سبب تقصیر کی حد پہنچاوینگا
اور حساب اونکا اللہ پر موقوف ہی پس اس سے معلوم ہوا کہ دین کی سبب سی ہر چیز آدمی کی محفوظ رہتی ہی اور

اصلاح دنیا کی ساتھہ حاصل ہونی وجہ معیشت حلال کی ہوتی ہی کہ قوت دیتی ہی امور طاعت پر اور سلامت رکھتی
ہی آفات سی کہ موجب خلل وقت کی ہین کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَائِیْ وَعَمَدِیْ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ
وَالْاَخْلَاقِ لَا یَھْدِیْ لِصَالِحِھَا وَلَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ ۞ ر ۞ یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ چوک سی کیا مینی
اور قصد سی کیا مینی یا اللہ راہ دکہا مجکو طرف اچہی عملون کی اور اچہی خلقون کی نہین راہ دکہاتا کوئی طرف اچہی عملون کی اور
نہین پہیرتا کوئی بری عملون کو مگر تو نقل کیے میہ بزار فی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ
وَمِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ ۞ عو مس ۞ یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون
ساتہہ تیری عذاب دوزخ کیسی اور عذاب قبر کیسی اور فتنہ زندگانی کیسی اور فتنہ موت کیسی اور برائی
کانی دجال کیسی نقل کیے میہ ابو عوانہ حاکم فی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَایَایَ وَذُنُوْبِیْ کُلَّھَا اَللّٰھُمَّ انْعَشْنِیْ
وَاَحْیِنِیْ وَاھْدِنِیْ وَاھْدِ بِیْ فِیْ صَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّہٗ لَا یَھْدِیْ لِصَالِحِھَا وَ
لَا یَصْرِفُ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ ۞ مس طی ۞ یا اللہ بخش مجہ کو میری گناہ صغیرہ میری اور گناہ کبیرہ میری تمام
گناہ یا اللہ بلند کر مرتبہ میرا اور زندہ رکہہ مجکو اور رزق دی مجکو اور راہ دکہا مجکو طرف نیک عملون کے
اور نیک خلقون کی تحقیق نہین راہ دکہاتا سی طرف نیک عملون کے اور نہین پہیرتا سی بری عملونکو کوئی مگر تو
نقل کیے میہ حاکم طبرانی ابن سنی فی اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ
لِیْ فِیْ رِزْقِیْ ۞ اَ طص ۞ یا اللہ سنوار میری لئی دین میرا اور فراخ کر میری لئی معیشت میری گہر میری مین
اور برکت دی میری لئی بیچ رزق میری کی نقل کیے میہ احمد طبرانی ابو یعلی فی ف فراخ کر معیشت میری
گہر میری مین کہ بدون محنت اور مانگنی کی حاصل ہووی یا مراد یہہ ہی کہ میری قبر مین گشادگی کر کذا ذکر الفخر سُبْحَانَ
رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ۞ ص
ی یہ پاکی ہی پروردگار تیرا صاحب غلبہ کا اوس چیز سی کہ بیان کرتی ہین کافر اور سلام ہووی رسولون پر اور سب
تعریف ثابت ہی واسطی اللہ پروردگار عالمون کے نقل کیے میہ ابو یعلی ابن سنی فی ف اس آیت مین تسبیح بہی ہے

اوز حمد اور سلام ہی وکان صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی وفراغ من صلوٰتہ مسح بجبینہ علی راسہ وقال بسم اللہ الذی لا الٰہ الا ہو الرحمٰن الرحیم اللھم اذھب عنی الھم والحزن * سرطس ی * اور تہی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑہتی اور فراغت پاتی نماز اپنی سی پہیرتی دایان ہاتہہ اپنا سر مبارک اپنی پر یعنی اگی کی جانب سر کی پر اور کہتی شروع کرتا ہون مین ساتہہ نام خدا کی وہ جو نہین کوئی معبود مگر وہ بخشنے والا مہربان یا اللہ دور کر مجسی فکر اور غم نقل کی یہہ برازنی اور طبرانی نی اوسط مین اور ابن سنی نی ف معلوم کیا چاہئی کہ ان حدیثون مین بہت سی چیزین نماز کی بعد کی پڑہنی مذکور ہوئین پس یہی لازم نہین ہی کہ سب ہمیشہ پڑہا کری بلکہ جس قدر سب یا بعض اونمین سی پڑہی گا موجب حاصل کری فضیلت اور اتباع سنت کا ہوگا اور ظاہر یہہ ہی کہ فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی اسیطرح پر تہا نہ یہہ کہ سب دعاؤن پر تمام اوقات مین مواظبت کرتی تہی پس امام محی الدین نووی نی لکہا ہی کہ استغفار کو سب ذکرون پر نماز کی پیچہی مقدم رکہی اور بعضون نی لکہا ہی بعد اوسکی اللھم انت السلام بعد اوسکی لا الہ الا اللہ قدیر تلک پڑہی کذا ذکر الشیخ ابن الحجر المکی اور جانا چاہئی کہ مراد بعد نماز سی متصل نماز سی پڑہنا بغیر فرق کی مراد نہین ہی کہ یہہ محال ہی بلکہ مراد یہہ ہی کہ ایسی چیز درمیان نماز اور ذکر کی نہ واقع ہو کہ توابع نماز سی نہو اور ایسی چیز مین نہ مشغول ہو کہ عرف مین اوس مشغول ہونی کو قبیلۂ اعراض اور نسیان ذکر کیسی گنین اور اگر اتنا سکوت کری کہ عرف مین اوسکو بہت نہ جانین تو بہی ضرر نہین رکہتا ہی پس بعد فراغ نماز سی جو کچہہ کہ وجہ مذکور پر پڑہیگا پیچہی ہی نماز کی ہی پس اگر سنتون معمول کی بعد یہہ اذکار پڑہی گا تو نماز کی بعد ہی پڑہنا کہلاویگا مگر جہان آیا ہی کہ اوسی ہیئت نماز پر پڑہی اوسکو اوسی ہیئت پر پڑہنا چاہئی واللہ اعلم کذا ذکر الفخر وکذا بعد صلوٰۃ الصبح وھو ثانیا رجلیہ * ت س طس ی * قبل ان یتکلم * ت س * لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر عشر مرات * ت س مائۃ مرۃ * طس مے اور پڑہی پیچہی نماز صبح کی حال یہہ کہ وہ موڑی ہوئی ہو دونو پانو اپنے یعنی جسطرح التحیات کی لئی پانو موڑ کر بیٹہا ہی اوسیطرح بیٹہی ہوئی ہے

نقل کی ہی ترمذی نسائی نی اور طبرانی نی اوسط مین اور ابن سنی نی اور ایک روایت مین ترمذی نسائی نی زیادہ کیا ہی کہ پہلی کلام کرنی کی پڑہی یہہ کلمہ نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہی اور اوسیکی لئی سب تعریف ہی ملتا ہی اور مارتا ہی بیچ ہاتہہ اوسکی بہلائی ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی بیس بار یہہ دسبار نقل کی یہہ ترمذی نسائی نی اور طبرانی نی اوسط مین اور ابن سنی نی نسو بار پڑہنا نقل کیا ف لفظ بیدہ الخیر فقط نسائی نی اور طبرانی نی اوسط مین بروایت کیا ہی رموز انکی اوپر لکہنی چاہئی حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہہ ہی کہ جسنی یہہ کلمہ بعد نماز صبح کی اور مغرب کی پیٹ غالیچہ پر بیٹہی ہوئی پہلی کلام کرنی کی اور پہرنی کی نماز سی دس دس بار پڑہا لکہی جاتی ہین اوسکی لئی بدلی ہر کلمہ کی دس نیکیان اور مٹائی جاتی ہین دس برائیان اور بلند کی جاتی ہین اوسکی لئی دس درجہ اور اوس دن رات مین پناہ مین رہتا ہی ہر امر بری سی اور وسوسون شیطان کیسی اور نہین پہنچتا ہی کسی گناہ کو کہ لاحق ہووی اور گہیرلی اور ہلاک کردی اوسکو اوسدن رات مین یعنی بسبب توفیق استغفار کی یا عفو کردگار کی سوای شرک کی یعنی اگر شرک کیا تو ہلاک کردیگا اور ہوتا ہی سب لوگون سے بہتر عمل مین مگر جو کوئی زیادہ اوس سے پڑہی اور نسائی کی روایت مین یہہ بہی آیا ہی کہ عوض ہر کلمہ کی ثواب ایک غلام آزاد کرنیکا حاصل ہوگا اور ایک روایت مین لفظ بیدہ الخیر کا بجی و بمیت پر مقدم آیا ہی کذا فی المشکوۃ و شرح العلی اللہم انی اسئلک رزقا طیبا و علما نافعا و عملا متقبلا ف یا اللہ تجہسے مین مانگتا ہون تجہسی رزق حلال اور علم نفع دینی والا اور عمل مقبول نقل کیے یہہ طبرانی نی صغیر مین اور ابن سنی نی و دبر المغرب و الصبح جمیعا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت بیدہ الخیر و ہو علی کل شیء قدیر عشر مرات ف س حب ط ف قبل ان ینصرف و یثنی رجلیہ منہما ف اور پڑہی یہہ بہی مغرب اور صبح کی دونون کی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی و یمیت بیدہ الخیر و ہو علی کل شیء قدیر دس بار نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان احمد طبرانی نی اور ایک روایت احمد کی مین آیا ہی کہ پڑہی پہلی اس سی کہ پہیرے اور کہولی دونو پانو اپنی دونو نماز دن سی ف یحیی و یمیت

ترمذی کی روایت مین زیادہ آیا ہی اور بیہقی اخبر احمد اور طبرانی کی روایت مین رمزین انکی اوپر لکھنی چاہین
اور لفظ منہا کا متعلق یتصرف کا ہی مقصود یہہی کہ جسطرح التحیات کی لئی منہا ہی اوسی ہیئت پر بیٹھی ہوئے پڑہی و بعد
صلوٰتی الصبح و المغرب ایضا قبل ان یتکلم اللھم اجرنی من النار سبع مرات ۲ دس
حب ۲ اور پڑہی پچھی نماز صبح اور مغرب کی بہی پہلی کلام کرینکی یا اللہ بچا مجکو آگ سی سات بار نقل کیے بیہقی ابوداؤد
نسائی ابن حبان نی ف حدیث شریف مین آیا ہی حاصل اوسکا یہہی کہ جب صبح کو یا شام کو تو نی بیہقی پڑہی
اور مرگیا اوسدن مین یا رات مین ہوویگی تجکو خلاصی آگ دوزخ کیسی کذا فی المشکوۃ و بعد صلوٰۃ الضحی
اللھم بک احاول و بک اصاول و بک اقاتل ۲ ی ۲ اور پڑہی پچھی نماز چاشت کی یا اللہ ساتہہ
مدد تیری کیے مانگتا ہون مین مقاصد اپنی اور ساتہہ مدد تیری کی حملہ کرتا ہون مین اور جنگ کرتا ہون دشمنون دین کیے
اور ساتہہ مدد تیری کی جہاد کرتا ہون مین نقل کیے بیہقی ابن سنی نی و اذا دعی الی طعام فلیجب ۲ م
دت س ۲ اور جب بلایا جاوی کوئی طرف کہانی کیے پس چاہیئی کہ قبول کری اور حاضر ہووی نقل کی
بیہقی مسلم ابوداؤد و ترمذی نسائی نے ف حاضر ہووی واسطی خاطر بہائی مسلمان کیے ظاہر امر کا بیہقی چاہتا ہے
کہ واجب ہو اس صورت مین اگر قبول نکریگا گنہگار ہوگا جیسیکہ ابوداؤد و نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی روایت
کی ہی کہ جب کوئی بلایا جاوی اور قبول نکری پس تحقیق نافرمانی کی خدا اور رسول اوسکی کی اور بیہقی اوس تقدیر
مین ہی کہ اوس مجلس دعوت مین بارہ مین مثلاً ساتہہ برات کی خلاف شرع کی کوئی چیز مثل مزامیر وغیرہ کیے
نہووے الا قبول نکرنا جائز ہی بلکہ مستحب ہی اور بعضون نی قبول کرنا دعوت کا سنت کہا ہی اور بعد حاضر ہونے
کی کہانا کہانی کا اختیار رکہتا ہی سنت یا واجب حاضر ہونا ہی اور کہانا مستحب ہی اگر روزہ دار نہین ہے
اور اگر نفل روزہ ہو اور دعوت کرنی والا نہ کہانی سی رنجیدہ ہو تو افطار کری اور کہاوی پھر روزہ قضا کا
رکہہ لی کذا ذکر الفخر و لا سیما ولیمۃ العرس ۲ دق عو ۲ اور خصوصا قبول کری کہانی شادی کے
نقل کیے بیہقی ابوداؤد ابن ماجہ ابوعوانہ نی ف ولیمہ اوس کہانی کو کہتی ہین کہ دولہن یا دولہا صیا

کری نزدیک عقد نکاح کی یا زفاف کی اور اکثر علما کہتی ہین کہ ولیمہ کرنا سنت ہی اور بعضی کہتی ہین مستحب ہی
یہی ہی اور کہا ناموافق حال خاوند کی ہو جیسا کہ ہو اور قبول کرنی اوسکی کو بعضون نی واجب کہا ہی اور بعضون نی
فرض کفایہ اور واجب ہونا قبول کا کتنی چیزون سی ساقط ہو جاتا ہی کہا ناشبہہ کا ہو یا تخصیص فقیرون کے ہونا ہمسایہ
کری ہون یا دعوت کری سبب جاہ اپنی کے یا مدد کرنا معصیت پر ہو یا وہان خلاف شرع شریف کی چیزین ہون
ان صورتون مین قبول کرنا واجب نہین ہوتا اور دو دنسی زیادہ کرنی مین اختلاف کیا ہی علمانی بعضون نی
مکروہ کہا ہی اور امام مالک نی ایک ہفتہ تلک تونکر کو مستحب کہا ہی کذا ذکر الفخر فان کان صائما صلی

مَدَّتْ سَ * پس اگر ہووی مہمان روزہ دار دعا کر نفل کے یہہ مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی ابن
ماجہ ابو عوانہ فی واذا افطر قال ذھب الظمأ وابتلت العروق وثبت الاجر ان شاء اللہ *
مَدَّتْ سَ مَسَّ * اور جب افطار کری پڑہی گئی پیاس یعنی سبب پانی پینی کے اور تر ہوین رگین اور ثابت ہوا
ثواب اگر چاہی اللہ تعالی نفل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی حاکم فی اللھم انی اسئلک برحمتک التی وسعت
کل شیء ان تغفر لی ذنوبی * مَوَ مَسَّ قَ ی * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھی ساتھہ وسیلہ رحمت
تیری کی وہ جو فراخ ہوئی ہی یعنی گھیر لیا ہی ہر چیز کو یہہ کہ بخشی تو میری لی گناہ میری نفل کے یہہ موقوفا حاکم ابن
ماجہ ابن سنی فی فان افطر عندھم قال افطر عندکم الصائمون واکل طعامکم الابرار
وصلت علیکم الملئکۃ * قَ حب ذ * پس اگر افطار کری نزدیک ایک قوم کی یعنی ضیافت مین
کہی افطار کرین نزدیک تمہاری روزی دار اور کہا دین کہا تمہارا نیک کار اور بخشش چاہین اوپر تمہاری
فرشتی نفل کے یہہ ابن ماجہ ابن حبان ابو داؤد فی * ف * آداب روزی کی یہہ ہین کہ محفوظ رکہی زبان اور اتلہہ
اور کان کو بری باتون سی اور لایعنی سی پس جسنی نہ چہوڑا جہوٹہہ اور گناہ کی باتین اور غیبت اور فحش وغیرہ پس نہین

ہی اللہ کو حاجت یہہ کہ چھوڑی وہ کہانا اور پینا اپنا پس اکثر روزہ دار ہین کہ نہین ہی اونکی لئی روزہ اونکی سی
مگر پیاس اور بھوک یہہ مضمون حدیثون صحیح سی ثابت ہوتا ہی پس اگر لڑی روزہ دار سی کوئی پس کھے پیا
مانگتا ہون ساتھہ اللہ کی تجسی ہین روزہ دار ہون اگر فرض روزہ ہووی کہی یہہ زبان سی والا دلسی روزہ کی
چھپانی کے لئی اور کم کہاوی کہانا نسبت اور دنون کی اور افطار کری پہلی ستارونکی نکلنی کے اور پہلی نماز
مغرب کی اور افطار کری جلدی تر پر اگر وہ نہاوی خشک پر یا میوہ سی یا شیرینی سی اگر کچھہ نہاوی پانی سے
اور سحر دیر کر کہاوی اگرچہ ساتھہ تمر کی یا کہونٹ پانی کی ہووی کہ فرمایا ہی حضرت نی فرق ہماری روزی ہین اور
یہود کی روزی ہین کہانا سحر کا ہی اور موجب برکت کا ہی اور فرض روزی رمضان کی ہین اور سنت پندرہ ہین شعبان کی
اور نوین دسوین محرم کا کہ اوس سی کفارہ ایک برس کے گناہون کا ہوتا ہی اور نوین بقر عید کا کفارہ دو برس کے
گناہون کا اوس سی ہوتا ہی اور تین روزی ہر مہینی مین کہ کئی طرحسی آئی ہین مگر اکثر حضرت تیرہین چودہین پندرہین
رکہتی تہی کہ حکو ایام بیض کہتی ہین سفر اور حضر مین اکبو ترک نہین کرتی تہی اور حضرت پیر اور جمعرات کو بہی روزہ
رکہتی تہی اور فرماتی تہی کہ ان دو دنون مین بخشتا ہی اللہ تعالے مسلمانون کو اور اعمال بندون کی اوپر عرض ہوتی ہین
پس دوست رکہتا ہون مین کہ عرض کی جاوین عمل میری اور مین روزی سی ہون اور چھہ روزی شوال ہین جنکو
ستہ شوال کہتی ہین فرمایا اونکی حق مین کہ جو کوئی رمضان کی روزی رکہی اور چھہ شوال کی تو ہوتا ہی گویا تمام زمانہ
روزے رکہی کذا فی المشکوۃ و وظائف النبی اور ابہی روزی حضرت سی ثابت ہوی ہین بخوف درازگی کی اتنی
کفایت کیا بڑی کتابون مین دیکہا چاہئی وَاِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ وَلْيَاْكُلْ مِمَّا يَلِيْهِ

خ مرت س اِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ الَّذِيْ لَا يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ رواہ

س یہ اور جب آوی کہانا پس چاہئی کہ بسم اللہ کہی اور کہاوی اوسطرف سی کہ قریب اوسکی ہی یعنی اگلی اپنی
سی ساتھہ واسطے اتباع سنت اپنی کی نقل کی یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی بے تحقیق شیطان حلال کرتا ہی اپنی پر اوس
کہانی کو کہ نہ ذکر کیا جاوی نام خدا کا اوسپر یعنی بسم اللہ نہ پڑہی جاوی نقل کی یہہ مسلم ابو داؤد نسائی نے

ف یعنی قادر ہوتا ہی اوس کہانی پر اور اپنا حصہ کر لیتا ہی اوسمین اور موجب سنگدلی اور فساد
اور کرنی گناہون کا کر دیتا ہی اوسکو بسبب نام لینی اللہ تعالی کی پس جو نام اللہ تعالی کا اول مین یا درمیان
مین یا آخر مین لیلیا ہر حلال نہین کر سکتا اس حدیث مین اشارہ ہی اسپر کہ فقط بسم اللہ کہنا کفایت کرتا ہی
مگر اولی یہہ ہی کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہی اور احیاء العلوم مین امام غزالی رحمہ اللہ نے لکہا ہی کہ پہلی نوالہ پر
بسم اللہ کہی اور دوسری پر بسم اللہ الرحمن اور تیسری پر بسم اللہ الرحمن الرحیم اور مستحب ہی کہ پکار کر بسم اللہ کہی تو
اوروں کو بہی یاد آجاوی اور جو ہر نوالہ پر بسم اللہ کہی بہت ہی خوب ہی اور علماء نے اختلاف کیا ہی کہ بسم اللہ
کہنی مستحب ہی یا واجب سفر السعادت والی نے کہا ہی کہ محققین اہل حدیث کی نزدیک واجب ہی اور اکثر
فقہا کی نزدیک مستحب اور دائین ہاتہہ سی کہانا ہی سب علما کی نزدیک سنت موکدہ ہی اور قہستانی نے
لکہا ہی کہ اپنی ہاتہہ کی جگہہ سی کہانا واجب ہی اور اوسکی ہاتہہ کی جگہہ سی کہانا حرام اور یہہ اوس صورت مین ہی
جو کہانا ایک طرح کا ہوا اور جو مختلف قسمون کا ہو مثل میوونکی درست ہی جدہر سی چاہی چن کر کہاوی کذا ذکر الغنیہ
اور مستحب ہی کہ کہانی کی پہلی اور بیچی ہاتہہ دہووی اور چکنی ہاتہہ رات نہ گذاری کہ مضر ہی اور زین المنیہ
سی کہاوی ساتہہ اعانت چوتہی کی اور اسفل اور گرداگرد شکابی کیسی کہاوی نہ اعلی اوسکی سی اور اوسط
اوسکی سی اور چہری سی گوشت گلا ہوا اور روٹی نہ کاٹی اور بعد فراغ کی اونگلیان اور برتن چاٹ لیے
اور دسترخوان پر جو کچہہ گرا ہی اوس سی مٹی وغیرہ چہٹا کر کہا جاوی اوسی پر شیطان کی لئی گرا ہوا چہوڑے
اور کہاوی دوزانو یا اوکڑو یا دایان پاون کہڑا کر کر اور نہ کہاوی چار زانو اور نہ لیٹ کر اور نہ کہڑی
ہو کر اور نہ مسند وغیرہ پر بیٹہہ کر بطور متکبرین کی اور نہ خوان پایہ دار پر اور نہ تشتری پیالی مین اور نہ عیب
کری کہانی کو اور نہ سونگی اوسکو اور نہ پہونکی اوسمین اور بہت گرم نہ کہاوی اور عین العلم مین
لکہا ہی کہ پرہیزگری برتن پیتل یا تانبی کے سی مسنون لکڑی اور مٹی کی برتن مین ہی اسلئی کہ اقرب ہی طرف تواضع
کی لیکن وضو کرنا پیتل یا تانبی کی برتن مین حضرت سی ثابت ہی ہوا ہی مس یہہ آداب اگرچہ سنن زوائد ہی مین

مراد بندگی خدا کی ہی کہ اوسکی سبب سی آدمی نجات پاتا ہی اور اللہ تعالی کا قرب حاصل کرتا ہی کذا ذکر العلی
اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِي سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا
فِي أَهْلِنَا * ت س * یا اللہ تو یارہی سفر مین اور خلیفہ ہی اہل مین یا اللہ یار ہو تو ہمارا بیچ سفر ہمارے کے
اور خلیفہ رہ ہمارا بیچ اہل ہمارے کے نقل کیے یہہ ترمذی نسائی نی وَإِذَا عَلَا شَنِيَّةً كَبَّرَ وَإِذَا هَبَطَ
سَبَّحَ * ح د س * اور جب چڑہی پہاڑی پر اللہ اکبر کہی اور جب اوتری اوس سی سبحان اللہ کہی نقل کیے
یہہ بخاری ابوداؤد نسائی نی وَإِذَا أَشْرَفَ عَلَى وَادٍ هَلَّلَ وَكَبَّرَ ع اور جب گذری جنگل پر لا الٰہ الا اللہ

اور اللہ اکبر بھی نقل کیے یہہ صحاح ستہ مین وَاِنْ عَثَرَتْ بِهٖ دَابَّتُهٗ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ۞ مس
مس اط ۵ اور جو گراوی کسیکو جانور اوسکا پس چاہیئی کہ کہی بسم اللہ نقل کیے یہہ بیہقی حاکم احمد طبرانی
ف حیواۃ الحیوان مین لکہا ہی کہ طبرانی نی اوسط مین حضرت انس رضی سی روایت کی ہی کہ جو غلام
بالڑکا یا جانور بدخوئی رکہتا ہو اوسکی کان مین یہہ آیت پڑہی اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ كذا في فتح المبين وَاِذَا رَكِبَ الْبَحْرَ اَمَانٌ مِّنَ الْغَرَقِ اَنْ يَّقُوْلَ بِسْمِ اللّٰهِ
مَجْرٖىهَا الْاٰيَةَ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ الْاٰيَةَ الَّتِيْ فِي الزُّمَرِ ۞ طی ص ۞ اور جب
سوار ہووی کوئی دریا مین یعنی کشتی مین امان ہی ڈوبنی سی پڑہنا بسم اللہ مجریہا آخر آیت تلک کا اور وما
قدروا اللہ حق قدرہ آخر آیت تلک کا وہ جو سورۂ زمر مین ہی نقل کیے یہہ طبرانی ابن سنی ابو یعلی نے
ف پہلی ساری آیت یون ہی بسم اللہ مجریہا و مرسہا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ یعنی ساتہہ نام خدا کی ہی چلنا
کشتی کا اور ٹہہرنا اوسکا تحقیق پروردگار میرا البتہ بخشنی والا مہربان ہی یہہ بیان ہی حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کا ہی
منقول ہی کہ جب وہ چلنا کشتی کا چاہتی تہی بسم اللہ کہتی تہی چلتی تہی اور جب ٹہہرنا چاہتی بسم اللہ کہتی
ٹہہر جاتی پس اسی لیی حضرت نی اس آیت کی پڑہنی کا حکم فرمایا اور دوسری آیت ساری یون ہی وَمَا
قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ
یعنی اور نہ پہچانا کافرون نے خدا کو حق پہچاننی اوسکی کا اور زمین تمام قبضہ اوسکی مین ہوگی دن قیامت
کی اور آسمان لپیٹی جاوینگی داہنی ہاتہہ اوسکی مین پاکی ہی اوسکو اور برتر ہی اوس چیز سی کہ شریک
کرتی ہین کافر کذا ذکر الفخر اِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّتُهٗ فَلْيُنَادِ اَعِيْنُوْنِيْ عِبَادَ اللّٰهِ ۞ سر ۞ رجاکم
اللہ ۞ مو مص ۞ اور جب بہاگ جاوی جانور کسیکا پس چاہیئی کہ پکاری مدد کرو میری ای بندون خدا کی
نقل کیے یہہ بزار نی ابن عباس سے اور ابن ابی شیبہ نی اسکی ساتہہ لفظ رحمکم اللہ کا بہی زیادہ نقل کیا ہے
لیکن موقوفاً یعنی یہہ قول ابن عباس کا ہی ف مراد بندون خدا سی رجال الغیب ہین یعنی ابدال یا ملائکہ

پاسلان جنات ابن مسعود نی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی روایت کی ہی کہ جب بہاگ جاوی جانور کسی کا
جنگل مین پس چاہیئی کہ کہی یا عباد اللہ احبسوا یا عباد اللہ احبسوا یا عباد اللہ احبسوا یعنی ای بندگان
خدا روکو اسکو پس تحقیق اللہ کی بندی زمین مین ہین کہ روکتی ہین اونکو پس ایک بزرگ سی منقول ہی کہ جانور
اونکا بہاگ گیا اور وہ بہہ حدیث جانتی تہی اونہون نی بہہ کلمی کہی فی الحال اللہ تعالی جانور اونکا پہیرا یا
کذا ذکرہ العلی والفخر وان اراد عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی
ط بہہ اور جو چاہی مدد یعنی استعانی کی جانب سی کسی امر مین پس چاہیئی کہی بندون خدا کی مدد کر میری ای بندون خدا کی مدد کرو میری ای
بندون خدا کی مدد کرو میری نقل کیے بہہ طبرانی نی ف فرمایا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ جب کوئی
کچھہ چیز گم کری یا چاہی مدد اور حال بہہ کہ وہ ایسی زمین مین ہو کہ کوئی انیس ونشین اوسکا نہین ہی پس چاہیئی کہ
کہی یا عباد اللہ اعینونی پس اللہ تعالی کیے بندی ہین کہ ہم نہین دیکہتی کذا ذکر العلی والفخر وقد جرب
ذلک ہ ط اور تحقیق آزمایا گیا ہی بہہ امر نقل کیے بہہ طبرانی نی ف بہہ قول اوسی کا ہی میر کرشاہ نی
بعض علماء ثقات سی نقل کیا ہی کہ بہہ حدیث حسن ہی اور محتاج ہین طرف اسکی تمام مسافر اور مشائخ سی روایت کیے
گئی ہی کہ بہہ مجرب ہی اس مقدمہ مین اور نزدیک ہی ساتہہ اسکی فتح مقصود پر کذا ذکر الفخر والعلی واذا اتی
علی مکان مرتفع قال اللھم لک الشرف علی کل شرف ولک الحمد علی کل حال ہ ص
اور جب چڑہی کوئی جگہہ بلند پر کہی یا اللہ وسطی تیری بزرگی ہی ہر بلندی پر یعنی قدر اور مرتبہ تیرا بلند ہی ہر بلندی
سی اور تیری لئی سب تعریف ہی ہر حال نقل کیے بہہ احمد ابو یعلی بن سنی نی واذا رای بلدۃ اراد
دخولہا قال حین یراہا اللھم رب السمٰوٰت السبع وما اظللن ورب الارضین
السبع وما اقللن ورب الشیٰطین وما اضللن ورب الریاح وما ذرین فانا نسئلک
خیر ہذہ القریۃ وخیر اہلہا ونعوذ بک من شرہا وشر اہلہا وشر ما فیہا
س حب مس ہ اور جب دیکہی اوس شہر کو کہ چاہتا ہی داخل ہونا اوسمین کہی جب کہ دیکہی اوسکو

یا اللہ پروردگار ساتون آسمانون کی اور اوسچیز کی کہ سایہ ڈالا ہی اونہون نے اور ای رب ساتون زمینون کے
اور اوس چیز کی کہ اونتہا یا ہی اونہون نی اور ای رب شیطانون کی اور اونکی کہ گمراہ کیا ہی شیطانون نے
اونکو اور ای رب ہواؤنکی اور اوسچیز کی کہ پراگندہ کرتی ہین ہوائین پس تحقیق ہم مانگتی ہین بہلائی اس شہر کی
اور بہلائی شہر والون کے اور پناہ پکڑتی ہین ساتھہ تیری برائی اسکی سی اور برائی رہنی والون اسکی اور
برائی اوسچیز کیسی کہ اسمین ہی نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف بہلائی شہر کی یہہ ہی کہ داخل
ہونا مبارک ہو یعنی سبب طاعت اور عبادت اور عافیت کا ہو اور بہلائی شہر والون کی یہہ کہ بیشکجنت
ہون اور صحبت اونکی باعث بی مزگی کی نہو اَسْئَلُکَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا ط
مانگتا ہون مین تجھسی بہلائی شہر کی اور بہلائی اوسچیز کی کہ اسمین ہی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ تیری برائی اوسکی سی اور برائی اوسچیز
کیسی اسمین ہی نقل کی یہہ طبرانی نی وَعِنْدَمَا یُرِیْدُ اَنْ یَّدْخُلَهَا اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهَا نَلْتُ مَرَاتِ اَللّٰهُمَّ اَرْزُقْنَا جَنَاهَا
وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَهْلِهَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَهْلِهَا اِلَیْنَا ۞ طٰسٓ ۞ اور جب وقت ارادہ داخل ہونی شہر کی
یا اللہ برکت دی واسطی ہماری شہر مین پڑہی یہہ تین بار یا اللہ نصیب کر ہمکو میوی اسکی اور دوست کر ہمکو
طرف شہر والون کے اور دوست کر نیکبخت شہر والون کو طرف ہماری نقل کیے یہہ طبرانی نی اوسط
مین وَاِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ فَاِنَّهٗ لَمْ یَضُرَّهٗ شَیْءٌ حَتّٰی
یَرْتَحِلَ ۞ مٓرٓ طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ ۞ اور جب اوتری مسافر منزل مین پڑہی پناہ پکڑتا ہون مین
ساتھہ کلمون پوری خدا کی برائی اوس چیز کیسی کہ پیدا کی پس تحقیق نہین ضرر کرنی کی پڑہنی والی کو کوئی
چیز یہان تلک کہ کوچ کرے نقل کی یہہ مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ احمد طبرانی ابن ابی شیبہ نی وَاِذَا
اَمْسٰی وَاَقْبَلَ اللَّیْلُ یَا اَرْضُ رَبِّیْ وَرَبُّکِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّکِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ
فِیْکِ وَشَرِّ مَا یَدِبُّ عَلَیْکِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَیَّةِ وَالْعَقْرَبِ
وَمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ وَالِدٍ وَمَا وَلَدَ ۞ دٓسٓ مٓسٓ ۞ اور جب شام کرے مسافر اور آوے رات

پرسی ای زمین رب میرا اور رب تیرا اللہ ہی پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھہ اسکے برائی تیری سی یعنی خسف وغیرہ سے
اور برائی اوس چیز کیسی کہ پیدا کی گئی تجھ میں یعنی سانپ وغیرہ اور برائی اوس چیز کیسی کہ چلتی ہی تجھ پر یعنی حیوانات
اور جن وانس اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھہ اللہ کی برائی شیر کیسی اور اژدہای کالی کیسی اور ہر طرح کے سانپ کیسی اور
بچھو کیسی اور برائی رہنی والوں شہر کیسی یعنی جنات یا آدمی اور برائی جنی والی کیسی یعنی آدمی یا ابلیس اور
بیٹی کیسی یعنی اولاد آدمی یا اولاد ابلیس نقل کیے ہیں ابو داؤد نسائی حاکم فی وقت السحر یقول
سمع سامع بحمد اللہ ونعمتہ وحسن بلائہ علینا ربنا صاحبنا وافضل علینا عائذا
باللہ من النار ۔ ترجمہ سنا سننے والے نے تعریف اللہ کی اور نعمت اوسکی کی اور خوبی امتحان اوسکی کی ہم پر اے رب ہمارے
ساتھی ہو اور فضل کر ہم پر پناہ مانگتا ہوں میں یہ کلام پناہ چاہتا ہوا ساتھہ خدا کی آگ سے نقل کیے ہیں مسلم ابو داؤد نسائی ابو عوانہ نے
وقال صلی اللہ علیہ وسلم الحبیب یا حبیبی اذا خرجت فی سفر ان تکون امثل اضحابک
هیئة واکثرهم زادا ۔ اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہتا ہی تو ای حبیب کہ جب نکلی تو سفر
میں کہ ہووی تو بہتر یاروں اپنی سی ہیئت میں یعنی صورت وحالمیں اور بہت زیادہ اونکا اور زوی توشہ کی
ف یعنی بہت مال والا اور بہت فراخی اور کمال وجمال والا ہو جاوی تو فقلت نعم بابی انت
وامی قال فاقرأ هذه السور الخمس قل یا ایها الکافرون واذا جاء نصر اللہ وقل هو اللہ
احد وقل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس وافتتح کل سورة ببسم اللہ الرحمن
الرحیم واختم فراءتک بها قال حبیبی وکنت غنیا کثیر المال فکنت اخرج فی سفر
فاکون ابذهم هیئة واقلهم زادا ۔ پس عرض کیا میں ہاں فداہوں تیرا ماں باپ میری فرمایا پس پڑھہ پہلے پانچ
سورتیں قل یا اور اذا جاء اور قل ہو اللہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور شروع کر ہر سورت
کو ساتھہ بسم اللہ کی اور ختم کر قراءت اپنی ساتھہ بسم اللہ کی یعنی سب سے بہتر ہونگی کہا حبیبی اور تہا میں غنی بہت مال والا

پس تہا مین کہ نکلتا تہا سفر مین پس ہوجاتا تہا بہت تباہ حال یا رون سی پیشتین اور کمتر اونسی توشہ مین
ف یعنی باوجود کثرت مال کی بدبہت اور مفلس ہوجاتا مین بسبب ضائع ہونی مال کے اور بی برکتی کے
فَمَا ذِلْتُ مُنْذُ عَلِمْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُ بِهِنَّ أَكُوْنُ مِنْ أَجْسَمِهِمْ
هَيْئَةً وَأَكْثَرِهِمْ زَادًا حَتّٰى أَرْجِعَ مِنْ سَفَرِيْ ص پس ہمیشہ رہا مین جبسی کہ سیکہین مینی یہہ صورتین
رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سی اور مداومت کی انکی پر مینی کے ہوا مین بہترین اونکی سے ہیئت مین اور زیادہ
ترین اونکیسی توشہ مین یہان تلک کہ پہرتا مین سفر اپنی سی نقل کیے یہہ ابویعلی نے مَا رَاكِبٌ يَخْلُوْ فِيْ
مَسِيْرِهٖ بِاللّٰهِ وَذِكْرِهٖ إِلَّا رَدِفَهُ اللّٰهُ بِمَلَكٍ وَلَا يَخْلُوْ بِشِعْرٍ وَنَحْوِهٖ إِلَّا رَدِفَهُ
ط ہو نہین کوئی سوار کہ خالی ہوا مور دنیا سی چلنی اپنی مین اور مشغول ہو دل اوسکا ساتہہ اللہ کی اور زبان ساتہہ
ذکر اوسکیلی مگر کہ بیہی اوسکی سوار کرتا ہی اللہ تعالی فرشتہ کو اور نہین خالی ہونا ذکر اوسکی سی اور مشغول ہونا
ہی ساتہہ شعر کی یعنی شعر پڑہنی اور مانند اوسکی کے یعنی ساتہہ کلام دنیا اور بیفائدہ کی مگر کہ بیہی سوار کرتا ہی اللہ
اوسکی شیطان کو نقل کیے یہہ طبرانی نے ف یعنی جو کوئی سوار ہی کیے وقت یاد خدا کی کرتا ہی اوسکی بیہی
اللہ تعالے فرشتہ متعین کرتا ہی کہ نگہبانی اور مددگار رہوتا ہی اور تعلیم نیکی کی کرتا ہی اور بدیسی باز رکہتا ہی والا شیطان
متعین ہوتا ہی اور بری راہ بتاتا ہی کذا ذکر الفخر وَإِنْ كَانَ فِيْ حَجٍّ فَإِذَا اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهٗ عَلَى
الْبَيْدَاءِ حَمِدَ اللّٰهَ وَسَبَّحَ وَكَبَّرَ خ اور جو ہووی سا سفر حج مین پس جب ٹہیریسی ساتہہ اوسکے
سواری اوسکی بیدا پر الحمد للہ کہی اور سبحان اللہ اور اللہ اکبر کہی نقل کیے یہہ بخاری نے ف بیدا نام
ایک جگہہ بلند کا ہی درمیان مکہ اور مدینہ کی آگی ذوالحلیفہ کی جانب مکہ کی فَإِذَا أَحْرَمَ لَبّٰى لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ
لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ع پس جب احرام باندہی لبیک کہی اسطرح حاضر ہون مین خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون خدمت تیری مین
حاضر ہون خدمت تیری مین نہین کوئی شریک تیرا حاضر ہون خدمت تیری مین تحقیق تعریف اور نعمت تیری ہی

لئی ہی یعنی انعام واحسان بندون پر تیری ہی جانب سی ہی اور ملک تیری ہی لی ہی نہین کوئی شریک تیرا صحیح ستہ مین ہی
احرام مین کتنی چیزون کو حرام کرنا ہوتا ہی خواہ احرام حج کا ہو یا عمرہ کا تفصیل اوسکی فقہ مین دیکہئی اور قصد کرنی والی حج کیلئو
چاہئی کہ اول طہارت وغسل کرئی اور کپڑی بن سی یعنی بن بونتی بدن پر پہنی اور خوشبو بدن کو لگاوی اور دو رکعت پڑہی پہلی مین الحمد
اور قل یا اور دوسری مین الحمد قل یا ایہا الکافرون پڑہی سنہت ہی پہر نیت احرام کی کرئی اور اگر بدون نماز کی بہی احرام باندہی جائز ہی لیکن مکروہ
اور بعد نماز کی لبیک کہی اور بعد اوسکی سید کائنات پر درود بہیجی اور لبیک کہنی بعد نماز کی ہماری نزدیک سنت
ہی اور فرض احرام کی دو مین نیت اور مطلق ذکر لبیک ہو یا سوا اوسکی اور ہو اور سوا انکی اور چیزین سنت مین
یا مستحب اور لبیک کہنی ساری حج مین ایکبار فرض ہی اور بار بار سنت اور مستحب ہی کہ جب لبیک کہی تین بار
سی کم نہ کہی اور زبان سی کہی ولسی کہنا مفید نہین کذا ذکر الفخر لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ
بِیَدَیْکَ لَبَّیْکَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَیْکَ وَالْعَمَلُ لَبَّیْکَ * مومرعہ * حاضر ہون مین خدمت
تیری مین حاضر ہون خدمت تیری مین اور مستعد ہون طاعت پر اور بہلائی ہاتہون تیری مین ہی یعنی قبضہ
وتصرف تیری مین حاضر ہون خدمت تیری مین اور رغبت طرف تیری ہی اور عمل طرف تیری چڑہتی ہین حاضر
ہون خدمت تیری مین نقل کیے یہہ موقوفاً مسلم اور چارون نے لَبَّیْکَ اِلٰہَ الْحَقِّ لَبَّیْکَ * مس ق
حب مس * لبیک کہتا ہون ای معبود برحق لبیک نقل کیے یہہ نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی وَاِذَا
فَرَغَ مِنْ تَلْبِیَتِہٖ سَاَلَ اللّٰہَ مَغْفِرَتَہٗ وَرِضْوَانَہٗ وَاسْتَعَاذَہٗ مِنَ النَّارِ * ط * اور جب فراغت
پاوی لبیک کہنی سی مانگی حق تعالی سی بخشش اوسکی اور خوشنودی اوسکی اور مانگی اوس سی آزادگی آگ سی نقل
کی یہہ طبرانی نی ف چنانچہ حدیث شریف مین یہہ دعا آئی ہی پڑہی بلکہ بعد لبیک کی پڑہنا اسکا سنت ہی
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مَغْفِرَتَکَ وَرِضَاکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ کذا ذکر الفخر فَاِذَا طَافَ
کُلَّمَا اَتَی الرُّکْنَ کَبَّرَ * خ * پس جب طواف کرئی جب کہ آوی رکن اسود کی پاس تکبیر کہی نقل کی یہہ بخاری نے
ف جہان فقط رکن مذکور ہوتا ہی اوس سی یہ وہ رکن مراد ہوتا ہی جسمین حجر اسود ہی پس جب بروبر اوسکی اوسکے

بسم اللہ اللہ محمد شد لا الہ الا اللہ اور درود اور اللہ اکبر کہہ کر طواف شروع کری پہر جب ایک دورہ پر چکی کر سکے شوط کہتی ہین اسیطرح کری پس ساتہہ شوط یونہی ادا کری اور جب تکبیر کہی دونو ہاتہہ کندہی تلک اوتہا کر ہتیلیان سامنے حجر اسود کی کری پہر بوسہ دی اور طور بوسہ کا یہہ ہی کہ دونو ہاتہہ حجر اسود پر رکہہ کر درمیان اونکی مونہہ رکہہ کر بوسہ دی مگر اسطرح کہ آواز نہ آوی اور جو مونہہ سی نہین دی سکتا ہی ہاتہہ لگا کر جو می جو یہہ ہی نہ ہو سکے تو لکڑی وغیرہ لگا کر اوسی چومی یہہ موافق تصریح صادی کی ہی اور جو یہہ بہی نہ ہو سکی دونو ہاتہون سی اوسکی طرف اشارہ کری اور مستحب ہے کہ حجر اسود پر سجدہ کری اور بوسہ دی تین بار یونہی کری کذا ذکر الفخر ویقول بین الرکنین ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار * دس حب مس * اور کہی درمیان دونو رکنون کی ای رب ہمارے دی ہمکو دنیا مین نیکی اور آخرت مین نیکی اور بچا ہمکو عذاب آگ کی یہہ نقل کیے یہہ ابوداؤد ونسائی ابن حبان حاکم فی ف کعبہ کی چار کونی ہین دو کو عراقی اور شامی کہتی ہین اور دو کو رکن اسود اور رکن یمانی اور کبہی ان دونو نکو ہی رکنین یمانین کہتی ہین یہان وہی مراد ہین یعنی رکن اسود اور رکن یمانی کہ جانب جنوب کی ہین کذا ذکر الفخر وکذا لات بین الرکن والحجر * مومص * اور اسیطرح یعنی رہنا پڑہی درمیان رکن اسود کی اور حجر کی نقل کیے یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ فی ف حجر کہی ہین کعبہ کی دیوار کو کہ جانب شمال کعبہ کی ہی آگی یہہ دیوار کعبی کی تہی اب اسکو پری چہوڑ کر ورلیسی دیوار کعبی کے بنائی ہی حجر بطور آدہی دائرہ کی ہی بقدر انتیس گز کی کذا ذکر الفخر وفی الطواف * مس * او بین الرکن والمقام * مومص اور پڑہی طواف مین نقل کیے یہہ حاکم فی یا درمیان رکن اور مقام ابراہیم کے نقل کی نہیہ موقوفا ابن ابی شیبہ فی ف یعنی حاکم فی مطلق طواف مین آگی کی وعاپڑہی روایت کی ہی اور ابن ابی شیبہ فی خاص درمیان رکن اسود اور مقام ابراہیم کی اللہم قنعنی وما رزقتنی وبارک لی فیہ واخلف علی کل غائبۃ لی بخیر * مس * مومص * یا اللہ قناعت دی مجکو ساتہہ اوس چیز کی کہ نصیب کی تو نی مجکو اور برکت دی میری لئے اوسمین اور خلیفہ ہو جا

نگہبان اوپر ہر چیز میری کی کہ غائب ہی ساتھہ بہلا سکی نقل کی یہہ حاکم نی اور موقوفا ابن ابی شیبہ نی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ * مومص نہین کوئی معبود مگر خدا ایک ہی وہ نہین کوئی شریک اوسکا واسطی اوسکی بادشاہت ہی اور اوسکی لئی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہہ موقوفا ابن ابی شیبہ نی ف یعنی ایک روایت ابن ابی شیبہ کی من یہہ کلمہ پہلی دعا کی ساتھہ زیادہ ہی فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ تَقَدَّمَ اِلٰی مَقَامِ اِبْرَاھِیْمَ فَقَرَأَ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاھِیْمَ مُصَلًّی وَجَعَلَ الْمَقَامَ بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الْبَیْتِ وَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ فِی الْاُوْلٰی قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ وَفِی الثَّانِیَۃِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ * پس جب فراغت پاوی طواف سی آوی طرف مقام ابراہیم کے پس پڑہی یہہ آیت اور پکڑو مقام ابراہیم کو جاءی نماز اور کری مقام ابراہیم کو درمیان اپنی اور درمیان کعبی کے اور پڑہی دو رکعت پڑہی پہلی رکعت مین قل یا اور دوسری مین قل ہو اللہ ف مقام ابراہیم ایک پتہر ہی کہ حضرت ابراہیم نی اوپر کہڑی ہوکر لوگون کو بحسب حکم الٰہی کے حج کی لئی پکارا تہا چنانچہ وہ حکم بیچ آیت وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ کی مذکور ہی یعنی اعلام کر لوگون مین ساتہہ حج کی اوسپر نشان قدمون حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ہی اب سامنی کعبی کے ایک حجری مین ہی پس اوسکی پیچہی کہڑا ہوکر دوگانہ پڑہی کہ وہ اسکی اور کعبی کے بیچ مین ہو جاوے یہہ دو رکعت ہر طواف کی بعد واجب ہین خواہ طواف نفل ہو یا فرض یا واجب اور یہہ جگہہ کہ اس نماز کی لئی بیان ہوئی افضل ہی اگر اور جاءی بہی پڑہی جائز ہی کذا ذکر الفخر ثُمَّ یَرْجِعُ اِلَی الرُّکْنِ فَیَسْتَلِمُہٗ ثُمَّ یَخْرُجُ مِنَ الْبَابِ اِلَی الصَّفَا * پہر پہری طرف رکن کی یعنی حجر اسود کی پس چومی اوسکو یعنی دوبارہ یا ہاتہہ وغیرہ سی چہوئی پہر نکلی دروازہ مسجد کیسی یعنی باب الصفا سی طرف صفا کے ف سنت یہہ ہی کہ فی الفور بقصد سعی کے صفا کی طرف نکلی بلا عذر تاخیر کرنی بری ہی اور عذر سی یا استراحت کی لئی واسطی دور کرنی ماندگی کی اگر تاخیر کری مضائقہ نہین کذا ذکر الفخر فَاِذَا دَنٰی مِنْہُ قَرَأَ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ اَبْدَأُ

بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهٖ فَيَرْقَى الصَّفَا حَتّٰى يَرَى الْبَيْتَ * پس جب قریب ہووے صفا سی پر چڑھی ہیہ آیت تحقیق
صفا اور مروہ نشانیون خدا کی سی ہی پہر کہی ابتدا کرتا ہون مین یعنی سعی مین ساتھہ اوس چیز کی کہ ابتدا کی اللہ عزوجل
نی ساتھہ اوسکی یعنی ساتھہ ذکر صفا کی پہر چڑھی صفا پر یہان تلک کہ دیکھی خانہ کعبی کو ف اگلی زمانی مین
کوٹھہ کعبی کا صفا پر سی معلوم ہوتا تہا اب بنا حرم سی چھپ گیا ہی مگر بعض جگہہ صفا پر کیسی اگر دروازہ حرم کا کہلا
ہو تو بعض حرز کعبہ کا معلوم ہوتا ہی کذا ذکر الفخر فَيَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ فَيُوَحِّدُ اللّٰهَ وَيُكَبِّرُهٗ * پس موتہہ کرے قبلہ
کی طرف پس کہی وحدانیت خدا کی اور بڑائی اوسکی ف یعنی لا الٰہ الا اللہ اللہ اکبر کہی اور دونو ہاتہہ کندہی
تلک بطور دعا کی اوتہاوے کذا ذکر الفخر وَيَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ
وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَ
نَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ * اور کہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہین کوئی شریک اوسکا
اوسیکی ہی بادشاہت ہی اور اوسیکی ہی سب تعریف ہی وہی جلاتا ہی اور مارتا ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی
نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا پورا کیا وعدہ اپنا یعنی مکہ فتح ہوا اور تقویت دین کی ہوئی اور مدد کی بندے اپنی
کی یعنی رسولخدا کی اور شکست دی کفار کی گروہون کو تنہا ف یعنی غزوہ خندق مین کہ قریب بارہ ہزار
کی کفار سوای یہود قریظہ اور نضیر کی جمع ہوکر مدینہ پر آچڑہی تہی اور ارادہ لڑائی کا سرور عالم سی رکہتی تہی
اللہ تعالی نی ہوا کو اور لشکر ملائکہ کو اوسپر متعین کیا کہ ہلاک اور خراب کیا اور یہہ کلمہ احتمال ہی کہ سوای توحید
وتکبیر کی فرماتی ہون یا یہی بیان اوس توحید وتکبیر کا ہو کذا ذکر النسائی ثُمَّ يَدْعُوْ بَيْنَ ذٰلِكَ وَيَقُوْلُ
مِثْلَ هٰذَا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ * پہر دعا کری درمیان مین اسکی اور کہی مانند اسکی تین بار ف یعنی کلمہ
وغیرہ پڑہی اور دعا کری تین بار ثُمَّ يَنْزِلُ الْمَرْوَةَ حَتّٰى اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ سَعٰى
حَتّٰى اِذَا صَعِدَ مَشٰى * پہر اوترے صفا سی اور قصد کری مروی کا یہان تلک کہ جب اوترین دونو پانو
اوسکی بیچ نشیب نالی کی دوڑی یہان تلک کہ جب چڑہی چلے اپنی چال ف یعنی جب پستی نالی سی بلندی مروی پر

چڑھنی لگی سعی موقوف کری اور آہستہ چلی اور بہلپستی ملہدی اگلی زمانی مین تھی اب برابر ہی مگر بجای سعی کرنی کے
نشانی بنا دی ہے اوسکو میلین اخضرین کہی ہین پس اوس جگہہ سی سعی کری ادای سنت کی لیی کذا ذکر الفخر
حَتّٰی اِذَا اَتٰی الْمَرْوَةَ فَعَلَ عَلَی الْمَرْوَةِ کَمَا فَعَلَ عَلَی الصَّفَا ۔ مد دس ق عو یہان تلک کہ
جب آوی مروی پر کری مروی پر جیسیکہ کیا تہا صفا پر نقل کے بہ مسلم ابو داؤد نسای ابن ماجہ ابو عوانہ نی
ف یعنی متوجہ قبلہ کو ہوکر تکبیرات وغیرہا کہی پہر مروی سی اوترکر صفا کو جاوی اور پہلی طرح سعی کری
سات بار یونہین کری کہ صفا سی مروہ تلک ایک شوط ہوتا ہی اور مروہ سی صفا تلک دوسرا شوط پہر سات بار
سعی کرنی واجب ہی کذا ذکر الفخر اور ایک روایت مین یون آیا ہی وَاِذَا رَقِیَ الصَّفَا کَبَّرَ ثَلَاثًا وَقَالَ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ یَصْنَعُ
ذٰلِکَ سَبْعَ مَرَّاتٍ فَیَصِیْرُ مِنَ التَّکْبِیْرِ اِحْدٰی وَعِشْرُوْنَ وَمِنَ التَّھْلِیْلِ سَبْعٌ وَیَدْعُوْ فِیْمَا
بَیْنَ ذٰلِکَ وَیَسْئَلُ اللّٰہَ ثُمَّ یَضْطَجِعُ فَاِذَا رَقِیَ عَلَی الْمَرْوَةِ صَنَعَ کَمَا صَنَعَ عَلَی الصَّفَا حَتّٰی یَفْرُغَ
مِنْ سَعْیِہٖ ۔ موطا مص ۔ اور جب چڑہی صفا پر تکبیر کہی تین بار اور کہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا ہین
کوئی شریک اوسکا اوسکی لیی بادشاہت ہی اور اوسکی لیی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی کری یہ
یعنی تین بار تکبیر کہی اور ایکبار کلمہ پڑہنا سات بار پس ہونگی تکبیر اکیس ۲۱ بار اور کلمی سات بار اور دعا کری درمیان
اسکی یعنی درمیان اسکی کہ مذکور ہوا سات بار پڑہتی سی اور مانگی خدا تعالی سی پہر اوترے صفا سی پس جب
چڑہی مروی پر کری جیسیکہ کیا تہا صفا پر یہان تلک کہ فراغت پاوی سعی اپنی سی نقل کی بہ موقوفا موطا مین
اور ابن ابی شیبہ نی وَیَدْعُوْ عَلَی الصَّفَا اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ قُلْتَ اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ وَاِنَّکَ
لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ وَاِنِّیْ اَسْئَلُکَ کَمَا ھَدَیْتَنِیْ لِلْاِسْلَامِ اَنْ لَّا تَنْزِعَہٗ مِنِّیْ حَتّٰی تَتَوَفَّانِیْ
وَاَنَا مُسْلِمٌ ۔ موطا ۔ اور دعا کری صفا پر یا اللہ تحقیق تو نی فرمایا ہی دعا کرو مجہی قبول کرونگا دعا تمہاری
اور تحقیق تو نہین خلاف کریتا ہی وعدی کو اور تحقیق مین مانگتا ہون تجہی کہ جیسی کہ ہدایت کیا تو نی مجکو واسطے

اسلام کی نکالی تو اوسکو بھی یہان تلک کہدی تو مجکو اوس حالمین کہ میں مسلمان ہون بہیہ موقوفاً کہا
ہے وبین الصفا والمروۃ رب اغفر وارحم انت الاعز الاکرم * مرصص اور درمیان
درمیان صفا اور مروہ کی ای رب میری بخش اور رحم کر تو ہی غالب تر بزرگتر نقل کیہے موقوفاً ابن ابی شیبہ نے
واذا سار الی عرفات لبی وکبر * مرد * اور جب چلی طرف عرفات کی لبیک کہی اور بکبر نقل کی
بیہقی ابو داؤد نے ف یعنی کبھی لبیک کہی راہ مین اور کبھی تکبیر لیکن علمائی لکہا ہی کہ لبیک کہنی سنت ہے
اور تکبیر کہنی جائز کذا ذکر الفخر وخیر الدعاء دعاء یوم عرفۃ وخیر ما قلت انا والنبیون
قبلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر *
ف * اور بہترین دعا کی دعا دن عرفہ کی ہی اور بہترین اوس چیز کا کہا میں اور سب انبیائی کہ پہلی
مجھ سے ہیہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر نقل کیہے بیہقی نے
اکثر دعائی ودعاء الانبیاء قبلی بعرفۃ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک
ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر اللہم اجعل فی قلبی نورا وفی سمعی نورا وفی بصری
نورا اللہم اشرح لی صدری ویسر لی امری واعوذ بک من وساوس الصدر
وشتات الامر وفتنۃ القبر اللہم انی اعوذ بک من شر ما یلج فی اللیل وشر ما
یلج فی النہار وشر ما تہب بہ الریاح * مص * بہت دعا میری اور دعا انبیا کی کہ پہلی مجھ سے
دن عرفہ کی یہہ ہی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء قدیر یا اللہ کر دل میری
مین روشنی اور سماعت میری مین روشنی اور بینائی میری مین روشنی یا اللہ کہول میری لی سینہ میرا اور
آسان کر میری لی سب کام میری اور پناہ پکڑتا ہون میں ساتھہ تیری وسوسون سینہ کیسی اور پراگندگی
کام کیسی اور فتنہ قبر کیسی یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی اوس چیز کیسی کہ داخل ہوتی
ہی رات مین اور برائی اوسچیز کیسی کہ داخل ہوتی ہی دن مین یعنی قسم موذیات کیسی اور برائی اوس چیز کیسی

کہ چلا دین اوسکو ہوائین یعنی شیاطین وجنات نقل کیے ہیہ ابن ابی شیبہ نی **ف** بلکہ دعا کو دعا اسلئی فرمایا کہ تعریف کرنی کریم کی حقیقت مین دعا ہوتی ہی کنایۃ اور علامت شرح صدر کے حدیث شریف مین ہیہ آئی ہی کہ بزاری ہو دنیا سی اور رجوع ہو طرف دار الخلود کی اور مستعد ہو واسطی مونکی پہلی آنی اوسکی سی اور مراد پناہ وسوسون سینی کیسی پناہ اون چیزون سی ہے کہ باعث وسواس کی ہون یعنی نفس و شیطان اور پراگندگی کام کی یعنی پراگندگی امر دین کی بسبب مشغول ہونی کی ساتھہ امور دنیا کی اس سی بھی پناہ ہی اور فتنہ قبر کا یعنی حیرانی جواب منکر ونکیر کیسی کذا ذکر الفخر والتلبیۃ بعرفات سنۃ ۞ س **مس** ۞ اور لبیک کہنی عرفات مین سنت ہی نقل کیے ہیہ بنائی اور حاکم نی **ف** یعنی پہلی وقوف کی اور بعد وقوف کی ری جمار تلک لبیک کہنی سنت موکدہ ہی والا ہر حالت مین بعد احرام کی مستحب ہی لیکن شروع احرام مین واجب ہی کذا ذکر العلی ولما وقف بعرفات وقال لبیک اللھم لبیک قال انما الخیر خیر الآخرۃ ۞ **طس** ۞ اور جب وقوف کری عرفات مین اور کہی حاضر ہون خدمت تیری مین یا اللہ حاضر ہون خدمت تیری مین کہی بعد اوسکی سوا اسکی نہین کہ بھلائی بھلائی آخرت کی ہی نقل کیے ہیہ طبرانی نے اوسط مین فاذا صلی العصر ووقف بعرفۃ یرفع یدیہ ۞ پس جب نماز پڑہی عصر کی اور وقوف کری عرفات مین اوپہانے ہاتہہ اپنی **ف** عرفات مین عصر کی نماز ظہر کی ساتہہ پڑہ لیتی ہین اوسکی بعد عرفات مین وقوف کرتی ہین یعنی ٹہہرتی ہین کہ ہیہ وقوف فرائض حج سی ہی بعد دوپہر ڈہلنی تاریخ نوین کی تمام شب دسوین تلک وقت وقوف کا ہی اگر ایک ساعت بھی اسمین وقوف کریگا فرض ادا ہوجاویگا اور سنت ہیہ ہی کہ بعد غروب کے وہان سی پھری کذا ذکر الفخر ویقول اللہ اکبر وللہ الحمد اللہ اکبر وللہ الحمد اللہ اکبر وللہ الحمد لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد اللھم اھدنی بالھدی ونقنی بالتقوی واغفر لی فی الآخرۃ والاولی ثم یرد یدیہ فیسکت قدر ما تقرأ الانسان فاتحۃ الکتاب ثم یعود فیقف ویرفع یدیہ ویقول مثل ذلک ۞ **مو مص** ۞ اور کہی اسمین بہت بڑے

اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی اللہ بہت بڑا ہی اور اللہ کی لئی سب تعریف ہی نہین کوئی معبود مگر اللہ تنہا تہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہی اور اوسکی لئی تعریف ہی یا اللہ دکہا مجکو راہ سیدہی اور پاک کر مجکو یعنی عیبون ظاہر اور باطن کیسیب تقوی کے اور بخش مجکو امر آخرت مین اور دنیا مین یعنی جو گناہ امر وین و دنیا مین سرزد ہوئی ہین بخشدی پہر چہوڑدی ہاتہہ اپنی پہر چکا ہی دعا پڑہنی سے مقدار پڑہنی آدمی کے الحمد کو پہر عود کری یعنی پہر دعا پڑہی پس اوتہا دی ہاتہہ اپنے اور کہی مانند اوسکی یعنی دعا وغیرہ پڑہی نقل کے بیہقی موقوفا ابن ابی شیبہ فی وَاِذَا رَجَعَ وَاَتَی الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ اِسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَدَعَاهُ وَكَبَّرَهُ وَهَلَّلَهُ وَوَحَّدَهُ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتَّى اَسْفَرَ جِدًّا اِبْهَمٌ دس ق عوہ اور جب پہری عرفات سی اور آوی مشعر الحرام پر موہنہ کری قبلہ کی طرف پس دعا کری خدا تعالے سی اور سراہنہ تکبیر اور تہلیل اور توحید کے یاد کری اوسکو یعنی اللہ اکبر لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ کہی پس ہمیشہ کہڑا رہی یہان تلک کہ روشن ہووی صبح خوب نقل کی بیہقی مسلم ابوداود نسائی ابن ماجہ انوجوہ فی ف عرفات سی پہر کر رات کو مزدلفہ مین رہتی ہین کہ سنت موکدہ ہی وہان کا رہنا پہر صبح کی نماز اول وقت پڑہ کر مشعر حرام پر کہ نام پہاڑ مزدلفہ کا ہی موقوف کرتی ہین مطلق وقوف کرنا وہان کا واجب ہی اگرچہ ایک ساعت بہی ہو اور اسقدر کہ مذکور ہوا وقوف کرنا سنت ہی اور وقت وقوف کا طلوع صبح صادق سی طلوع آفتاب تلک ہی اگر اسکی پہلی یا پیچہی کریگا معتبر نہین کذا ذکر الفخر وَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى يَرْمِيَ الْجَمْرَةَ اَيْ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ع اور ہمیشہ لبیک کہتا رہی یعنی احرام کی دن سی جگہون مقرر پہان تلک کہ رمی کری جمرہ کو یعنی جمرۃ العقبہ کو یہہ صحاح ستہ مین ہی ف جمرہ اصل مین سنگریزہ کو کہتی ہین مگر اب نام اون منارون کا ہوگیا ہی جنپر کنکر مارتی ہین وہ تین ہین ایک جمرہ اولی جسکو جمرہ دنیا بہی کہتی ہین اور دوسری جمرۃ الوسطی اور تیسری جمرۃ العقبہ رمی کرنی انکی واجب ہی دسوین تاریخ جمرۃ العقبہ پر فقط رمی کرتی ہین یعنے کنکر مارتی ہین اور اول کنکر مارنی مین لبیک کہنی موقوف کرتی ہین اور گیارہوین بارہوین تینون کو رمی کرتی ہین ۱۲

اور تیرہویں کو بھی رمی کرتی ہیں اگر وہاں رہیں کذا ذکر الفخر وَاِذَا اَرَادَ رَمْیَ الْجِمَارِ فَاِذَا اَتَی الْجَمْرَةَ الدُّنْیَا رَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَیَاتٍ یُکَبِّرُ عَلٰی اِثْرِ کُلِّ حَصَاةٍ ۔ خ س اور جب چاہی سنگریزے مارنے یعنی تینوں منارون پر کیارہویں بارہویں تاریخ پس جب آوی جمرہ دنیا پر پہنچی اوسپر سات کنکر یعنی بقدر دانہ باقلا کے تکبیر کہتا جاوی ہر کنکر کی نقل کے بیہقی بخاری نسائی نے اَوْ مَعَ کُلِّ حَصَاةٍ ۔ م د س ق ص باتکبیر کہی ساتھ ہر کنکر کی نقل کے بیہقی ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ ثُمَّ یَتَقَدَّمُ فَیَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ قِیَامًا طَوِیْلًا فَیَدْعُوْ وَیَرْفَعُ یَدَیْهِ ثُمَّ یَمْضِیْ اِلَی الْجَمْرَةِ الْوُسْطٰی یَرْفَعُ کَذٰلِکَ فَیَاْخُذُ ذَاتَ الشِّمَالِ فَیَسْهُلُ وَیَقُوْمُ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ قِیَامًا طَوِیْلًا فَیَدْعُوْ وَیَدَیْهِ ثُمَّ یَرْمِی الْجَمْرَةَ ذَاتَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ وَلَا یَقِفُ عِنْدَهَا ۔ خ س پھر آگے بڑھی تھوڑا سا یعنی بعد رمی جمرۃ الدنیا کی پس ٹھہری زمین نرم میں پس کھڑا ہووی مقابل قبلہ کی کھڑا ہونا دراز پس دعا کری اور اوٹھاوی ہاتھ اپنی پھر رمی کری جمرۃ الوسطی پر اسطرح یعنی مثل جمرۃ الدنیا کی پس چلے ہاتھ بائیں طرف پس داخل ہووی زمین نرم میں اور کھڑا ہووی سامنی قبلہ کی کھڑا ہونا دراز پس دعا کری اور اوٹھاوے ہاتھ اپنی پھر پہنچی سنگریزے جمرۃ العقبہ پر نشیب نالہ کیمن سے اور نہ ٹھہری نزدیک اوسکی نقل کے بیہقی بخاری نسائی نے ۔ ف ۔ جمرۂ دنیا کی اگی دیر تک ٹھہرنا مستحب ہی چنانچہ بعضی روایت مین بقدر پڑھنی سورۂ بقرہ کی آیا ہی پس کھڑی ہوکر اللہ تعالی کی حمد اور تکبیر و تہلیل و تسبیح کری اور درود پڑھی اور کمال حضور اور خشوع سی دعا اپنی لئی اور والدین کی لئی کری اور بخشش چاہی اور بعد رمی جمرۃ العقبہ کی نہ ٹھہری نہ دن اور نہ دوسری تیسری دن اور دعا کرنی من اختلاف ہی بعضی کہتی ہین ٹھہرنی نہین چلتی ہین دعا کرتا جاوی اور بعضی مطلق دعا کرنی منع کرتی ہین کذا ذکر الفخر وَیَسْتَبْطِنُ الْوَادِیْ حَتّٰی اِذَا فَرَغَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَبْرُوْرًا وَذَنْبًا مَغْفُوْرًا ۔ م ص مو ص اور داخل ہووی نشیب نالہ مین یعنی رمی جمرۃ العقبہ کی لئی یہان تلک کہ جب فراغت پاوی پڑھی یا اللہ کر حج ہماری کو حج مقبول اور کر گناہ ہماری

کرنا واجب کیا نفل کیے یہہ ابن ابی شیبہ نی اور موقوف بھی روی ہے ف حج مبرور اوسکو کہتی ہین جسمین گناہ
اور خیانت نہو کذا ذکر الفخر وَیَدْعُوْ عِنْدَ الْجَمَرَاتِ کُلِّهَا وَلَا یَقِفُ شَیْئًا مِنْهُنَّ ص اور دعا کریگا
ہر جمرات کی اور نہ مقرر کریگا کسی دعا یعنی جو چاہیگا مانگیگا نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نی ف اوس حدیث
سی معلوم ہوتا ہی کہ جمرۃ العقبہ کی پاس بھی دعا کریگا اگرچہ بغیر ٹھہرنی کی ہو وَاِذَا ذَبَحَ سَمَّی وَکَبَّرَ وَوَضَعَ
رِجْلَهٗ عَلٰی صِفَاحِهٖ اَیْ عَرْضِ خَدِّهٖ ع اور جب ذبح کریگا قربانی بسم اللہ اور اللہ اکبر کہیگا اور رکھیگا
پانو اپنا اور پر صفاح اوسکی یعنی چوڑا وکلہ قربانی سی کے یہہ صحاح ستہ مین ہی وَیَقُوْلُ فِی الْاُضْحِیَّةِ
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ وَمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مد اور کہیگا وقت
ذبح قربانی کی کے ذبح کرتا ہون مین ساتھہ نام خدا کی یا اللہ قبول کر مجسی یعنی قربانی میری اور امت محمد صلی اللہ
علیہ وسلم کیسی یعنی قربانیان اونکی نقل کیے یہہ مسلم ابوداؤد نی ف گر نام اللہ تعالی کا ذبح کی
وقت قصداً ترک کریگا وہ جانور کہانا حرام ہوگا پس لفظ بسم اللہ کا کہنا ضرور ہی اور بسم اللہ اللہ اکبر کہنا مستحب ایسی
ہی اور دعائین کہ مذکور ہوتی ہین اولی ہی پڑہنا اونکا کذا ذکر الفخر اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ عَلٰی مِلَّةِ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ
وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ لَا شَرِیْکَ لَهٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ
مِنْکَ وَلَکَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ ثُمَّ یَذْبَحُ ف وَقِیْلَ یَسْتَحِبُّ مینی متوجہ کیا موہنہ اپنا واسطے
اوس ذات کی کہ پیدا کیا اسمانون کو اور زمین کو حال یہہ کہ مین دین ابراہیم پر ہون توحید کرنی والا
اور نہین مین مشرکون سی تحقیق نماز میری اور عبادتین میری اور زندگی میری اور موت میری واسطی خدا
پروردگار عالمون کی ہی نہین کوئی شریک اوسکا اور ساتھہ اسیکے حکم کیا گیا ہون مین اور مین مسلمانون
سی ہون یا اللہ یہہ قربانی تجسی ہی یعنی تیری عطا سی ہی اور تیری ہی لی ہے یعنی تیری رضامندی کی لیئے
کرتا ہون ساتھہ نام خدا کی ذبح کرتا ہون اور اللہ بہت بڑا ہی یہہ پڑہی پھر ذبح کریگا نقل کی یہہ ابوداؤد ابن ماجہ

حاکم نی وقال صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ قومی الی اضحیتک فاشہدیہا فانہ یغفر لک عند اول قطرۃ من دمہا کل ذنب عملتیہ وقولی ان صلاتی ونسکی الی اخرہ قال عمران قلت یا رسول اللہ ہذا لک ولاہل بیتک خاصۃ قال بل للمسلمین عامۃ ۞ مس اور فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی حضرت فاطمہ کو کہ اوٹھ طرف قربانی اپنی کے پس حاضر ہو اوس پاس پس تحقیق بخشا جاویگا واسطے تیری نزدیک اول قطری کے کہ گری خون اوسکیسی ہر گناہ کہ کیا ہی تو نی اور پڑہ یہہ آیت وقت ذبح کی ان صلاتی ونسکی آخر آیت تلک کہا عمران صحابی نے کہ عرض کیا میں نی ای رسول خدا کی یہہ ثواب تمہاری لئے اور اہلبیت تمہاری ہی کی لئی ہی خاص کر فرمایا حضرت نی بلکہ سب مسلمانوں کی لئی ہی یعنی جو کریگا یہی ثواب پاویگا نقل کیے یہہ حاکم نی ف اس سی معلوم ہوا کہ عورت کی لئی یہی سنت ہے اپنی قربانی پر حاضر ہونا فان کانت بدنۃ فلیقمہا ثم لیقل اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہم منک ولک ثم لیسم اللہ ثم لینحر وان کانت عقیقۃ فعل کالاضحیۃ ۞ مس ۞ پس جو ہو وی قربانی اونٹ پس چاہیئے کہ کھڑا کری اوسکو پھر کہی اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر یا اللہ یہہ تجھی ہی اور تیری ہی لئی ہی پھر بسم اللہ کہی پھر نحر کری اور جو ہو وی جانور ذبح کا عقیقہ کری مانند قربانی کے یعنی بسم اللہ اللہ اکبر وغیرہ اوسیطرح پڑہی نقل کیے یہہ موقوفاً حاکم نی ف نحر یعنی اونٹ کا سینہ چاک کرنا اور گائین وغیرہ کا ذبح کرنا یعنی گلا کاٹنا مستحب ہی اور خلاف اسکا مکروہ ہی اور عقیقہ اوس بکری وغیرہ کو کہتی ہین جو ذبح کی جاتی ہی ساتوین دن پیدایش لڑکی کی سر مونڈتی وقت کذا ذکر المصطفی ویسمی علی العقیقۃ کما یسمی علی الاضحیۃ بسم اللہ عقیقۃ فلان ۞ مومس ۞ اور بسم اللہ کہی عقیقہ پر جیسیکہ بسم اللہ کہی قربانی پر اسطرح کہی بسم اللہ یہہ عقیقہ فلانی لڑکیکا ہی نقل کیے یہہ موقوفاً ابن ابی شیبہ نی واذا دخل البیت کبر فی نواحیہ ۞ خ د ۞ وفی زوایاہ ۞ د ۞ اور جب داخل ہو وی خانہ کعبہ مین تکبیر کہی بیچ چارون کونون اوسکی کی نقل کیے یہہ بخاری ابوداؤدنی اور بیچ کونون کعبی کی روایت کے

یہہ ابوداؤد وزید عن فی نواحیہ کلہا فاذا خرج رکعتم فی قبل البیت رکعتین ۔ مسند اور دعا کری ہیچ سب کونون کعبی کے پس جب نکلی پڑہی سامنی کعبی کی دو رکعتین نقل کے یہہ مسلم نسائی نے

ودخل النبی صلی اللہ علیہ وسلم الکعبۃ ہو واسامۃ وعثمان بن طلحۃ الحجبی وبلال بن رباح فاغلقہا علیہ ومکث فیہا فسالت بلالا حین خرج ماذا صنع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال جعل عمودا عن یسارہ وعمودین عن یمینہ وثلاثۃ اعمدۃ وراءہ وکان البیت یومئذ علی ستۃ اعمدۃ ثم صلی ۔ خ ہہ ۔ اور داخل ہوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبی میں

اور اسامہ اور عثمان بن طلحہ حجبی اور بلال بن رباح پس بند کیا دروازہ اوسکا عثمان نے اور پہر آنحضرت کی یعنی تا لوگ بہیڑ نہ کریں اور ٹہیری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اوسمیں پس پوچہا میں یعنی ابن عمر نی بلال سی جسوقت کہ نکلی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کہ کیا کیا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نی یعنی کعبی میں ٹہیر کر پس کہا بلال نے کہ کیا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نی ایک ستون بائیں طرف اپنی اور دو ستون داہنی طرف اپنی اور تین ستون پیچہی اپنی اور تہا کعبہ اوسدن اوپر چہہ ستونون کی یعنی اسی تین ستون ہین پہر نماز پڑہی نقل کے یہہ بخاری مسلم نی ولما دخل صلی اللہ علیہ وسلم البیت امر بلالا فاجاف الباب والبیت اذ ذاک علی ستۃ اعمدۃ فمضی حتی اذا کان بین الاسطوانتین اللتین تلیان باب الکعبۃ جلس فحمد اللہ واثنی علیہ وسئلہ ویستغفرہ ثم قام حتی اذا اتی ما استقبل من دبر الکعبۃ ۔ اور جب داخل ہوئی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ مین حکم کیا بلال کو پس بند کیا دروازہ اور کعبہ اوسوقت مین اوپر چہہ ستونون کی تہا پس گئی آنحضرت پیچہے دیوار

کعبہ کی کہ سامنی دروازی کی ہی ہان تلک کہ جسوقت ہوئی درمیان اون دونون ستونون کی کہ قریب ہی دروازہ کعبی کے یعنی سامنی دروازی کی ہی بیٹہی پس تعریف کی خدا تعالی کے اور ثنا کی اوسپر اور حاجتین مانگین اوسسے اور بخشش چاہی اوسسی پہر کہڑی ہوئی ہان تلک کہ جسوقت آئی اوس چیز کو کہ سامنی ہی پشت کعبی کے یعنی ف دیوار پشت کعبی کے سامنی دروازہ کعبی کے ہی اوسکی طرف گئی اور دروازہ کعبہ کو اپنی پشت پر کیا فوضع وجہہ

وَخَلَّهُ عَلَيْهِ وَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ وَسَلَهُ وَاسْتَغْفَرَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلٰى كُلِّ رُكْنٍ مِّنْ اَرْكَانِ
الْكَعْبَةِ فَاسْتَقْبَلَهُ بِالتَّكْبِيْرِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّسْبِيْحِ وَالثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْمَسْئَلَةِ وَالْاِسْتِغْفَارِ
ثُمَّ خَرَجَ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ وَجْهِ الْكَعْبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ ۞ پس کہا موہنہ اپنا اور جارہ
مبارک اپنا اوسپر اور حمد کی خدا تعالی کے اور ثنا کی اوسپر اور حاجتیں مانگیں اوس سے اور بخشش چاہی اوس سے
پھر پھری طرف ہر کونی کے کونون کعبی کی پس متوجہ ہوئی طرف ہر کونی کی ساتھ تکبیر کہی کے اور لا الہ الا اللہ
پڑھنی کی اور سبحان اللہ پڑھنی کے اور ثنا کرنی کی اللہ تعالی کی اور مانگنی حاجتون کی اور بخشش چاہنی کی پھر باہر
نکلی اس سے پڑھیں دو رکعتیں سامنی در ولزمی کعبی کے پھر پھری طرف مکان کے نفل کی پھر پڑھی نی وَاِذَا شَرِبَ
مَاءَ زَمْزَمَ فَلْيَسْتَقْبِلِ الْكَعْبَةَ وَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَلْيَتَنَفَّسْ ثَلَاثًا وَلْيَتَضَلَّعْ مِنْهَا
فَاِذَا فَرَغَ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ اِنَّ اٰيَةَ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُنَافِقِيْنَ لَا يَتَضَلَّعُوْنَ مِنْ زَمْزَمَ ۞ یا مس
اور جب پیوی کوئی پانی زمزم کا پس موہنہ کرے کعبی کے طرف اور بسم اللہ کہی اور تین دم لی یعنی تین دم مین پیوے
اور ہر دم مین برتن موہنہ سی جدا کرلی اور سیراب ہووی اوس سے یعنی بہت پیٹ بھر کر پیئی کہ کوکین تن جانین
پھر جب فراغت پاوی پس تعریف کری خدا تعالی کے تحقیق نشانی فرق کی درمیان ہماری اور درمیان منافقون کے
یہہ ہی کہ سیراب نہین ہوتی ہین وہ زمزم سی نقل کے یہہ ابن ماجہ حاکم نی ف یعنی علامت مومنین کے یہہ ہے
کہ یہہ پانی پیٹ بھر کر پیتی ہین اور علامت منافقین کی یہہ ہی کہ نہین پیٹ بھر کر پیتی اوسکو اور زمزم نام کوین
کاہی اٹھتیس گز کا فرق کبھی سی رکھتا ہی اول حضرت جبرئیل علیہ السلام نی پانی اوسکا نکالا حضرت اسمعیل علیہ السلام کے
لئی پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام نی کہودکر کوئن بنایا پھر اٹ گیا تھا عبد المطلب نے صاف کیا پس پانی اوسکا
سب پانیون پر افضل ہی بلکہ بعضون نی آب کوثر پر افضل کہا ہی کذا ذکر الفخر وَمَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ
فَاِنْ شَرِبْتَهُ تَسْتَشْفِيْ بِهٖ شَفَاكَ اللّٰهُ وَاِنْ شَرِبْتَهُ مُسْتَعِيْذًا اَعَاذَكَ اللّٰهُ وَاِنْ شَرِبْتَهُ
لِطَمَاْ كَ قَطَعَهُ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِذَا شَرِبَ مَاءَ زَمْزَمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا

وَبِرَمْزَمَ قَالَ وَاسِعًا وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَمَسَّ اور پانی زمزم کا واسطے اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطے
اوسکی یعنی جس نیت سے پیوی حاصل ہو پس جو پیوی تو اوسکو حال ہیہ کہ شفا چاہتا ہو سو تجھ اوسکی شفا دے
تجکو اللہ اور جو پیوی تو اوسکو حال ہیہ کہ پناہ چاہنی والا ہووی پناہ دیتی تجکو خدا اور جو پیوی تو اوسکو
کہ بجھاوی تو پیاس اپنی بجھا دیگا خدا پیاس کو اور تھے ابن عباس جب پیتے پانی زمزم کا کہتی یا اللہ تحقیق میں
مانگتا ہوں تجسی علم نفع دینی والا یعنی مجکو اور اوروں کو کہ وہ علم معرفت اور علم کتاب وسنت کا ہی کہ باعمل
ہو اور رزق فراخ اور شفا ہر بیماری سی یعنی ظاہری ہو یا باطنی نقل کیے ہیہ حاکم نی وَلَمَّا اَتَى الْاِمَامُ
الْحُجَّةُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اِلٰى زَمْزَمَ وَاسْتَسْقٰى مِنْهُ شَرِبَهُ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ قَالَ اَللّٰهُمَّ
اِنَّ ابْنَ اَبِي الْمَوَالِ حَدَّثَنَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ وَهٰذَا اَشْرَبُهُ لِعَطَشِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ شَرِبَ قُلْتُ هٰذَا
سَنَدٌ صَحِيْحٌ رِجَالُهُ وَالَّذِيْ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ اِلٰى ذٰلِكَ سُوَيْدُ بْنُ سَعِيْدٍ ثِقَةٌ رَوٰى لَهُ مُسْلِمٌ
فِيْ صَحِيْحِهٖ وَابْنُ اَبِي الْمَوَالِ ثِقَةٌ رَوٰى لَهُ الْبُخَارِيُّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فَصَحَّ الْحَدِيْثُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
اور جب کرآئی پیشوا دلیل اسلام کی کہ نام اونکا عبداللہ بن مبارک ہی کو یعنی زمزم پر اور چاہا اوس سے پانی پیا
پھر متوجہ ہوئی قبلہ کی طرف کہا یا اللہ تحقیق ابن ابی الموال نے یعنی اونکی اوستاد نی روایت کی ہمکو محمد بن
منکدر سی کہ روایت کی جابر سی ہیہ حدیث کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ پانی زمزم کا
واسطے اوس چیز کی ہی کہ پیا جاوی واسطے اوسکی اور یہ پانی پیتا ہوں میں اسکو واسطے پیاس تجھنی دن قیامت کے
پھر پیا کہا مصنف نی کہتا ہوں میں کہ یہ یعنی سند نقل کی ہوئی عبداللہ بن مبارک کی سند صحیح ہی اور راوی ابن مبارک
مذکور سی سوید بن سعید ہی کہ ثقہ ہی روایت کی ہی حدیث اوسکی مسلم نی بیچ صحیح مسلم کی یعنی اگر وہ ثقہ نہوتا تو مسلم
حدیث اوسکی نہ لاتا اور ابن ابی الموال بھی ثقہ ہی روایت کی حدیث اوسکی بخاری نی بیچ صحیح بخاری کے
پس صحیح ہوئی یہہ حدیث یعنی بسبب صحیح ہونی سند کی شکر اللہ تعالیٰ کا ف عبداللہ بن مبارک بڑی عابد زاہد

بزرگ اور رسا گرد امام اعظم رحمہ اللہ کی ہیں وانکان سفرغزاۃ او لقی العدو اللھم انت عضدی
وانصیری بک احول وبک اصول وبک اقاتل ۞ ترجمہ حب مقص عو ہے اور جو سفر ہو
سفر جہاد کا یا ملی دشمن سی کہی یا اللہ تو ہی مدد کرنی والا اور مددگار میرا ساتھہ مدد تیری کے حملہ کرتا ہون مین
دشمنون کی مکر کی دفع کی لئی اور ساتھہ قوت تیری کی حملہ کرتا ہون مین اور ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین نقل کے
بیہہ ابوداؤد ترمذی نسائی ابن حبان ابن ابی شیبہ ابوعوانہ فی رات بک اقاتل وبک اصاول ولا حول
ولا قوۃ الا باللہ ۞ س ترجمہ ای پروردگار میری ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین اور ساتھہ قوت تیری کے
حملہ کرتا ہون مین اور نہین ہی بچنا کفار سی اور نہ قوت لڑنی کی مگر ساتھہ قوت تیری کے نقل کے بیہقی نے
اللھم انت عضدی وانت ناصری وبک اقاتل ۞ عو ترجمہ یا اللہ تو مدد کرنی والا میرا ہی اور مددگار میرا ہی
اور ساتھہ مدد تیری کی لڑتا ہون مین نقل کے بیہہ ابوعوانہ فی واذا اراد لقاء العدو انتظر الامام
حتی مالت الشمس ثم قام فقال یا ایھا الناس لا تتمنوا لقاء العدو ۞ اور جب ارادہ کرین لوگ
ملی دشمن کا یعنی جنگ کفار کا انتظار کری سردار یہان تلک کہ ڈہلی آفتاب پہر کھڑا ہووی امام یعنی خطبہ کی لئی اور
رغبت دلانی کی لئی لڑائی پر پس کہے ای لوگون نہ آرزو کرو ملی دشمن کے یعنی آرزو لڑائی کفار کی نہ کرو کہ بیہہ بلا مانگنی
ہی اور وہ منع ہی وسلوا اللہ العافیۃ فاذا لقیتموھم فاصبروا اور مانگو اللہ تعالی سی عافیت پس جب ملو تم
اونسی پس صبر کرو ف یعنی احیانا اگر لڑائی واقع ہو جاوی تو صبر کرو اور نہ بہاگو اس لئی کہ یون چاہیی کہ اللہ تعالی
سی بلا نہ مانگی اور جو بلا نازل ہووی تو صبر کری واعلموا ان الجنۃ تحت ظلال السیوف اور جانو کہ بیشک بہشت
بیچی سایہ تلوارونکی ہی ف مراد بیہہ ہی کہ بہشت حاصل ہوتی ہی بسبب مارنی تلوارونکی لڑائی کفار کی مین
خواہ شہید ہووی یا غازی ثم قال اللھم منزل الکتاب ومجری السحاب وھازم الاحزاب
اھزمھم وانصرنا علیھم ۞ خ ترجمہ پہر کہی بیہہ دعا یا اللہ اوتارنی والی کتاب کی اور چلانی والی ابر کے
اور شکست دینی والی کفار کی گروہونکی شکست دی اونکو اور مدد دی ہمکو اونپر نقل کیے بیہہ بخاری مسلم ابوداؤد نے

دوسرا یک روایت میں دعا یوں ہی اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتٰبِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ اھْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰھُمَّ اھْزِمْھُمْ
وَزَلْزِلْھُمْ ۞ خ ۞ یا اللہ اتارنے والی کتاب کی جلدی لینے والی حساب کی شکست دے کافروں کے گروہوں کو
یا اللہ شکست دے انکو اور پہلا انکو یعنی ثابت مقابلہ میں نہ رکھ انکو نقل کیے یہ بخاری مسلم نے واذا
اشرف علی بلدھم اللہ اکبر خربت ایم یعنی البلد التی قصدھا انا اذا نزلنا بساحۃ قوم
فساء صباح المنذرین خ مد ت س ق ۞ اور جب آوے اوپر شہر کافروں کی یعنی جنکی لڑنیکا
ارادہ رکھتا ہی کہی اللہ بہت بڑا ہی خراب ہووے یہ شہر یعنی نام لیوے اوس شہر کا کہ ارادہ رکھتا ہی اوسکا تحقیق ہم
جسوقت کہ اوترین بیچ میدان کسی قوم کی پس بری ہووے صبح ڈرائی گیوں کے نقل کیے یہ بخاری مسلم
نسائی ابن ماجہ ف بری ہووے صبح یعنی غارت اونکی بری ہووے ازبسکہ غارت صبح کو اکثر واقع ہوتی ہے
اسلئے اوسکا نام صبح رکھا کذا ذکر الفخر ثلث مرات ۞ مد ۞ یہ تین بار پڑھنا نقل کیا یہ مسلم نے واذا خاف
قوما اللھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذ بک من شرورھم ۞ دس حب مس ۞ اور جب
ڈرے کسی قوم سے کہی یا اللہ تحقیق ہم کرتے ہیں تجکو بیچ مقابلہ اونکی یعنی تو دفع کر ہمکو اونکو اور پناہ پکڑتے ہیں ساتھ تیری
برائیوں اونکی سے نقل کیا یہ ابوداؤد نسائی ابن حبان حاکم نے فان حصرھم عدو قال اللھم انا نسئلک
عوراتنا وآمن روعاتنا ۞ ر آ ۞ پس اگر گھیرے مسلمانوں کو دشمن کہی یا اللہ ڈھانپ عیب ہمارے اور امن میں
کر دہشتیں ہماری نقل کیے یہ ہزار واحمد نے فان اصابتہ جراحۃ قال بسم اللہ ۞ س ۞ پس جو
پہونچی اوسکو زخم کہی بسم اللہ نقل کیے یہ نسائی نے ف جب حضرت طلحہ کی اوحلی جنگ احد میں کٹی تو
اونہوں نے کہا خوب ہوا فرمایا حضرت سرور کائنات نے اگر تو بسم اللہ کہتا تو ملائکہ تجکو اٹھا لیتے اوس حال میں کہ
لوگ دیکھتے کذا ذکر الفخر فاذا انھزم العدو وسرّی الامام الجیش صفوفا خلفہ ثم قال اللھم
لک الحمد کلہ لا قابض لما بسطت ولا باسط لما قبضت ولا ھادی لمن اضللت ولا
مضل لمن ھدیت ولا معطی لما منعت ولا مانع لما اعطیت ولا مقرب لما باعدت

وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَفَضْلِكَ وَرِزْقِكَ اَللّٰهُمَّ
اِنِّيْ اَسْئَلُكَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَمْنَ يَوْمِ الْخَوْفِ
اَللّٰهُمَّ عَائِذًا بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَعْطَيْتَنَا وَمِنْ شَرِّ مَا مَنَعْتَنَا اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْاِيْمَانَ وَزَيِّنْهُ
فِيْ قُلُوْبِنَا وَكَرِّهْ اِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ
وَاَحْيِنَا صَالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ
عَنْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ ۝ س ح ب م س ۝ جب تک سکت ہو

دشمن برابر کری سردار لشکر کو صفین باندہ کر بیچ اپنی پہر کھی یا اللہ تیری ہی لئی سب تعریف ہی نہین کوئی تنگ کرنی والا
اوس چیز کو کہ فراخ کی تو نی یعنی تیری عطا کو کوئی نہین روک سکتا اور نہین کوئی فراخ کرنی والا اوس چیز کو کہ تنگ کی
تو نی اور نہین کوئی راہ دکہانی والا اوس شخص کو کہ گمراہ کیا تو نی اور نہین کوئی گمراہ کرنی والا اوسکو کہ راہ دکہائی
تو نی اور نہین کوئی روزی دینی والا اوسکو کہ منع کی تو نی روزی اوسکی اور نہین کوئی منع کرنی والا اوسکو
کہ روزی دی تو نی اوسکو اور نہین کوئی نزدیک کرنی والا اوسکو کہ دور کیا تو نی یعنی رحمت سی اور نہین کوئی
دور کرنی والا اوسکو کہ نزدیک کیا تو نی یا اللہ فراخ کر ہمپر برکتین اپنی اور رحمت اپنی اور فضل اپنا اور رزق اپنا
یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی نعمت ہمیش رہنی والی جو کہ نہ بکڑی اور نہ جاتی رہی یعنی نعمتین بہشت کی خداوندا
تحقیق مین مانگتا ہون تجسی امن بیچ دن خوف کی یعنی دن قیامت کی یا اللہ ہم پناہ پکڑتی ہین ساتہہ تیری برائی
اوس چیز کیسی کہ دی تو نی ہمکو یعنی مال وغیرہ باعث تکبر کا نہو اور برائی اوس چیز کیسی کہ باز رکہی تو نی ہمسی یعنی نہوا اوسکا
باعث غم کا نہو یا اللہ دوست کر طرف ہماری ایمان کو اور آراستہ کر ایمان بیچ دلون ہمارے کے اور ناخوش کر
طرف ہماری کفر اور فسق کو یعنی طلعت سی نکل جانی کو ساتہہ چھوڑنی عبادت کی اور نافرمانی کرنی کو اور کر ہمکو
ہدایت والون مین سی یا اللہ مار ہمکو مسلمان اور زندہ رکہہ ہمکو ساتہہ نیک کارون کے یعنی انبیا اولیا کی درحالیکہ نہ
خوار ہوون ہم اور نہ فتنہ زدہ خداوندا مار کافرون کو جو کہ جہٹلاتی ہین رسولون تیری کو اور روکتی ہین لوگون کو

تیری سی یعنی ہمگاتی ہیں اور کراونیہ عذاب ایذا دینی والا اپنا اور عذاب اپنا ای معبود برحق قبول کر نقل کی یہہ نسائی
ابن حبان حاکم فی ما یعلم من اسلم اللھم اغفر لی وارحمنی واھدنی وارزقنی عو اور کہا ہے
اوسکو کہ اسلام لاوی یہہ دعا یا اللہ بخش مجکو اور مہربانی کر مجپر اور راہ دکھا مجکو اور رزق دی مجکو نقل کی
یہہ ابو عوانہ فی فاذا رجع من سفرہ یکبر علی کل شرف من الارض ثلاث تکبیرات ثم یقول لا الہ
الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر ائبون تائبون عابدون
ساجدون سائحون لربنا حامدون صدق اللہ وعدہ ونصر عبدہ وھزم الاحزاب وحدہ
خ مردت س پس جب پہری سفر اپنی سی تکبیر کہی اوپر ہر بلندی زمین کی تین تکبیرین پہر کہے
نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسیکی لئی بادشاہت ہے
اور اوسیکی لئی تعریف ہی اور وہ ہر چیز پر قادر ہی ہم پہرنے والی ہین توبہ کرنی والی ہین بندگی کرنیوالے ہین سجدہ کرنی والی ہین
چلنی والی ہین یعنی جہاد کی لئی واسطے پروردگار اپنی کے تعریف کرنی والی ہین سچ کیا اللہ نی وعدہ اپنا
اور مدد کی بندی اپنی کی یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور شکست دی کفار کی گروہون کو اکیلی نقل
کی یہہ بخاری مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی یہ فاذا اشرف علی بلدہ ائبون تائبون عابدون لربنا
حامدون ولا یزال یقولھا حتی یدخل بلدہ خ مرس پس جب آوی نزدیک شہر اپنے
کی کہی ہم پہرنی والی ہین توبہ کرنی والی ہین بندگی کرنی والی ہین واسطی پروردگار اپنی کی حمد کرنی والی ہین اور ہمیشہ کہتا
رہی ان کلمات کو یہان تلک کہ داخل ہووی شہر اپنی ہین نقل کیے یہہ بخاری مسلم نسائی یہ واذا دخل
علی اھلہ قال توبا توبا لربنا اوبا لا یغادر علینا حوبا بطی اوبا اوبا لربنا توبا لا
یغادر علینا حوبا بہ مرص اور جب داخل ہووی اہل اپنی پر کہی توبہ کرتا ہون توبہ توبہ طرف پروردگار
اپنی کی درحالیکہ پہرنی والا ہون سفر سی وہ توبہ کہ نہ چہوڑی ہمپر کوئی گناہ نقل کیے یہہ احمد طبرانی ابن سنی یہ
پہرتا ہون پہر تا درحالی کہ توبہ کرنی والا ہون پروردگار اپنی سی ایسی توبہ کہ نہ چہوڑی ہمپر کوئی گناہ نقل کی یہہ ابن

ابو یعلی نی وَمَنْ نَزَلَ بِهٖ غَمٌّ اَوْ کَرْبٌ اَوْ اَمْرٌ مُهِمٌّ فَلْیَقُلْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ۔

خ مت س ق ۔ اور جسپر اوترنی غم یا سختی یا کار دشوار پس چاہئی کہ کہی نہین کوئی معبود مگر اللہ بزرگ بردبار
نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار عرش بڑی کا ہی نہین کوئی معبود مگر خدا جو پروردگار آسمانون کا اور پروردگار
زمین کا ہی اور پروردگار عرش بزرگ کا نقل کیے یہہ بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ نی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ
الْکَرِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ
الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ۔ خ ۔ نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ نہین کوئی معبود مگر اللہ پروردگار عرش بڑی کا نہین کوئی معبود
مگر اللہ پروردگار آسمانون اور پروردگار زمین کا اور پروردگار عرش بزرگ کا نقل کیے یہہ بخاری نے
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْعَظِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ثُمَّ یَدْعُوْ بَعْدَ ذٰلِکَ یہہ عوہ
نہین کوئی معبود مگر خدا بردبار بزرگ نہین کوئی معبود مگر اللہ پروردگار عرش بڑی کا پہر دعا کری یہی اسکی یعنی جو چاہے
نقل کیے یہہ ابو عوانہ نی لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ
مص س حب مس ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ س حب امش ۔ نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ پاک ہی اللہ اور
برکت والا ہے اللہ پروردگار عرش بڑی کا نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نے ابن حبان حاکم نی اور بعضی روایت مین یہہ جملہ اسمین زیادہ پایا ہے
اور سب تعریف ہی واسطی خدا کی جو پروردگار عالمون کا ہی نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ عِبَادِکَ صَحِیْحُ السَّنَدِ لِابْنِ اَبِیْ عَاصِمٍ فِیْ کِتَابِهِ الدُّعَاءِ ۔
نہین کوئی معبود مگر اللہ بردبار بزرگ پاک ہی خدا کہ پروردگار ہی ساتون آسمانون کا اور پروردگار عرش بڑی کا
سب تعریف ہی واسطی خدا کی کہ پروردگار ہی عالمون کا یا اللہ تحقیق مین پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی بندون
تیری کیسی کہا مصنف نی کہ یہہ حدیث صحیح الاسناد ہی روایت کی ابن ابی عاصم نی بیچ کتاب اپنی کی کہ نام

اوسکا دعا ہی حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ خ ت س ۔ کفایت ہی ہمکو اللہ اور اچھا ہی کارساز نقل کی
یہہ بخاری ترمذی نسائی نے حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۔ خ ۔ کفایت ہی مجکو اللہ اور اچھا کارساز ہی ف
روایت کی ہی ابن عباس نے کہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کو جب آگ مین ڈالا ہی کلمہ پڑہا اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی بہی اسکو پڑہا جب کہ کہا لوگون نے اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَکُمْ فَاخْشَوْہُمْ یعنی کفار تمکو لڑنی
کی لئی جمع ہوی ہین ڈروانسی اور ایک روایت مین آیا ہی کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ مین ڈالنی لگے تو آخری قول
حسبی اللہ ونعم الوکیل تہا کذا ذکر الفخر اور انیس المنقطعین مین روایت کی ہی عبداللہ بن بریدہ نی رسولخدا صلی اللہ
علیہ وسلم سی کہ جو کوئی پڑہی دس کلمی پہچہی نماز صبح کی پائیگا اللہ کو نزدیک اونکی کفایت کرنی والا اونمین سی
پانچ دنیا کی لئی ہین اور پانچ آخرت کی لئی حَسْبِیَ اللّٰہُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَا اَہَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ
حَسَدَنِیْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لِمَنْ کَادَنِیْ بِسُوْءٍ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمَسْئَلَۃِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْمِیْزَانِ
حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الصِّرَاطِ حَسْبِیَ اللّٰہُ عِنْدَ الْخَوْضِ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا
اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ۔ د س ف مص طس ۔ اللہ تعالی پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتہہ اوسکی کسی چیز
کو نقل کیے یہہ ابوداؤد نسائی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نی اور طبرانی نی اوسط مین اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ
شَیْئًا ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ۔ طب ۔ اللہ پروردگار میرا ہی نہین شریک کرتا ہون مین ساتہہ اوسکی کسی چیز کو
بہی یہہ تین بار نقل کیے یہہ طبرانی نی دعا مین ف آخری کلام عمر بن عبدالعزیز کا موت کی وقت یہی تہا کذا
ذکر الفخر اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ۔ حب ۔ معنی
اسکے وہی ہین جو گذری نقل کی یہہ ابن حبان نے تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ
لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا
اور بری خلقون سی نقل کے یہہ ابو داؤد نی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ وَاَعُوْذُ
بِكَ مِنَ الْخِیَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ * د * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری بہوکسی پس تحقیق
وہ بری ہمخواب ہی اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری خیانت سی پس تحقیق وہ بری مصاحب ہی نقل کے یہہ ابو داؤد نی
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ
وَمِنْ دُعَاءٍ لَا یُسْمَعُ * د * یا اللہ تحقیق مین پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری چار چیزون سی اوس علم سی کہ نہ نفع دے
اور اوس دل سی کہ نہ ڈری اور اوس نفس سی کہ نہ سیر ہوا اور اوس دعا سی کہ نہ مقبول ہو نقل کے یہہ ابو داؤد نی
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ * خ مر دس *
یا اللہ پروردگار ہمارے دی ہمکو دنیا مین بہلائی یعنی عافیت وغیرہ اور آخرت مین بہلائی یعنی بخشش اور جنت اور بچا
ہمکو عذاب آگ کی نقل کے یہہ بخاری مسلم ابو داؤد نسائی نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَهْلِیْ وَاِسْرَافِیْ
فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّیْ * خ مر مص * یا اللہ بخش واسطے میری گناہ کہ چوک کر کئی ہین اور انجانے
سی گئی ہین اور زیادتی میری ہر کام میری کی اور وہ گناہ کہ تو بہت جانتا ہی اوسکو مجھی نقل کی یہہ بخاری
مسلم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَایَایَ وَعَمْدِیْ وَكُلَّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ * خ
مر * یا اللہ بخش میری لئی گناہ کہ قصداً کئی ہین اور ہنسی سی کئی ہین اور چوک کر کئی ہین اور جان کر کئی ہین اور یہہ سب
میری پاس موجود ہین یعنی یہہ عاجزی اور اقرار اپنی گناہونکا ہونکا ہی نقل کے یہہ بخاری مسلم نی اور ایک روایت مین
یہہ جملہ بھی زیادہ آیا ہی اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ * خ مر * تو ہی اگی
کرنی والا یعنی ساتھہ رحمت اور بخشش اپنی کی اور تو ہی پیچھی رکھنی والا رحمت سی اور تو ہر چیز پر قادر ہی نقل کی یہہ بخار

ن اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي جِدِّي وَهَزْلِي وَخَطَائِي وَعَمْدِي وَكُلَّ ذٰلِكَ عِنْدِي * مص * یا اللہ بخش میری سنگناہ جو قصداً کئی ہین اور ہنسی سی کئی ہین اور چوک کر کئی ہین اور جانکر کئی ہین اور یہہ سب میری پاس موجود ہین فضل کی پیدا ہین
ابی شیبہ ن اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّي خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ
مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ * خ مہ * یا اللہ دھو میرے گناہ
میری ساتھہ پانی برف اور اولی کی اوپاک کر دل میرا گناہون سی جیسی کپڑا سفید کو میل سی اور دور کر
دال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کی جیسی کہ دوری کی تو نی درمیان مشرق و مغرب کی فضل کے یہہ بخاری مسلم
اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ * مس * یا اللہ پھیرنی والی دلون کی پھیر دل ہمارے
طاعت اپنی پر نقل کی یہہ مسلم نسائی ن اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي * مہ * یا اللہ راہ دکھا مجکو اور استقامت دی مجکو
راہ مستقیم پر نقل کے یہہ مسلم ن اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالسَّدَادَ * مہ * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے
ہدایت اور استقامت نقل کے یہہ مسلم ن اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى * مرت ق * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھی ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور بی پروائی خلق سی اور تونگری دل کی
نقل کے یہہ مسلم ترمذی ابن ماجہ ن اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِي دِينِيَ الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِي وَأَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي
فِيهَا مَعَاشِي وَأَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي فِيهَا مَعَادِي وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِي فِي كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ
رَاحَةً لِي مِنْ كُلِّ شَرٍّ * مہ * یا اللہ سنوار میری لئی دین میرا وہ جو بچاوہی کام میری کا اور سنوار میری لئی دنیا میری کہ
جسمین زندگانی میری ہی اور سنوار میری لئی آخرت میری کہ جسمین بازگشت میری ہی اور کر زندگانی کو سبب
زیادتی کا واسطی میری ہر نیکی مین یعنی اوسکی سبب سی نیکی بہت کرون اور کر موت کو راحت میری لئی ہر برائی سی
نقل کے یہہ مسلم ن ف دین بچاو کام کا اسلئی ہی کہ درستی تمام امور کی درستی دین سی ہوتی ہی اور بچاو نفس مین
اور مال مین اس سی حاصل ہوتا ہی اور باعث بچنی کا گناہون سی اور عذاب آخرت کی سی یہی ایمان کامل ہی اور سنوار
دنیا کا وجہ معیشت کی حاصل ہونی سی ہوتا ہی اور توفیق عبادت کی اور خاتمہ بخیر باعث اصلاح آخرت کا ہی اور موت کو

راحت ہر برائی سی کر یعنی کر نفسہ ظاہر ہو کہ باعث گناہ کرنی اور ایمان سی نکل جانی کا ہو مجھی اور سی سی پہلی یا مکہ راحت
پاؤن کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَعَافِنِي وَارْزُقْنِي ۞ ۵ ۞ وَاهْدِنِي ۞ ۵ ۞ یا اللہ بخش مجکو
اور رحم کر مجھپر اور عافیت دی مجکو اور روزی دی مجکو نقل کیے یہہ مسلم نی اور مسلم کی ایک روایت مین پہلی دعا مین یہہ
ہین آیا ہی اور سیدہی راہ دکہا مجکو رَبِّ اَعِنِّي وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِي وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِي وَلَا
تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِي وَيَسِّرِ الْهُدٰى لِي وَانْصُرْنِي عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ رَبِّ اجْعَلْنِي لَكَ ذَكَّارًا لَكَ شَكَّارًا
لَكَ رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا لَكَ مُخْبِتًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِي وَاغْسِلْ حَوْبَتِي وَاَجِبْ دَعْوَتِي
وَثَبِّتْ حُجَّتِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاهْدِ قَلْبِي وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِي ۞ ۵ حب مس مص ۞
ای رب میری مدد کر میری یعنی توفیق دی اپنی ذکر کی اور شکر کی اور اچہی عبادت کی اور نہ مدد کر دشمنون کی میری ضرر پر
یعنی نہ غالب کر مجھپر اوسکو کہ منع کرے تیری طاعت سی یعنی شیاطین انس وجن کو اور مدد دی مجکو اوسپر یعنی نفس اور
شیطان اور سب دشمنون پر اور نہ مدد دی اونکو مجھپر اور مکر کر تیری لئی اوسپر اور نہ مکر کر اونکی لئی میری ضرر پر اور
سیدہی راہ دکہا مجکو اور آسان کر راہ سیدہی چلنی میری لئی اور مدد دی مجکو اوس شخص پر کہ ظلم کیا مجھپر ای
پروردگار میری کر مجکو کہ بہوت تجکو بہت یاد کرنی والا تیرا بہت شکر کرنی والا تجسی بہت ڈرنی والا تیری بہت
اطاعت کرنی والا واسطی تیری فروتنی کرنی والا طرف تیری بہت آہ و نالہ کرنی والا توبہ کرنی والا ای
رب میری قبول کر توبہ میری اور دہو گناہ میری اور قبول کر دعا میری اور ثابت رکہہ دلیل میری یعنی ایمان
یا جواب منکر نکیر کا اور سیدہی کر زبان میری یعنی سوای حق اور سچ بات کی زبان پر نہ آوی اور راہ دکہا دل میری کو
اور نکال کینہ میری سینہ کا نقل کیے یہہ چارون نی اور ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نی ف مکر کہتی ہین فریب کو
اور اللہ تعالی کی مکر سی مراد ہی بہیجنا بلاؤن کا دشمنان دین پر ایسی جگہہ سی کہ گمان نہ رکہین کذا ذکر الفخر اَللّٰھُمَّ
اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ عَنَّا وَتَقَبَّلْ مِنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا
كُلَّهُ ۞ ق ۵ ۞ یا اللہ بخش ہمکو اور رحم کر ہمپر اور راضی ہو ہمسی یعنی توفیق دی اپنی طاعت کی کہ باعث تیری رضا کے ہو

اور قبول کر تجسی اعمال ہماری اور داخل کر ہمکو بہشت مین اور نجات دی ہمکو آگ سی اور سنوار ہماری لئی سب کام ہمارے

نقل کیے مہدابن ماجہ ابو داؤد دی اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَ

نَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا

وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَذُرِّیَّاتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ وَجْعَلْنَا شَاكِرِیْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِیْنَ

بِھَا قَابِلِیْھَا وَاَتِمَّھَا عَلَیْنَا ۔ وجب مس ط مدیا اللہ الفت دال درمیان دلون ہماری کے یعنی باہمین دوستی

رکھین اور اصلاح کر درمیان ہماری اور دکھا ہمکو راہین سلامتی کے اور نجات دی ہمکو کفر کے اندھیرون سی طرف

ایمان کے روشنی کے اور بچا ہمکو گناہون سی جو کچھ ظاہر ہوی اونمین سی یعنی جو ہو چکی ہین اونہین بخشدی اور جو

کچھ چھپی ہین یعنی جو ابھی نہین ہوئی اونسی بچا اور برکت دی ہمکو ہمارے کانون سماعتون ہماری ہین اور بینائیون ہماری ہین اور دلون

ہماری ہین اور بی بیون ہماری ہین اور اولاد ہماری ہین اور قبول کر توبہ ہماری کیونکہ تحقیق تو سچی ہی توبہ قبول کرنی

والا مہربان اور کر ہمکو شکر کرنی والا نعمت اپنی کا تعریف کرنی والا اوسکا قبول کرنی والا اوسکا اور تمام کر اوسکو

ہمپر نقل کیے مہدابو داؤد وابن حبان حاکم طبرانی نی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ وَاَسْئَلُكَ عَزِیْمَةَ

الرُّشْدِ وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَقَلْبًا سَلِیْمًا وَاَعُوْذُ

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

ف حب مس مص * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی ثابت رہنا امر دین مین اور مانگتا ہون تجسی

قصد کرنا ہدایت کا اور مانگتا ہون تجسی شکر نعمت تیری کا اور اچھی کرنی عبادت تیری اور مانگتا ہون تجسی زبان

سچی اور دل سلامت یعنی پاک بری عقائد اور بری اخلاق سی اور پناہ مانگتا ہون ہمپہ تیری برائی اوسچیز کیسی کہ جانتا

ہی تو برائی اوسکی اور مانگتا ہون تجسی بھلائی اوسچیز کی کہ جانتا ہی تو بھلائی اوسکی اور بخشش مانگتا ہون تجسی

موسی گناہ سی کہ جانتا ہی تو یعنی اور مین نہین جانتا تحقیق تو سی ہی جاننی والا پوشیدگیون کا نقل کی ہمپہ ترمذی

ابن حبان حاکم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ

وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي ۞ مَسْ اَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ۞ یا اللہ بخش میری لئی وہ گناہ کہ پہلی کی مینی اور پیچھی کی مینی اور جو پوشیدہ کی مینی اور ظاہر کی مینی اور وہ جو تو بہت جانتا ہی اوسکو مجسی نقل کے یہہ حاکم احمد نے اور ایک روایت اسمہ کی مین یہہ بھی آیا ہی نہین کوئی معبود مگر تو اَللّٰهُمَّ اَقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا

وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا یا اللہ نصیب کر ہماری لئی ڈر اپنی سی وہ چیز کہ حائل ہووی تو سبب اوسکی درمیان ہماری اور درمیان گناہون اپنی کے یعنی اوس ڈر کی سبب سی تیری گناہون سی بچین اور نصیب کر ہمکو طاعت اپنی سی وہ چیز کہ پہونچاوی تو سبب اوسکی بہشت اپنی مین اور نصیب کر یقین سی وہ چیز کہ آسان کری تو سبب اوسکی ہمپر مصیبتین دنیا کی ف یعنی یقین ذات اور صفات اپنی پر اور فرمائی ہوی رسول مقبول پر ایسا دی کہ سختیان دنیا کی آسان ہون مثلاً جسکو اللہ کی رزاقی کا یقین ہوگا ہرگز فکر نہین کرنی کا اور بہروسا کریگا اوسپر یا جو کوئی یقین کریگا کہ مصیبتین آخرت کی اشد ہین بہانکی مصیبتین ناپایدار ہین اوسکو یہان کی مصیبتین آسان ہوجانگی

پس ایسا یقین عطا فرما آمین رب العالمین وَمَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا ۞ اور فائدہ مند کر ہمکو ساتھہ شنوائیون ہماری کے اور بینائیون ہماری کے اور قوت ہماری کی جب تلک کہ زندہ رکہی تو ہمکو اور کر فائدہ مند اوسکو وارث ہمارا ف یعنی باقی رکہہ اوسکو اون لوگون مین کہ بعد میری ہونگی یا باقی رکہہ اوسکو اخیر عمر میری تلک وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادٰنَا وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا ۞ ت مس ۞ اور کر کینہ کشی ہماری اوس شخص پر کہ ظلم کیا ہی ہمپر یعنی ظالم ہی سی بدلہ لین اور کسی پر زیادتی نہ کرین اور مدد کر ہمکو اوس شخص پر کہ دشمنی کی ہمسی اور نہ کر مصیبت ہماری دین ہماری مین یعنی ایسی چیز مین نہ مبتلا کر کہ باعث نقصان دین کی ہو اور نہ کر دنیا کو بہت بڑا غم ہمارا اور نہ نہایت علم ہمارا کے اور نہ نہایت

رغبت ہمارے کی اور نہ مسلط کر ہمپر اوسکو کہ نہ رحم کرے ہمپر نقل کے یہہ ترمذی نسائی حاکم فی ف دنیا کو نہایت
علم ہمارا یکا نکر یعنی تمام و کمال دنیا کی فکر اور تدبیر مین نہ رہین بلکہ وہی تمام غم و فکر امور آخرت کی کذا ذکر الفخر زوائد
ہی مشکوۃ مین کہ کم ہتی یہہ بات کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوٹہین مجلس سے یہان تلک کہ پڑہین یہہ دعا
واسطے یارون اپنی کے یعنی اکثر اوقات مجلس مین یہہ پڑہتی ہتی اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا
وَلَا تُھِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا وَارْضَ عَنَّا ف س مس
یا اللہ زیادہ دے ہمکو علم اور عمل اور نعمتین اپنی اور نہ کم کر نعمتین ہمسی اور بزرگ قدر رکہہ ہمکو اور نہ سبک کر ہمکو اور دے
ہمکو خیر و برکت دنیا اور آخرت کی اور نہ محروم کر ہمکو اور پسند کر ہمکو اور غالب کر دشمنان دین پر اور نہ پسند
کسیکو ہمپر اور راضی کر ہمکو اپنی تقدیر پر اور راضی ہو ہمسی ساتہہ عبادت کی اگرچہ کم ہو نقل کی یہہ ترمذی نسائی حاکم فی
اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ت ؛ یا اللہ دلمین ڈال میری ہدایت میری اور بچا مجکو
برائی نفس میری کیسی نقل کی یہہ ترمذی فی اَللّٰھُمَّ قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی رُشْدِ اَمْرِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ
مَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَخْطَاْتُ وَمَا عَمَدْتُ وَمَا جَھِلْتُ مس س حب ؛ یا اللہ
بچا مجکو برائی نفس میری کیسی اور جزم کر میری لیئے اور پر بہلائی کام میری کی یا اللہ بخش میری
لیئے وہ گناہ کہ پوشیدہ کئی مینی اور جو ظاہر کئی مینے اور جو چوک کر کئی مینے اور جہ جانکر کئی
مینی اور جو نادانی سی کئی مینے نقل کی یہہ حاکم نسائی ابن حبان مینے اَسْاَلُ اللّٰہَ
الْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ت ؛ مانگتا ہون مین اللہ تعالی سی عافیت دنیا
اور آخرت مین نقل کیے یہہ ترمذی مینے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ
وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَا اَرَدْتَّ
بِقَوْمٍ فِتْنَۃً فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ وَاَسْاَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ
وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّکَ ت مس ؛ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون

تجھی توفیق بھلائیون کی کرنی کی اور چھوڑنی برائیون کے اور دوستی محتاجون کے یعنی مین اونکو دوست رکھون یا وہ بھی دوست رکھین اور یہہ کہ بخشی تو مجکو اور رحم کری مجھپر اور جب چاہی تو ساتھ کسی قوم کی فتنہ پس مار مجکو غیر فتنہ زدہ اور مانگتا ہون تجھسی محبت تیری اور محبت اوسکی کہ دوست رکھتا ہی تجکو اور مانگتا ہون محبت اوس عمل سے کہ نزدیک کری طرف محبت تیری کے نقل کیے یہہ ترمذی حاکم نی ف روایت ابی شکوۃ کی باب المساجد مین حاصل و مختصر اوسکا یہہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتی ہین کہ اللہ تعالی نی مجکو فرمایا تین بار کہ ای محمد کس چیز کی ثواب لیجانی مین فرشتی آسمین جھگڑتی ہین یعنی وہ کہتا ہین لیجاؤن اور وہ کہتا ہے مین لیجاؤن پھر مجھی علم اوسکا دیا کہا مینی کفارات کی لئی جھگڑتی ہین فرمایا اللہ تعالی نی کیا ہین وہ کہا مینی قدم رکھنی طرف جماعات کی اور بیٹھنا مسجدون مین بعد نماز کی یعنی دوسری نماز کی منتظر اور پورا کرنا وضو کا وقتون سخت مین یعنی مثل سردی وغیرہ کی فرمایا پھر کس چیز کی لئی جھگڑتی ہین عرض کیا مینی درجے لئی فرمایا وہ کیا ہین کہا مینی کہانا کھلانا اور نرم کلام کرنا اور نماز تہجد کی اوس حالمین کہ لوگ سوتی ہین پھر اللہ تعالی نی فرمایا مانگ تو یہی دعا مانگی مینی اور ایک اور روایت مین ہی کہ اللہ تعالی نی فرمایا کہ ای محمد ہر نماز کی بعد یہہ دعا پڑہا کر مگر اوس روایت مین کچھہ الفاظ بہ سبب اسکی کم ہین اور بعض لفظون مین فرق ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ ف مس یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسی محبت تیری اور محبت اوسکی کہ دوست رکھی تجکو اور محبت اوس عمل کے کہ پہونچاوی مجکو محبت تیری کو یا اللہ کر محبت اپنی بہت پیاری طرف میری محبت جان میرے کیسی اور اہل میرے کیسی اور ٹہنڈی پانی کے کیسی نقل کی یہہ ترمذی حاکم نی ف محبت ٹہنڈی پانی کے دلسی ہوتی ہی ایسی ہی تیری محبت دلسی کہون فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی کہ یہہ دعا دعاؤن داؤد علیہ السلام کیسی ہی کذا فی المشکوۃ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یَّنْفَعُنِیْ حُبُّہٗ عِنْدَکَ اَللّٰھُمَّ مَا رَزَقْتَنِیْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْہُ قُوَّۃً لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ یا اللہ نصیب کر مجکو محبت اپنی اور محبت

اوس شخص کے کہ نفع دی مجکو محبت اوسکی تیرے پاس یا اللہ جسی کہ نصیب کے تو نی مجکو وہ چیز کہ دوست رکھتا ہی
پس کر اوسکو سبب قوت میری کا اوسچیز مین کہ دوست رکھتا ہی تو ف یعنی مال اور عافیت وغیرہ کہ عطا کرتا
ہی اوسکو سبب شکر اور طاعت کا کر کہ خرچ کرون اوسکو تیری راہ مین اور خوشنودی تیری مین اَللّٰهُمَّ مَا
مَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّا اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِيْ فِيْمَا تُحِبُّ * ت * یا اللہ اور وہ چیز کہ باز رکھی تو نی محبتی
نے دی اوسچیز سے کی دوست رکھتا ہون مین پس کر اوسکو سبب فراغت میری کا بیچ اوسچیز کی کہ دوست
رکھتا ہی تو نقل کے یہہ ترمذی نی ف یعنی مال وغیرہ جو نہین دیا ہی اوسکو باعث مشغولی عبادت اپنی کا کر
کہ بغیر مانع کے تیری عبادت ہی مین مشغول رہون اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ
مِنِّيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ يَظْلِمُنِيْ وَخُذْ مِنْهُ بِثَارِيْ * ت مس ر * یا اللہ فائدہ مند کر مجکو ساتھ
سماعت میری کی اور بینائی میری کی اور کر اونکو وارث مجسی یعنی باقی آخر عمر تلک اور مدد دی مجکو اوپر اوس
شخص کے کہ ظلم کری مجپر اور لی اوس سے کینہ اور بدلہ میرا نقل کے یہہ ترمذی حاکم بزار نی یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ
قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ * ت س مس ص * ای پھیرنے والی دلون کی ثابت رکھہ دل میرا دین اپنی پر نقل
کی یہہ ترمذی نسائی حاکم احمد ابو یعلی نے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ وَنَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ
وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ * س حب
مس * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی وہ ایمان کہ متغیر نہو یعنی ثابت رہی اور وہ نعمت کہ نہ فنا ہو یعنی
بہشت کی کہ ہمیشہ باقی رہیگی اور رفاقت نبی اپنی کے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین بیچ بلند تر درجہ
بہشت کی کہ نام اوسکا جنۃ الخلد ہی نقل کے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف یہہ معنی نہین ہین کہ اونکا
درجہ ملی بلکہ یہہ چاہتا ہون کہ توفیق اچھی عملون کی ہو اور رفاقت اور خدمتگاری اونکی نصیب ہو آمین
رب العالمین کذا ذکر المصنف اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِيْ اِيْمَانٍ وَاِيْمَانًا فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ
وَنَجَاحًا تَتْبَعُهُ فَلَاحًا وَرَحْمَةً مِنْكَ وَعَافِيَةً وَمَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا * س مس * یا اللہ

تحقیق مین مانگتا ہون تجسی صحت ایمان مین اور ایمان بیسمع نیک خلق کے اور مراد پاتی کہ پہنچی لادی فواسکی چیٹکارا
اور رحمت تجسی یعنی توفیق طاعت کی اور عافیت اور بخشش تجسی اور خوشنودی نفل کے پہنچائی حاکم
بی اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَاَطْعِمْنِیْ عِلْمًا تَنْفَعُنِیْ بِہٖ مس مس ۔ یا اللہ فائدہ دی مجکو ساتہہ اوس چیز
کہ سکہائی تو نی یعنی علم پر عمل نصیب کرا اوسکہا مجکو وہ چیز کہ فائدہ دی مجکو یعنی اوسی قدر سیکہون کہ فائدہ مند ہو اور نصیب کر مجکو وہ
علم کہ نفع دی مجکو ساتہہ اوسکی نقل کی پہنچا حاکم نسائی ۔ اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَا یَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْمًا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ حَالِ اَھْلِ النَّارِ ت ق مص ۔ یا اللہ نفع دی مجکو ساتہہ اوس چیز کی کہ سکہائی تو نی مجکو اور سکہا
مجکو وہ چیز کہ نفع دی مجکو اور زیادہ کر مجکو علم شکر ہی اللہ تعالی کا ہر حال اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ اللہ تعالی کی حال دوزخ والون
کیسی نقل کے پہنچا ترمذی ابن ماجہ ابن ابی شیبہ نی ف اسمین اشارہ ہی اوپر شکر کرنی کی نعمت ایمان پر کہ فرض کیجی اگر دنیا مین
کوئی نام بلاؤن مین گرفتار ہو تو نجات پاوے دوزخ سی کفایت کرتا ہی نعمت ہونی مین اور واجب کرتا ہی شکر کو کذا ذکرہ الفخر رح
اَللّٰھُمَّ بِعِلْمِکَ الْغَیْبَ وَقُدْرَتِکَ عَلَی الْخَلْقِ اَحْیِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَیٰوۃَ خَیْرًا لِّیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاۃَ خَیْرًا لِّیْ
وَاَسْئَلُکَ خَشْیَتَکَ فِی الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ وَکَلِمَۃَ الْاِخْلَاصِ فِی الرِّضٰی وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُکَ نَعِیْمًا لَّا
یَنْفَدُ وَقُرَّۃَ عَیْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُکَ الرِّضٰی بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّۃَ النَّظَرِ
اِلٰی وَجْھِکَ وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَائِکَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ ضَرَّاءَ مُضِرَّۃٍ وَفِتْنَۃٍ مُضِلَّۃٍ اَللّٰھُمَّ زَیِّنَّا
بِزِیْنَۃِ الْاِیْمَانِ وَاجْعَلْنَا ھُدَاۃً مُّھْتَدِیْنَ س مس مس آط ۔ یا اللہ بحق جانی اپنی کے علم غیب کو اور
بحق قدرت اپنی کے خلق پر زندہ رکہہ مجکو جب تلک کہ جانی تو زندگانی بہتر میری لئی اور مار مجکو جب جانی تو
مرنی کو بہتر میری لئی اور مانگتا ہون تجسی ڈر تیرا باطن و ظاہر مین اور مانگتا ہون کہنا کلمہ حق کا خوشی اور غصہ مین
اور مانگتا ہون تجسی وہ نعمت کہ فنا ہو اور ٹہندک آنکہہ کی کہ نہ منقطع ہو اور مانگتا ہون تجسی راضی ہونا ساتہہ تقدیر
اور خنکی زندگانی کی پیچہی مرنیکی یعنی راحت ہمیشہ کی برزخ اور قیامت مین اور لذت دیکہنی کی طرف مونہہ تیری کی یعنی آخرت مین اور شوق طرف ملنی تیری
کے اور پناہ مانگتا ہون تجسی سختی ضرر کرنی والی سی یعنی بیماری اور فقر سی کہ جسمین صبر نہو اور فتنہ گمراہ کرنیوالی سی یعنی زیادتی مال و جاہ کے کہ گمراہ کرتی ہی آراستہ

بمکو ساتھہ زینت ایمان کے اور کر بمکو راہ دکہانی والی راہ پانی والی نقل کیے یہہ نسائی حاکم احمد طبرانی نی ف ثلثنا
ہون کہنا حق کا یعنی حق ہی کہون خواہ خلق مجہی راضی ہون یا ناراض یا اپنی خوشی خفگی مین حق بات کہون
مثل عوام کی نہ ہون کہ خفگی مین برا کہتی ہین اور خوشی مین خوشامد کرتی ہین اور ٹہنڈک آنکہون کی یعنی
لذت اون کی یا باقی رہنا اولاد کا بعد اوسکی یا مراد ہی ہمیشگی نماز کی اور اولی یہہ ہی کہ مراد ہو بھلائے
دونون جہان کے مراد لین اور راہ پانی والی یعنی جیسی اورون کو اچہی راہ بتاوین آپ بہی اوسپر عمل
کرین ایسی نہون خود راضفحیت دیگری را نصیحت کذا ذکر الفخر رح ایکبار حضرت عمار صحابی نے نماز پڑہائی
لیکن نماز مین اختصار کیا کسی نے کہا کہ تم نی تخفیف کی نماز مین انہون نی کہا کہ مجہی کچہہ ضرر نہین ہی کہ مینی اوسمین
دعا پڑہی ہی کہ سنی مینی رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سی پہر یہی دعا پڑہی اللہم بعلمک الغیب آخر ملک
کذا فی النسائی اور شیخ عبدالحق رح نی لکہا ہی کہ ظاہر یہہ ہی کہ التحیات کی بعد پڑہتی ہونگی اللہم انی اسئلک
من الخیر کلہ عاجلہ وآجلہ ما علمت منہ وما لم اعلم واعوذ بک من الشر کلہ عاجلہ و
آجلہ ما علمت منہ وما لم اعلم اللہم انی اسئلک من خیر ما سالک عبدک ونبیک واعوذ
بک من شر ما عاذ منہ عبدک ونبیک اللہم انی اسئلک الجنۃ وما قرب الیہا من
قول او عمل واعوذ بک من النار وما قرب الیہا من قول او عمل واسئلک ان تجعل کل قضاء
قضیتہ لی خیرا ف حب مس یہ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی تمام بہلائیان اس جہان مین
جو کچہہ کہ جانتا ہون مین اونسی اور جو کچہہ کہ نہین جانتا ہون مین اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری تمام برائیون سے
اس جہان مین اور اوس جہان مین جو کچہہ کہ جانتا ہون مین اونسی اور جو کچہہ کہ نہین جانتا ہون یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجہسی بہلائی اوس چیز کی کہ مانگی تجہسی بندی تیری نی اور نبی تیری نی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتھہ تیری برائی
اوس چیز کیسی کہ پناہ مانگی اوسسی بندی تیری نی اور نبی تیری نی یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجہسی بہشت اور
چیز کہ نزدیک کری طرف اوسکی کلام ہو یا کلم اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری دوزخ سی اور اوس چیز سی کہ نزدیک

عاذ بہ عبدک
اعاذ منہ
بک عبدک

کری طرف اوسکی کلام ہو یا کام اور مانگتا ہون تجسی بہہ کہ کری تو ہر تقدیر میری لئی بہتر نقل کے بہہ ابن حبان حاکم فی وَاسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِي مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهُ رُشْدًا ✦ مس ✦ اور مانگتا ہون ہن تجسی بہہ کہ جو کچہہ حکم کیا تو نی میری لئی کسی امر کی کری تو انجام اوسکا اچہا نقل کے بہہ حاکم فی اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ ✦ حب مس ✦ یا اللہ اچہا کر انجام ہمارا سب کامون مین اور بچا ہمکو رسوائی دنیا اور عذاب آخرت کیسی نقل کے بہہ ابن حبان حاکم فی اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ قَائِمًا وَاحْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا وَاحْفَظْنِي بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَلَا تُشْمِتْ بِي عَدُوًّا وَلَا حَاسِدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَائِنُهُ بِيَدِكَ ✦ مس حب ✦ یا اللہ نگاہ رکہہ مجکو ساتہہ اسلام کی کہڑی ہوئی اور نگاہ رکہہ مجکو ساتہہ اسلام کی بیٹہی ہوئی اور نگاہ رکہہ مجکو ساتہہ اسلام کی سوتی اور نہ خوش کر بسبب مصیبت میری کے دشمن کو اور نہ حاسد کو یا اللہ تجکو مین مانگتا ہون تجسی ہر بہلائی کی خزانے اوسکی ہیچ ہاتہہ تیری کی ہین نقل کے بہہ حاکم ابن حبان فی اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهِ ✦ حب ✦ یا اللہ تجکو مین پناہ پکڑتا ہون ساتہہ ہر برائی اوس چیز کیسکو تو پکڑنی والا ہی بال پیشانی اوسکی کی یعنی تیری قبضۂ قدرت مین ہی اور مانگتا ہون تجسی تمام بہلائیان جو کہ تیری ہاتہہ مین ہن نقل کی بہہ ابن حبان فی اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ✦ مس ط ✦ یا اللہ تحقیق ہم مانگتے ہین تجسی اعمال کہ واجب کرین رحمت تیری کو اور لازم کرین بخشش تیری کو اور سلامتی ہر گناہ سی اور غنیمت ہر نیکی سی اور مراد پانی ساتہہ بہشت کی اور نجات آگ سی نقل کے بہہ حاکم طبرانی فی اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهُ وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ✦ ط طب ✦ یا اللہ نہ چہوڑ ہمارے لئے کوئی گناہ مگر بخشی تو اوسکو اور نہ چہوڑ کوئی فکر مگر دور کری تو اوسکو اور نہ کوئی قرض مگر کہ ادا کری تو اوسکو

اور نہ کوئی حاجت حاجتوں دنیا اور آخرت کیسی مگر روا کری تو اوسکو ای بہت رحم کرنی والی سب رحم
کرنی والوں سے نقل کے بیہقی طبرانی نی کبیر مین اور کتاب الدعا مین اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ
عِبَادَتِکَ ۔ مس ۔ یا اللہ مدد کر ہماری اپنی ذکر کرنی پر اور اپنی شکر کرنی پر اور اپنی اچھی عبادت کرنی پر یعنے
اسطرح عبادت کرین گویا تجکو دیکھتی ہین نقل کے بیہقی حاکم احمد نی اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَ
حُسْنِ عِبَادَتِکَ ۔ ن ۔ یا اللہ مدد کر میری ذکر کرنی اپنی پر اور شکر کرنی اپنی پر اور اچھی کرنی عبادت اپنی پر
نقل کے بیہقی بزار نی اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَۃٍ لِیْ بِخَیْرٍ
مس ۔ یا اللہ قناعت دی مجکو ساتھہ اوسچیز کی کہ نصیب کی تو نی مجکو یعنی تھوڑی ہو یا بہت اور برکت
دی میری لئی اوسمین اور خلیفہ ہو ہر چیز میری پر کہ غائب ہی یعنی مال اہل میری حفاظت اپنی مین رکھہ نقل کی
بیہقی حاکم نی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِیْشَۃً نَقِیَّۃً وَمِیْتَۃً سَوِیَّۃً وَمَرَدًّا غَیْرَ مُخْزٍ یٍ وَلَا فَاضِحٍ
مس ۔ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے زندگانی پاکیزہ اور مرنا اچھا یعنی باایمان اور پھر نا کہ خوار ہو یعنی دن
حشر کی اور نہ فضیحت کرنی والا نقل کے بیہقی حاکم نی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ فِیْ رِضَاکَ ضَعْفِیْ وَخُذْ
اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَھٰی رِضَائِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ
فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَاَغْنِنِیْ ۔ مس مص ۔ یا اللہ تحقیق مین ضعیف ہون پس قوت دی مجھ حاصل
کرنی خوشی اپنی کے ناتوانی میری کو اور کھینچ طرف بھلائی کے بال پیشانی میری کی اور کر اسلام کو نہایت
رضا اور اصل مقصود میرا نہ امور دنیا کو یا اللہ تحقیق مین ضعیف ہون پس قوی کر مجکو اور تحقیق مین ذلیل ہون
پس عزت دی مجکو اور تحقیق مین محتاج ہون پس رزق دی مجکو نقل کے بیہقی حاکم ابن ابی شیبہ نی اَللّٰھُمَّ اَنْتَ
الْاَوَّلُ فَلَا شَیْءَ قَبْلَکَ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَا شَیْءَ بَعْدَکَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ کُلِّ دَابَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ
بِنَاصِیَتِھَا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْاٰثَامِ وَالْکَسَلِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَۃِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَاْثَمِ
وَالْمَغْرَمِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنْ خَطَایَایَ کَمَا نَقَّیْتَ الثَّوْبَ الْاَبْیَضَ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَ

خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب ھذا ما سأل محمد ربہ * طٰسٓ * یا اللہ تو ہی پہلی تہا پس نہتی کوئی چیز پہلے تیری اور تو ہی آخر ہی پس نہین کوئی چیز پیچہے تیری اور پناہ پکڑتا ہون ساتہہ تیری ہر زمین کے چلنے والی ہی کہ بان میشانی اوسکی کی تیری ہاتہہ مین ہین یعنی تیری اختیار مین ہی اور پناہ مانگتا ہون مین ساتہہ تیری گناہ سی اور کاہلی سی اور عذاب قبر اور فتنہ قبر کی سی اور پناہ مانگتا ہون ساتہہ تیری گناہ کے جگہہ حاضر ہونی سی اور قرض سی یا اللہ پاک کر مجکو گناہون میری سی جیسی کہ پاک کیا تو نی کپڑا سفید میل سی یا اللہ دوری ڈال درمیان میری اور درمیان گناہون میری کے جیسی کہ دوری کی تو نی درمیان مشرق اور مغرب کی یہہ وہ دعا ہی کہ مانگی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نی رب اپنے سی یعنی یہہ بہی حضرت نی دعا ہی مین کہا نقل کی ہے طبرانی نی کبیر اور اوسط مین اللھم انی اسئلک خیر المسئلۃ وخیر الدعاء وخیر النجاح وخیر العمل وخیر الثواب وخیر الحیوۃ وخیر الممات وثبتنی وثقل موازینی وحقق ایمانی وارفع درجتی وتقبل صلوتی واغفر خطیئتی واسئلک الدرجات العلی من الجنۃ امین اللھم انی اسئلک نواجح الخیر وخواتمہ وجوامعہ واوائلہ واٰخرہ وظاھرہ وباطنہ والدرجات العلی من الجنۃ امین اللھم انی اسئلک خیر ما اٰتی وخیر ما افعل وخیر ما اعمل وخیر ما بطن وخیر ما ظھر والدرجات العلی من الجنۃ امین اللھم انی اسئلک ان ترفع ذکری وتضع وزری وتصلح امری وتطھر قلبی وتحصن فرجی وتنور قلبی وتغفر لی ذنبی واسئلک الدرجات العلی من الجنۃ امین اللھم انی اسئلک ان تبارک لی فی سمعی وفی بصری وفی روحی وفی خلقی وفی خلقی وفی اھلی وفی محیای وفی مماتی وفی عملی وتقبل حسناتی واسئلک الدرجات العلی من الجنۃ امین * مسٓ طٰسٓ * یا اللہ تجہتی مین مانگتا ہون تجہسی بہتر ین سوال یعنی بہترین سوال کے کہین اور اچہی دعا اور اچہی مراد پانی اور اچہی عمل اور اچہا ثواب اور اچہی زندگانی اور اچہا

مرنا اور ثابت رکھہ مجکو یعنی اسلام پر اور بیماری کر بوجہہ اعمال میری کی یعنی میزان اعمال مین اور ثابت اور استوار
رکھہ ایمان میرا اور بلند کر درجہ میرا اور قبول کر نماز میری اور بخش گناہ میری اور مانگتا ہون تجسی درجے
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی سیری بہلائی کے اور انتہا مین بوسکی اور بہلائیان
جامع یعنی جو کہ دین و دنیا مین نفع دین اور اول اوسکا اور آخر اوسکا اور ظاہر اوسکا اور باطن اوسکا اور دیگا
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی بہلائی اوسچیز کی کہ لاتا ہون مین یعنی عبادتین اور
بہلائی اوس چیز کی کہ کرتا ہون مین اعضا سی اور بہلائی اوسچیز کی کہ کرتا ہون مین دل سی اور بہلائی اوسچیز کے
کہ پوشیدہ ہی یعنی مقدر ہی ہونا اوسکا آخر تمین اور بہلائی اوسچیز کی کہ ظاہر ہی یعنی واقع ہوی دنیا مین اور درجے
بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی ہیہ کہ بلند کری تو ذکر میرا اور دور کری تو بوجہہ گناہ میری کا
اور اچھا کری تو حال میرا اور پاک کری تو دل میرا اور محفوظ رکھی تو سر میرا یعنی بدکاری سی اور روشن کری تو
دل میرا اور بخشی تو میری لئی گناہ میری اور مانگتا ہون تجسی درجی بلند بہشت کی قبول کر یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون
تجسی ہیہ کہ برکت دی تو میری لئے سماعت میری مین اور بینائی میری مین اور روح میری مین اور ظاہر میری مین
اور باطن میرے مین اور اہل و عیال میری مین اور زندگانی میری مین اور مرنے میری مین اور عمل میری مین اور قبول کر تو
نیکیان میری اور مانگتا ہون تجسی درجی بلند بہشت کی قبول کر نقل کی ہیہ حاکمی اور طبرانی نی کبیر و اوسط

مین اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ ۞ مس طس ۞ یا اللہ کر تو
فراخ روزی اپنی مجیر نزدیک برپا ہی میری کی اور تمام ہونی عمر میری کے نقل کی ہیہ حاکمی اور طبرانی نے
اوسط مین اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَخَطَائِيْ وَعَمْدِيْ ۞ حب ۞ یا اللہ بخش میری لئی گناہ میری
اور چوک میری اور دانستہ گناہ میری نقل کے ہیہ ابن حبان نے یَا مَنْ لَا تَرَاهُ الْعُيُوْنُ وَلَا تُخَالِطُهُ الظُّنُوْنُ
وَلَا يَصِفُهُ الْوَاصِفُوْنَ وَلَا تُغَيِّرُهُ الْحَوَادِثُ وَلَا يَخْشَى الدَّوَائِرَ يَعْلَمُ مَثَاقِيْلَ الْجِبَالِ وَمِكْيَالَ
الْبِحَارِ وَعَدَدَ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَاَشْرَقَ

عَلَيْهِ النَّهَارُ وَلَا تُوَارِيْ مِنْهُ سَمَاءٌ سَمَاءً وَلَا أَرْضٌ أَرْضًا وَلَا بَحْرٌ مَا فِي
قَعْرِهِ وَلَا جَبَلٌ مَا فِي وَعْرِهِ اجْعَلْ خَيْرَ عُمُرِيْ آخِرَهُ وَخَيْرَ عَمَلِيْ خَوَاتِمَهُ وَخَيْرَ أَيَّامِيْ يَوْمَ
أَلْقَاكَ فِيْهِ ط طس ۞ ای وہ شخص کہ نہین دیکھہ سکتین اوسکو آنکھین اور نہین پہونچی ہین کنہ ذات
اور صفات اوسکی کو گمان اور نہین تعریف کرسکتی اوسکی تعریف کرنی والی اور نہین متغیر کرتی ہین اوسکو
حادثی اور نہین ڈراتی ہی وہ گردشون زمانی کیسی جانتا ہی وہ وزن پہاڑونکی اور پیمانی دریاؤن کی اور
گنتی بوندون مینہہ کی اور گنتی پتی درختون کی اور گنتی اوس چیز کی کہ اندہیرا کیا ہی اوسپر رات نی اور روشن ہوا
اوسپرون یعنی سب چیزین دنیا کی اور نہین چہپا سکتا اوس سے ایک آسمان دوسری آسمان کو یعنی اوسکے
علم مین بہرحال سامنی موجود ہی اور نہ چہپاتی ہی ایک زمین دوسری زمین کو اور نہ دریا اوسپیر کو کہ گہرا اوسکی
ہی اور نہ پہاڑ اوس چیز کو کہ اندر اوسکی ہی یعنی کانین اور چشمی کر اچہی عمر میری آخر عمر کو اور بہتر عمل میرا آخر
عمل کو اور بہتر دنون میری کا اوسدن کو کہ ملاقات کرون مین تجھسی اوسمین نقل کی ہی طبرانی نی اوسط مین
يَا وَلِيَّ الْإِسْلَامِ وَأَهْلِهِ ثَبِّتْنِيْ بِهِ حَتَّى أَلْقَاكَ ط ای مددگار اسلام کی اور مسلمانون کے
ثابت رکہہ مجکو اسلام پر یہان تلک کہ ملون مین تجھسی نقل کی ہی طبرانی نی اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ الرِّضَا
بِالْقَضَاءِ وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ إِلَى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ إِلَى لِقَائِكَ فِيْ غَيْرِ
ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ ط طس ۞ یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسی راضی ہونا
ساتہہ تقدیر کے اور ٹہنڈک زندگانی کے بعد مرنی کی اور لذت نظر کے
طرف مونہہ تیری کے اور شوق طرف ملنی تیری کے بیچ غیر حالت سخت ضرر دینی والی کے
اور نہ فتنہ گمراہی مین ڈالنی والی کے نقل کی ہی طبرانی نی کبیر و اوسط
مین اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا
وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ ط

یا اللہ اچھا کر انجام ہمارا سب کامون مین اور بچا ہمکو رسوائی دنیا اور عذاب آخرت کیسی نقل کے بیہقی احمد و طبرانی فی مَنْ كَانَ ذٰلِكَ دُعَاءَهُ مَاتَ قَبْلَ اَنْ يُصِيْبَهُ الْبَلَاءُ * ط * جسکی ہووی یہہ دعا یعنی اللہم احسن عاقبتنا تو مرتا ہی پہلی اسکی کہ پہنچی اوسکو بلا نقل کے بیہقی طبرانی فی ف یعنی جو اس دعا پر مداومت کرتا ہی تا دم زیست محفوظ رہتا ہی اوس بلا سی کہ سبب رسوائی دارین کی ہو اور کہا مصنف فی کہ یہہ حدیث بزرگ قدر ہی لائق ہی کہ مداومت کیجاوی اسپر پس تحقیق یہہ مجرب ہی کذا ذکر العلی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ غِنَايَ وَغِنَا مَوَالِيَّ * اَط * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسے بے پروائی اپنی خلق سی اور بی پروائی دوستون اور بہایئون اور مددگارون اپنی کی نقل کے بیہقی احمد طبرانی نے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً نَقِيَّةً وَمِيْتَةً سَوِيَّةً وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزِيٍّ وَلَا فَاضِحٍ * ط * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی زندگانی پاکیزہ اور مرنا اچھا اور پہرنا کہ خوار نہو اور نہ فضیحت کرنی والا نقل کی بیہقی طبرانی نے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ * ط * یا اللہ بخش مجکو اور رحم کر مجپر اور داخل کر مجکو بہشت مین نقل کے بیہقی طبرانی نی اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَفِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ اِلَيْهَا مَصِيْرِيْ وَفِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا بَلَاغِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ * مَر * یا اللہ برکت دی میری لئی دین میری مین وہ جو ہی بچاو کام میری کا اور آخرت میری مین کہ جسکی طرف پہرنا میرا ہی اور دنیا میری مین کہ جسمین وسیلہ میرا ہی یعنی اعمال کہ وسیلہ نجات آخرت کے ہین اور کر زندگانی کو سبب زیادتی کا میری لئی ہر نیکی مین اور کر موت کو سبب آرام کا میری لئی ہر برائی سی نقل کے بیہقی بزار نی اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا * مَر * یا اللہ مجکو بہت صبر کرنی والا اور کر مجکو بہت شکر کرنی والا اور کر مجکو بیچ انکہون میری کے چہوٹا یعنی ناغرور آدمی اور بیچ انکہون آدمیون کی بڑا یعنی ناذلیل ہون نقل کی بیہقی بزار نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ الطَّيِّبَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيَّ

وَاِنْ اَرَدْتَّ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً اَنْ تَقْبِضَنِيْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ * سر * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی پاکیزہ چیزین یعنی رزق حلال یا اچھی عمل اور چھوڑنا بری باتون کا اور دوستی محتاجون کی اور یہہ کہ توفیق توبہ کی دی تو مجکو اور اگر چاہی تو ساتھہ بندون اپنی کی فتنہ یعنی بلا اوتارنی چاہی اوپر تو مانگتا ہون یہہ کہ اوٹھاسی تو مجکو طرف اپنی غیر فتنہ زدہ یعنی پہلی اوترنی بلا سی مار نقل کی یہہ نزدیک

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ * طٰسٓ * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی علم نفع دینی والا اور پناہ مانگتا ہون ساتھہ تیری اوس علم سی کہ نہ نفع دینی نقل کے یہہ طبرانی نی کبیر و اوسط مین اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا * طٰسٓ * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی علم فائدہ مند اور عمل مقبول نقل کے یہہ طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ صَنْعٌ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتُهَا وَبَرِيْنَتُهَا وَسَلْنَهَا * طٰسٓ * یا اللہ رکھہ زمین ہماری مین برکت اوسکی اور زینت اوسکی یعنی چیز سبب زینت کی ہی یعنی تر و تازہ کر اور رکھہ سبب خاطر جمعی رہنی والون اوسکی کا یعنی فریاد کو پہنچ اونکی تا نفس اونکی آرام پکڑین نقل کے یہہ طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ الْاَوَّلُ فَلَا شَيْءَ قَبْلَكَ وَالْاٰخِرُ فَلَا شَيْءَ بَعْدَكَ وَالظَّاهِرُ فَلَا شَيْءَ فَوْقَكَ وَالْبَاطِنُ فَلَا شَيْءَ دُوْنَكَ اَنْ تَقْضِيَ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَنْ تُغْنِيَنَا مِنَ الْفَقْرِ * مص * یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجسی بوسیلہ اسکی کہ تحقیق تو اول ہی پس نہین ہی کوئی چیز پہلی تیری اور تو آخر ہی پس نہین کوئی چیز پیچھی تیری اور تو ظاہر ہی پس نہین کوئی چیز اوپر تیری اور تو پوشیدہ ہی پس نہین کوئی چیز نیچی تیری یہہ ادا کری تو ہمسی قرض اور یہہ کہ بی پروا کری تو ہمکو محتاجگی سی نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اَرْشَدَ اَمْرِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ * حب * یا اللہ تحقیق مین راہنمائی چاہتا ہون تجسی اون کامون کی کہ مناسب و بہتر ہون میری لئی اور پناہ پکڑتا ہون ساتھہ تیری برائی نفس اپنی کسی نقل کے یہہ ابن حبان نی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَاَسْتَهْدِيْكَ لِاَرْشَدِ اَمْرِيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ فَتُبْ

عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِيْ اِلَيْكَ وَاجْعَلْ غِنَايَ فِيْ صَدْرِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا رَزَقْتَنِيْ
وَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ ۔ مص ۔ یا الٰہی میں بخشش مانگتا ہوں تجھسے گناہوں اپنی کی لئی اور رہنمائی چاہتا
ہوں تجھسی واسطی مقاصد حال اپنی کی یعنی سب امور اپنی میں میانہ روی چاہتا ہوں کہ کمی زیادتی نہ ہو اور توبہ کرتا ہوں
طرف تیری پس توبہ قبول کر میری کیونکہ تجھسی توئی ہی رب میرا یا الٰہی پس کر رغبت میری طرف اپنی یعنی سوای تیری اور کی
خواہش نہ رکھوں اور کر بی پروائی میری سینہ میری میں اور برکت دی میری لئی اوس چیز میں کہ نصیب کی تو نی مجکو اور قبول
کر مجسی استغفار و طاعت کیونکہ تجھسی توئی ہی پروردگار میرا نقل کی یہہ ابن ابی شیبہ نی یا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ
الْقَبِيْحَ يَا مَنْ لَا يُؤَاخِذُ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَا يَهْتِكُ السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ
يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا
مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اِسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلَانَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ تَجْعَلَنِيْ
خَلْفِيْ بِالنَّارِ ۔ مص ۔ اے وہ شخص کہ ظاہر کی خوبی اور نیکی بندوں کی اور ڈھانکی برائی ای وہ شخص کہ نہیں پکڑتا
بسبب گناہوں کی یعنی بمجرد صادر ہونی اونکی کی مواخذہ نہیں کرتا بلکہ باوجود توبہ توقف فرماتا ہی بلکہ اکثر درگذر کرتا ہی
اور نہیں پردہ دری کرتا کسی کی ای بہت عفو کرانی والی ای اچھی درگذر کرنی والی ای عام کرنی والی بخشش کی ای
کھولنی والی ہاتھوں قدرت کی ساتھہ رحمت کی یعنی بہت دیتا ہی ای صاحب ہر راز کی یعنی ہر راز دار کا راز اور مناجات
جانتا ہی ای جای پہونچنی ہر شکوہ کی ای اچھی درگذر کرنی والی گناہوں سی ای بہت دینی والی ای ابتدا کرنی والی
نعمتوں کی پہلی مستحق ہونی اونکی کی یعنی پہلی طاعت و عبادت کرنی سی دیتا ہی ای پروردگار ہماری اور ای صاحب
ہماری اور ای مالک ہماری اور ای نہایت رغبت ہمارے کی یعنی تیری برابر کوئی چیز پیاری نہیں مانگتا ہوں
تجھسی ای اللہ یہہ کہ خلاصی تو صورت میری ساتھہ آگ کی نقل کی یہہ حاکم نی ف منتہی کل شکوی میں اشارہ ہے
اسپر کہ سوای اوسکی کسی پر دروازہ شکایت کا نہ کھولی جیسی حضرت یعقوب علیہ السلام نی فرمایا اِنَّمَا اَشْكُوْ
بَثِّيْ وَحُزْنِيْ اِلَى اللّٰهِ یعنی میں تو کہولتا ہوں اپنا احوال اور غم اللہ ہی پاس کذا ذکر الفخر تمت فی مرآۃ فصل ثانیہ

فَلَكَ الْحَمْدُ عَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ بَسَطْتَ يَدَكَ فَاَعْطَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ رَبَّنَا وَجْهُكَ
اَكْرَمُ الْوُجُوْهِ وَجَاهُكَ اَعْظَمُ الْجَاهِ وَعَطِيَّتُكَ اَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ وَاَهْنَاهَا تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ
وَتُعْصٰى رَبَّنَا فَتَغْفِرُ وَتُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ الضُّرَّ وَتَشْفِي السَّقِيْمَ وَتَغْفِرُ الذَّنْبَ وَتَقْبَلُ
التَّوْبَةَ وَلَا يُجْزٰى بِاٰلَائِكَ اَحَدٌ وَلَا يَبْلُغُ مِدْحَتَكَ قَوْلُ قَائِلٍ ۞ ص مومص ۞ پورا ہوا نور
ہدایت تیرا کیا پس سیدھی راہ دکھائی تو نے پس تیری ہی لئی تعریف ہی بڑی ہوئی بردباری تیری پس بخشا تو
بندون کو پس تیری ہی لئی تعریف ہی فراخ ہوا وسعت قدرت تیرا سا ہے انعام کیا پس دیا تو نے ہر کسی کو پس تیری
لئی تعریف ہی ای رب ہمارے ذات مقدس تیری بہت بزرگ ہی ذاتون کی اور رتبہ تیرا بہت بڑا ہی رسولون کا
اور بخشش تیری افضل بخششون کی ہی اور بہت گوارا اونکی اطاعت کیا جاتا ہی تو ای رب ہمارے پس شکر کیا جاتا ہے
اور نافرمانی کیا جاتا ہی تو ای رب ہمارے پس بخشتا ہی اور قبول کرتا ہی تو دعاء عاجز کی اور دور کرتا ہی تو ضرر کو
اور شفا دیتا ہی بیمار کو اور بخشتا ہی گناہ کو اور قبول کرتا ہی توبہ اور نہین بدلہ دیتا ہی نعمتون تیری کا کوئی
اور نہین پہنچ سکتا تعریف تیری کو کلام کسی کلام کرنی والی کا نقل کیے یہ ابو یعلی نے اور موقوفا ابن ابی
شیبہ نی اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَاِنَّهٗ لَا يَمْلِكُهَا اِلَّا اَنْتَ ۞ ط ۞ یا اللہ
تجھ سے مانگتا ہون بخشی فضل تیرا اور رحمت تیری پس تحقیق نہین مالک ہی رحمت کا کوئی مگر تو نقل کی یہ طبرانی نے
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا جَهِلْتُ وَمَا عَلِمْتُ
اَمْ رَاطٌ ۞ یا اللہ بخش میری لئی گناہ کو چوک کر کئی معنی اور وہ کہ قصد کا کئی معنی اور وہ کہ پوشیدہ کئی معنی اور وہ
کہ ظاہر کئی معنی اور وہ کہ نادانستہ کئی معنی اور وہ کہ دانستہ کئی معنی نقل کی یہ احمد بزار طبرانی نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ
لَنَا ذَنْبَنَا وَظُلْمَنَا وَهَزْلَنَا وَجِدَّنَا وَخَطَاءَنَا وَعَمْدَنَا وَكُلَّ ذٰلِكَ عِنْدَنَا ۞ ط ۞ یا اللہ بخش ہمارے
لئی گناہ ہمارے اور ظلم ہمارے اور بیہودگیان ہماری اور قصد اگناہ ہمارے اور چوک ہماری اور دانستہ گناہ
ہمارے اور یہہ سب گناہ موجود ہین نزدیک ہمارے نقل کی یہ احمد طبرانی نی اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَاٰیَایَ وَعَمْدِیْ وَ

هَزِيلِي وَجِدِّي وَلَا تَحْرِمْنِي بَرَكَةَ مَا أَعْطَيْتَنِي وَلَا تَفْتِنِّي فِيمَا حَرَمْتَنِي * طٰسٓ * یا اللہ بخش میری لاغری
چوکسی میری اور دانستہ گناہ میری اور بیہودگیان میری اور قصداً گناہ میری اور محروم نکر مجکو برکت اوسچیز سے
کہ دی تونی مجکو اور نہ فتنہ مین ڈال مجکو بیچ اوسچیز کی کہ محروم کیا تونی مجکو یعنی نہ دینی کو سبب فتنہ کا کر
کہ بی صبری وغیرہ کرون نقل کی یہہ طبرانی نی اوسط مین اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِي فَاَحْسِنْ خُلُقِي * اٰ
صٓ * یا اللہ اچھی کی تونی صورت میری پس اچھی کر سیرت میری نقل کی یہہ احمد ابو یعلی نی رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاهْدِنِي السَّبِيلَ الْأَقْوَمَ * اٰصٓ * ای رب میری بخش اور رحم کر اور دکھا مجکو راہ سیدھی
یعنی دین کی نقل کے یہہ احمد ابو یعلی نے سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فَإِنَّ أَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِينِ
خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ * قٓ سٓ قٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ مٓسٓ * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی مانگو اللہ تعالیٰ کی
بخشش اور عافیت کیونکہ تحقیق کوئی شخص نہین دیا گیا ہی پیچھی ایمان کی کوئی چیز بہتر عافیت سی یعنی بعد
ایمان کے درجہ عافیت ہی کا ہی نقل کے یہہ ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان حاکم نی يَا رَسُولَ اللّٰهِ عَلِّمْنِي
شَيْئًا أَدْعُو اللّٰهَ بِهِ فَقَالَ سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ فَمَكَثْتُ أَيَّامًا ثُمَّ جِئْتُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
عَلِّمْنِي شَيْئًا أَسْأَلُهُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ يَا عَمِّ سَلِ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ *
طٰ * حضرت عباس روایت کرتی ہین کہ عرض کیا مینی ای رسول اللہ کی سکھاؤ مجکو کچھہ تا دعا کرون مین اللہ
سی ساتھہ اوسکی پس فرمایا مانگ پروردگار اپنی سی عافیت پس ٹہیرا مین چند روز پھر حاضر ہوا مین پس عرض
کی مینی یا رسول اللہ سکھاؤ مجکو کچھہ تا مانگون مین اوسکو اپنے پروردگار عزوجل سی پس فرمایا ای چچا میری مانگ
اللہ سی عافیت دنیا اور اخرت مین نقل کی یہہ طبرانی نی يَا عَمِّ أَكْثِرِ الدُّعَاءَ بِالْعَافِيَةِ * طٰ *
ای چچا میری بہت دعا کر ساتھہ عافیت کی نقل کے یہہ طبرانی نی مَا سَأَلَ اللّٰهَ الْعِبَادُ شَيْئًا
أَفْضَلَ مِنْ أَنْ يَغْفِرَ لَهُمْ وَيُعَافِيَهُمْ * مر * نہ مانگی اللہ تعالیٰ سی بندون نی کوئی چیز بہتر اس مانگنی سی کہ
بخشی اللہ اونکو اور عافیت دی اونکو نقل کی یہہ بزار نی يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِلَّا تُعَلِّمُنِي دَعْوَةً أَدْعُو بِهَا

لِنَفْسِي قَالَ بَلٰى فَوَلِّنِي اللّٰهُمَّ رَبَّ النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَاذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِي وَاجِرْنِي
مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا اَحْيَيْتَنَا * ا * عرض کیا ام سلمہ رضی اللہ عنہا نی یا رسول اللہ سکھاتی نہیں تم
مجکو ایک دعا کہ دعا کرون مین ساتھہ اوسکی اپنی لئی فرمایا ہان سکھاتا ہون کہہ ای اللہ پروردگار نبی کی محمد
صلی اللہ علیہ وسلم مین بخش میری لئی گناہ میری اور دور کر غصہ دل میری کا یعنی وہ چیزین کہ غصہ دلاتی ہین
مثل حسد وغیرہ کی دور کر اور بچا مجکو گمراہ کرنی والی فتنون سی جب تلک زندہ رکہی تو ہمکو نقل کی یہہ احمد نے
لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمُ اللّٰهُمَّ لَقِّنِي حُجَّتِي فَاِنَّ الْكَافِرَ يَلْقَنُّ حُجَّتَهُ وَلٰكِنْ يَقُولُ اللّٰهُمَّ لَقِّنِي
حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَمَاتِ * ط * نہ کہی ایک تم مین کا یا اللہ سکہا مجکو دلیل میری اسلی کہ تحقیق کافر
بہی سکہایا جاتا ہی دلیل اپنی یعنی دلیل باطل پس نزدیک حجت نہ ماننگی ولیکن کہی یا اللہ سکہا مجکو دلیل ایمان کے
یعنی کلمہ طیب وغیرہ نزدیک مرنیکی نقل کیے یہہ طبرانی نے فَضْلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ
عَلَى النَّبِيِّ عَلَيْهِ اَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ * یہہ بیان ہی فضیلت درود وسلام بہیجنی کا پیغمبر خدا
اوپر بہتر درود وسلام ہووی مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْهِ وَلَمْ يُصَلُّوا عَلٰى نَبِيِّهِمْ
اِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنْ دَخَلُوا الْجَنَّةَ لِلثَّوَابِ * حب ادت س س ر
نہ بیٹہی کوئی قوم کسی مجلس مین کہ نہ یاد کیا اللہ کو اوسمین اور نہ درود بہیجا نبی اپنی پر مگر کہ ہوگی یہہ مجلس اوپر
سبب حسرت کی دن قیامت کی اور اگرچہ داخل ہوین بہشت مین واسطی ثواب کی نقل کے یہہ ابن حبان احمد
ابو داؤد ترمذی نسائی حاکم فی ف للثواب متعلق حسرت کا ہی یعنی قیامت کو جب ثواب ذکر اور
درود کا دیکہینگے پشیمان ہوینگی کہ کاش کی تمام عمر اپنی اسمین صرف کرتی حنفی رح نی لکہا ہی ظاہر
حدیث سی یہہ سمجہا جاتا ہی کہ ہر شخص اہل مجلس مین سی یہہ دونون کام کری اگر ایک سی بہی فوت ہوگا
تو باعث حسرت کا سبکو ہوگا کرنا ایک کا اورون کو کفایت نہین کرتا اور ملا علی قاری رح نی لکہا
ہی کہ جو شخص نہ کریگا اوسکو حسرت ہوگی سبکو نہین ہونیکی اَكْثِرُوا عَلَيَّ مِنَ الصَّلٰوةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَاِنَّ صَلٰوةَ

مَعْرُوْضَةٌ عَلَيَّ * دس ق حب * فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بہیجو مجہپر درود دن جمعہ کی پس تحقیق درود تمہارا عرض کیا جاتا ہی مجہپر نقل کیے بیہہ ابو داؤد نسائی ابن ماجہ ابن حبان نے

ف معنی حدیث کی یہہ ہین کہ درود بہت بہیجا کرو خصوصاً دن جمعہ کی کہ درود تمہارا جب پڑہتے ہو مجہپر عرض ہوتا ہی اور جمعہ کو بطریق اولی بسبب اسکی فضیلت کی اور مناسبت ہی اسکو حضرت سی کہ یہہ سید الایام ہی اور حضرت سید الاولین والآخرین ہین اور ادنی درجہ کثرت کا اسی یا سو بار ہی کذا ذکر الشیخ اسحق رح لَيْسَ يُصَلِّي عَلَيَّ اَحَدٌ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلَّا عُرِضَتْ عَلَيَّ صَلٰوتُهٗ * مس نہین درود بہیجتا ہی مجہپر کوئی دن جمعہ کی مگر کہ عرض کیا جاتا ہی مجہپر درود اوسکا یعنی جلدی نجلاف اوروں کے کہ شاید کچہہ توقف بہی ہوتا ہو نقل کیے بیہہ حاکم نے مَا مِنْ اَحَدٍ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيَّ رُوْحِيْ حَتّٰى اَرُدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ * د * نہین کوئی سلام بہیجتا ہی مجہپر مگر کہ بہیجتا ہی اللہ مجہپر روح میری یہان تلک کہ جواب دیتا ہون اوسکو سلام کا نقل کیے بیہہ ابو داؤد نے **ف** اسپر یہہ شبہہ آتا ہی کہ عقیدہ اہل سنت کا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عالم برزخ مین زندہ ہین اور اس حدیث سی معلوم ہوا کہ زندہ نہین ہین وقت سلام کی روح آجاتی ہی جواب اسکا یہہ ہی کہ روح پہر آنی سی مراد یہہ ہی کہ حضور جناب باریتعالے مین جو حضرت کی روح مبارک مستغرق ہوتی ہی اوس سی افاقت دیکر ادہر متوجہ کرتی ہین تا جواب سلام کا دی پس یہہ مراد نہین ہی کہ بدن سی روح مبارک جدی ہی اوسوقت آجاتی ہی کذا ذکر الفخر اذی انا سید بنی یوم القیامۃ اکثرھم علی صلوۃ * ت حب * قریب تر آدمیون کا ساتہہ میری دن قیامت کے یعنی رتبہ مین بہت بہیجنے والا اونکا ہی مجہپر درود کو دنیا مین نقل کیے بیہہ ترمذی ابن حبان نے اَلْبَخِيْلُ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ * ت س حب مس * بڑا بخیل وہ ہی کہ ذکر کیا جاؤن مین پاس اوسکے یعنی نام لیا جاوی میرا پس نہ درود بہیجی مجہپر نقل کیے بیہہ ترمذی نسائی ابن حبان حاکم نے اَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَاِنَّهَا زَكٰوةٌ لَّكُمْ * ص * بہت بہیجو مجہپر درود پس تحقیق درود بہیجنا زکوۃ ہے

تمہارے لئی یعنی سبب زیادتی اجر اور بڑہنی مال اور پاکی گناہون کا ہی نقل کیے یہہ ابو یعلی نے رَغِمَ اَنْفُ رَجُلٍ ذُکِرْتُ
عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ + ت حب ر ط + خاک مین بہری ناک اوس شخص کے یعنی خوار اور ہلاک ہووے
وہ کہ ذکر کیا جاؤن مین اوسکی پاس پس نہ درود بہیجی مجہپر نقل کیے یہہ ترمذی ابن حبان بزار طبرانی نی ف
ظاہر اس حدیث سی یہہ معلوم ہوتا ہی کہ جب نام مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مجلس مین لیا جاوی ہر بار درود
بہیجی گرعلماء نی لکہا ہی کہ ایک بار وجب ہی اور ہر بار مستحب اور افضل ہی کذا ذکر الفخر ح مَنْ ذُکِرْتُ
عِنْدَہٗ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ + س طس ص ی + جسکی پاس ذکر کیا جاؤن مین پس چاہیئی کہ درود بہیجی مجہپر
نقل کیے یہہ نسائی نے اور طبرانی نی اوسط مین اور ابو یعلی ابن سنی نی فَاِنَّہٗ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَشْرًا + ی + پس تحقیق جو کوئی درود بہیجی مجہپر ایکبار درود بہیجتا ہی اللہ یعنی رحمت بہیجتا ہے
اوسپر دس بار نقل کی یہہ ابن سنی نی مَنْ ذَکَرَنِیْ فَلْیُصَلِّ عَلَیَّ + ص + جو کوئی یاد کری مجکو اور نام لی میرا
پس چاہیئی کہ درود بہیجی مجہپر نقل کیے یہہ ابو یعلی نے اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ
مَنْ حب مس + تحقیق اللہ تعالے کی لئی کتنی فرشتی ہین زمین پر پہرنی والی کہ پہونچاتی ہین مجکو میری امت کے
طرف سی سلام نقل کیے یہہ نسائی ابن حبان حاکم نی ف یعنی دور ہونی کا خیال نکرین اور توجہ اور حضور
دل سے غافل نہ ہون کیونکہ جہان سی مجہپر درود و سلام بہیجتی ہین مجہی پہنچتا ہی کذا ذکر الفخر اِنِّیْ لَقِیْتُ
جِبْرَئِیْلَ فَبَشَّرَنِیْ وَقَالَ اِنَّ رَبَّکَ یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی عَلَیْکَ صَلَّیْتُ عَلَیْہِ وَمَنْ سَلَّمَ عَلَیْکَ
سَلَّمْتُ عَلَیْہِ فَسَجَدْتُ لِلّٰہِ شُکْرًا + مس آ + تحقیق مین ملا جبرئیل سی پس خوشخبری دی مجکو اور
کہا تحقیق پروردگار تیرا فرماتا ہی جو کوئی درود بہیجی تجہپر درود بہیجتا ہون مین اوسپر اور جو کوئی سلام بہیجی تجہپر
سلام بہیجتا ہون مین اوسپر پس سجدہ شکر کا کیا مینی اللہ کی لئی نقل کیے یہہ حاکم احمد نی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
